ہمیں یہ دعا بھی کرنی چاہئے کہ ہم سب مسلمانوں کو اور خود بھی پورے دین پر چلنے والا بنا۔ اس کو پھیلانے والا بنا۔ اور جو اب تک مسلمان نہیں ہوئے، ہمیں ایسی محنت کرنے کی توفیق عطا فرما کہ وہ ہمارے دین اسلام میں داخل ہوں۔ آمین ثم آمین۔

Marfat.com

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی لکھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے فرمایا کہ تم اِس خیال سے جو کچھ ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا، دعا مت چھوڑ دیا کرو۔ دعا کرتے رہا کرو۔ اس لیے کہ دعا کہ ذریعے مصیبت کا ٹل جانا اور تقدیر کا بدل جانا تقدیر کا حصہ ہے۔ قضائے نافذا اور دعائے مستجابت دونوں حکمت الٰہی کی شکلیں ہیں۔ ان میں تنقاقصہ پیدا کرنا نادانی ہے۔ آپ کے یہ دعائیہ الفاظ اس نکتہ کو عمدگی سے حل کرتے ہیں: اَللّٰھُمَّ لا نَسْئَلُکَ رَدَّ الْقَضَاءِ وَلٰکِنَّ نَسْئَلُکَ اللُّطفَ فِیه اے اللہ ہم تجھ کو فیصلہ اور تقدیر کو رد کرنے کا سوال نہیں کرتے بلکہ فیصلہ میں نرمی کا سوال کرتے ہیں۔ اس دعا میں ادب اور حسن طلب کی بہترین مثال ہے۔ مصائب کو دفع کرنے میں دعا کو اس قدر دخل ہے کہ آپ نے فرمایا لا یَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلاَّ الدُّعَاء (ترجمہ) تقدیر کو صرف دعا ہی رد کر سکتی ہے۔

اے انسان یاد رہے کہ قسمت اور تقدیر دو ہوتی ہیں۔ مبرم اور معلق۔ تقدیر معلق میں انسان اپنے اختیارات اور تدبر استعمال کر سکتا ہے جیسے حضرت علیؓ نے ایک شخص کے سوال پر جواب دیا کہ اپنی ایک ٹانگ اٹھاؤ۔ اُس شخص نے ایک ٹانگ اٹھالی۔ پھر آپؓ نے فرمایا اب دوسری ٹانگ اٹھاؤ۔ اُس شخص نے جواب دیا حضرت یہ ممکن نہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا تمہارے اختیار میں صرف ایک ٹانگ کا اُٹھانا ہے اور دوسری ٹانگ اٹھانا تقدیر ہے۔ تقدیر مبرم یہی ہے جس کے بارے میں حضرت علیؓ نے فرمایا کہ تقدیر مبرم میں ذاتی اختیارات کا کوئی دخل نہیں ہے۔ اس سلسلے میں ایک مثال آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

میاں بیوی میڈیکل رپورٹ کے مطابق ٹھیک ٹھاک ہیں جبکہ وہ وظیفہ زوجیت بھی صحیح طریقے سے ادا کر رہے ہیں جو اُن کے بس میں ہے۔ اب تقدیر مبرم جو ذاتِ وحدہ لاشریک کے پاس ہے، وہ چاہے تو اولاد عطا کرے مگر تقدیر مبرم کو آپ بذریعہ ذکر و دعا تبدیل کر سکتے ہیں۔

۞۞۞

Marfat.com

# بیماری

عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ بیماری شرِ مطلق ہے۔ یہ ہر صورت میں بُری ہے۔ بیماری کے معنی درد اور تکلیف کے ہیں، غم و حذر کے ہیں اور فطری طور پر انسان درد غم سے بھاگتا ہے۔ بیماری میں اللہ رب العزت کی طرف سے بے شمار مصلحتیں ہوتی ہیں۔ اِس سے انسان میں عاجزی پیدا ہوتی ہے، غلطیوں کا کفارہ ہوتا ہے، اللہ کی طرف متوجہ ہونے کی توفیق رہتی ہے۔ بیماری کو شرِ مطلق نہ سمجھنا شفایابی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ ممکن ہے کہ بیماری کی صورت میں رحمتِ الٰہی ہمیں کچھ مفید سبق دینا چاہتی ہو۔ تکلیف اور درد ہمارے درجات کی بلندی کا باعث بن جائے۔ اِس کی وجہ سے وہ مقامات روحانی حاصل ہو جائیں جن کو ہم اپنے دوسرے نیک اعمال سے نہ پا سکیں۔

جب ہم سورۃ الشعرا کی آیت نمبر 80 وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ کی تکرار کرتے ہیں تو حق تعالیٰ کے اس وعدہ کے خیال ہی سے ہمارے قلب میں سرور ہو جاتا ہے۔ اِس کا ترجمہ یہ ہوا ''جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا بخشتا ہے''۔.......... کا تعلق صرف آنے والے زمانہ ہی سے نہیں ہے بلکہ خبر کا تعلق زمانہ حال و مستقبل دونوں سے ہے۔ ہر روز کچھ وقت اِن الفاظ پر سکون وطمانیت کے ساتھ غور کریں۔ پابندی اور باقاعدگی سے قلب کی تمام قوتوں کو اِن پر مرکوز رکھیں۔ جب مرض وناتوانی کے خوف کا حملہ ہو تو اِن ہی الفاظ کی تکرار کرو: وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ○ مرض و نبض و شفا صرف حق تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ بیماری کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ عقیدہ تھا۔

مندرجہ ذیل عملیات دیے جاتے ہیں:

۱۔ يَا سَلَامُ يَا شَافِيُ يَا حَيُّ...... جو شخص اِن الفاظ کو ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اِس کو بیماریوں سے محفوظ رکھے گے۔ بحالت مرض اگر ۳۱۳ بار یومیہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اِس کو بیماری سے شفا دے گا۔

Marfat.com

۲۔ یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ یَا قَوِیُّ ......۳۱۳ مرتبہ بعد نماز عشاء اول و آخر ۱۱،۱۱ مرتبہ درود پاک۔

۳۔ سورۃ الشعراً کی آیت نمبر ۸۰ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یا ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام۔

۴۔ الحمد شریف ۴۱ مرتبہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اول و آخر درود پاک پانی پر دم کر کے پئیں۔ (بہ نیت شفا)

۵۔ دعایا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ شْفِنِیَ اے بردبار، اے کرم والے مجھے شفاد ے دے۔ ہر وقت پڑھنے کی کوشش کریں۔

۶۔ بیمار آدمی بیماری کی حالت میں چالیس مرتبہ آیت کریمہ پڑھے انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ لَاَ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بیشک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

۷۔ کسی بھی بیماری یا کسی بھی مہلک بیماری میں مبتلا ہو جائے تو کثرت سے سورۃ انبیاء کی آیت ۸۳ پڑھیں: رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۔اے رب مجھے روگ لگ گیا ہے حالانکہ تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ (یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے) جو شخص کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جو نہ سمجھ میں آنے والی ہو یا لا علاج ہو تو بذات خود اس آیت کو پڑھے۔

۸۔ دعا برائے جملہ امراض: بِسْمِ اللّٰہِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ بِسْمِ اللّٰہِ (۳ مرتبہ) پناہ چاہتا ہوں اللہ کی اور اس کی قدرت کی اس برائی سے جو پاتا ہوں اور جس سے اندیشہ کرتا ہوں میں (جسم میں جہاں درد ہو وہاں ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ آرام آ جائے گا)۔

۹۔ ہر قسم کے سر درد اور اس کے علاوہ کسی قسم کا بھی درد ہو تو چوتھا کلمہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ یا خود پانی پر دم کر کے پی لیں۔ ۴۱ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر بھی دم کیا جا سکتا ہے۔

۱۰۔ بواسیر کے لیے صبح کی نماز میں فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح اور

Marfat.com

دوسری میں سورہ نصر پڑھیں پھر دعا مانگیں۔ پھر نماز کے بعد ان آیات کو ۱۱،۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں انشاء اللہ مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ یقین پختہ ہونا چاہیے۔

۱۱۔ پیشاب بند ہو جانے اور پتھری کے لیے سورہ الم نشرح لک صدرک ۱۱،۱۱ مرتبہ صبح دوپہر شام۔ پیشاب کی تکلیف دور اور پتھری انشاء اللہ ریزہ ریزہ ہو کر خود ختم ہو جائے گی۔

۱۲۔ گردے کی بیماری اور فالج کے لیے: سورۃ قریش ہر وقت پڑھتے رہیں انشاء اللہ دونوں بیماریوں سے نجات ہوگی۔ یہ سورۃ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بھی پی سکتے ہیں۔

۱۳۔ جگر کی تکلیف کے لیے: ہر وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور پھر سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے رہیں اور سجدے میں گر کر اس بیماری سے نجات پانے کی دعا کریں انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ اِس کے ساتھ علاج بھی کروائیں کیونکہ دعا کے ساتھ دوا بھی ضروری ہے۔

۱۴۔ شوگر...... اِس کے لیے سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۰ کے یہ الفاظ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا کو تین مرتبہ پڑھیں اور یہ درود اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ کو اس آیت سے پہلے اول و آخر تین مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پی جائیں۔ انشاء اللہ شوگر جاتی رہے گی۔

۱۵۔ دفعِ بخار...... بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَاِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلُ اللّٰہِ یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ یَاسَلَامُ یَا مُحِیْطُ یَا قَوِیُّ اِسے سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔ یا یہ لکھ کر اُس کے ماتھے پر باندھ دیں۔ سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 82: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ کا اضافہ کر لیں۔

۱۶۔ ہر بیماری کے لیے...... بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ مَعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ سات مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ جو بیماری ہے وہ دور ہوگی۔ اس کا ہر وقت پڑھنا زیادہ مجرب ہے۔

Marfat.com

۱۷۔ اِس دعا کو بھی سات مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ ہر قسم کی تکلیف سے نجات حاصل ہو گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (اللہ کے نام کے ذریعے جو تمام ناموں سے بہتر ہے، اُس اللہ کے نام کے ذریعے جو آسمان اور زمین کا پروردگار ہے۔ اُس اللہ کے نام کے ذریعے جس کے نام کے ساتھ زمین اور آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی وہی سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے)۔

۱۸۔ بیماری پر بیماری اور بلڈ پریشر کے لیے نسخہ...... یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ۔ اگر ایک تسبیح صبح اور ایک تسبیح شام کو ہو جائے تو بہتری کی جلدی امید کی جا سکتی ہے۔

۱۹۔ اختلاج قلب...... اختلاج قلب اگر بلڈ پریشر کی وجہ سے ہو تو صبح کے وقت چینی کے شربت پر دم کر کے استعمال کریں۔ لو بلڈ پریشر (Low Blood Pressure) ہو تو نمک پہ دم کر کے ایک شیشی میں رکھ لیں۔ کھانا کھاتے وقت یہ نمک چھڑک کر کھائیں۔ صدمہ کی وجہ سے اگر اختلاج قلب ہو تو اِس عمل کو کاغذ پر لکھ کر شہد میں ڈال دیں۔ یہ شہد مریض دن میں کم از کم تین مرتبہ استعمال کرے۔ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ (۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں)

۲۰۔ یہ دعا بھی قلب کی ساری بیماریوں کے لیے مجرب ہے۔ نماز کے بعد ۵ مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔ یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ۔

۲۱۔ ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لیے سورۃ انعام کی آیت نمبر ۱۷ پارہ ۷ کو ہر فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھیں: وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ یَّمْسَسْکَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (اور اگر پہنچا دے تجھ کو اللہ کچھ سختی تو کوئی اُس کو دور کرنے والا نہیں سوا اِس کے اور اگر تجھ کو پہنچا دے بھلائی تو وہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

۲۲۔ دماغی توازن بگڑتا جا رہا ہو یا وہ اپنی اصلی حالت میں نہیں ہے یا یہ شبہ ہو کہ کسی نے کچھ

Marfat.com

کر دیا ہے، تو سورۃ التکویر کی آیت نمبر ۲۰ تا ۲۹ اِن آیات کو ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں ذِیْ قُوَّۃٍ عِنْدَ سے لیکر رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔

۲۳۔ بیماری سے صحت حاصل کرنے کے لیے...... یَاحَفِیْظُ یَا سَلَامُ یَانَافِعُ یَابَاقِیُ یَا کَرِیْمُ یَاغَفُوْرُ یَا ھَادِیُ۔

۲۴۔ دل کی گھبراہٹ اور بیماری کے لیے...... جس شخص کو دل کی تکلیف ہو یا دل کمزور ہو تو سورۃ یٰسین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ دل کی قوت کا باعث ہوگا۔ اِس کے علاوہ سورۃ الانفال کی آیت نمبر ۱۱ کے یہ الفاظ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ۔ اِس کے علاوہ سورۃ رعد کی آیت نمبر ۲۸ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ط اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ کو ملا کر ۱۱، ۱۱ مرتبہ صبح شام پڑھ کر دل پر دم کریں۔ انشاء اللہ دل کے مرض میں خاطر خواہ افاقہ ہوگا۔ یہ اکسیر ہے۔

۲۵۔ اولادِ نرینہ...... سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر ۳۸ تا ۴۰

۲۶۔ برائے بند نکسیر...... سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر ۱۴۴۔ برائے بندش خون ماہواری کے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۲۷۔ برائے درد قلب...... سورۃ انعام کی آیت نمبر ۱۷، ۱۸ مریض کے تعویذ بنا کر بھی باندھ سکتے ہیں۔

۲۸۔ برائے درد دانت...... سورۃ انعام کی آیت نمبر ۶۷

۲۹۔ برائے درد پسلی...... سورۃ یونس کی آیت نمبر ۱۲

۳۰۔ برائے درد کان...... سورۃ یونس آیت نمبر ۳۱

۳۱۔ برائے چنبل...... سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر ۲۶

۳۲۔ برائے درد شکم...... سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۲

۳۳۔ برائے ترقی حافظہ...... سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۷۱

۳۴۔ ایام ماہواری میں کمی...... سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۳۴، ۳۵ اور سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۳۰ لکھ کر گلے میں ڈالیں اور تعویذ رحم پر رہے۔

۳۵۔ ماہواری میں زیادتی...... سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر ۱۴۴ اور سورۃ ھود کی آیت نمبر ۴۴

Marfat.com

لکھ کر گلے میں ڈالیں اور تعویذ رحم پر رہے۔

۳۶۔ حفاظت اطفال کے لیے..... سورۃ ھود کی آیت نمبر ۵۶، ۵۷ لکھ کر گلے میں ڈالیں، نہایت مجرب ہے۔

۳۷۔ دماغ کا کمزور ہونا..... پانچوں نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ یَا قَوِیُّ پڑھیں۔

۳۸۔ نگاہ کی کمزوری..... پانچوں نمازوں کے بعد یَا نُوْرُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں۔

۳۹۔ پیٹ کے درد کے لیے..... سورۃ الصّٰفّٰت کی آیت نمبر ۴۷

۴۰۔ تلّی بڑھ جانا..... سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۷۸ بمعہ بسم اللہ کے تلّی کی جگہ باندھیں۔ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَةٌ۔

۴۱۔ ناف ٹل جانا..... سورۃ فاطر کی آیت نمبر ۴۱ بمعہ بسم اللہ کے لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں، ناف اپنی جگہ آ جائے گی۔ اگر بند ھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

۴۲۔ نظر بد..... سورۃ القلم کی آیت نمبر ۵۱ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

۴۳۔ بیماری کا بہرا پن..... اگر کسی بیماری کی وجہ سے بہرا پن پیدا ہو تو چالیس دِن تک شہادت کی انگلیاں دونوں کانوں پر رکھ کر یہ پڑھیں: یَا حَقُّ یَا فَتَّاحُ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

۴۴۔ کمزور سماعت..... اِس کے لیے یَانُوْرُ یَااَللّٰهُ یَا مَنَوِّرُ ۱۱ مرتبہ صبح ۱۱ مرتبہ شام۔

۴۵۔ جسم سے جلنے اور زخم کے نشان دور ہوں..... ہر نماز کے بعد نشان کے مقام پر دایاں ہاتھ رکھ کر اِس عمل کو گیارہ بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَه' بفضل خدا نشان دور ہوں گے۔

۴۶۔ ہر مرض سے محفوظ..... یَارَقِیْبُ یَادَافِعُ یَامُقْتَدِرُ یَاخَلَّاقُ یَارَافِعُ یَاعَلِیْمُ

۴۷۔ اگر کوئی بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو تو اٹھتے بیٹھتے سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۸۳ کا ورد رکھیں اور ہر فرض نماز کے بعد سورۃ القمر کی آیت نمبر ۱۰ پارہ ۲۷ تین مرتبہ پڑھ لیا کریں، انشاء

Marfat.com

اللہ رب العزت کرم کریں گے۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۸۳ اور سورۃ القمر کی آیت نمبر ۱۰ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

۴۸۔ یرقان...... سورۃ فاتحہ بہ نیت شفا ۴۱ مرتبہ پھر سورۃ حشر ۳ مرتبہ پھر سورۃ قریش ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلاتے جائیں۔ جب تک فائدہ نہ ہو۔ اور مریض اگر پڑھ سکتا ہے تو سورۃ قریش کو اٹھتے بیٹھتے پڑھے، انشاء اللہ شفا ہوگی۔

۴۹۔ مرتے دم تک اعضا درست رہیں...... اس کے لیے سورۃ الروم کی آیت نمبر ۳۰ پارہ ۲۱ کو ۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک ماریں: فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا...... يَعْلَمُوْنَ۔ انشاء اللہ انسان محفوظ رہے گا۔

۵۰۔ بھوک پیاس کا بند ہو جانا...... جس شخص کو بیماری کی وجہ سے بھوک پیاس نہ لگے تو سورۃ شعراء کی آیت نمبر ۷۹/۸۰ پارہ ۱۹ کو پڑھ کر مریض کے لیے دعا کریں نیز اس کا پانی پلائیں۔ آیت: وَالَّذِیْ ...... فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔

۵۱۔ حمل کا ساقط ہو جانا...... اس کے لیے سورۃ الرعد کی آیت نمبر ۸ پارہ ۱۳ کو روزانہ ۷ مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر پھونک مارے، انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا۔

۵۲۔ اگر کسی کا بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو...... اول و آخر درود شریف پڑھ کر ۲۱ دن تک ۱۴۱ مرتبہ اِس کو پڑھیں، انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا: وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا ...... اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ۔ سورہ یوسف آیت نمبر ۵۶ اس کے ساتھ اگر ہو سکے تو یَا جَبَّارُ ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

آیاتِ شفا سے پہلے الحمد شریف لکھ کر تعویذ بنایا جا سکتا ہے اس کے آخر میں یہ دعا بھی شامل کر لی جائے تو اچھا ہے: یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیُّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ

۞۞۞

Marfat.com

# درود پاک

درود پاک بہترین ذکر ہے۔تزکیے کا ذریعہ اور مقبول جامع دعا ہے۔مسلمان ظلمتوں میں ڈوب رہے ہیں۔اعلیٰ اخلاق و کردار کی تشکیل کے لیے ذکر واذکار سے تذکیر ضروری ہے۔ ارشاد رب العزت ہے: وہی (اللہ تعالیٰ) تم پر صلوٰۃ بھیجے ہیں اور ان کے فرشتے بھی تاکہ تم کو ظلمات سے نکال کر نور میں داخل کریں۔ اور اللہ تعالیٰ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔ (سورۃ احزاب آیت نمبر۴۳)

درود پاک بہترین ذکر ہے، تزکیے کا ذریعہ ہے۔ درود پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے صلوٰۃ بھیجے ہیں جس سے مسلمان کی ظلمتیں دور ہوتی ہیں۔گناہوں سے نفرت اور نیکوں سے محبت ہوتی ہے۔ہمیں درود پاک کی کثرت سے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی رضا و قرب اور انعام واکرام حاصل کرنے چاہئیں۔

ارشاد رب العزت ہے: اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ ...... تَسْلِیْمًا (سورۃ احزاب آیت نمبر ۵۶)

یقیناً اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے نبی کریم ﷺ پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، تم بھی اُن پر صلوٰۃ بھیجو اور کثرت سے سلام بھیجو جس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں مسلمانوں کو نماز، روزہ اور دیگر عبادات کا حکم دیا ہے اسی طرح درود پاک پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے۔درود شریف میں کسی نہ کسی انداز میں خود خالقِ کائنات اور اِس کے تمام فرشتے شریک ہیں۔ جہاں کا ذرہ ذرہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیج رہا ہے اور پوری کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے گونج رہی ہے۔

علمائے کرام اس بات پر متفق ہیں کہ درود شریف وہ دعا ہے جو کبھی رد نہیں ہوتی اور اسے پڑھنے والے پر دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔دعا سے قبل درود شریف پڑھنے کا فائدہ یہ ہے کہ درود

Marfat.com

شریف کے طفیل دعا قبول ہو جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی شان کریمی سے یہ بات بعید ہے کہ بندے کی دعا کے ایک حصے کو قبول فرمائے (یعنی درود شریف کو) اور دوسرے حصے کو جس کا تعلق سائل کی ذات سے ہے، رد فرما دے۔ ایک بار رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے کہ ایک شخص آیا اُس نے نماز پڑھی اور دعا کی: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اور آپؐ نے فرمایا یہاں تم نے جلدی کی۔ تمہیں چاہیے تھا کہ نماز کے بعد پہلے اللہ تعالیٰ کی ثنا کرتا اور پھر مجھ پر درود بھیجتا اور پھر دعا کرتا۔ اِس دوران ایک دوسرا شخص آیا۔ اُس نے نماز سے فارغ ہو کر اللہ تعالیٰ کی ثنا کی پھر رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجا۔ آپؐ نے سن کر فرمایا: اے نماز پڑھنے اور درود بھیجنے والے اب دعا مانگو قبول ہو جائے گی۔

صلوٰۃ کا لفظ اللہ تعالیٰ فرشتوں اور مومنوں تینوں کے لیے آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا صلوٰۃ بھیجنے کا مطلب فرشتوں میں حضور اقدس ﷺ کی تعریف کرنا، حضور دو عالمؐ پر شفقت رحمتیں اور برکتیں فرمانا، نعمتیں عطا کرنا اِن کا نام بلند کرنا ہے اور مقام محمود یعنی مقامِ شفاعت تک پہنچانا ہے۔

فرشتوں کی طرف سے درود بھیجنا شدید اظہارِ محبت ہے۔ حضور اقدس ﷺ کی مدح و ثنا سے حضور دو عالم ﷺ کی عزت و عظمت میں افزائی اور فتح یابی کے لیے دعا ہے۔

مومنوں کی طرف صلوٰۃ و سلام رحمت اللعالمین ﷺ کا ذکر ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے۔ یہ دل و جان سے حضور دو عالم کی سربلندی، سلامتی، ترقی درجات و عظمت اور غلبۂ بقا اسلام کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے۔ انسان کو جان بڑی پیاری ہوتی ہے۔ اور آپؐ تو جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں اس لیے مسلمان پر اپنی جان سے بھی زیادہ آپ کا حق ہے۔ ارشاد رب العزت بڑا واضح ہے۔ نبی مومنوں پر سے اِن کی جانوں سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔ (سورۃ احزاب آیت نمبر ۶)

قرآن حکیم کے متعدد ارشادات کے مطابق اللہ تعالیٰ اور نبی کریم ﷺ دونوں کی اطاعت یکساں لازمی ہے۔ اِس میں فرق نہیں کیا جا سکتا۔

فضائل درود شریف کا ادراک مخلوق کے لیے محال ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ رحیم و کریم کا اپنا ورد ہے لہٰذا فیوض و برکات بھی اسی شان کے حساب سے ہوگا۔

درود پاک کا حکم اور خطاب کا انداز قرآن پاک میں صرف اور صرف صلوٰۃ اور سلام ہی

Marfat.com

کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔ ذیل میں ان احادیث کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے جن میں آنحضرت ﷺ پر صلوٰۃ و سلام بھیجنے کے فضائل ہیں۔ پڑھیے اور غور کیجیے اور اپنی آخرت کے لیے اس سعادت عظمیٰ کی قدر کیجیے۔

ارشادات نبی کریم ﷺ

۱۔ قیامت کے دن سب سے زیادہ وہ شخص میرے قریب ہوگا کہ جس نے بکثرت مجھ پر درود بھیجا ہوگا۔ (ترمذی)

۲۔ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے، اس کی دس خطائیں معاف کر دیتا ہے، اس کے دس درجے بلند کر دیتا ہے اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھتا ہے۔ (نسائی)

۳۔ قیامت کے دن قیامت کے خطرات سے وہ شخص زیادہ محفوظ ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھا کرتا ہے۔

۴۔ جس شخص نے مجھ پر درود پڑھا اُس کا درود قبول ہو گیا تو اُس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

۵۔ ایک اور روایت میں ہے کہ درود پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ ستر رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

۶۔ ایک اور روایت میں ہے جو مسلمان مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتہ اس درود کو لیکر میرے پاس بھیجتا ہے اور اُس شخص کا نام لیکر کہتا ہے یا رسول اللہ! آپ کا فلاں اُمتی آپ پر اِن الفاظ کے ساتھ درود بھیجتا ہے۔

۷۔ روایت ہے کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو جب تک وہ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے فرشتے اِس کے لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ اب اِس کو اختیار ہے کہ مجھ پر زیادہ پڑھے یا نہ پڑھے۔

۸۔ روایت یہ ہے کہ جو شخص ہر روز مجھ پر 100 مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی 100 حاجتیں پوری کرتا ہے یعنی اِن 100 میں سے 30 دنیا کی باقی آخرت کی۔

(بحوالہ صلوٰۃ وسلام: مولانا سعید احمد)

۹۔ ایک روایت ہے جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود پاک پڑھتا ہے وہ مرنے سے قبل اپنی

8/45

Marfat.com

جگہ جنت میں دیکھ لے گا۔

۱۰۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ تم چاہتے ہو کہ قیامت کے روز تم کو پیاس نہ لگے۔ عرض کیا ہاں۔ ارشاد ہوا کہ میرے محبوب پر کثرت سے درود بھیجو۔

۱۱۔ روایت ہے کہ جو شخص مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجے صبح اور دس مرتبہ شام تو قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت ہو گی۔

۱۲۔ روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب تم کوئی چیز بھول جاؤ مجھ پر درود بھیجو وہ چیز یاد آ جائے گی۔ انشاء اللہ

۱۳۔ روایت ہے کہ درود پڑھنے سے محتاجی اور تنگ دستی دور ہو جاتی ہے۔

۱۴۔ روایت ہے کہ درود پڑھنے کا اثر اور برکت درود پڑھنے والے کی اولاد تک ہوتا ہے۔

۱۵۔ روایت ہے کہ جو شخص گھر میں داخل ہو کر گھر والوں کو سلام کرے اور اس کے بعد مجھ پر درود پڑھے تو اس کے گھر سے معاشی تنگی دور ہو جاتی ہے۔

۱۶۔ روایت ہے کہ درود پڑھنے والے کی عمر مال ایمان اور اہل وعیال میں برکت ہوتی ہے۔

۱۷۔ روایت میں آتا ہے کہ قیامت کے دن جب کسی شخص کی نیکیاں کم ہو جائیں گی تو نبی کریم ﷺ ایک اُنگل کا پرچہ اس کے نامۂ اعمال میں رکھ دیں گے جس سے اس کی نیکیاں بھاری ہو جائیں گی۔ وہ کہے گا کہ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں آپؐ کون ہیں؟ اس کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے اور یہ اُنگل بھر پرچہ کیسا اچھا ہے جس نے میری نیکیاں بھاری کر دیں۔ آپؐ فرمائیں گے میں تیرا نبی ہوں یہ تیرا درود شریف ہے جو تو نے مجھ پر پڑھا تھا۔ میں نے وقت پر تیرا حق ادا کر دیا۔

(بحوالہ صلوٰۃ وسلام)

۱۸۔ روایت میں ہے کہ جب دعا کی ابتدا اور انتہا میں درود ہو گا وہ دعا یقیناً قابل قبول ہو گی۔ اسلئے کہ درود شریف کبھی مردار نہیں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ایسے سخی ہیں کہ ان کی شان سے یہ بات بعید ہے کہ اول و آخر تو قبول کر لیں اور درمیانہ حصہ قبول نہ کریں۔

Marfat.com

۱۹۔ روایت میں ہے کہ درود شریف پڑھنے والا جب مر جائے تو درود اس میت کے لیے استغفار کرتا ہے۔

۲۰۔ روایت میں ہے کہ درود شریف پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے غصہ سے مامون رہتا ہے۔
بحوالہ صلوٰۃ وسلام

درود شریف چھوڑنے کے نقصانات...... درود شریف پڑھنے کی جتنی تاکید آئی ہے اتنی ہی نہ پڑھنے پر وعید اور عتابِ الٰہی کا ذکر ہے۔ حدیث پاک ہے:

۱۔ بخیل اور بد بخت ہے وہ جس کے سامنے میرا (ﷺ) ذکر آئے اور وہ درود نہ بھیجے۔

۲۔ حدیث شریف میں ہے: ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جس مجلس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر اور حضور کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا ہو قیامت کے روز وہ مجلس ان لوگوں کے حق میں باعث حسرت ہوگی۔ پھر اللہ رحمٰن ورحیم وکریم کو اختیار ہے کہ وہ معاف کرے یا عتاب کرے۔

۳۔ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ملیا میٹ ہو جائے وہ شخص کہ اس کے روبرو میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

۴۔ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ منبر پر تشریف لائے اور پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا آمین، دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا آمین، اسی طرح تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا آمین۔ جب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: میں نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو جبرئیل علیہ السلام آئے او. فرمایا جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے میں پایا یا دونوں میں سے ایک کی دولت نصیب ہوئی پھر اُس نے خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی تو وہ بدنصیب اور خدا کی رحمت سے دور ہو۔ میں نے کہا آمین۔ دوسری سیڑھی پر قدم رکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس شخص نے رمضان المبارک جیسا بابرکت مہینہ پایا اور اس میں جنت حاصل نہ کی تو یہ بدقسمت خدا کی رحمت سے دور ہو۔ میں نے کہا آمین۔ جب تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ جس شخص نے آپ کا نام سن کر درود نہ پڑھا تو وہ بھی خدا کی رحمت سے دور ہو۔

Marfat.com

روایات سے یہ بخوبی معلوم ہو گیا کہ درود شریف چھوڑنے کے کیا نقصانات ہیں۔ جبرئیل امین کی بد دعا اور آپ کا اس پر آمین کہنا خداوند کریم تمام مسلمانوں کو اس عظیم نقصان سے محفوظ فرمائے اور اللہ کریم سے التجا اور خضوع و خشوع کے ساتھ تہہ دل سے دعا ہے کہ درود و سلام بھیجنے میں ہمیں سب سے بڑا حریص بنا دے۔ آمین ثم آمین۔

## قبولیتِ دعا

۱۔ حضرت علی مرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ تمام دعائیں رُکی رہتی ہیں جب تک حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پر درود نہ بھیجو (معجم، اوسط، طبرانی)

۲۔ حضرت عمر فاروق اعظمؓ فرماتے ہیں کہ دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے، اوپر نہیں جاتی جب تک اپنے نبی پر درود نہ پڑھو۔ (ترمذی)

نوٹ: رسول کریم ﷺ پر درود و سلام کا تاکیدی حکم اور اس کے فضائل و برکات جس طرح قرآن اور شریعت اسلام میں آئے ہیں یہ پچھلی کسی امت و شریعت میں نہیں ہیں۔ یہ حکم حضرت محمد ﷺ کی ان خصوصیات میں سے ہے جن میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام انبیاء میں خاص عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# رزق

جب انسان تقویٰ خشیت الٰہی کو اپنا شعار بنالیتا ہے تو کریم ساز ایسی جگہوں سے رزق دیتا ہے جہاں سے اس کو رزق پہنچنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔اس لیے اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل اعتقاد رکھتے ہوئے ہمیں جو آیات رزق کی کلام پاک میں دی ہوئی ہیں، اپنانا چاہیے۔ جہاں تک مادی ضرورت کا تعلق ہے، ان کے متعلق اللہ تعالیٰ مومن وکافر، عابد وفاسق یا انسان اور کسی مخلوق کے درمیان کوئی امتیاز خاص نہیں فرماتے۔ جب اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا تو اب زندگی سے متعلق مادی ضروریات کا ذمہ بھی خود ہی لے لیا۔قرآن مجید میں ہے وَمَا دابة اِلاَّ عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (کوئی جاندار ایسا نہیں جس کا رزق اللہ تعالیٰ کے ذمے نہ ہو، رزق اور دنیوی دولت کے عطا فرمانے میں اس بات کا کوئی فرق نہیں رکھا کہ آیا یہ شخص مانگ بھی رہا ہے یا نہیں، بن مانگے بے حساب دے رہا ہے۔ کافر کو مومن سے زیادہ دے رہے ہیں، فاسق کو اتنا دے دیتے ہیں کہ وہ غرور نفس ہی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اور بے چارے عابد کے گھر فاقے پہ فاقہ چلا آ رہا ہے۔اس کا سبب یہ ہے کہ دنیا کی ساری دولت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی وقعت نہیں رکھتی بلکہ اکثر وبیشتر یہ وبال ثابت ہوتی ہے۔ کثرت رزق انسان کو محتاجی اور پریشانی سے بچاتی ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ سے خوشحالی کی دعا کرنا اچھی چیز ہے۔ ہمیں حج اور عمرہ کے وقت خانۂ خدا اور رسول کریم ﷺ کے روضۂ اقدس پر جا کر دعائیں کرنی چاہئیں جو قبولیت کا موجب بنتی ہیں۔ متقی اور پرہیزگار والدین اور ولی کامل کی دعائیں بھی اللہ کے حضور قبول ہوتی ہیں۔

رزق کی کشادگی اور تنگی اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔اس ضمن میں آزمائش کی بجائے ہمیشہ آسانی اور رحمت طلب کرنی چاہیے کیونکہ ہم آزمائش کے قابل نہیں ہیں۔ اللہ کی راہ میں سخاوت رزق میں اضافہ کا موجب ہوسکتی ہے۔ الغرض اگر ہم ان طریقوں کے علاوہ برائیوں سے تائب ہو کر حضور ﷺ کے حضور دعائیں کریں تو رب العزت زیادہ خوش ہونگے اور دعائیں جلدی

Marfat.com

قبول کرلیں گے۔عقیدے کی پختگی اور پانچ وقت کی نماز بھی اس کی اولین شرط ہے۔

## زریں اقوال

حضرت انس ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کا کلمہ اللہ کی ناراضگی سے بندوں کو محفوظ رکھتا ہے جب تک کہ دنیا کی تجارت کو آخرت کی تجارت پر ترجیح نہ دیں۔اور جب دنیا کی تجارت کو آخرت کی تجارت پر ترجیح دینے لگیں تو پھر لَآ اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہُ کہیں تو وہ کلمہ اِن پر یہ کہہ کر لوٹا دیا جاتا ہے کہ تم جھوٹ بول رہے ہو(یعنی تمہارا اقرار جھوٹا ہے محض زبانی جمع خرچ ہے)۔

ایک صحیح حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ تین دعائیں ضرور قبول ہوتی ہیں جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں۔ایک مظلوم کی دعا دوسرے مسافر کی دعا تیسرے باپ جو اپنی اولاد کے لیے بددعا کرے۔

حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ اور خضر علیہما السلام کے سفر کے واقعہ میں جو یتیم بچوں کے لیے زیر دیوار خزانہ مدفون تھا اس میں ایک سونے کی تختی تھی جس میں نصیحت کے مندرجہ ذیل کلمات لکھے ہوئے تھے:

(۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (۲) تعجب ہے اس شخص پر جو تقدیر پر ایمان رکھتا ہے پھر غمگین کیونکر ہوتا ہے(۳) تعجب ہے اس شخص پر جو اس پر ایمان رکھتا ہے کہ رزق کا ذمے دار اللہ تعالیٰ ہے پھر ضرورت سے زیادہ مشقت اور فضول قسم کی کوشش میں لگتا ہے(۴) تعجب ہے اس شخص پر جو موت پر ایمان رکھتا ہے پھر خوش کیسے رہتا ہے۔

## کشائش رزق کے لیے

جو آدمی بکثرت استغفار پڑھے گا یعنی اپنے اوپر لازمی کرلے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی تنگی کو آسان اور اس کے غم کو خوشی میں بدل دے گا۔

## دولت مندی اور تونگری کے لیے

صبح کی فرض نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ سورہ نصر بحضور قلب پڑھنی چاہیے۔چند یوم پڑھنے

Marfat.com

سے مفلس مالدار ہو جاتا ہے۔

سورۃ الحجر کی آیت نمبر ۲۱: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا ...... بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام)

سورۃ فاطر کی آیت نمبر ۴۱: اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ (ایک تسبیح) غَفُوْرٌ تک

یَا بَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ ۳۱۳ مرتبہ

## کمیٔ رزق

دُکان خاطر خواہ نہ چلتی ہو سورۃ رعد کی آیت نمبر ۳: وَھُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ ...... یَتَفَکَّرُوْنَ تک ۳۱۳ مرتبہ

## واسطے دافع تنگی معاشی

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الْقَدِیْمِ تین جمعہ ایک ہزار مرتبہ

ہر قسم کی ترقی کے لیے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط یَامَنَّانُ رزق کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔

## رزق کی تنگی دور کرنے کے لیے

سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ ...... اَلْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ (۵۰۰ مرتبہ) اس کے ساتھ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر ۱۱۴ کو بھی پڑھ لیں۔ رب العزت جلدی کرم کریں گے۔ مائدہ: رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا ...... اَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔ (آیت نمبر ۱۱۴) ایک تسبیح۔

سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۳۱، ۱۳۲: یہ دونوں آیات مغرب کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔ حسب منشا رشتہ اور رزق کے لیے بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

## تنگ دستی سے نجات

سورۃ الم تر کیف...... ۷ بار پڑھیں روزانہ۔

Marfat.com

## رزق کی حاجت کے لیے

سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹، بہتر (۷۲) مرتبہ اور وَاللّٰـهُ يَبْسُطُ الـرِّزْقَ لِمَنْ

يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۷ مرتبہ

❁❁❁

Marfat.com

# توکل اور روزی

انسان جب رزق کے حصول کے اسباب مہیا کرے تو اسباب کی بجائے خالق کو اپنا نصب العین بنائے جو اصل میں روزی مہیا کرتا ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا اگر تم نے توکل کی حقیقت کو پالیا ہوتا تو اللہ تمہیں پرندوں کی طرح روزی دیتا جو صبح بھوکے اٹھتے ہیں اور شام کو سیر ہو کر آتے ہیں۔

حکایت..... حضرت ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ اور شفیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ کی آپس میں ملاقات مکہ معظمہ میں ہوئی۔ ابراہیم ادھم نے سوال کیا کہ اے شفیق تجھے یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ایک مرتبہ میں جنگل سے گزر رہا تھا ایک پرندے کو دیکھا جس کے دونوں بازو یعنی پر ٹوٹ چکے تھے۔ میں یہ دیکھنے کے لیے بیٹھ گیا کہ دیکھوں کہ اس کو رزق کیسے ملتا ہے۔ اتنے میں ایک پرندہ اپنی چونچ میں ٹڈی لے کر آیا اور اس کے منہ میں اس کو ڈال دیا۔ مجھے خیال پیدا ہوا کہ رزاق اسے رزق پہنچا سکتا ہے تو مجھے کیوں نہیں پہنچائے گا لہٰذا سب کچھ چھوڑ کر عبادت میں مشغول ہو گیا۔ اس پر جناب ابراہیم ادھم نے فرمایا کہ اے شفیق تو نے معذور پرندہ بننا گوارا کیا کہ اگر تم تندرست پرندے بنتے تو تمہارا مقام کچھ اور ہوتا۔ کیا تو نے حضورﷺ کا فرمان نہیں سنا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ مومن تو ہمیشہ بلند درجات کا خواہاں ہوتا ہے حتیٰ کہ ابرار کے مقام کو حاصل کر لیتا ہے۔ اس پر شفیق نے آپ کا ہاتھ چوم کر فرمایا: بیشک آپ میرے استاد ہیں۔

حضورﷺ نے فرمایا جو خود کو سب سے زیادہ غنی بنانا چاہتا ہے اسے چاہیے مال سے زیادہ مقام باری تعالیٰ پر نظر رکھے۔

روایت ہے کہ جو شخص صبح و شام سات مرتبہ سورۃ توبہ کی آخری آیت کو پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام عزائم کو پورا کر دیتا ہے۔ مزید روایت ہے کہ اس کے دنیا و آخرت کے تمام کام

Marfat.com

پورے ہو جاتے ہیں۔

حضرت یحییٰ بن معاذ کا ارشاد ہے: بغیر طلب کیے بندہ کا رزق پا لینا اس بات کی دلیل ہے کہ روزی کو حکم ہے کہ بندہ تلاش کر۔ ایک عالم کا قول ہے کہ جس روزی کی تجھے ضمانت دی جا چکی ہے اس کے لیے مصروف رہ کر فرائض کی ادائیگی سے غافل نہ ہونا، ورنہ آخرت برباد ہو جائے گی اور دنیا اسی قدر ہی ملے گی جو مقدر ہو چکی ہے۔

ذیل میں کچھ عملیات دیے جاتے ہیں اس سے استفادہ کریں۔ جو کوئی فائدہ اٹھائے میرے لیے بھی دعا کر دیا کرے۔ آمین ثم آمین۔

## ترقیٔ معاش

سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر 19: **اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ** ۔ (ترجمہ) اللہ اپنے بندے پر مہربان ہے جسے (جس قدر) چاہے رزق دیتا ہے اور وہ بڑا طاقتور اور زبردست ہے۔ ۵۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک کے ساتھ۔

## روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق تنگ ہو

سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۱۰ پارہ ۸: **وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ** ۔ (ترجمہ) اور ہم نے تم کو جگہ دی زمین میں بنا دیں اس میں تمہارے لیے روزیاں، تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ اس کی ایک تسبیح عصر کی نماز کے بعد کریں جب تک کامیابی حاصل نہ ہو۔

## طلبِ رزق کے لیے ایک مجرب دعا

**رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ** پارہ ۲۰ سورۃ القصص آیت نمبر ۲۴ (ترجمہ) اے رب جو چیز بھی تو میری طرف نازل فرمائے میں اس کا حاجت مند ہوں۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے طلب رزق کے لیے مجرب ہے۔ اٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہنا چاہیے، اس دعا میں عاجزی ہے۔

Marfat.com

## زیادتی مال اور دولت کی دعا

پارہ ۷ سورۃ مائدہ آیت نمبر ۱۱۴: رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۔ (ترجمہ) اے ہمارے رب تو اتار ہم پر ایک خوان آسمان سے کہ وہ ہو جائے ہمارے لیے عید ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے اور ہو جائے نشانی تیری جانب سے ہم کو روزی عطا فرما اور تو ہی سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔ یہ فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔

## رزق کی کشادگی کے لیے

پارہ ۲۱ سورۃ العنکبوت آیت نمبر ۶۲: اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ. (ترجمہ) اللہ پھیلاتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے جس کو چاہے بیشک اللہ ہر چیز سے خبردار ہے۔

## رزق کے معاملے میں غیبی امداد کی دعا

پارہ ۲۸ سورۃ طلاق آیت نمبر ۳ کا اتنا حصہ: وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۔ (ترجمہ) جو کوئی بھروسہ رکھے اللہ پر تو وہ اُس کو کافی ہے تحقیق اللہ پورا کر لیتا ہے اپنا کام اللہ نے رکھا ہے ہر چیز کا اندازہ۔ اس آیت کو بھی سات مرتبہ پڑھیں۔ اوپر والی آیت کو ساتھ ملا کر پڑھیں تو زیادہ فائدہ ہوگا (۷ مرتبہ)۔

## مال کی تنگی اور اولادِ نرینہ کے لیے

پارہ ۲۹ سورۃ نوح آیت نمبر ۱۲: وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ط اور بڑھا دے تم کو مال اور بیٹوں سے اور بنا دیا تمہارے واسطے باغ اور بنا دے گا تمہارے واسطے نہریں۔ یہ رزق کی تنگی اور نرینہ اولاد کے لیے مجرب وظیفہ ہے۔ اس کو ۱۷۰ مرتبہ روزانہ کسی وقت بھی پڑھ سکتے ہیں سوائے زوال کے وقت کے۔

Marfat.com

## کشائش رزق کے لیے

پارہ۲۹ سورۃ ملک آیت نمبر۲۳: قُلْ هُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۔(ترجمہ) تو کہہ وہی ہے جس نے تم کو نکال کھڑا کیا اور بنادیے تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور دل تم بہت تھوڑا حق مانتے ہو۔اس کے پڑھنے والا کبھی بھوکا نہیں سو سکے گا۔اول و آخر درود شریف کے ساتھ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام۔

## حصولِ رزق کے لیے آسانی کی دعا

پ۱۱ سورۃ یونس آیت ۳۱: قُلْ مَنْ یَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ یَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ یُّخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَمَنْ یُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَیَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۔(ترجمہ) آپ کہیے کہ وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے یا وہ کون ہے جو کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے اور بے جان کو جاندار سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو تمہارے کاموں کی تدبیر کرتا ہے سو وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ (ہے) تو ان سے کہیے کہ پھر کیوں اللہ سے نہیں ڈرتے۔ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ۔

## حصولِ معاش

حصولِ معاش میں آسانی طلب کرنے کے لیے خصوصاً کاروبار ملازمت مزدوری کے لیے مندرجہ بالا آیت کو صبح و شام سات سات مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ کام میں ہر طرح کی آسانی پائیں گے۔

## فراخیٔ رزق

واسطے فراخیٔ رزق اور روزی کے لئے دس مرتبہ اس دعا کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے:
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَارَبُّ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔
ایضاً ...... جو کوئی سورۃ ارءیت الذی کو بعد نماز صبح قبل طلوع آفتاب سے چالیس بار

Marfat.com

پڑھے، اول وآخر درود پاک کے اللہ تعالیٰ کے فضل سے رزق میں اضافہ ہوگا۔

## حصولِ دولت کے لیے

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یہ سہ اسماء کوجن کی تعریف لکھنے سے قلم قاصر ہے عصر اور مغرب کے درمیان ان اسماء کی تین تسبیحات کرلیا کریں۔آسمان کے سایہ میں سر برہنہ ہوکر پڑھا کریں، انشاءاللہ جس مطلب کے لیے پڑھیں گے وہ مطلب ضرور حاصل ہوگا۔

## ہر مقصد کے لیے

جوکوئی اس آیت کووَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ کوبعد نماز مغرب یا مغرب اور عشاء کے درمیان دو ہزار بار پڑھے اور گیارہ دن تک پڑھے، انشاءاللہ جومقصد اُس کا ہوگا خواہ مقصد دینی ہو یا دنیاوی، پورا ہوگا۔

## کشائش رزق کے لیے

جوشخص کھانا کھانے بعد اسم یَابَاسِطُ ااا بار پڑھا کرے نہایت ثواب حاصل ہووے اور رزق میں اضافہ ہوگا۔کمال مجرب اور آزمودہ ہے۔

## ایضاً

نماز فجر کے بعد ۴۰ مرتبہ یَاوَھَّابُ مع اول وآخر درود پاک کے پڑھے، انشاءاللہ رزق میں اضافہ ہوگا۔یہ اسم اُس کے لیے ہے جو دنیا وآخرت میں عزت چاہتا ہے۔بہت ہی مفید ہے۔اس اسم کی برکت سے حضرت سلیمان علیہ السلام کووہ انگوٹھی ملی تھی جوان سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں ہوئی۔وہاب کے معنی ہیں جو بغیر کسی غرض کے بخشش کرے۔نمازِ چاشت کے بعد اس کو سات مرتبہ سجدہ میں بھی پڑھنا چاہیے۔

## مفلسی سے نجات کے لیے

اگرکسی کوفقر فاقہ اور مفلسی زیادہ ہوتو اُس کوچاہیے کہ ہرروز بعد نماز عشاء لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرے، انشاءاللہ فقروفاقہ سے نجات مل جائے

Marfat.com

گی۔نہایت آزمودہ ہے۔استغفار سے انسان کی ہر حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

## دولت مندی اور توانگری کے لیے

دولت مندی اور توانگری کے لیے نمازِ فجر کے بعد ۲۵ مرتبہ سورۃ نصر چند یوم پڑھنے سے مفلس مالدار ہو جائے گا۔

## اضافہٗ رزق کی دعا

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۱۳۱ اور ۱۳۲: وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۝ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ۔ (ترجمہ) اور ہرگز ان چیزوں کی طرف آپ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیے جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کے لیے متمتع کر رکھا ہے وہ محض دنیوی زندگی کی رونق ہے اور اپنے رب کا عطیہ بدرجہا بہتر ہے اور دیرپا ہے اور اپنے متعلقین کو بھی نماز کا حکم کرتے رہیے اور خود بھی اس کے پابند رہیے۔ ہم آپ سے معاش نہیں چاہتے معاش تو آپ کو ہم دیں گے آخر بھلا ہے پرہیزگاری کا۔ ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ۔

## شادی اور اضافہ رزق کی دعا

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ پارہ ۳۰ آیت نمبر ۵ سورۃ والضحیٰ۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک کے ساتھ پڑھیں۔ جو شخص یہ دعا پڑھتا رہے گا وہ کبھی بھوکا نہیں رہے گا اور نہ ہی اس کے رزق میں کمی ہوگی۔ ۷۰ امرتبہ روزانہ

## رشتوں کے لیے اور ہر حاجت کے لیے

سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۰۹: لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ۔ (ترجمہ) جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ کا ہے اور ہر کام کا رجوع اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ اس آیت کی سات تسبیحاں ہر کام کے لیے کر سکتے ہیں،

Marfat.com

انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## کاروبار کی ترقی اور نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے

یہ اور اوپر والی، ان دونوں آیات کو ملا کر پڑھیں۔ پارہ ۲۱ سورۃ لقمان کی آیت نمبر ۲۶:
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (ترجمہ) اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں۔ بیشک اللہ ہی ہے بے پرواسب خوبیوں والا۔ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام۔

## مالی حالت بگڑنے کی صورت میں اور کاروبار تباہ ہونے کی صورت میں

پارہ ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۷: اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا (ترجمہ) مگر مہربانی ہے تیرے رب کی اس کی بخشش تجھ پر پڑی ہے۔ اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد رکھیں۔

## کاروبار شروع کرنے سے پہلے اور اس میں ترقی اور برکت کے لیے

پارہ ۱۶ سورۃ مریم آیت ۲۵ اور ۲۶ کا حصہ: وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ (ترجمہ) اور ہلا اپنی طرف کھجور کی جڑ اُس سے گریں گی تجھ پر پکی کھجوریں اب کھا پی اور آنکھ ٹھنڈی رکھ۔ (۱۲۱ مرتبہ روزانہ)

## کاروبار میں کمی آنے پر

اس کے ساتھ یَاوَكِيْلُ يَاكَفِيْلُ يَامَكَفِّلُ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔

## کام کرنے کو دل نہ چاہے

اگر کاروبار یا کسی دیگر کام میں دل نہ لگے اور بیزاری سی رہے اور یہ عدم دلچسپی کسی حاسد کے سفلی عمل یا کسی پریشانی وغیرہ سے ہو تو ان الفاظ کا ورد کریں بفضل خدا بطفیل سرکارِ مدینہ ﷺ ہر کام میں دل لگے گا اور ذہنی کوفت نہیں ہوگی: اَجِبُ تَنَكَّفِيْلُ بِحَقِّ يَاحَفِيْظُ (ترجمہ) اے

Marfat.com

کفالت کرنے والے میری کفالت فرما اپنی حفاظت کے ساتھ۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھیں۔

## ٹھیکہ یا آرڈر مل جائے

اس عمل کو ایک ہی نشست میں گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک اس کے بعد حصول مقصد کے لیے دعا کریں بفضل خدا قبول ہوگی: بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا جَلِيْلُ يَاذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ اس عمل کے بعد الٓمّٓ ط اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ پڑھتا رہے، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## کاروبار کی پریشانی پر

کاروبار کی پریشانی پر آپ سورۃ الم نشرح کی آیت نمبر پانچ، چھ کو اٹھتے بیٹھتے بھی پڑھ سکتے ہیں: فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا لا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا o (ترجمہ) سو البتہ مشکل کے بعد آسانی ہے البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

## رزق کے لیے

رزق کے لیے کچھ اور بھی عملیات دیے جاتے ہیں انکو اپنانے سے بھی رزق کے متعلق پریشانی دور ہوگی۔ انشاء اللہ

۱۔ ہر نماز کے بعد یا وہاب ۳۰۰ مرتبہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک

۲۔ صبح کی نماز کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۵۰۰ مرتبہ

۳۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه ۱۵۱ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد

۴۔ سورۃ مدثر روزانہ پڑھیں

۵۔ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پڑھنے سے بلا زحمت اور مشقت روزی ملتی رہے گی

۶۔ سورۃ الذٰریٰت کی آیت نمبر ۵۸ فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں

۷۔ وسعت رزق کے واسطے آیت کریمہ ۱۲۰۰ مرتبہ روزانہ ۱۲ دن تک پڑھیں مقررہ وقت پر اور پھر ایک تسبیح روزانہ کرتے رہیں

Marfat.com

۸۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاعَلِیْمُ یَارَحِیْمُ یَارَبُّ ایک تسبیح صبح و شام

۹۔ یَاسَمِیْعُ یَاوَاسِعُ یَارَزَّاقُ یَاوَھَّابُ ۳۱۹ مرتبہ روزانہ

۱۰۔ سورۃ اِنَّا اَنْزَلْنَا ۲۱ مرتبہ یا ۴۰ مرتبہ روزانہ

۱۱۔ یَاجَامِعُ ۳۸۴ مرتبہ

۱۲۔ گھر سے نکلتے وقت آیت الکرسی پڑھنے سے بھی رزق میں کشادگی ہوگی

۱۳۔ عشاء کی نماز کے بعد آیت الکرسی ۴۱ مرتبہ

۱۴۔ سورۃ الشعر الکھ کر تجارت کی جگہ پر رکھیں آمدنی بکثرت ہوگی

۱۵۔ سورۃ توبہ کی آیت نمبر ۱۱۱ اور فروشی مال ۱۲۱ مرتبہ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ ...... لْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

۱۶۔ سورۃ ھمزۃ ۴۱ مرتبہ روزانہ

۱۷۔ سورۃ انعام آیت نمبر ۵۹ ایک سو مرتبہ اول و آخر درود پاک۔ محتاجی سے بچنے کے لیے بہت مجرب ہے

۱۸۔ سورۃ فاتحہ ۷۰ مرتبہ

۱۹۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ورد علیحدگی میں خاموشی کے ساتھ کرنے سے رزق میں اضافہ ہوگا

۲۰۔ یَاکَرِیْمُ یَافَتَّاحُ ۷۰۰ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد

۲۱۔ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ ۳۰۰ مرتبہ

۲۲۔ یَارَحْمٰنُ یَارَزَّاقُ یَاوَھَّابُ

۲۳۔ یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ ۳۰۳ مرتبہ صبح کے وقت

۲۴۔ یَامُحِیْطُ یَارَبُّ ۱۰۰۰ مرتبہ فجر کی نماز کے بعد

۲۵۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ایک تسبیح فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان یا ۵۰۰ مرتبہ فجر کی نماز کے بعد

۲۶۔ یَاوَھَّابُ ۴۴۰ مرتبہ فجر کی نماز کے بعد

۲۷۔ سورۃ جن کی تلاوت سے بھی روزی بڑھتی ہے

۲۸۔ سورۃ فیل ظہر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھنے سے بھی رزق بڑھتا ہے

Marfat.com

۲۹۔ وَارْزُقْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ ۷۰مرتبہ

۳۰۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر۱۵۴

۳۱۔ یَاوَھَّابُ یَافَتَّاحُ یَابَاسِطُ یَاغَنِیُّ ہروقت

۳۲۔ یاحلیم ترقی تجارت کے لیے رات کو خوب پڑھیں

۳۳۔ مَاشَاءَاللّٰہُ لاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ سورۃ کہف آیت نمبر ۳۹ گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد یا تین تسبیحاں کسی وقت بھی کر سکتے ہیں۔

۳۴۔ یَامُعِزُّ ۱۱تسبیحات روزانہ اگر محتاج اور غریب ہے یا وہاب ۱۴۱۴مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف

(یہ سب عملیات میرے بھروسے کے ہیں، جو ان سے فائدہ اٹھائے میرے لیے بھی دعائے خیر کردیا کرے۔آمین ثم آمین)

Marfat.com

# خلاصیٔ قرض کے عملیات

قرض ایک لعنت ہے۔ بعض اوقات ہم اس کے خود ذمے دار ہوتے ہیں۔ کوئی بھی غریب کہلانا پسند نہیں کرتا اور لوگ غربت کو چھپانے کے لیے اتنا خرچ کر دیتے ہیں کہ مزید غریب ہوتے جاتے ہیں۔ کاروبار میں نقصان شروع ہو جائے تو بھی انسان مقروض ہو جاتا ہے۔ ہم آپ کو کچھ اعمال، وظائف اور دعائیں بتاتے ہیں جو انشاءاللہ آپ کو قرضے سے نجات دلا دیں گے۔ نجات کے لیے گناہوں سے توبہ اولین فرض ہے۔ پھر گناہوں سے بچتے رہنا اگلا قدم ہے۔ نماز کی پابندی لازمی ہے۔

ادائے قرض کے لیے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۲۶ نہایت ہی موثر ہے۔ جو شخص مقروض ہو اور ادائیگی قرض کی کوئی صورت پیدا ہوتی نظر نہ آئے تو یہ دعا صبح فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ بہت جلد قرضہ اتر جائے گا اور جب تک قرضہ ادا نہ ہو جائے یہی دعا اٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے بھی پڑھتے رہیں: قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ (ترجمہ) اے محمدؐ! آپ یوں کہیے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں اور جس سے چاہیں آپ لے لیتے ہیں اور جس کو چاہیں باعزت کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں ذلیل کر دیتے ہیں آپ کے ہی اختیار میں سب بھلائی ہے بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر ۲۶۔ اگر آیت نمبر ۲۷ کو بھی پڑھیں گے تو وہ رزق کے لیے ہو جائے گی۔

۲۔ سورۃ نصر کو ۴۱ مرتبہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں، انشاءاللہ قرض اتر جائے گا۔

۳۔ اِن اسمائے ربانی کا ورد آپ صبح و شام ۳۰۰ مرتبہ کریں تو انشاءاللہ قرضہ اترنے میں

Marfat.com

آسانی ہو جائے گی: یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ یَاقَاضِیَ الْحَاجَات یَاغِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ

۴۔ یَاوَکِیْلُ یَاکَفِیْلُ یَامُکَفِّلُ ۷۰۰ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد

۵۔ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ تنہائی میں کثرت سے پڑھنے سے قرض دور ہو جاتا ہے

۶۔ سورۃ مدثر پڑھنے سے قرض سے خلاصی ہوسکتی ہے

۷۔ یاباسط یا فتاح ۱۱۷ مرتبہ صبح شام ۴۱ دن تک

۸۔ سورۃ تحریم کی تلاوت بھی ادائیگی قرض کے لیے مفید ہے

۹۔ سورۃ قدر اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ لاتعداد

۱۰۔ سورۃ زلزال کو ۱۴ مرتبہ صبح وشام

۱۱۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰه ۔ کثرت سے پڑھنے آپ قرض سے جلدی سبکدوش ہوسکتے ہیں

۱۲۔ رات کو سونے سے پہلے آیت الکرسی ۱۷۰ بار اول وآخر درود پاک ۴۰ روز تک

۱۳۔ آیت کریمہ ۷۳۰ مرتبہ

۱۴۔ یَافَتَّاحُ سونے سے پہلے یا تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھیں، ۱۰ دن تک قرض ختم ہو جائے گا

۱۵۔ سورۃ فیل ۴۱ دن فجر کی نماز کے بعد

۱۶۔ سورۃ کہف پڑھنے سے انسان قرضہ سے نجات پاتا ہے۔ سورۃ کہف کی آیت نمبر ۳۹ کا ورد اٹھتے بیٹھتے کریں

۱۷۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۶۵ کو روزانہ ۴۱ مرتبہ ۸۱ دن تک پڑھیں، انشاءاللہ روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔ انسان کی ہر حاجت پوری ہو گی۔ ۵۰۰ مرتبہ اس کا پڑھنا زیادہ مفید ہے: وَمِنَ النَّاسِ سے لیکر شَدِیْدُ الْعَذَابَ تک

۱۸۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴: ثُمَّ اَنْزَلَ سے لیکر بِذَاتِ الصُّدُوْر تک ۷ مرتبہ صبح شام۔ قرض سے خلاصی کے لیے یہ آیت بھی مجرب الجرب ہے اور یہ آیت ہر مشکل کے لیے اور ہر کام کے لیے پڑھی جاسکتی ہے۔

Marfat.com

# حصولِ اولاد

انسان کی شادی کے بعد ہمیشہ یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کی بیوی صاحب اولاد ہو۔ اُس کی یہ بھی خواہش ہوتی ہے کہ اس کو سلیقہ شعار بیوی ملے۔عورت کی خواہش ہوتی ہے کہ اچھا قدردان خاوند نصیب ہو۔شادی کے بعد دونوں میاں بیوی کا یہ مشترکہ مسئلہ ہوتا ہے کہ انہیں نیک اور صالح نرینہ اولاد ملے۔بعض لوگوں کو رب العزت شادی کے فوراً بعد ہی اولاد عطا کر دیتا ہے لیکن کئی جوڑے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے سالہا سال گزر جانے پر بھی ان کے گھر اولاد پیدا نہیں ہوتی۔اِن کی خواہش ہوتی ہے کہ انہیں بھی اولاد ملے۔جب ہو جاتی ہے تو الٹے سیدھے کام کرتی ہے اور والدین کی نافرمان ہو جاتی ہے۔اِن تمام مسائل کا حل اللہ تعالیٰ کا کلام پاک ہے۔ہمیں جو دعائیں اس ضمن میں کلام پاک میں ہیں، پڑھنی چاہئیں تو رحمتِ خداوندی اس کا ضرور کوئی نہ کوئی حل نکال دے گی۔

اولاد کے لیے مندرجہ ذیل طریقے اپنائیں اللہ تعالیٰ کرم نوازی کرے گا۔

## وضع حمل کا عمل

سورۃ المومنون کی آیت نمبر ۱۲ تا ۱۴: وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ج سے لیکر فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ۔ جو عورت از دواجی بندھن کے بعد حاملہ نہ ہوتی ہو تو وضعِ حمل کے لیے اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے پی لیا کرے اور ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

## اولاد سے محرومی کے لیے

سورۃ الفجر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھی جا سکتی ہے۔سورۃ حشر کی آخری آیت کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے آدھا میاں پی لے آدھا بیوی پی لے۔سورۃ کوثر بھی ۷ مرتبہ روزانہ ۴۱ دن

Marfat.com

تک پڑھی جا سکتی ہے۔ لیکن اگر سورۃ کوثر ۳۱۳ مرتبہ یا ایک تسبیح عصر کی نماز کے بعد روزانہ پڑھ لیں تو مجرب ہے لیکن ہر بار بسم اللہ پڑھنی ہے۔

## حفاظتِ حمل

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو یہ آیات ترتیب وار لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے، انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ سورۃ رعد کی آیت نمبر ۸، سورۃ النحل کی آیت نمبر ۱۲۷۔۱۲۸، سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۹۱ تا ۹۳، سورۃ الحج کی آیت نمبر ۱، سورۃ المومنون کی آیت نمبر ۱۴، سورۃ نور کی آیت نمبر ۴۰ اور سورۃ علق کی پہلی دو آیات کو روزانہ ۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بھی پی لیں۔ اس سے حمل کی حفاظت رہے گی، گرنے کا خوف جاتا رہے گا۔ پڑھ کر دعا بھی کی جا سکتی ہے جو سب سے بہترین عمل ہے۔

## وضع حمل کے لیے دوسرا عمل اسمائے ربانی کے ذریعے

یَاخَالِقُ یَاوَارِثُ یَامُبْرِئُ ہر وقت چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔

حفاظت کے لیے

یَاحَیُّ یَاحَافِظُ یَامُصَوِّرُ ۔۱۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک، ۸۱ دن تک پڑھیں ناغے کے دن اس میں سے نکال دیں۔

## اٹھرا

اٹھرا ایک ایسی بیماری ہے جس میں یا تو بچہ مردہ پیدا ہوتا ہے یا پیدا ہونے کے بعد مر جاتا ہے یا پھر بار بار حمل ضائع ہوتا رہتا ہے۔ تو ایسی موذی بیماری کے لیے ہمیں دوا کے ساتھ اللہ کے حضور دعا کی بھی ضرورت ہے۔ اس کے لیے ہمیں سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۹۱ تا ۹۳ کی ایک تسبیح عشاء کے بعد کر چھوڑیں۔ اگر سارے سال تہجد کے بعد یا رمضان المبارک میں بھی تہجد کے بعد اس کے پڑھنے کا اہتمام کر لیں تو مجرب المجرب ہے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی اور مرض اٹھرا جاتا رہے گا: وَالَّتِیْ اَحْصَنَتْ سے لیکر کُلٌّ اِلَیْنَا رَاجِعُوْنَ ۔ اس کے ساتھ یہ عمل ہر وقت پڑھتے رہیں: اَللّٰہُ قُلْ اَللّٰہُ ۔ قل اٹھرا ہے۔ اَللّٰہُ قُلْ اَللّٰہُ ۔ اٹھتے بیٹھتے اس کو پڑھتے رہیں۔

Marfat.com

## اگر حمل ساقط ہو جاتا ہو

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو وہ ابتدا سے لے کے ۹ مہینے تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے۔ جو لڑکی کی خواہش رکھتا ہو وہ بھی ایسا ہی کرے۔ سورۃ الرعد کی آیت نمبر ۸ کو اکیس مرتبہ صبح شام اَللّٰہُ یَعْلَمُ ...... بِمِقْدَارٍ

اگر کسی کے ہاں اولادِ نرینہ نہیں تو حمل ٹھہرتے ہی ۹ مہینے تک سورۃ نوح کی آیت نمبر ۱۲ پارہ ۲۹ کو ۱۲۱ مرتبہ صبح ۱۲۱ مرتبہ شام پڑھیے: وَیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ ...... لَکُمْ اَنْھٰرًا۔ ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ رزق کی تنگی کی صورت میں پڑھی جا سکتی ہے۔

## اولاد سے ناامیدی کی صورت میں

جو شخص اولاد سے ناامید ہو وہ ۸۱ دن تک ۳۰۰ مرتبہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر ۱۷ پارہ ۶ کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے آدھی آدھی چیز کر کے کھالیں، یعنی خاوند اور بیوی، انشاءاللہ رب العزت کرم نوازی کریں گے۔ آیت نمبر ۱۷: لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ ...... وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

## اولاد سے محرومی

اگر کوئی شخص اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسا رکھتے ہوئے کثرت سے ان آیات مبارکہ کا ورد کرے: اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ ...... قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ۔ سورۃ السجدہ کی آیت نمبر ۷ تا ۹ پارہ ۲۱

## اولاد مر جاتی ہو

اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو تو اس کے لیے سورۃ الصفت کی آیت نمبر ۷۶ پارہ ۲۳ کو صبح و شام ۱۲۱، ۱۲۱ مرتبہ پڑھے۔ رب العزت اولاد کے زندہ رہنے کا کوئی نہ کوئی سبب پیدا کریں گے: وَنَجَّیْنٰہُ سے العظیم تک۔

## جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو تو سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۴۹ پارہ ۲۵ کو ۱۲۱ مرتبہ پانی

Marfat.com

پر دم کر کے دونوں میاں بیوی پئیں: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج ...... يَشَآءُ الذُّكُوْرَ۔

## اولاد سے محرومی کے لیے

جو شخص اولاد سے محروم ہو تو سورۃ کوثر ۳۱۳ مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔ یا کم از کم ایک تسبیح بمع بسم اللہ۔

## حمل قرار نہ پانے کی وجوہات

حمل قرار نہ پانے کی دو اور وجوہات ہو سکتی ہیں۔ کبھی ناف کا ٹل جانا اور ماہواری کا بے ترتیبی سے آنا یا کبھی تھوڑی آنا۔ اس کے لیے آپ ناف کے ٹل جانے کے لیے سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۷۸ سے ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ (صرف ماہواری کے دنوں میں یہ عمل کریں) اور سورۃ فاطر کی آیت نمبر ۴۱ کو سات مرتبہ پڑھ کر ناف پر دم کریں انشاء اللہ ناف اپنی اصلی جگہ پر آ جائے گی۔ باقی ماہواری کی خرابی دور کرنے کے لیے اور حمل کے لیے آدھا گلاس پانی لیں اور اُس میں آدھا کپ یا پورا کپ چائے کا بنا کر اُس میں ملا لیں۔ لیکن یہ دونوں مقداریں ایک گلاس سے زیادہ نہیں ہونی چاہئیں۔ ماہواری صحیح ہو جائے گی اور حمل قرار پائے گا۔ یہ میرے مرشد سید گوہر الحسن المعروف بابا غوری شاہ قادریؒ کی دعاؤں کا اثر ہے انشاء اللہ دلی مراد حاصل ہو گی۔ دم کسی نیک اور تہجد گزار سے کرائیں۔

(نوٹ)...... سورۃ مریم کو بھی ہمیں ایک مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنے کا معمول بنانا چاہیے۔ اِن عملیات کے علاوہ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ اِن دعاؤں کا تکرار کرتے رہنا چاہیے۔

## اولاد کے لیے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعائیں

سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۸۹: رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۳۸: رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۔

نیک صالح لڑکے کے لیے سورۃ الصفت کی آیت نمبر ۱۰۰ (حضرت ابراہیم علیہ السلام

Marfat.com

کی دعا۔ اِن کی دعا سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تھے ): رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ.

## ولادت کی آسانی کے لیے

سورۃ الانشقاق کی آیت نمبر ۱ تا ۴ پڑھتے رہیں: اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ سے لیکر مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ تک۔ اس کے علاوہ آپ اس دعا کا ورد کرتے رہیں تو بغیر اپریشن کے بچہ ہو سکتا ہے: اَلشَّكُوْرُ الصَّبُوْرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کا ورد اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے عورت کرتی رہے۔

## نافرمانیٔ اولاد

اولاد کی فرمانبرداری کے لیے اور خدا کے پسندیدہ عمل کرنے کے لیے:

(۱) سورۃ احقاف کی آیت نمبر ۱۵ (رَبِّ) اَصْلِحْ لِيْ ...... اَلْمُسْلِمِيْنَ۔ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر دعا کریں یا اس کو سوتے وقت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔

(۲) سورۃ الھود کی آیت نمبر ۵۶ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچے کو سوتے وقت دم کر دیں، نافرمانی سے نجات مل جائے گی۔ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ ...... صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

اس کے علاوہ مندرجہ ذیل بھی مجرب ہیں:

سورۃ البروج کی آیت نمبر ۲۱، ۲۲: بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔ سوتے وقت ۷ مرتبہ رات کو اور ۷ مرتبہ اُس کے اٹھنے سے پہلے پڑھ کر دم کر دیں یا دعا کر دیں۔

سورۃ نصر کو ۱۱ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد پڑھنے سے بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچے کی سوچ کا رُخ بدل سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے نیک اور صالح کر سکتا ہے۔ ہر عمل کو کم از کم چالیس روز تک ضرور کریں۔

اس کے ساتھ اسمائے ربانی یَا شَهِيْدُ ہر وقت پڑھیں، انشاءاللہ خاطر خواہ کامیابی ہو گی۔

سورۃ الفرقان کی آیت ۷۳ کو عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۵ مرتبہ پڑھیں، انشاءاللہ اولاد

Marfat.com

کی اصلاح میں مدد ملے گی۔اول وآخر درود پاک۔رَبَّنَا هَبْ لَنَا سے لیکر لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا تک۔

## امتحان میں کامیابی کے لیے یا آسان پرچوں کے لیے

امتحان کے لیے جانے سے پہلے سورۃ انفال کی آیت نمبر ۶۲ کو سات مرتبہ ضرور پڑھیں۔فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ...... وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ تک۔

## سیدھی راہ سے بھٹکنے والے کے لئے

بُرے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف سے غافل ہو گیا ہو تو سورۃ النّٰزعٰت کی آیت نمبر ۱۹ کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں، انشاءاللہ تائب ہو جائے گا۔

وَاَهْدِيَكَ ...... فَتَخْشٰى۔

## بچہ ضدی اور نافرمان ہو تو

اگر کسی کا بچہ ضدی اور نافرمان بھی ہو تو سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۳ پارہ ۲۵۔ اِس کو بچہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کریں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## کند ذہن بچے کے لیے

کند ذہن بچے یا طالب علم کو سورۃ النساء کی آیت نمبر ۱۱۳ پارہ ۵ کو ۱۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں، انشاءاللہ اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔آیت نمبر ۱۱۳ وَعَلَّمَ مَالَمْ...... عَظِيْمًا تک۔

۞۞۞

Marfat.com

# استغفار

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ استغفار کیا کرو۔ اپنے رب سے بیشک خدا بہت بخشنے والا ہے۔ سورۃ النوح کی آیت نمبر ۱۰ تا ۱۲، سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۹۶، سورۃ ھود کی آیت نمبر ۵۲ سے اسی مضمون کی تائید ہوتی ہے۔ یعنی اللہ کے نبی نے اللہ کی طرف سے بنی نوع انسان کو پیغام دیا کہ اگر تم سچے دل سے توبہ کرو گے تو نہ صرف تمہاری آخرت سنور جائے گی بلکہ دنیا میں تم انعامات الٰہیہ کے مستحق ہو جاو گے۔ ہر وقت بارش برسے گی، قحط اور خشک سالی کا اندیشہ نہیں رہے گا، تمہیں خوبصورت تندرست و توانا اولادِ نرینہ بھی عطا کی جائے گی، مال دولت میں بھی اضافہ ہوگا۔ احادیثِ نبوی میں استغفار کا حکم بکثرت ملتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اس کی فضیلت اور اہمیت کیا ہوگی کہ حضورؐ نے فرمایا کہ میں ہر روز ستر بار استغفار کرتا ہوں۔ اگر انسان اللہ پاک کی بندگی کرے، اس کے بتائے قوانین کے مطابق زندگی بسر کرے اور اللہ پاک کی رضا پر راضی رہے تو کائنات اور اس کے اندر جتنے بھی عوامل ہیں وہ اس کے تابع ہوں گے اور عناصر اس کی مدد کریں گے اور کامیابی اور خوشحالی اس کے قدم چومے گی۔ مغفرت طلب کرو، استغفار کیا کرو کہ اللہ کے ہر نبی نے اللہ سے مغفرت طلب کی ہے۔ جن سورتوں میں انبیاء کی طلب استغفار کا ذکر ہے وہ یہی سورۃ ھود اور سورۃ اعراف سب سے معتبر وظیفہ درود شریف اور استغفار کثرت سے ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ درود شریف اور استغفار کر کے ہر چیز مل سکتی ہے۔ ھود کا قول اور نوح کا قول درازی عمر، کثرت رزق اور حصول اولاد کے لیے استغفار کا بکثرت پڑھنا قرآنی عمل ہے۔ ایک مرتبہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو یہ وظیفہ بتایا۔ وہ آدمی مالدار تھا لیکن اس کے اولاد کوئی نہیں تھی۔ اُس شخص نے آپؓ سے پوچھا کہ کوئی ایسی چیز بتایئے جس سے اللہ تعالیٰ مجھے اولاد دے دے۔ آپؓ نے فرمایا استغفار پڑھا کرو۔ اُس شخص نے یہاں تک کثرت کی کہ روزانہ 700 مرتبہ استغفار پڑھنے لگا۔ اس کی برکت سے اُس کے ہاں دس بیٹے ہوئے۔ جب آپ سے دریافت کیا گیا کہ یہ

Marfat.com

عمل آپ نے کہاں سے فرمایا: تو امامؑ نے فرمایا کہ ھود کا قول اور نوح کا قول درازی عمر، کثرت رزق اور حصول اولاد کے لیے استغفار کا بکثرت پڑھنا قرآنی عمل سے ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عصر اور مغرب کے درمیان | یَااَللّٰہُ | یَارَحْمٰنُ | یَارَحِیْمُ |
| | اسم ذات | اسم عادل | اسم رحمت |

۳۱۳ مرتبہ۔

## نذر اور منت

سورۃ آل عمران ۳۵، ۳۶ سورۃ الحج ۲۹ سورۃ الدھر آیت نمبر ۷

## واسطے دفع تنگی معاش

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الْقَدِیْمِ ایک ہزار مرتبہ

## جب دشمن اور رہزن کا خوف ہو

جب دشمن اور رہزن کا خوف ہو تو سورۃ قریش کا ورد کریں، انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

## تنگ دستی سے نجات

سورۃ الم تر کیف ۷ بار

## مکان میں قفل

مکان میں قفل ڈالتے وقت: فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اللہ تعالیٰ کی امان ہے یہ سب کچھ۔

## جائز مطلب کے حصول کے لیے

ہر مطلب جائز کے حصول اور ہر حاجت کو پورا کرنے کے لیے سورۃ حشر کی آخری تین آیات ۷۰ مرتبہ

Marfat.com

## بدخوابی سے بچاؤ

بدخوابی سے بچنے کے لیے سورۃ طارق

## شفا امراض کے لیے

سَلاَمٌ قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم یَا سَلاَمُ یَا حَقُّ یَا حَنَّانُ

النصر ۱۳۰ مرتبہ، ۷۰ دن۔ سورۃ کوثر ۵۰۰ مرتبہ، ۳ ماہ کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ - جَلَّ جَلاَلَہٗ ۱۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد خاوند گھر کا رُخ کرے۔ زوجین کے لیے سورۃ فیل ۲۷ مرتبہ

سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۸ ہر کام کے لیے۔ شَھِدَ اللّٰہُ اِنَّہٗ..... ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَلِیْمُ

## شر سے حفاظت

شر سے حفاظت کے لیے سورۃ قریش ۱۱۱ مرتبہ یَا سَلاَمُ ۱۰۰ مرتبہ

## رزق کے لیے

۱۰۱ مرتبہ الحمدللہ رب العالمین

## وسعت رزق کے لیے

سورۃ قریش ۲۵ مرتبہ، سورۃ نصر ۲۵ مرتبہ

## اپنی ذہانت سے لوگوں کو تکلیف دینے والوں کے لیے

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۹۳، انشاءاللہ پھر کوئی بات اس کی سمجھ میں نہیں آئے گی۔ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام

Marfat.com

## ہر مقصد کے لیے

سورۃ الذریات کی آیت نمبر ۵۷، ۵۸ فجر کی نماز کے بعد جس مقصد کے لیے بھی پڑھی جائے گی، وہ مقصد پورا ہوگا۔

## گائے بھینس بکری کے دودھ کے لیے

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ا کھانے والی چیز پر دم کر کے دے دیں۔

❁❁❁

Marfat.com

# اصلاحِ اولاد

جس کی عادت خراب ہو مثلاً سگریٹ نوشی، تاش، شراب، جوا یا کوئی بری عادت پڑ جائے اور دین سے دور ہو، ماں باپ سے زبان چلانے یا بہن بھائیوں یا بیوی سے جھگڑے یا کسی بری عورت کے چکر میں پڑ جائے یا برے دوستوں کی بری صحبت مل جائے۔

اولاد کی اصلاح کے لیے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۸۳ پڑھ کر کان میں پھونکیں، سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۷، ۸ وَاِذْ اَخَذْنَا...... اَلِیْمًا۔ ۳۱۳ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک کے ساتھ پڑھ کر پانی پہ دم کر کے یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ سورۃ لقمان کی آیت نمبر ۱۲ تا ۱۵ کو اکیس مرتبہ نماز تہجد کے بعد پڑھیں۔ باہر کھڑکی سے آسمان کو ہر دفعہ دیکھیں۔

## بخاروں کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا. قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں۔

## باری کے بخار کے لیے

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ط قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ تین گھنٹے پہلے مریض کے ماتھے پر چسپاں کریں۔

## مطلب براری کے لیے

سہ بار تصور مطلب دل میں: اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا۔ اے اللہ آسان کر دے واسطے ہمارے کاموں کو۔

Marfat.com

## مریض کے لیے

اگر کوئی مریض کسی علاج سے اچھا نہ ہو تو تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ......اس کے بعد ۷ بار وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ٥ رَبِّ سَهِّلْ وَیَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَا رَبِّ ۔اے ہمارے پروردگار سہل کر اور آسان کر اور نہ مشکل کر او پر ہمارے۔اے پروردگار۔

## طالب علموں کے لیے

طالب علموں کے لیے سبق یاد کرنے کے لیے سورۃ اعلیٰ آیت نمبر ۶ اور سورۃ الزمر کی آیت نمبر ۳۶ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ط

## مفلسی، تنگ دستی اور غربت کو دور کرنے کے لیے

۱۔ مفلسی، تنگ دستی اور غربت دور کرنے کے لیے وظیفہ: درود شریف ۱۲ مرتبہ، سورۃ طلاق کی آیت نمبر ۳ ایک تسبیح پھر سورۃ اخلاص ۱۲ مرتبہ، پھر آخر میں درود شریف ۱۲ مرتبہ۔

## مختصر وظیفہ رزق کے لیے

۲۔ درود شریف ۱۰۰ مرتبہ، استغفر اللہ ۱۰۰ مرتبہ، لاحول ۱۰۰ مرتبہ۔

## بہتر مستقبل اور ترقی کے لیے

بہتر مستقبل اور ترقی کے لیے سورۃ والضحیٰ ۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں اور بہتر مستقبل کے لیے دعا مانگیں۔یہ عمل انشاء اللہ مفید ہے۔

## مصیبتوں سے چھٹکارا اور دشمنوں پر فتح

مصیبتوں سے چھٹکارے اور دشمنوں پر فتح کے لیے سورۃ القمر کی آیت نمبر ۱۰ ایک ہزار مرتبہ، سورۃ النمل کی آیت نمبر ۶۲ کا اتنا حصہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ ...... یَكْشِفُ السُّوْٓءَ ۱۵۰۰ مرتبہ

Marfat.com

## آسیب دور کرنے کے لیے

آسیب دور کرنے کے لیے وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ تین مرتبہ پانی پر پڑھ کر آسیب زدہ کو پلائیں۔

## قربِ الٰہی کے لیے

قربِ الٰہی کے لیے صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص، سورۃ الم نشرح۔

## حبِّ رسول کے لیے

حبِّ رسولؐ کے لیے سورۃ کوثر، درود شریف، سورۃ والضحیٰ سات سات مرتبہ۔

## روزِ قیامت رسوائی سے بچنے کے لیے

قیامت کے روز رسوائی سے بچنے کا ورد: سورۃ البقرہ اور آل عمران اور سورۃ کہف کی ابتدائی ۱۰ آیات۔

## قلب، بدن اور ایمان کی حفاظت کے لیے

قلب، بدن اور ایمان کی حفاظت کے لیے (۱) سورۃ اخلاص: قلب کی حفاظت رہے گی۔(۲) سورۃ الفلق: بدن کی حفاظت اور (۳) سورۃ الناس: ایمان کی حفاظت رہے گی۔

## نیند نہ آنے کا علاج

نیند نہ آنے کا علاج سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورۃ کہف کی آیت نمبر ۱۱ پڑھیں۔

## جان وعزت کا خطرہ

جان وعزت کا خطرہ ہو تو سورۃ البروج کی آیت نمبر ۲۰ سات مرتبہ پڑھیں۔

Marfat.com

## ہر بیماری سے شفا

ہر بیماری سے شفا کے لیے سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۷۸ اور سورۃ نساء کی آیت نمبر ۲۸ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## مصیبت پر صبر کے لیے

مصیبت پر صبر کرنے کے لیے ایک خاص ورد: سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر ۲۷۔ (ایک تسبیح روزانہ)

## بچوں کے امتحان کے لیے

بچوں کے امتحان میں فتح و کامیابی کے لیے پرچے دینے سے پہلے پارہ ۱۰ سورۃ انفال کی آیت نمبر ۶۲ سات مرتبہ پڑھیں۔

## آسیب اور جنات وغیرہ سے نجات

(۱) سورۃ نوح (۲) آسیبی اثرات سے نجات کے لیے سورۃ تغابن۔ آسیب اور جنات کے اثرات سے نجات ہو۔ سورۃ طارق ۱۱ مرتبہ ۱۱ دن تک۔ اس کا پانی پلایا جائے۔ سورۃ الزلزال لکھ کر مکان میں رکھ دی جائے۔ سورۃ فلق اور سورۃ الناس پڑھ کر دم کرنے سے نجات مل سکتی ہے۔

## آفات وبلیات سے حفاظت

آفات وبلیات سے حفاظت کے لیے اسم مبارک یَــا مُـجِیْـبُ سورۃ القارعہ روزانہ پڑھیں۔

## بھاگ جانے کے لیے

بھاگ جانے والے کے لیے سورۃ القصص کی آیت نمبر ۱۳ سات مرتبہ پڑھیں۔

Marfat.com

## غم سے نجات/ ہر مقصد (حاجت) اور بدترین دشمن کے لیے

سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ ...... اَلصُّدُوْر تک تین مرتبہ روزانہ۔

سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۰۵ سے لیکر ۱۱۲ تک ایک مرتبہ روزانہ وَیَسْئَلُوْنَکَ ...... هَضْمًا تک۔

دعا: یَااِلٰهِیْ سَهِّلْ کُلِّ صَعْبٍ بِفَضْلِکَ وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَار

ترجمہ: یا اللہ آسان کر ہر مشکل کو اپنے فضل سے اور رسول اللہ ﷺ کی عزت کے صدقے میں۔

## مصائب سے نجات

مصائب سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب نسخہ۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت عوف بن مالکؓ کو مصیبت سے نجات اور حصولِ مقصد کے لیے یہ تلقین فرمائی کہ کثرت کے ساتھ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرو۔

## صلح کے لیے

صلح کے لیے سورۃ الم نشرح ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں فوراً صلح ہو جائے گی۔

## دشمنوں اور ظالموں سے بچنے کے لیے

دشمنوں اور ظالموں سے بچنے کے لیے صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْن بہرے، گونگے، اندھے پھر بھی نہیں لوٹنے والے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ بہرے، گونگے، اندھے پھر بھی نہیں عقل سے کام لیتے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ بہرے، گونگے، اندھے پھر بھی نہیں سنتے۔ (اس کا ورد سات مرتبہ صبح سات مرتبہ شام کریں اور ان کا تصور کر کے اُن پر پھونک ماریں)۔

Marfat.com

## عداوت کے لیے

عداوت کے لیے یَا جَبَّارُ یَاقَابِضُ یَاقَوِیُّ ۳۱۳ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد بغیر بسم اللہ اور درود پاک کے۔ اس کے ساتھ سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۹ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ...... یُبْصِرُوْنَ تک ۱۱ مرتبہ۔ عداوت کے لیے دعا مانگیں، جن کی عداوت مقصود ہے۔

## دشمن کو مقہور کرنے کے لیے

دشمن کو مقہور کرنے کے لیے اور نفاق اور جدائی کے لیے: یَا جَبَّارُ مُذِلُّ یَاقَھَّارُ اس کے ساتھ سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۱۰ کا ورد کریں عصر کی نماز کے بعد ۳۱۳ مرتبہ بغیر بسم اللہ اور درود پاک کے۔ وَسَوَآءٌ عَلَیْھِمْ...... لَا یُؤْمِنُوْنَ تک

## ناسور وغیرہ کے لیے

کسی کے بدن پر ناسور یا کوئی داغ دھبہ ہو تو سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۷۱ ایک سو ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔ کسی دوا یا مرہم پر دم کر لیں اس کے ساتھ سورۃ یوسف کو ایک دفعہ پڑھیں۔

## گردے اور پتے کی پتھری کے لیے

گردے اور پتے کی پتھری دور کرنے کے لیے اس وقت تک پیتے رہیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۷۴۔ ایک تسبیح روزانہ کر چھوڑیں۔

## موذی جانور یا دشمن کا خوف

کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۸، سات

مرتبہ

## دل اور چہرے پر نور کے لیے

دل اور چہرے پر نور پیدا کرنے کے لیے سورۃ نور کی آیت نمبر ۳۵ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ ...... شَیْءٍ عَلِیْمٌ روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

Marfat.com

## غصے کو دور کرنے کے لیے

غصے کو دور کرنے کے لیے وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ ...... الْمُحْسِنِيْنَ 101 مرتبہ چینی پر پڑھ کر پلائیں۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۳۴۔ بلڈ پریشر کا مریض اِس کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ سکتا ہے، انشاءاللہ بیماری جاتی رہے گی۔

## حج پر جانے کے لیے

اگر کسی شخص کا حج پر جانے کا وسیلہ نہ ہو تو کثرت سے اِن آیات کا ورد کرے: سورۃ فتح کی آیت نمبر ۲۷ پارہ ۲۶: لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ ...... قَرِيْبًا

۞۞۞

Marfat.com

# ارشادات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

جو شخص کسی تنگ دست کے لیے کشادگی پیدا کرے گا تو رب العزت اس کو دنیا و آخرت میں کشادگی عطا فرمائے گا۔ (بخاری شریف)

جو خدا تعالیٰ کے واسطے انکساری کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا درجہ بلند کر دے گا۔ (بخاری شریف)

چھپی خیرات اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتی ہے۔ (ترمذی شریف)

جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے۔ (ترمذی شریف)

قرابت داروں سے صلہ اور نیکی زندگی بڑھاتا ہے۔ (ترمذی شریف)

حضرت ابوذر غفاریؓ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: جہاں کہیں بھی ہو اللہ سے ڈرتے رہنا اور گناہ کے بعد کوئی نہ کوئی نیکی کر لینا یہ نیکی اس گناہ کو مٹا دیگی اور لوگوں سے اچھے اخلاق کا برتاؤ کرنا۔ (ترمذی شریف)

پوری تباہی ہے اس شخص کے لیے جس نے اولاد کے لیے مال چھوڑا اور خود اللہ تعالیٰ کے پاس بُرائی لے کر حاضر ہوا۔ (طبرانی)

(۱)

ایمان کی بہت سی شاخیں ہیں۔ سب سے بڑھ کر توحید کا اقرار ہے۔ اور سب سے کم درجہ راستے سے تکلیف دینے والی چیز ہٹا دو تا کہ تمہارے دوسرے بھائی کو تکلیف نہ ہو۔ (بخاری و مسلم شریف)

(۲)

مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں۔ اور مومن وہ ہے جس پر لوگ اتنا بھروسا کریں کہ اپنی جان و مال اس کی حفاظت میں دے دیں۔ (بخاری شریف)

Marfat.com

(۳)

مومن نہ کسی پر طعن کرتا ہے نہ کسی کو بددعا دیتا ہے اور نہ بدزبان ہوتا ہے۔(ترمذی شریف جلد اول)

(۴)

اللہ تعالیٰ کی نعمت جس بندے پہ زیادہ ہوتی ہے اسی پر لوگوں کی ذمہ داریاں بھی زیادہ ہوتی ہیں۔

(۵)

اہل ہو یا نا اہل، نیکی مستحق اور غیر مستحق دونوں کے ساتھ کر۔ اگر تو نے مستحق کے ساتھ نیکی کی تو وہ اس کا مستحق تھا۔ اور وہ اگر نیکی کیے جانے کا مستحق نہ تھا تو نیکی کرنے کا اہل ضرور تھا۔

(۶)

تو خدا کو یاد رکھ خدا تعالیٰ تیرا محافظ ہوگا۔(ترمذی شریف)

(۷)

تو اگر اللہ تعالیٰ کو یاد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ کو اپنے سامنے پائے گا۔(ترمذی شریف(

## بے ایمان کی پہچان

بولے تو جھوٹ بولے۔ وعدہ کرے تو پورا نہ کرے۔ امانت میں خیانت کرے۔ تم معاف کرو تم کو بھی معاف کیا جائے گا۔(بخاری شریف)

گناہ کم کر موت تجھ پر آسان ہوگی۔

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ تیسرا کلمہ: سُبْحَانَ اللّٰهِ ...... اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۔ فجر کی نماز کے بعد دعا سے پہلے تیسرا کلمہ دس مرتبہ پڑھ لیں۔ سات مرتبہ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ۔ سات مرتبہ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات، ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی پھر سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۸۔ آل عمران کی آیت نمبر ۲۶۔۲۷، حشر کی آخری تین آیتیں۔ پھر چاروں قل صبح اور شام یہ دعا پڑھیں ہاتھوں پر دم کر کے سارے جسم پر پھیر لیں تو ہر طرح کی بیماری اور آفت سے نجات کا مجرب نسخہ ہے۔ ۳۴ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا معمول بنالیں۔ تمام دینی و دنیوی

Marfat.com

مشکلات کا حل، حاجت اور ضروریات میں کامیابی کا وظیفہ ہے۔

## دشمنوں پر غلبہ یَاقَوِیُّ یَاحَفِیظُ

جب انسان آیات پڑھتا ہے تو وہ محسوس کرتا ہے کہ وہ عالم بالا کی طرف محوِ پرواز ہے اور خدا سے لحہ بہ لحہ نزدیک ہوتا جا رہا ہے۔ دعا جلدی قبول ہوتی ہے اور رد نہیں ہوتی۔

## پتھری کو توڑ نکالے

پتھری کو توڑ نکالنے کے لیے سورۃ الم نشرح سینے پر دم کرنے سے تنگی اور درد قلب کو سکون ہو۔ اس کا پڑھنا پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔

## لڑکی کی نسبت ہو

لڑکی نسبت طے کرنے کے لیے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۶ | ۱۵۹ | ۱۶۴ |
| ۱۶۱ | ۱۶۳ | ۱۶۵ |
| ۱۶۲ | ۱۶۷ | ۱۶۰ |

نقش اپنے پاس رکھیے
نماز میں کوتاہی نہ کرے
خدا کے فضل سے جلد نسبت طے ہوگی

## ہر مقصد کے لیے

جو کوئی اس آیت وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ ...... حَسْبُہٗ کو بعد نماز مغرب یا مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھے دو ہزار مرتبہ ۱۱ دن تک۔ انشاء اللہ اُس کا مقصد پورا ہوگا۔

## مہم سخت

نماز عشاء کے بعد ۲۵۰۰ مرتبہ اول و آخر درود شریف چالیس روز تک پڑھے: عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

Marfat.com

## طبیعت کا آجانا

سورۃ یوسف کی آیت نمبر ۳۰ کے یہ الفاظ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ ۱۰۰ مرتبہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف، ۴۰ روز تک۔

## دین سے غافل اور بھٹکے ہوئے

دین سے غفل اور راستے سے بھٹکنے والوں کے لیے: سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۵ سات مرتبہ اُولٰئِکَ عَلٰی ...... الْمُفْلِحُوْنَ، سورۃ الصفت کی آیت نمبر ۱۱۸ سات مرتبہ وَهَدَیْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ، سورۃ النزعت کی آیت نمبر ۱۹ پارہ ۳۰ وَاَهْدِیَکَ اِلٰی رَبِّکَ فَتَخْشٰی۔ ان کو سات مرتبہ پڑھ کر اُن کے لیے دعا کریں اور پانی پڑھ کر پلائیں۔

## مقدمہ میں کامیابی

مقدمہ میں کامیابی کے لیے ۱۲۱ مرتبہ (اگر حق پر ہیں تو) پڑھیں: پارہ ۱۵ کی آیت نمبر ۸۱، سورۃ بنی اسرائیل پڑھیں۔ اگر حق پر نہیں ہیں تو بالکل نہ پڑھیں۔ ہاں البتہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه پڑھ سکتے ہیں۔ شاید اللہ تعالیٰ معاف کر دے۔ اس کو اٹھتے بیٹھتے پڑھ سکتے ہیں: وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ ...... زَهُوْقًا تک۔ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۱...... جو حق پر ہو اور جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو اور عزت پر حرف آتا ہو وہ سورۃ یونس کی آیت نمبر ۸۲ پارہ ۱۱: وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ ...... الْمُجْرِمُوْنَ۔ عصر کی نماز کے بعد ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔ اس کو اٹھتے بیٹھتے بھی پڑھتے رہیں، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ سورۃ الم نشرح کو ۱۱ مرتبہ صبح ۱۱ مرتبہ شام پڑھیں لیکن اس کی آیت نمبر ۵ کو ہر بار ۲۱ مرتبہ پڑھیں (یہ بھی مقدمات میں مجرب ہے)۔

## خاندان میں محبت پیدا کرنے کے لیے

خاندان میں اتفاق اور محبت ڈالنے کے لیے سورۃ انفال کی آیت نمبر ۶۳ پارہ ۱۰: وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ ...... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ۔ خاندان میں نااتفاقی یا کسی سے دشمنی ہو تو سورۃ الحجر کی آیت نمبر ۴۷ پارہ ۱۴ گیارہ مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھ کر اُس کا

Marfat.com

تصور کر کے آسمان پر پھونک ماریں۔

## بیٹے/بیٹی کے عقد کے لیے

جس کی شادی نہ ہوتی ہو یعنی جس شخص کے بیٹے یا بیٹی کا عقد کسی وجہ سے نہ ہوتا ہو تو اِس مراد کے لیے وہ درج ذیل عمل کرے:

۱۔ سورۃ الفرقان کی آیت نمبر ۵۴ وَھُوَ الَّذِیْ ...... رَبُّکَ قَدِیْرً تک ۳۱۳ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد پڑھے۔

۲۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۰۹ وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ ...... تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۷ تسبیحاں عشاء کی نماز کے بعد۔

۳۔ سورۃ الممتحنہ تین مرتبہ روزانہ، اس کے ساتھ سورۃ والضحیٰ بھی تین مرتبہ پڑھے۔ اور یَالَطِیْفُ کا ہر وقت ورد رکھے۔

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۳۶ کا ۲۱۲ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ مجرب ہے۔ پڑھ کر پھر سجدے میں دعا کریں۔

## غم گیر حالات میں

غم گیر حالات میں سورۃ النمل کی آیت نمبر ۶۲ کے ان الفاظ کا ورد تہجد کے وقت کریں:
اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ ...... السُّوْٓءَ تک ۳۱۳ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک۔ اس کے ساتھ سورۃ القصص کی آیت نمبر ۲۴ اور سورۃ القمر کی آیت نمبر ۱۰ کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ چھوڑیں، رب العزت ہماری مدد فرمائے گا۔ سورۃ القصص کی آیت نمبر ۲۴: رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ اور سورۃ القمر کی آیت: رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔ جب تک کامیابی نہ ہو اُس وقت تک سورۃ رحمٰن کو تین مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے سورۃ رحمٰن کو قرآن کی دلھن کہا ہے۔

## بچوں کے رشتوں کے لیے

سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲ کو بچوں کے رشتوں کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔ اِس کی ایک

Marfat.com

تسبیح صبح، ایک تسبیح شام۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## عداوت کو دوستی اور محبت میں بدلنے کے لیے

سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۱۱: اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ ...... اَجْرٍ کَرِیْمٍ۔ گیارہ مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد۔

## بیمار کے لیے

سورۃ یٰسین: اِنَّا نَحْنُ الْمَوْتٰی ...... مُبِیْن تک۔ آیت نمبر ۱۲ نماز عصر کے بعد گیارہ مرتبہ۔

## دشمن کی ہلاکت کے لیے

دشمن کو ہلاک کرنے کے لیے سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۲۸۔۲۹ وَمَا اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ ...... مُنْزِلِیْنَ تک۔ ۴۱ مرتبہ روزانہ۔

## شوہر کو فرمانبردار کرنے کے لیے

شوہر کو فرمانبردار کرنے کے لیے سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۵۵۔ ایک تسبیح روزانہ۔

## بیوی کو فرمانبردار کرنے کے لیے

اگر کھانے پر ایک دفعہ ایک ہزار بار یَا وَدُوْدُ یَا کَبِیْرُ پڑھ کر بیوی کے ساتھ کھائے تو وہ محبت اور فرمانبردار ہو جائے۔

## مشکل آسان ہو جائے

اَلْوَلِیُّ شب جمعہ ہزار بار پڑھنے سے مشکل آسان ہو جائے۔

## فراخیٔ رزق کے لیے دعا

فراخیٔ رزق کے لیے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴۔ کشائش رزق کے لیے ان

Marfat.com

آیتوں کو مہینے کے پہلے جمعہ سے چالیس جمعوں تک بعد نماز مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

## ظالموں سے نجات

سورۃ النساء کی آیت نمبر ۷۵: رَبَّنَا اَخْرِجْنَا ...... مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا اس کو کثرت سے پڑھیں۔

## گناہوں سے معافی

گناہوں سے معافی کے لیے ہر فرض نماز کے بعد سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۲ ایک مرتبہ پڑھیں۔

## بخار سے شفا

بخار سے شفا کے لیے سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۱: اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْ ...... مُبْصِرُوْنَ تک۔

## ہر مقصد اور حفاظت کے لیے

یہ دینی اور دنیاوی مقصد حاصل کرنے اور جان و مال و عزت کی حفاظت کے لیے اور دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیے یہ ورد مجرب ہے: سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴۔ جب قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ تک پہنچیں تو دل میں اپنے مقصد کا خیال رکھیں۔ علم میں اضافہ، شادی یا حج یا ذہانت کا جو چاہے خیال رکھیے۔ یہ بہت ہی مجرب ورد ہے۔

سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۲۶۔ ۲۷، رزق کی فراوانی، امتحان میں کامیابی، عزت پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے کے لیے جو چاہے دعا کرے۔

## ہر سوال کا جواب خواب میں نظر آئے گا

قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ چالیس روز تک بعد نماز عشا تاریکی میں پانچ سو مرتبہ پڑھیں۔ چالیس روز تک یہ پڑھیں۔ اس کے بعد دل میں تصور جما کر سات مرتبہ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ پڑھ کر سو جایا کریں۔ پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہیں کرنی۔ خدا نے چاہا تو خواب میں اس سوال کا جواب کسی

Marfat.com

نہ کسی طریقے سے مل جائے گا۔

## نفاق اور جدائی کے لیے

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ٦: **وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَ اَنْذَرْتَهُمْ ...... لَا يُؤْمِنُوْنَ** تک۔

## الفت اور محبت کے لیے

**يَاوَدُوْدُ يَابَدِيْعُ يَالَطِيْفُ** ٣١٣ مرتبہ۔

## بیماری سے صحت کے لیے

**يَاحَفِيْظُ يَاسَلَامُ يَانَافِعُ يَابَاقِيُ يَاكَرِيْمُ يَاغَفُوْرُ يَاهَادِئُ**

## محبت کے لیے اور جابر دشمن کے لیے

سورۃ یٰسین: **وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ**...... آخر آیت تک۔ آیت نمبر ٩

## دنیا اور آخرت کی نعمتوں کے لیے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میں دنیا اور آخرت کی نعمتوں سے نوازا جاؤں تو ایسے شخص کو چاہیے کہ اس آیت کو صبح و شام تین مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ وہ شخص دین و دنیا کی نعمتوں سے نوازا جائے گا۔ پارہ ٢٦ سورہ محمد کی آیت نمبر ١٥۔

## جادو کا توڑ

اگر کسی شخص کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے تو سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر ٦٨۔٦٩ کو ١٠٠ مرتبہ ٢١ دن تک پڑھے۔ اِس عرصہ میں کوئی اور عمل نہ کریں۔

## استخارہ کے لیے

عشاء کی نماز کے بعد دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں۔ اس کے بعد ان آیات کو ١٠٩ مرتبہ پڑھ کر بغیر کسی سے بات کیے سو جائیں: پارہ ٢٩ سورۃ ملک کی آیت نمبر ١٣۔١٤

Marfat.com

## ہر جائز مراد کے لیے سورۃ انفال کی آیت نمبر ۹ پارہ ۹ مُرْدِفِیْنَ تک

سورۃ المومنون کی آیت نمبر ۱ تا ۱۱ سوتے وقت ضرور پڑھیں کیونکہ یہ آیتیں عزت کی حفاظت کرتی ہیں۔ نماز کی رغبت دلاتی ہیں۔ لغو، بے بنیاد اور بری باتوں سے روکتی ہیں اور جنت الفردوس کا وارث بناتی ہیں۔

سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۵۶ پارہ ۲۲ کی ایک تسبیح سوتے وقت کریں۔ جو ہمکلام ہونے اور زیارت کا خواہشمند ہو۔

## نافرمان اولاد

اولاد کی فرمانبرداری کے لیے اور خدا کے پسندیدہ عمل کے لیے:

۱۔ سورۃ احقاف کی آیت نمبر ۱۵ پارہ ۲۶ ہر فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھیں: رَبِّ اَوْزِعْنِیْ ...... اَلْمُسْلِمِیْنَ تک۔

۲۔ اولاد کی اصلاح کے لیے سورۃ الہود کی آیت نمبر ۵۶: اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ ...... مُسْتَقِیْم۔ پیشانی کے بال پکڑ کر گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

۳۔ بچہ ضدی اور نافرمان ہو تو سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۳ پارہ ۲۵: اَللّٰہُ یَجْتَبِیْ اِلَیْہِ ...... مَنْ یُّنِیْبُ۔ اس دعا کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

۴۔ غصہ والے اور ضدی بچے کے لیے سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۶۹ پارہ ۱۷ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ ...... اِبْرَاهِیْم۔ اس کا استعمال مفید ہے۔

۵۔ کند ذہن بچے کو یا طالبعلم کو ۱۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں، انشاءاللہ تعالیٰ اور یادداشت اور کند ذہنی ٹھیک ہو جائے گی: پارہ ۵ کی آیت نمبر ۱۱۳ سورۃ النساء: وَعَلَّمَکَ ...... عَظِیْمًا۔

۶۔ فتح و کامیابی کے لیے یا امتحان میں آسان پرچوں کے لیے جانے سے پہلے ۷ مرتبہ پڑھ لیں: سورۃ انفال کی آیت نمبر ۶۲ پارہ ۱۰: فَاِنَّ حَسْبَکَ اللّٰہُ ...... وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ۔

Marfat.com

## ہر مراد کے واسطے

جو بھی ۱۰۱ مرتبہ اس بیعت کو پڑھ لے گا اُسے مراد حاصل ہووے۔ امیدوار چنانم کہ شرمساری من شود بہ پیش تو عذر گناهگاری من۔ امیدوار ہوں کہ میری شرمساری اور میری معذرتیں آپ کے سامنے فائدہ مند ہوں گی۔

## غصے کی حالت میں

یَاوَدُوْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر دے پی جائیں۔ پانی کو تین گھونٹ میں پی جائیں۔

## ہر حاجت رزق کے لیے

۱۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۲۷ مرتبہ

۲۔ سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹، کو ۲۷ مرتبہ وَاللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ سات مرتبہ پڑھیں۔

## ذہنی رنج اور مصیبت کے لیے

تین مرتبہ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا شَرِيْكَ بِهٖ شَيْئًا۔

## رزق کھانے کے بعد

يَابَاسِطُ ۱۱۱ مرتبہ۔

## ہر حاجت کے لیے

مابین مغرب اور عشاء کے تین سو اکسٹھ (۳۶۱) بار اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود پاک اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْقَيُّوْمِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ تین روز تک۔

## دنیا اور آخرت میں عزت کے لیے

يَـاوَهَّـابُ ...... یہ اسم اس کے لیے ہے جو دنیا و آخرت میں عزت چاہتا ہو بہت ہی

Marfat.com

مفید ہے۔اس اسم کی برکت سے حضرت سلمان علیہ السلام کو وہ انگوٹھی ملی تھی جو ان سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں ہوئی۔ وہاب کے معنی ہیں جو بغیر کسی غرض کے بخشش کرے۔ نماز چاشت کے بعد اس کو سجدہ میں ۷ مرتبہ پڑھیں۔

اگر کوئی شخص کسی پر مائل ہو، چاہے کہ مجھ پر فریفتہ ہو جائے تو اس ورد کو ۲۱ روز تک پڑھے بعد نماز عشاء، گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک یا اخلاص بحق یَاوَدُوْدُ گیارہ مرتبہ (۲۱ روز تک) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ تنہائی میں

## حصولِ دولت کے لیے

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ عصر اور مغرب کے درمیان آسمان کے سایہ میں برہنہ ہو کر پڑھے، انشاء اللہ جس مطلب کے لیے پڑھے گا چالیس روز تک ضرور حاصل ہو جائے گا۔

## رزق کی تنگی

رزق کی تنگی میں ہر فرض نماز کے بعد ۳۰۸ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ایک تسبیح یَامُغْنِیُ صبح کو ۷۰ مرتبہ سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ پابندی کے ساتھ برائے دفع مصیبت وازالہ کرب وہم، ۲،۷ مرتبہ۔

## دشمنوں اور ظالموں کے شر سے بچنے کے لیے

دشمنوں اور ظالموں کے شر سے بچنے کے لیے ۳۴۱ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ...... نیز آیت کریمہ ایک لاکھ ۲۵ ہزار مرتبہ مل کر پڑھ سکتے ہیں۔ یَاقَادِرُ بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

## سخت گیر حاکم کے لیے

ہر اسلامی ماہ کی چودھویں کو آدھی رات کے وقت سو بار ایک تسبیح یَارَافِعُ اس کے سامنے جاتے ہوئے یہ پڑھتے جائیں۔

Marfat.com

## دشمنوں سے گھر کی حفاظت کے لیے

یَارَقِیْبُ پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔ اللہ تعالیٰ حفاظت کرے گا۔ اس کی کم از کم ایک تسبیح کر لیں۔

## صلح صفائی کے لیے

اول و آخر ۳۳ بار درود شریف، ایک سو بار یَاحَکِیْمُ کی تسبیح کریں۔ اور فریقین کا تصور دل میں رکھیں۔

## گناہوں سے بچنے کے لیے

ایک تسبیح یَاغَفُوْرُ کی روزانہ کریں۔

## بیماری کے لیے

یَاشَافِیُ شفة کُلِّ شَفَاءٌ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ۔

## دولتمندی اور تونگری کے لیے

صبح کی فرض نماز کے بعد روزانہ ۲۵ مرتبہ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ چند یوم پڑھنے سے مفلس مالدار ہو جائے گا۔ سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو ہر فرض نماز کے بعد کثرت سے پڑھیں۔

## رنج وغم سے نجات کے لیے

سورۃ مومن کی آیت نمبر ۴۴ عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں۔ ہر رنج وغم دور کرنے کے لیے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔

## دشمن سے خوف

اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جا رہی ہو تو دشمن سے

Marfat.com

حفاظت کے لیے اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں: سورۃ الحج کی آیت نمبر ۳۸ پارہ ۱۷۔اِنَّ اللّٰہَ ...... کَفُوْرٍ۔

## بھٹکے ہوؤں کے لیے

جو شخص سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے غافل ہو گیا ہو اس آیت مبارکہ کو روزانہ ۱۵۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں: پارہ ۳۰ سورۃ النزعت کی آیت نمبر ۱۹ وَاَھْدِیَکَ ...... فَتَخْشٰی۔

## بدنامی سے بچنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی کو بدنام کرنے پر تلا ہو اس کو عزت کا خطرہ ہو تو اس دعا کو صبح و شام ۴۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مار لیا کرے۔ سورۃ یونس آیت نمبر ۶۵۔ اگر کوئی شخص کسی کے مکرو فریب اور جال میں پھنس گیا ہو اور بے قصور ہو تو آیت نمبر ۳۴ سورۃ یوسف پارہ ۱۳ کو کثرت سے پڑھے: فَاسْتَجَابَ لَهٗ ...... السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

## نماز کی پابندی کے لیے

جو شخص نماز کی پابندی کرنا چاہتا ہے اور ہر برائی سے دور رہے اس دعا کو روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں، انشاء اللہ کامیابی ہو گی: سورۃ ھود پارہ ۱۲ کی آیت نمبر ۱۱۴۔۱۱۵

## ہر جائز مراد کے لیے

ہر جائز مراد اور ہر مشکل کے حل کے لیے اس دعا کو کثرت سے پڑھیں: يَاجَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَالِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

## سخت مصیبت میں ہو تو

جو بھی سخت مصیبت میں مبتلا ہو تو سورۃ الصفت کی آیت ۷۶ پارہ ۲۳ وَنَجَّيْنٰهُ ...... الْعَظِيْمِ۔ ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ صبح ۱۱ مرتبہ شام پڑھیں۔

Marfat.com

اگر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی ہو، غم یا شخص سے دُکھ پہنچا ہو تو وہ سورۃ رعد کی آیات ۲۴ پارہ ۱۳، اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے پڑھے، انشاء اللہ اس کے لیے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھول دیتا ہے: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ

## ہر جائز مراد اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے

سورۃ الروم کی آیت نمبر ۴۔۵ پارہ ۲۱ ان آیات کو ۱۲ امرتبہ پڑھیں: يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ...... الرَّحِيمُ۔

## دشمن سے تکلیف پہنچے تو

اگر کسی شخص کو دشمن سے کوئی تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچا تا ہو تو اس آیت کو روزانہ ۷ مرتبہ پڑھے سورۃ توبہ کی آیت نمبر ۵۱ قُلْ لَّنَا ...... الْمُؤْمِنُونَ۔

## غم اور پریشانی

غم اور پریشانی کے عالم میں سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۷ پارہ ۱۵: اِلَّا رَحْمَةً ...... كَبِيرًا اٹھتے بیٹھتے۔

## نظروں سے گرنے والے کے لیے

اگر کوئی شخص نظروں سے گر گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ عزت پر قائم ہو جائے تو سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۸۳ پارہ ۲۳: فَسُبْحٰنَ الَّذِىْ ...... تُرْجَعُوْنَ تک ۱۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں عزت و آبرو اور وقار حاصل کرنے کے لیے۔

## شفا کے لیے

بخار سے شفا کے لیے اور زخم کو ٹھیک کرنے کے لیے اچھا کاموں میں نام پیدا کرنے کے لیے: فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ...... الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ سورۃ جاثیہ کی آیت نمبر ۳۶۔۳۷ روزانہ سات مرتبہ۔

Marfat.com

## ظالم کو دفع کرنے کے لیے

سورۃ انعام کی آیت نمبر ۴۵ تین دن تک ۲۱ مرتبہ پڑھیں: فَقُطِعَ ...... رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

## اُلفت اور محبت کے لیے

يَاوَدُوْدُ يَابَدِيْعُ يَالَطِيْفُ ۳۱۳ مرتبہ اس کے ساتھ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۶۵ کا اتنا حصہ: يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۳۱۳ مرتبہ۔

## دشمنوں کے لیے

يَااَللّٰهُ يَالَطِيْفُ يَااَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ يَاقَوِيُّ يَاعَزِيْزُ ۔اس کے ساتھ یہ دشمنوں کو دور کرنے کے لیے التکاثر گیارہ بار کم از کم ۴۱ دن تک۔

## گھبراہٹ اور بے چینی کے لیے

سورۃ الم نشرح گیارہ بار روزانہ۔

## شادی کے لیے

يَارَؤُفُ يَااَللّٰهُ...... يَا لَطِيْفُ يَا اَللّٰهُ لاتعداد

ہر نماز کے بعد سورۃ توبہ کی آخری دو آیات۔ اگر انسان اس کا معمول بنا لے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت حاصل ہوگی۔ میاں بیوی کی محبت کے لیے اور رزق کے لیے کافی فائدہ مند ہے۔

سورۃ الصفت کی آخری تین آیات۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنے کے بعد اس کا ورد کرتے تھے۔ ۱۸۰ تا ۱۸۲۔

## نیک کام کی تکمیل کے لیے

يَابَدِيْعُ ۳۱۳ مرتبہ۔

Marfat.com

## گھر میں داخل ہوتے وقت

جب گھر میں داخل ہوتو سورۃ اخلاص پڑھیں تو انشاءاللہ رزق میں برکت اور گھر والوں میں اتفاق واتحاد ہوگا۔

## ہر دینی ودنیوی حاجت کے لیے

الحمد شریف ۷ مرتبہ آیت الکرسی ۷ مرتبہ چاروں قل ۷ مرتبہ اور تیسرا اور چوتھا کلمہ ۷ مرتبہ۔

## دفعِ امراض کے لیے

سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ بہ نیت شفا پڑھ لینا کافی ہے۔

حمل...... یہ لکھ کر بازو پر باندھیں، انشاءاللہ حمل قائم رہے گا: یَاحَفِیْظُ یَامَالِکُ یَامَالِکَ الْمُلْکِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْن۔

## گناہوں سے معافی کے لیے

سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۳: رَبَّنَا ظَلَمْنَا ہر فرض نماز کے بعد ایک بار مغفرت کی دعا کریں، انشاءاللہ اس کے گناہ معاف ہوجائیں گے کیونکہ یہ دعا حضرت آدم علیہ السلام کی ہے۔

## بخار سے شفا کے لیے

سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۱: اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا ...... ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔

## خاوند کا زوجہ سے ناراض رہنا

سورۃ مومن کی آیت نمبر ۴۴ کو ۱۱۱ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد چالیس دن تک پڑھیں۔

## طبیعت کا آجانا

سورۃ یوسف کی آیت نمبر ۳۰ کے یہ الفاظ: قَدْ شَغَفَھَا حُبًّا ۱۰۰ مرتبہ، چالیس دن

Marfat.com

تک۔

## ہر حاجت کے لیے

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی الۡقَیُّوۡمِ۔

## ہر مقصد کے لیے

جو کوئی آیت وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ۔ بعد نماز مغرب یا مغرب اور عشاء کے درمیان ۲۰۰۰ مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے، انشاءاللہ جو مقصد ہوگا پورا ہوگا۔ خواہ مقصد دینی یا دنیوی۔

## گناہوں سے معافی

گناہوں سے معافی کے لیے چوتھا کلمہ ۱۰۰ مرتبہ روزانہ۔ اس کے علاوہ یَاحَلِیۡمُ یَاعَلِیۡمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیۡمُ ۳۰۰ مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد۔

## غرور تکبر

غرور تکبر سے بچو، کسی کو حقارت کی نظر سے نہ دیکھو، عجز سے رہو، اپنے آپ کو سب سے کمتر سمجھو۔ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات ۱۲۸، ۱۲۹ سات مرتبہ صبح سات مرتبہ شام۔ مغرب کے دو نفلوں میں بھی پڑھیں۔ ان آیات کو پڑھنے والے کی عمر دراز ہوتی ہے۔ بیماریوں سے حفاظت اور بیماری میں پڑھنے سے شفا ہوتی ہے۔ ہر نماز کے بعد مثل آیت الکرسی پڑھیں، اللہ تعالیٰ جنت نصیب کرے گا۔ عمر دراز ہوتی ہے اور امراض سے بچا رہتا ہے۔

## حسب خواہش بیداری

حسب خواہش بیدار ہونے کے لیے (۱) اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پھر گیارہ مرتبہ یاودود (پہلا عمل)

(۲) سورۃ کہف کی آخری تین آیات: اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا...... آخر تک۔ (دوسرا عمل) ان آیات کی برکت سے جب چاہے گا بیدار ہوگا۔

Marfat.com

## محتاجی کے لیے

سورۃ مدثر

## بصارت کے لیے

سورۃ نبا

## دفعِ آسیب کے لیے

سورۃ طارق تین مرتبہ

## بیوی اور اولاد نافرمان ہو تو

سورۃ الفرقان کی آیت نمبر ۷۴ رَبَّنَا هَبْ لَنَا ...... اِمَامًا تک ۵۰۵ مرتبہ۔

## جادو دور کرنے کی دعا

سورۃ یونس کی دو آیات فَلَمَّا جَآءَ...... مُجْرِمُوْن تک۔ سورۃ اعراف کی آیت ۱۱۸ تا ۱۲۲: فَوَقَعَ الْحَقُّ سے رب موسٰی و ھارون تک۔ سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۶۹ اِنَّمَا .......... حَیْثُ اَتٰی تک، سورۃ المومنون کی آیت ۱۱۵۔۱۱۶ اَفَحَسِبْتُمْ...... الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

## فالج ولقوہ کے لیے

سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۵۴ جو رات کو سوتے وقت پڑھے گا، انشاء اللہ اس بیماری سے محفوظ رہے گا: اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ ...... رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ تک۔ اس کے ساتھ سورۃ حشر کی آخری تین آیات کا اضافہ کریں تو اور بہتر ہے۔

## درد داڑھ کے لیے

سورۃ انعام کی آیت نمبر ۱۱۳ اور ۶۷ کو ملا کر پڑھ کر دم کریں۔ دم کرتے وقت سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۲ کو تین مرتبہ پڑھیں۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ ...... لِلْمُؤْمِنِيْنَ تک۔

Marfat.com

## رفع تشنگی رفع غم

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۷۰۔ اس کے علاوہ سورۃ انعام کی آیت نمبر ۶۱۔

## سینے کے درد کے لیے

سورۃ الم نشرح۔

## قے روکنے کے لیے

سورۃ ھود کی آیت نمبر ۴۴۔

## پیٹ درد کے لیے

سورۃ الصفت کی آیت نمبر ۴۷۔

## پیچش کے لیے

سورۃ دخان یا آیت الکرسی سات مرتبہ اسبغول پہ دم کر کے پلائیں۔

## پیشاب رُک جانے کے لیے

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۶۰۔

## پیشاب کی زیادتی کے لیے

سورۃ ھود کی آیت نمبر ۴۴۔

Marfat.com

## 1. مصائب سے نجات اور مقاصد کے حُصول کا مجرب نسخہ

لاَحولاَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللہ ۵۵۰ مرتبہ (اوّل وآخر درود پاک)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔

کہ حضرت عوف بن مالک اشجعیؓ رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے لڑکے سالم کو دشمن نے گرفتار کرلیا ہے اِسکی ماں سخت پریشان ہے مجھے کیا کرنا چاہیے رسول اللہ نے فرمایا کہ میں تم کو اور لڑکے کی ماں کو حکم دیتا ہوں کہ لاَحولاَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللہ کثرت کے ساتھ پڑھے ان کو کثرت سے پڑھا جن دشمنوں نے لڑکے کو قید کر رکھا تھا وہ کسی روز ذرا غافل ہوئے۔ اور لڑکا کسی طرح اِنکی قید سے نکل گیا۔

(نوٹ): اس بات کو خوب اچھی طرح ذہین نشین کرلیں۔ کہ دُعا تعویز اور دوا وعلاج سب حیلہ ہے۔ موثر حقیقی جسکے اثر کو اجازت فرمادے، اثر کرتے ہیں کہ انہی اس اسم یا دوا یا تعویز کو تاثیر دے اور اس بندہ کو شفا بخشے غرضیکہ ہر مرض اور حاجت میں اس طریقہ پر عمل کرنا چاہے۔ مگر شفا شافی مطلق کے ہاتھ ہے۔

جاہل دو قسم کے ہیں۔ ایک پڑھے لکھے دوسرے بے علم جاہل۔ پڑھے لکھے جاہل وہ لوگ ہیں جو علم کو اپنی ذاتی انا اور اپنے ذاتی مفاد کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اور اپنے علم سے کم عقل لوگوں کو اپنا آلہ کار بنا لیتے ہیں۔

کوئی فرعون بن جاتا ہے اور کوئی شرابی بن کر خدائی کا دعویٰ کرنے لگتا ہے۔ اسکے برعکس وہ لوگ بھی ہیں جو صالحین ہیں۔ اور انبیاء کے علوم کے وارث ہیں۔ نوع انسانی کیلئے رحمت بن کر دنیا میں رہے ہیں۔ وہ فطرتاً نیک اور پاکیزہ کردار کے حامل لوگ ہوتے ہیں انہی پاکیزہ لوگوں کو عرف عام میں اولیا اللہ کہا جاتا ہے۔ اولیا اللہ جب اس دنیا سے پردہ کرتے ہیں اور اپنی قبروں میں جا سوتے ہیں۔ تو زندگی کی طرح عوام کا رجوع انکی طرف برقرار رہتا ہے۔ لوگ انکے مزارات پر اسلئے جاتے ہیں۔ کہ انہیں وہ سکون ملتا ہے۔ اور ان بزرگوں سے روحانی رشتے کی بنا پر ان کا تعلق اللہ سے قائم ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی ان بزرگوں کی روحوں کے واسطے سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتا ہے یا ان بزرگوں کی روحوں کے وسیلے سے دعا خیر کرتا ہے تو یہ انسانی ضرورت ہے

Marfat.com

انبیاء کرام علیہم السلام اللہ کے دوستوں اور شہداء کے اجسام بدستور قائم رہتے ہیں انکی ارواح متحرک اور فعال رہتی ہیں۔

حضور تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جب قبرستان جاؤ تو سلام کرو اور قبر میں رہنے والے بھی سلام کا جواب دیتے ہیں۔لیکن تم نہیں سنتے۔جب ہم اولیاء اللہ کے مزار پر حاضر ہوتے ہیں۔تو دراصل اُنکی روح کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔روح چونکہ مرتی نہیں ہے صرف اتنی تبدیلی ہو جاتی ہے کہ روح نے گوشت کے عارضی جسم سے اپنا رشتہ منقطع کرلیا ہے کسی مزار یا قبرستان میں حاضر ہو کر ہم روحوں کو سلام کرتے ہیں اور بزرگوں کی روحوں سے اپنے لئے دعا کراتے ہیں تجربہ یہ ہے کہ روحیں نوعِ انسانی کے رشتے سے تعلق کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتی ہیں اور دعائیں قبول ہوتیں ہیں۔

جہاں تک تعویذات کا تعلق ہے۔تعویذات میں اللہ کے نام اللہ کے حکم اور قُرآن کی آئتیں ہوتی ہیں۔اللہ تعالی نے خود بھی قرآن پاک کی عظمت کے بارے میں فرمایا ہے۔

اگر ہم قرآن کو پہاڑوں پر نازل کر دیتے تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتے اس فرمان میں قرآن کی طاقت اور عظمت کا ذکر ہے رحمانی تعویز میں چونکہ اللہ کے کلام کی طاقت ہوتی ہے۔ اسلئے یہ تعویز امراض کیلئے شفا بن جاتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کا کلام امراض کیلئے شفا ہے۔

یہ کیسے ممکن ہے کہ زمین سے نکلی ہوئی ایک جڑی بوٹی میں تو شفا ہے اور اللہ کے کلام میں شفا نہ ہو تعویز لکھنا یا کچھ پڑھ کر دم کرنا دونوں عمل ایک ہی دائرے میں آتے ہیں۔تعویز کے اوپر رحمانی علوم کے تحت جو کچھ لکھا جاتا ہے وہ دراصل کسی اسم یا کسی زمین کے اندر کی روشنیاں یا انوار ہی انوار ہے،ساری کائنات ہے۔جیسا کہ اللہ نے فرمایا: اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔

یعنی زمین و آسمان کی ہر چیز چاہے وہ حرف ہو،لفظ ہو کہ نقطہ ہو اللہ کے نور کے غلاف میں بند ہے۔

روح اللہ کا امر ہے اللہ کا امر اللہ کی تجلی ہے۔

## 2. گم

اگر کسی کی کوئی چیز کھو گئی ہو۔تو اپنی انگشت شہادت کو اپنے سر کے چار جانب گھماتے

Marfat.com

ہوئے سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔ پھر ایک مرتبہ۔ اَصۡبَحۡتُ فِیۡ اَمَانُ اللهِ وَاَمۡسَیۡتُ فِی، جَوَارِ اللّٰهِ اَمۡسَیۡتُ فِیۡ اَمَانِ اللّٰهِ اَصۡبَعۡتُنِی جَوَادِ اللهِ پڑھ کر تین مرتبہ تالی بجالے۔ اس عمل کے دوران کھوئی ہوئی چیز کا تصور ذہین میں رکھیں، انشاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائیگی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

## 3. بھاگے ہوئے کی واپسی

چالیس روز تک روزانہ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ۱۱۹ دفعہ سورہ لقمان کی آیت نمبر ۱۶ یٰـبُنَـیَّ...... لطیفُ خَبیرُ تک پڑھیں پھر بھاگے ہوئے کی واپسی کی دعا مانگیں انشااللہ مفرور واپس آجائیگا۔

## 4. ولادت میں آسانی

عورت کی بائیں ران میں لکھ کر یہ بندھنے سے ولادت میں سہولت ہے۔

یَا خَلِقُ النَّفۡسِ مِنَ النَّفۡسِ وَیَامُخۡرِجَ النَّفۡسِ مِنَ النَّفۡسِ خَلِّصۡهَا

## 5. حفاظت حمل

یہ آیت لکھ کر تعویز بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اسقاط حمل نہ ہوگا۔

وَلَبِثُوۡا فِی کَهۡفِهِمۡ ثَلٰثَ مِائَةٍ جِیۡنَ وَازۡدَادُوۡ تِسۡعًا قُلِ اللّٰهُ اَعۡلَمُ

## 6. جھوٹی گواہی کے موقعہ پر

اگر جھوٹی گواہی یا حکم کے غلط فیصلے کا اندیشہ ہو تو پیشی کے وقت سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ اسکے بعد تین مرتبہ وَاللّٰهُ غَالِبُ عَلٰی اَمۡرِه پڑھ کر اپنے بدن پر پھونک مارے انشااللہ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے سُبۡحَانَ اللهِ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ...... وَاِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ.

## 7. ظالم کے ظلم سے پناہ

اسکے لئے دس دن تک سورہ فیل ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ پڑھتے وقت ظالم کا تصور ذہن میں

Marfat.com

رکھے۔تو اسکے شر سے محفوظ رہے گا۔

## 8. خوف اور ڈر سے نجات

اِس دعا کا بکثرت پڑھنا خوف وڈر کے واسطے نہایت مفید ہے۔

نَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ. سورۃ یوسف آیت نمبر ۶۴

## 9. دشمن سے حفاظت

دشمن سے حفاظت کیلئے سورہ نعام کی آیت نمبر ۱۰۴

لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ .......... اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ بھی پڑھی جا سکتی ہے جو نہایت ہی مجرب ہے۔اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیر لیں۔

## 10. سانپ اور بچھو سے حفاظت

جو شخص صبح وشام اس دعا کو پڑھنے کا معمول بنالے گا وہ سانپ اور بچھو کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّكَ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ.

جسے سانپ نے کاٹ لیا ہو۔اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے۔تو سانپ کا زہر اثر نہیں کرے گا۔نُوْدِىَ اَنْ بُوْرِكَ لَنَا فِى النَّارِ وَلَنَا مَوْلٰهَا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

## 11. ایضاً

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ سات دفعہ اسکے گرد انگلی گھماتے ہوئے ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کر دیں انشاءاللہ اسکا زہر ختم ہو جائیگا۔

## 12. کتے کا کاٹنا

کُتے کا کاٹ لینا۔اسے اَلْحَلِيْمُ اَلْحَلِيْمُ لکھ کر (دھو کر پلانے) سے انشاءاللہ فائدہ ہو گا۔کتے کے حملے کی صورت میں گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لیں۔وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ.

Marfat.com

## 13. آدھے سر کا درد

آدھے سر کے درد کیلئے یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم پڑھیں انشاءاللہ درد جاتا رہے گا
سورہ واقعہ آیت نمبر ۱۹ لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ
سورہ کوثر بھی ۷ دفعہ پڑھ کر دم کیا جا سکتا ہے۔

## 14. فرمانِ الٰہی

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ. آیت نمبر ۴۲
باطل کا رنگ چڑھا کر حق کو شیشہ نہ بنا دو اور نہ جانتے بوجھتے حق کو چھپانے کی کوشش نہ کرو۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ. آیت نمبر ۴۵، ۴۶

صبر اور نماز سے مدد لو بیشک نماز ایک سخت مشکل کام ہے مگر ان فرمان بردار بندوں کیلئے مشکل نہیں جو سمجھتے ہیں۔
کہ آخر کار انہیں اپنے رب سے ملنا اور اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ اَلَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ.

اور ہم ہمیشہ ضرور خوف، خطر فاقہ کشی جان و مال کے نقصانات اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے ان حالات میں جو لوگ صبر کریں۔ اور جب کوئی مصیبت پڑے تو کہیں کہ ہم اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے انہیں خوش خبری دے دو اور ان پر انکے رب کی طرف سے بڑی عنایات ہونگیں اسکی رحمت ان پر سایہ کرے گی اور ایسے ہی لوگ راست پر ہیں۔ (بقرا ۱۵۵ تا ۱۵۷)

## 15. حصولِ حاجت

برائے حصول حاجت۔ سورہ یوسف کی آیت نمبر ۶۸ میں نماز کے بعد ۷ دفعہ پڑھے۔

Marfat.com

## 16. ادائیگی قرض

ادائیگی قرض کے لیے سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۸۵،۲۸۶۔

اگر کوئی مقروض شخص ان آیات کی تلاوت میں مداومت کرے تو خدا تعالی اسکے قرض کی ادائیگی کا اپنے خزانہ غیب سے انتظام کر پائیں گے۔

## 17. ایضاً

قرض سے سبکدوش ہونے کیلیے سورہ ال عمران کی آیت نمبر ۲۶، ۲۷ کو ۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام پڑھے۔ انشاءاللہ تعالی خود اللہ تعالی اپنے خزانہ غیب سے اسباب پیدا فرمائے گا۔

## 18. ایضاً

اگر مقروض سورہ زلزال جو کہ پارہ ۳۰ میں ہے پڑھنے کی مداومت کرے تو خداوند کریم کی مہربانی سے اسکی قرض سے خلاصی کر دیں گے۔

## 19. وسعتِ رزق

وسعت رزق کے لیے ۴۱ دفعہ الحمد شریف صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان پڑھیں اسکی پابندی میں فرق نہیں آنا چاہیے۔

## 20. ایضاً

سورہ فاتحہ ہر روز آخر وقت شب میں ۴۱ دفعہ پڑھتا رہے تو اسے رزق مطلق ایسی جگہ سے رزق دیگا جہاں گمان بھی نہ ہوگا۔ بلا محنت اور مشقت روزی دستیاب ہوتی رہے گی۔

## 21. ایضاً

سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۵۷ سات دفعہ روزانہ اور آل عمران کی آیت ۱۵۴ روزانہ تین بار پڑھیں۔

Marfat.com

## 22. ایضاً

اسکے علاوہ مندرجہ ذیل آیات رزق کیلئے پڑھی جاسکتی ہیں۔

سورہ انعام آیت نمبر ۵۹ سورہ طلاق آیت نمبر دو اور تین ۱۰۰ مرتبہ

## 23. ایضاً

اس کے علاوہ سورہ طلاق کی آیت نمبر سات، ۱۷۹ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔

## 24. ایضاً

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۱۰ سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۲۵۵ تا ۲۵۷ چالیس روز تک ۱۷۹ دفعہ پڑھیں اسکے علاوہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

## 25. ایضاً

اسکے علاوہ جو شخص صبح سورہ طٰہٰ کی تلاوت کرے گا۔ اسکے رزق میں اضافہ ہوگا۔

## 26. بواسیر

سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۲۷ وَاِذَا یَرْفَعُ اِبْرَاھِیْمُ ...... لَسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

## 27. درد

اگر مقام درد پر ذیل آیت پڑھ کر دم کیا جائے تو شفا ہو جائے گی ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ ...... عَمَّا تَعْلَمُوْنَ سورہ البقرہ آیت نمبر ۷۴

## 28. لقوہ

سورہ البقرہ آیت نمبر ۱۴۳ تا ۱۴۶

## 29. مرگی

سورہ البقرہ کی آیات ۱۴۳ تا ۱۴۶ پڑھ کر دم کریں مرض میں تخفیف ہو جائیگی۔

Marfat.com

نظر بد

آل عمران کی آیت نمبر ۲ تا ۴

## 30. حفاظت جنین وزنی حاملہ

سورہ آل عمران آیت نمبر ۳۵ تا ۳۷

## 31. حصول اولاد

سورہ آل عمران ۳۸ تا ۴۱

## 32. برائے برص جذام

آل عمران آیت نمبر ۴۹

## 33. مرض خفقانی

آل عمران کی آیت نمبر ۸۳

## 34. برائے بند نکسیر

آل عمران آیت نمبر ~~۱۴۴~~ ۱۴۴

## 35. برائے بند خونی ماہواری

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ~~۱۴۴~~ ۱۴۴ کو عورت کے ناف کے نیچے باندھ دیں۔

## 36. درد قلب

سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۷، ۱۸

## 37. برائے امراض چشم

سورہ انعام کی آیت نمبر ۳۶

Marfat.com

## 38. درد شقیقہ

سورہ انعام آیت نمبر ۱۰۱

## 39. ترقی حافظہ

سورہ اعراف آیت نمبر ۱۷۱ کو دھو کر پلایا جائے تو انشاءاللہ اسکو سبق اسطرح یاد ہو جائے گا جس طرح یاد ہونے کا حق ہے حفظ و فہم میں ترقی ہوگی۔

## 40. مقدمے میں کامیابی

اگر کسی شخص کا مقدمہ چل رہا ہو۔ تو وہ مقدمہ کی تاریخ پر سورہ تغابن کی آیت نمبر ۱۱ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ العزیز اسے مقدمے میں کامیابی ہوگی۔

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ ...... شَیءٍ عَلِيْمٌ

## 41. اعمال کی قبولیت

اعمال کے مقبول ہونے کیلئے ہمیں یارشید کی ایک تسبیح صبح و شام کرنی چاہیے۔

## 42. نیند میں ڈرنا اور رونا

اسکے لئے ہمیں سورہ الضُّحٰی کو سات مرتبہ سونے سے پہلے پڑھ لیں۔ انشاءاللہ شکایت دور ہو جائیگی۔

## 43. وظیفۂ زوجیت کے لیے

اِسکے لئے صبح و شام یَاقَوِیُّ یَامُعِیْدُ ایک ہزار بار اوّل و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھے انشاءاللہ نقص دور ہو جائے گا۔

## 44. ایضاً

اور اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے پڑھتا رہے۔

Marfat.com

## 45. ہذیانی کیفیت یا شکایت

اسکے لئے اسکے سر پر دائیں ہاتھ پھیرتے ہوئے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ وَالرَّحِیْمُ سات بار پڑھیں۔

## 46. یرقان

اگر کسی شخص کو یرقان کی مرض ہو تو سورہ حشر کی پہلی آیت کو سات دفعہ پڑھ کر اسکا پانی پلایا جائے اسکے ساتھ سورہ قریش کو گیارہ دفعہ صبح اور گیارہ دفعہ شام پڑھ کر بھی دعا کریں۔ اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں تو جلد ہی افاقہ ہو جائیگا۔

## 47. محتاجی کیلئے

سورہ انعام کی آیت نمبر ۵۹ اور سورہ ھود کی آیت ۶ کی ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام کرنی چاہیے۔

قرآن مجید نے آزمائشوں کے آنے کے جو اسباب بیان کئے ہیں یہ علم آدمی کو وجوہات بتا کر تسلی دیتا ہے۔ اور تسلی کی وجہ سے اسے صبر آ سکتا ہے۔ اس ضمن میں سورۃ البقرہ آیت ۱۴۳، سورۃ القصص کی آیت نمبر ۱۰، سورۃ الملک کی آیت نمبر ۲، سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۵۵، سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۱۶۸، سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۹۵، سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵ تا ۴۳، سورۃ الحدید کی آیت نمبر ۲۲ اور ۲۳ پڑھ کر استفادہ کر سکتے ہیں۔ انشاءاللہ تسلی ہو جائے گی۔

## 48. نماز تہجد

نماز بالخصوص تہجد کی نماز حصول صبر کا ایک نہایت مفید ذریعہ ہے قرآن شریف متعدد مقامات پر اس نماز کی تاکید آئی ہے سورہ مزمل میں آیا ہے کہ تہجد کی نماز جمعی اور قول کی پختگی کیلئے بہت مفید ہے۔ تہجد کی نماز پانچ وقت کی نماز سے زیادہ موثر ہے اسلئے زیادہ گہرائی اور توجہ سے پڑھی جاتی تھی اس میں نبی کریم کو حکم تھا کہ قرآن ٹھہر ٹھہر کر یعنی اسے سمجھ سمجھ کر پڑھا جائے تا کہ تہجد اپنا کام اپنی کامل صورت میں کر سکے۔

Marfat.com

سورہ مزمل کی آیت نمبر ۸ میں فرمایا۔ اپنے رب کا ذکر کر اور اسکی طرف خلق سے کٹ کر گوشہ گیر ہو جا۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے، کہ نبی کریم کو یہ کہا گیا ہے کہ آپ اسے یاد دہانی اور دکھ کا ذریعہ بنائیں۔ اور اسکے ذریعے سے دامن رحمت میں گوشہ گیر ہو جایا کریں۔

اس نماز کے فوائد بے شمار ہیں مثلاً نماز شب کی ایک رکعت کا ثواب ایک ہزار برس کی عبادت کے برابر ہے۔ اس نماز کے پڑھنے والے کے نامہ اعمال میں لکھا جائیگا اسکی دنیا و عقبٰی کی ہزار حاجتیں خالق عالم برلائیگا۔ بروز قیامت قبر سے باہر آنے پر ملائک خدا اسے جنت کی خوشخبری دیں گے اور جنت میں داخل ہونے تک اسکے ہمراہ رہیں گے۔

## 49. استجابت دعا

استجابت سے پہلے انیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کی مداومت کریں۔

## 50. حل مشکلات

سورہ البقرہ آیت نمبر ۱۳۷ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَا السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سات بار پڑھ لے تو اس روز خداوند تعالے اسکی تمام مشکلیں آسان فرمائے گا۔ اگر ہر فرض نماز کے بعد اس طرح ورد کرتے رہیں تو اس عمل کا عامل کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

## 51. ایضاً

استجابت دعا کے لئے سورہ انعام کی آیت نمبر ۶۲، ۱۲۵ کا ورد رکھیں تو دعا ضرور مستجاب ہوگی۔

## 52. درد پسلی

سورہ یونس آیت نمبر ۱۲

## 53. کان کا درد

سورہ یونس آیت نمبر ۳۱

Marfat.com

## 54. برائے چنبل

سورہ ابراہیم آیت نمبر ۲۶

## 55. درد نحال

سورہ نبی اسرائیل آیت نمبر ۱۱۰، ۱۱۱

## 56. گریہ طفل

سورہ کھف آیت نمبر ۱۰، ۱۱

## 57. ایضاً

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۰۸

لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

## 58. برائے پیچش

سورہ البقرہ آیت نمبر ۱۰۵

## 59. برائے خارش

مومن کی آیت نمبر ۱۴

## 60. برائے آسیب

الحمد شریف اور معوذتین دس مرتبہ۔

## 61. معاملہ سے باخبر ہونا

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنَ ۱۷ مرتبہ پڑھیں۔

## 62. ہلاکت دشمن

Marfat.com

سورہ البقرہ آیت نمبر ۵۴

## 63. راز سے باخبر ہونا

سورہ البقرہ آیت نمبر ۷۲، ۷۳

## 64. زن و شوہر میں مدامت

سورہ البقرہ آیت نمبر ۷۴

## 65. بھاگے کے لیے

سورہ البقرہ آیت نمبر ۱۴۸

## 66. نسیان

نسیان کیلئے ہر فرض نماز کے بعد الرَّحمٰن سو مرتبہ پڑھنے سے نسیان دور ہو جاتا ہے اِس کو نماز کے بعد یا کسی وقت گیارہ مرتبہ پڑھا جا سکتا ہے۔

## 67. زیادہ نیند آنا

سوتے وقت اس دعا کا پڑھنا زیادتی نیند کو دور کرنے کیلئے مفید ہے۔

اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے آخری رکوع تک۔ سورہ کہف آخری رکوع۔

## 68. ہذیان

مریض کے سر پر یہ آیت لکھ کر باندھی جائے تو انشاءاللہ ہذیان دور ہو جائیگا۔ لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْ اَیْمَانِکُمْ

## 70. مالیخولیا

جسے وہم کی بیماری ہو۔ اُس پر ہر نماز کے بعد معوذتین گیارہ مرتبہ اور سورۃ یونس کی یہ آیت پڑھ کر دم کر دیا جائے۔ مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ...... عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ

Marfat.com

## 71. آشوب چشم

اس آیت کو پندرہ دفعہ پڑھ کر دم کی جائے۔

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا رَبَّنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْ ءٍ قَدِیْر.

## 72. کان کا بہنا

اسکے لئے سورہ اعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے اسکے ساتھ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰی جَبَلٍ لَرَاَیْتَه سے لیکر آخر تک پڑھ چھوڑیں۔ کان بہنا بند ہو جائیگا۔

## 73. درد دانت کیلئے

لِکُلِّ نَبَاءٍ مُسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

نماز وتر میں پہلی رکعت میں سورہ نصر دوسری رکعت میں سورہ لہب اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ کی مداومت سے دانت کی تمام تکلیفوں کیلئے مفید ہے۔

## 74. لقوہ

لقوہ کا مریض اس آیت کو لکھ کر تعوید بنا کر گلے میں ڈالے انشا اللہ شفا ہو گی۔

قَدْنَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِکَ فِی السَّمَآءِ ...... شَطْرَ الْمُسْجِدِ الْحَرَامِ.

## 75. درد گردن

یہ آیت کسی کاغذ یا کپڑے پر لکھکر گلے میں لٹکایا جائے مفید ہے۔ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِیْمم ...... فَهُمْ مُقْمَحُوْنَ.

## 76. اماسر گلے کیلئے

یہ آیت گلے میں لٹکانا مفید ہے۔

خَلْوُهُ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ...... کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ

Marfat.com

## 77.دمہ اور کھانسی

دمہ اور کھانسی کیلئے سورہ البقرہ کی آیات اٰمَنَ الرَّسُوْلُ ...... الْکٰفِرِیْنَ لکھ کر گلے میں لٹکا دیں۔ افاقہ ہوگا۔

## 78.دِل کا ڈوبنا

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ ...... غَفُوْرُ الرَّحِیْمِ گلے میں باندھنا مفید ہے۔

## 79.پیاس کی زیادتی

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ ...... فِی الْاَرضِ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

## 80.دردِ جگر کیلئے

یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ باندھی جائے۔ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ ...... عَلَی الْعَرْشِ

## 81.ایضاً

جگر کی تمام بیماریوں کیلئے اکیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے۔

تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّہٖ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

## 82.یرقان کے لیے

سورہ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## 83.دردِ گردہ

سورہ قریش کھانے پر دم کر کے کھلانا مفید ہے۔

## 84.دردِ مثانہ

سورۃ الدہر آیت نمبر ۵۴

Marfat.com

## 85. پیشاب میں رکاوٹ

سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ

## 86. پیشاب کی زیادتی

سورہ فاتحہ ۲۱ مرتبہ

## 87. سوزاک

سورہ مزمل گلے میں لکھ کر باندھیں۔

یہ آیت گلے میں ڈالنی مفید ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ...... اَجْرًا عَظِيْمًا (سورہ فتح)

## 88. جریان

سورہ محرات تین بار پانی پر دم کر کے ۱۴ دن تک پلائیں۔

## 89. کثرت احتلام

سورہ طارق پڑھنے سے یہ مسئلہ ختم ہوتا ہے۔ بستر پر جاتے وقت پڑھ سکتے ہیں۔

## 90. بواسیر

یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھنا بواسیر کیلئے بہت مفید ہے۔

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا

## 91. کثرت حیض

کثرت حیض میں سورۃ بقرہ کی آیت صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ اسے پڑھنا مفید ہے۔

## 92. کسی حاجت کیلئے

جو کسی حاجت کیلئے یا اللهُ یَا رحمٰنُ یَا رحِیْمُ عصر کی نماز سے لیکر مغرب کی نماز تک

Marfat.com

پڑھتا رہے گا۔ مقصد پائیگا۔

## 93. روزی میں تنگی کی صورت میں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل ۳۵۸ مرتبہ اوّل وآخر تین تین دفعہ درود پاک اگر اسکو زندگی کا معمول بنا لے تو انشاءاللہ غیب سے روزی کے دروازے کھلتے ہیں۔ اور رزق کی پریشانی بھی نہ ہو۔ اسکے علاوہ جو سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو صبح کے وقت ۷۰ مرتبہ پابندی سے پڑھے گا وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔

## 94. برائے دفع مصیبت وازالہ کرب ہم

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل ۳۴۱ مرتبہ اوّل وآخر تین تین بار درود شریف خواہ کوئی بھی ہو۔

Marfat.com

# ارشادات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

## حدیث پاک

۱: اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو۔ جسکے سامنے اسکے ماں باپ یا ان میں سے ایک بڑھاپے کو پہنچے۔ اور وہ (اسکی نیکی کی وجہ سے) اِسکو جنت داخل نہ کرادیں۔ (ترمذی)

۲: اے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر تم وہ سب جان لیتے جو مجھے معلوم ہے۔ تو تم ہنستے کم اور روتے زیادہ۔ (بخاری مسلم)

۳: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالی اسپر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرمائیں گے اسکے دس گناہ معاف فرمادیں گے۔ اور دس درجے بلند فرمائیں گے۔ (نسائی)

۴: میری امت کے معزز ترین لوگ قرآن کریم کے حافظ و عامل اور تہجد گزار ہیں اللہ تعالی کو سب سے زیادہ محبوب عمل وہ ہے۔ جس پر مداومت کی جائے خواہ وہ تھوڑا اسا کیوں نہ ہو۔

(بخاری مسلم)

۵: جمعہ کے روز ایک گھڑی ہے جس میں جو شخص اللہ سے جو چیز مانگتا ہے اللہ تعالی اسے وہ ضرور عطا فرماتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۶: اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو جسکے سامنے میرا ذکر خیر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

(ترمذی)

۷: جس نے تین جمعہ بلا عذر سستی کی وجہ سے چھوڑ دیئے اللہ تعالی اسکے دل پر مہر لگا دیتے ہیں۔ (ابوداؤد ترمذی نسائی)

۸: جو شخص جمعہ کے دن یا رات کو مرتا ہے۔ اللہ تعالی اسے فتنہ قبر سے بچا لیتے ہیں۔

(احمد ترمذی)

۹: جنت میں کمینہ بخیل اور احسان جتلانے والا ہرگز داخل نہیں ہوگا جب تک اسکی سزا نہ بھگت لے۔ (ترمذی)

Marfat.com

۱۰: قبروں کی زیارت کیا کرو۔ اِسلئے کہ یہ دنیا سے بے رغبت کرتی اور آخرت یاد دلاتی ہیں۔ (ابن ماجہ)

۱۱: جس نے چاشت کی بارہ رکعات پڑھیں اللہ تعالیٰ اسکے لیے جنت میں سونے کا محل بنائیں گے۔ (ترمذی ابن ماجہ)

۱۲: اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اس شخص پر جو عصر سے پہلے چار رکعات پڑھے۔

(احمد ترمذی ابوداؤد)

۱۳: قیامت کے روز مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا ہو۔ (ترمذی)

## حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

۱: جس نے فجر نماز ترک کی اسکے چہرے سے نور ختم کر دیا جاتا ہے۔
۲: جس نے ظہر کی نماز ترک کی اسکی روزی سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔
۳: جس نے عصر کی نماز ترک کی اسکے بدن سے طاقت ختم کر دی جاتی ہے۔
۴: جس نے مغرب کی نماز ترک کی اسے اولاد سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔
۵: جس نے عشاء کی نماز ترک کی اسکی نیند سے راحت ختم کر دی جاتی ہے۔

## 95. انشا اللہ وقت مقررہ کا اُٹھنا

یـا یقیـن یَا دَدُوْدُ سونے سے پہلے گیارہ دفعہ پڑھیں۔ اوّل و آخر تین تین دفعہ درود پاک۔ جس وقت چاہو آنکھ کھلے گی انشا اللہ تعالی

## 96. دل کی ہر بیماری کیلئے

ہر فرض نماز کے بعد اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر دل پر پھونک مار دیا کریں۔ یـا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیِ

Marfat.com

# ارشادات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ جو چیز اولاد کیلئے بازار سے لاؤ پہلے لڑکی کو دو۔

۲۔ دھوکا دینے والا بخل کرنیوالا اور دیگر احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۳۔ اپنے مردوں کی خوبیاں اور بھلائیاں بیان کیا کرو۔ اور انکی برائیوں سے زبان بند رکھو۔

۴۔ جو شخص دنیا میں فخر و تکبر کا لباس پہنتا ہے قیامت کے دن خُدا اسے ذلت کا لباس پہنائے گا۔

۵۔ آپس میں تحفے بھیجا کرو تحفہ دل کی کدورت کو دور کر دیتا ہے۔

۲ دِل اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جدھر چاہے پھیر دے۔

۶۔ ہمارے سب اعمال حضور کے سامنے پیش ہوتے ہیں۔ ان میں سے بُرے اعمال سرکارِ دو عالم کی تکلیف کا باعث بنتے ہیں۔

۲ خدا کی رضامندی والد کی رضامندی ہے اور خُدا کی ناخوشی والدہ کی ناخوشی ہے۔

۷۔ جو خدا اور روز جزا پر ایمان رکھتا ہے۔ اسے چاہیے کہ ایسے دستر خوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو۔

۸۔ صبر سب عطیوں اور بخششوں سے بہتر اور افضل ہے۔

۹۔ جو قسم جان بوجھ کر کھائی جائے۔ اور جسمیں دل بھی زبان کی موافقت کرے اس قسم کا توڑنا نا قابل مواخذہ ہے۔

۱۰۔ خدا کے نزدیک تمام مقامات میں زیادہ پسندیدہ مقام مسجدیں ہیں اور مکروہ ناپسندیدہ بازار ہیں۔

۱۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جب آدمی کو گھر میں آسودگی نظر آئے تو یہی لفظ کہے۔ ماشاءاللہ وَلاقُوَّۃَ اِلاَّ بِاللہ تا کہ ٹوک نہ لگے۔

۱۲۔ ایسا شخص پورا خالص منافق ہے۔ جو جب بولے جھوٹ بولے وعدہ کرے تو خلاف کرے عہد کرے تو توڑ ڈالے لڑائی جھگڑا ہو تو فحش بکنے لگے۔

Marfat.com

۱۳۔ جسمیں امانت نہیں اسکا ایمان نہیں جسمیں ایفائے عہد کی حفاظت نہیں اسکا کچھ دین نہیں۔

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

پانچ نمازیں ایسی ہیں۔تو جس شخص نے بہترین طریقہ سے وضو کیا۔اوران نمازوں کو مقرر وقتوں میں انہیں ادا کیا۔اور رکوع وسجود ٹھیک سے کیے۔اور اسکا دل اللہ تعالی کے سامنے نمازوں میں جھکا رہا۔تو اللہ تعالیٰ نے اسکی مغفرت اپنے ذمے لے لی۔اور جس نے ایسا نہیں کیا۔تو اسکے لئے اللہ تعالی کا یہ وعدہ نہیں ہے۔اگر چاہے گا تو اسکو بخش دے گا۔اور چاہے گا تو اسکو عذاب دے گا۔ابوداؤد عبادہؓ بن صامت فجر اور ظہر کی نمازوں میں محافظ فرشتوں کا تبادلہ ہوتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخاری مسلم ابوہریرہؓ روایت اور دن کے فرشتے جو زمین کے انتظام پر مامور ہیں۔وہ اپنی ڈیوٹی بدلتے ہیں۔اور فجر اور عصر کی نمازوں میں اکھٹے ہوتے ہیں۔

پھر جو فرشتے تمہارے اندر رہے ہیں وہ اپنے رَب کے حضور جاتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتا ہے۔کہ تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا تو وہ عرض کرتے ہیں۔کہ جب ہم انکے پاس پہنچے تھے۔تو انہیں نماز پڑھتے پایا تھا۔اور جب ہم نے انہیں چھوڑا ہے تو نماز پڑھتے ہوئے چھوڑا ہے یہ حدیث فجر وعصر کی اہمیت کو خوب واضح کرتی ہے۔فجر کی نماز میں رات کے فرشتے شرکت کرتے ہیں اور وہ فرشتے بھی جنہیں دن میں اپنا کام کرنا ہے اسطرح عصر کی نماز میں بھی دونوں قسم کے فرشتے مومنین کے ساتھ جماعت میں شریک ہوتے ہیں۔مومن کی اس سے بڑی اور کیا خوش نصیبی کیا ہوسکتی ہے کہ اُنکو فرشتوں کا ساتھ نصیب ہوجاتا ہے۔

## 97. رزق کے لیے

روزگار کیلئے بعد نماز تہجد ۳۱۳ دفعہ یَا بَاسِطُ یَامُغْنِیُ

## 98. نماز اشراق وچاشت کی فضیلت

حضرت ابوامامہ وحضرت انس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے فرمایا ہے۔ کہ جو شخص فجر کی نماز باجماعت پڑھ کر اپنی جگہ بیٹھے اللہ کا ذکر کرتا رہے۔ یہاں تک کہ آفتاب طلوع ہو جائے (میرے مرشد کے فرمان کے مطابق اشراق کی نماز سورج نکلنے سے ۲۰ منٹ بعد پڑھ لینی چاہیے اور اس نماز کو سورج نکلنے سے ۵۵ منٹ کے اندر اندر مکمل ہونی چاہیے) دو رکعت نماز اشراق پڑھے۔ تو اسکو ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب ملے گا۔

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابن آدم دِن کے شروع حصے میں ۴ رکعت نماز نہ چھوڑا کر۔ میں شام تک تیرے کاموں کو کرنے کیلئے کافی ہوں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کے ایک دروازہ کا نام ضحٰی ہے قیامت کے دن صدا دی جائیگی چاشت کی نماز پڑھنے والے جہاں ہیں۔ آؤ اِس دروازے سے داخل ہو جاؤ۔

حضورؐ نے فرمایا ہے جو شخص نماز چاشت کی ۱۲ رکعت پڑھے گا ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے تو آسمان سے ۷۰ ہزار فرشتے اتریں گے اور وہ اس نماز کا ثواب صور پھونکنے تک لکھتے رہیں گے اور قیامت کے دن وہی فرشتے قبر پر کھڑے ہونگے۔ اور وہ مردے کو بشارت دینگے۔ اے صاحب قبر کھڑا ہو جا۔ آج کے دن تیرے لئے امن ہے۔

## فضائل صلوٰۃ اوّابین

حضرت ابو ہُریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز مغرب (اوابین) کے نفل پڑھے گا تو یہ چھ رکعتیں ۱۲ سال کی عبادت کے برابر شمار کی جائیں گی۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہ حق تعالیٰ اُسکے تمام گناہ معاف فرما دیں گے۔

## فضائل نماز تہجد

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آخر شب میں آسمان دُنیا پر نزول فرما کر ارشاد فرماتا ہے کہ جو مجھ سے دعا مانگے گا میں قبول کروں گا جو مجھ سے مانگے گا میں دونگا۔ نماز تہجد کے بارے میں علماء کے اقوال مختلف ہیں۔ یہ نماز

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر فرض تھی۔ اور اولیاء کرام پر واجب ہے لیکن امت پر فرض نہیں ہے۔ حضرت خواجہ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ تہجد نماز ہر مسلمان پر فرض ہے خواہ دو رکعت ہی کیوں نہ ہو۔ حضور نے ارشاد کے مطابق جس شخص نے رات کو اٹھ کر تہجد کے نفل ادا کیے تو اللہ تعالی کے نزدیک وہ پوری رات عبادت میں شمار ہوگی۔ حضرت خواجہ حسن بصریؒ فرماتے ہیں جو لوگ تہجد پڑھتے ہیں تو اُنکے چہروں پر خدا کا نور جھلکنے لگتا ہے۔

## 99. قید سے رہائی

اگر کسی جھوٹے مقدمے میں قید کر دیا ہو۔ تو ہر روز یَـا حَـیُّ یَـا قَیـوم گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ انشا اللہ جلد قید سے رہائی ہوگی۔

## 100. آسیب زدہ پر

قُلْ اللّٰہُ اَذِن تکُمْ اَمْ عَلَی اللّٰہِ تَفْتَرُوْن. یونس آیت نمبر ۵۹

## 101. زنانہ امراض خبیثہ

۷۰ دفعہ تعوذ اور ۷۰ دفعہ الحمد شریف

## 102. سبب پیدا کرنا

یَا بَاعِثُ یَااللہ ۳۱۳ دفعہ

## 103. غربت

سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۳۶، ۲۱۲ دفعہ غربت کیلئے الجامع ۳۸۴ دفعہ

## 104. نماز کی مقبولیت کے لیے

نماز کے مقبولیت کیلئے ہر نماز کے بعد کلمہ توحید ۳ بار پڑھ لینا چاہیے۔

## 105. شادی

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۳۱، ۱۳۲ لکھ کر بازو پر باندھیں۔

Marfat.com

## 106. جن اور آسیب کیلئے

جن اور آسیب کا اثر ہو۔ یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر بازو پر باندھیں۔

یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِ نسِ...... رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ سورہ رحمان آیت نمبر ۳۳،۳۴

## 107. جادو سے بچنے کیلئے

سورہ القلم (ن) کی آیت نمبر ۴۵ لکھ کر بازو پر باندھیں۔

## 108. نظر بد اور سر درد کیلئے

نظر بد اور سر درد سے حفاظت کیلئے سورہ ن کی آیت نمبر ۵۱ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ اور لکھکر اپنے پاس رکھیں۔

## 109. دشمن سے حفاظت

اگر جنگل میں بھی کوئی قتل کرنے کے درپے ہو اس کا ورد رکھیں محفوظ رہیں گے۔ سورہ یٰسین آیت نمبر ۹

## 110. دشمنوں کو تباہ برباد اور نیست و نابود کرنے کیلئے

سورہ طٰہ کی آیت نمبر ۱۵ کا ورد رکھیں۔

## 111. دشمنوں کے شر سے بچنے اور قرض کی ادائیگی کیلئے

دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے اور قرضے کی ادائیگی کیلئے سورہ احزاب آیت نمبر ۳،۳۹ اور ۵۲ پڑھا کریں۔

وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا۔ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ رَقِیْبًا

## 112. حفاظت اہل خانہ

سورہ کہف پڑھنی چاہیے۔

Marfat.com

## 113. حفاظت حمل اور بچہ صحیح پیدا ہو

سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۹۱، ۹۲ پیدائش کے بعد بچے کے گلے میں ڈالیں۔

## مشکل کام حل ہوں

ایک مرتبہ ہر نماز کے بعد آل عمران کی آیت نمبر ۲۶

## 114. بحالی روزگار

اگر کوئی شخص نوکری سے معطل یا علیحدہ کر دیا گیا ہو تو سورہ یوسف پڑھنی چاہیے۔ اسکے ساتھ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے اَسْتَغْفِرُ الله لَاحَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِالله پڑھنا چاہیے۔

## 115. برائے ترقی اسباب

سورہ یونس آیت نمبر ۳۱

## 116. ہاتھوں اور پیروں میں درد

سورہ ابراہیم آیت نمبر ۱۲

## 117. رفع فسادات اور گھر والوں کو پریشان کرنے والا

سورہ الشعراء کی آیت نمبر ۱۹۲ تا ۱۹۷ سات دفعہ پڑھیں۔

## 118. دنیا و آخرت کی نعمت کیلئے

سورۃ محمد کی آیت نمبر ۱۵، سات دفعہ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔

## 119. حفاظت کا خاص عمل

صبح و شام ایک ایک دفعہ ذیل کے کلمات پڑھیں تو جن و انسان کے شر سے حفاظت رہتی ہے۔

اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ

Marfat.com

وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ. اور ہر فرض نماز کے بعد چاروں قل۔

## 120. جسکی اولاد نہ ہو یا نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو

وہ یہ دعا کثرت سے مانگا کریں۔

انبیاء کی آیت نمبر ۸۹ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ، فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ اے میرے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑیئے۔ اور آپ بہترین وارث ہیں۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے یہ دعا مانگی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے قبول کرتے ہوئے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو مرحمت فرمایا۔

طلب اولاد کیلئے یہ دعا مجرب ہے۔ آل عمران کی آیت نمبر ۳۸

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَا اے پروردگار تو عطا کر اپنی جانب سے نیک اولاد تو ہی تو دعا کا سننے والا ہے۔۔

سورہ الصفت کی آیت نمبر ۱۰۰ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ یہ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے۔ جو طلب اولاد کیلئے تھی۔ قبول ہوئی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔ طلب اولاد صالح کیلئے یہ مجرب دعا ہے۔

## 121. شوہر بیوی اور اولاد کی نیکی اور سعادتمندی کیلئے

شوہر بیوی اور اولاد کی نیکی سعادت مندی اور اِنکے ساتھ خوشگوار تعلقات کیلئے یہ دعا مانگنی چاہیے:۔

سورہ الفرقان کی آیت نمبر ۷۴ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا.

اے ہمارے پروردگار ہمیں اپنے ازواج اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمایئے۔ اور ہمیں متقیوں کا سربراہ بنایئے۔ اِس دعا کا اہتمام شادی سے پہلے بھی کرنا چاہیے اور شادی کے بعد بھی اور نفل نمازوں کے سجدوں میں بھی اس دعا کو خوب مانگیں۔ یہ دعا خاص حالات میں کم ازکم ۵۰۵ دفعہ پڑھنی چاہیے۔

## 122. نماز والی دعا

اپنے اور اپنی اولاد کے لئے نماز کی پابندی کیلئے جو دعا ہم نماز میں مانگتے ہیں۔ مانگی

Marfat.com

چاہے رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ ...... دُعَاءِ

## 123. مشکلات کیوں آتی ہیں؟

مشکلات ہمیں پریشان کرسکتی ہیں۔لیکن اگر ہم انکے اسباب اور وجوہات سے واقف ہوں تو ہم ان مشکلات کی توجیہ کر کے انکے مقابلے میں مطلوب رویہ اختیار کر سکتے ہیں۔ ان مشکلات کو قرآن کی روشنی میں دیکھیں سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۴۳

وَمَا كَانَ اللّٰهُ ...... لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ اللہ ایسا نہیں ہے کہ وہ تمہارے ایمان ضائع کرنا چاہیے۔اللہ اپنے بندوں کے ساتھ مہربان ہے یعنی مشکلات ہمارا ایمان چھیننے نہیں آئیں۔

مشکلات میں مہربانی پوشیدہ ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ہم پر جتنی مشکلات ڈالتے ہیں محض مشکلات نہیں ہوتیں بلکہ یہ مشکلات بہت سی نعمتیں لے کر آتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیشہ آزمائشوں میں مدد کرتے ہیں اور آزمائش میں ڈال کر بھول نہیں جاتا بلکہ انکے مدد کیلئے اپنے پورے لشکروں کے ساتھ آتا ہے جب انسان آزمائش میں تھک جاتا ہے تو پھر اللہ اپنی مدد کے ساتھ آتا ہے اور اپنے بندوں کو بچا کر لے جاتا ہے۔

یہ دنیا اللہ نے اسلئے بنائی ہے کہ ہم راہ حق پر چلتے ہوئے جنت کی منزل کو پالیں آزمائش ہمیں جنت میں لے جانے کیلئے آتی ہیں اس دنیا میں رہنے والا کوئی شخص یہ خیال نہ کرے کہ اسے آزمایا نہیں جائیگا۔انسان کو پیدا اسلئے کیا گیا ہے کہ وہ امتحان دے کر اپنے آپ کو کامیاب اور بہتر عمل والا ثابت کرے امتحان سے بھاگنا اسکی ناکامی تصور ہوگی۔

غربت اور امارت دونوں اللہ کی آزمائش ہیں کچھ کو اللہ دے کر آزماتا ہے اور کچھ کو محروم رکھ کر یا دی ہوئی نعمتیں چھین کر۔

اب ہم ان اسباب و وجوہ کا جائزہ لیتے ہیں جن کی وجہ سے ہمیں مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں۔ مشکلات دو قسم کی ہوتیں ہیں ایک انفرادی اور دوسری اجتماعی یہ دونوں قسم کی آزمائشیں ہماری کوتاہیوں اور کرتوتوں کی وجہ سے آتی ہیں۔اور کبھی محض اللہ تعالیٰ کے پیش نظر مقاصد کی وجہ سے۔ ہماری کوتاہیوں کے بغیر محض اللہ کی طرف سے آزمائش مثبت پہلو ہے اور ہماری کرتوتوں کے وجہ سے آنا منفی ہے۔اس ضمن میں سورہ الملک کی آیت نمبر۲ اَلَّذِیْ خَلَقَ

Marfat.com

اَلْمَوْتَ ...... اَحْسَنُ عَمَلًا تک

۱۔ یہ وہ ذات ہے جس نے موت اور زندگی اسلئے بنائی ہے تا کہ وہ آزمائے (اور دیکھے کہ) تم میں سے کون عمل کے اعتبار سے اچھا ہے۔

۲۔ سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۵۵ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ ...... وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ

ہم یقیناً تمہیں آزمائیں گے۔ کچھ خوف سے کچھ بھوک سے اور کچھ مال میں کچھ جانیں چھین کر اور کچھ منفعت میں نقصان سے۔

۳۔ سورہ اعراف کی آیت ۱۶۸ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ ...... يَرْجِعُوْنَ

ہم نے انہیں اچھے بُرے سے آزمایا تا کہ وہ اللہ کی طرف رجوع کریں رسولوں کی زندگی میں مشکلات والی آزمائش ہمیں زیادہ ملتی ہیں۔ اِن آزمائشوں میں اصلی چیز یہ ہے کہ آدمی اس کوشش میں رہے کہ وہ اس آزمائش میں کامیاب ہو۔ یہ مشکلات اللہ تعالیٰ کی طرف سے یاد دہانی بن کر آتی ہیں جیسا کہ سورہ اعراف کی آیت نمبر ۱۶۸ اوپر بیان کر دیا ہے۔

## مشکلات کسی وقت گناہ کا کفارہ بن جاتی ہیں

دراصل آدمی کو ایک پہاڑ کی طرح مضبوط بن کر اُبھرنا چاہیے۔ اور اپنی مشکلات میں دکھی اور رنجیدہ ہونے کی بجائے ایک حوصلہ مند آدمی کی طرح ابھر کر آنا چاہیے۔

سورہ الحدید کی آیت نمبر ۲۳۔۲۲ دیکھیں۔ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ ...... مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ اسکے ترجمہ پر غور کریں۔

اے انسان اگر تمہیں کوئی جانی نقصان پہنچے تو اس پر صبر کرو۔ کہ نوشتہ تقدیر کے مطابق پہنچا ہے اسی میں اللہ کی حکمت ہے۔

کئی دفعہ اللہ تعالیٰ درجات کی بلندی کیلئے مشکلات اُتار کر اُنکے درجات بلند کرتا ہے اور جنتی بناتا ہے۔

کئی دفعہ دِلوں کے کھوٹ کو پرکھتا ہے اس ضمن میں سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴ کو غور سے پڑھیں۔ کئی دفعہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مشکلات انہیں بیدار کرنے اور توبہ کا موقع فراہم کرنے کیلئے نازل کرتے ہیں۔ لیکن اگر آدمی ان پر بیدار نہ ہو۔ تو اور بھی مصائب نازل ہو سکتے

Marfat.com

ہیں۔

فرمان نبی کریمؐ ہے اپنے ماں باپ بہن اور بھائی سے ہر طرح سے احسان کرو بعدازاں قریبی جو اسکا مستحق ہے۔

## 124. والدین کے لیے

روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا۔ اے موسےٰ جس نے اگرچہ والدین کی تو فرمانبرداری کی اور میری نافرمانی کی میں اسے نیک لوگوں میں لکھ دیتا۔ مگر جو میرا فرمانبردار ہونے کے باوجود والدین کا نافرمان ہو۔ میں اسے نافرمانوں میں لکھ دیتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ والدہ کا بچے سے نیکی کرنے پر دوگنا اجر ملتا ہے۔ ماں کی دعا جلد قبول ہوتی ہے عرض کیا یارسول وہ کیوں۔ آپ نے فرمایا۔ ماں باپ سے زیادہ مہربان ہوتی ہے۔ اور رحم کی دعا کبھی ضائع نہیں ہوتی۔ مسند احمد میں روایت ہے کہ جو درازی عمر اور رزق کی فراوانی کی خواہش رکھے وہ والدین کے ساتھ حسن سلوک اور صلہ رحمی کرے۔ ترمذی میں ایک روایت ہے۔ اور دعا قضا کو لوٹا دیتی ہے اور عمر میں اضافہ نیکی ہی کرتی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ اللہ کی رضا والد کی رضا ہے یا والدین کی رضا میں ہے اور اللہ کی ناراضگی والد یا والدین کی ناراضگی میں ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے ماں باپ کو بُرا بھلا کہا۔ اسکی قبر میں آگ کی چنگاریاں گریں گی۔ اتنی مقدار میں جتنے پانی کے قطرے آسمان سے زمین میں گرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ کہ میں نے معراج کی رات دیکھا کہ کچھ لوگ آگ کے تندور میں لٹکے ہوئے ہیں تو سب نے پوچھا اے جبرائیل امین یہ لوگ کون ہیں۔ تو جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ جو دنیا میں ماں باپ کو بُرا بھلا کہتے تھے۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔ کہ ماں کی خوشنودی دنیا میں باعث دولت اور آخرت میں باعث نجات ہے۔ ماں دنیا میں انسان کو سب سے زیادہ پیار کرنے والی ہستی ہے۔ دنیا میں ماں کا لفظ پاکیزہ اور خالص محبت کی علامت ہے ماں کی عظمت پر جتنا لکھا جائے کم ہے۔ اسلام سمیت تمام مذاہب والدین کی بہت عزت کرنے کی تاکید کرتے ہیں۔

مسند احمد ہے کہ انسانوں کے اعمال ہر جمعرات کو پیش ہوتے ہیں۔ مگر قطع رحمی کرنے

Marfat.com

والے کا عمل قبول نہیں ہوتا۔

حضرت ابوبکرؓ نے حدیث نبوی بیان کی کہ فرمایا۔ کہ..........اور قطع رحمی دو ایسے گناہ ہیں۔ جن پر دنیا اور آخرت میں عذاب ہوگا۔ بیہقی میں ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام پندرھویں شعبان کی رات میرے پاس آئے اور کہا آج کی رات اللہ بنو کلب کی بکریوں کے بالوں کی تعداد کے برابر گناہگاروں کو بخش دیتا ہے مگر مشرک کینہ پرور قطع رحم متکبر جو تہبند گھسیٹ کر چلے اور وہ شخص جو والدین کا نافرمان ہو اور شرابی بھی اسکی بخشش سے محروم رہتے ہیں۔

# 125. والدین سے حسن سلوک

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ والدین سے نیکی نماز روزہ صدقہ حج عمرہ اور جہاد فی سبیل اللہ سے افضل ہے۔ تاجدار نبوت نے فرمایا جس نے اس حال میں صبح کی کہ اسکے والدین اس سے راضی ہوں۔ اسکے لئے جنت کے دو دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اگر والدین میں سے ایک زندہ ہو۔ تو ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے جس نے رات کو والدین کو ناراض کرتے ہوئے صبح کی اسکے لئے جہنم کے دو دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جو دن سے شام تک والدین کیلئے پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ تو اُسکے لئے جہنم کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

# 127. قبولیت نکاح

سورہ آل عمران آیت نمبر ۷۳،۷۴

# 128. برائے محبت

سورہ مائدہ آیت نمبر ۵۴

# 129. برائے مسحور

سورہ یونس آیت نمبر ۸۱

# 130. رہائی از اسیری

سورہ یوسف آیت نمبر ۹۹ تا ۱۰۰

Marfat.com

## 131. ترقی تجارت باغات واملاک

سورہ رعد آیت نمبرا تا ۳

## 132. جن وشیطان سے حفاظت

سورۃ ابراہیم آیت نمبر ۳۵

## 133. آدھے سر کا درد

جس شخص کو آدھے سر کا درد یعنی درد شقیقہ ہو۔کوئی دوسرا شخص سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ یا جَبَّارُ خالی انگلی سے (بغیر روشنائی کے) اِسکے ماتھے پر لکھے اور تین مرتبہ اسکے سر کو پکڑ کر یَا جَبَّارُ یَا سَلَامُ سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ جیسا بھی درد ہو اسم مبارک کی برکت سے ختم ہو جائیگا۔

## 134. آنکھوں کا روشن ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو۔کہ اسکی آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو یا کم ہو گئی ہو۔زیادہ ہو جائے۔تو وہ اسم مبارک یَا ظَاھِرُ اشراق کی نماز کے بعد ۵۰۰ مرتبہ ہر روز پڑھے۔تو خدا تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسکی آنکھیں روشن کر دے گا۔

یا اسم مبارک یا نور اور آیت کریمہ کو اسطرح ملا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یا نُورُ انشاءاللہ اللہ تعالیٰ کرم نوازی فرمائیں گے۔

## 135. آوارہ بیٹا

اسکے لئے یَاوَدُوْدُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں اور دو رکعت نماز اسکی اصلاح کیلئے پڑھیں۔اور سجدہ میں جا کر دعا کریں۔انشاءاللہ بیٹے کی آوارگی اور بدچلنی ختم ہو جائیگی۔اور وہ افعال بد سے تائب ہو کر راہ راست پر آجائیگا۔

Marfat.com

## 136. کثرت حیض

اگر کسی عورت کو کثرت حیض کا مرض ہو۔ تو وہ سورہ مدثر باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لے پی لے۔ اور سات دن تک بلاناغہ روزانہ یہ عمل کرے انشاء اللہ مرض سے شفا ہوگی۔

## 137. اطاعت نفس

اسکے لئے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اسم مبارک یَامُوَخِرُ پڑھے ربّ العزت اسکے نفس کو تابع اطاعت گزار اور فرمانبردار بنائے گا۔

## 138. اولاد سے محرومی

اسکے لئے سورہ الفجر کی روزانہ گیارہ مرتبہ تلاوت کرے اسکے ساتھ سورہ حشر کی آخری آیت کی ایک تسبیح کر کے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اپنے فضل کرم سے اولاد سے محرومی کا داغ دور کر کے اسے نیک اور فرمانبردار اولاد عطا فرمائے گا۔

چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے یَاعَفُوُّ کا کثرت سے ورد کرے دعا میں اسم ربانی یَامُبدِئُ تین مرتبہ پڑھے۔

## 139. بچے کا بہت زیادہ رونا

اسکے لئے سورہ نجم کی آیت نمبر ۵۹-۶۰-۶۱ لکھ کر بچے کے گلے میں بطور تعویز باندھ دیں۔ انشاء اللہ رونے میں کافی آفاقہ ہوگا۔ اگر وہ ضد بھی کرے تو اُسکے ساتھ ہی یَامُقیت سات مرتبہ لکھ دیں۔

بچے کو نظر لگ جانے کی صورت میں یَامُمِیت پانچ دفعہ لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اس سے پہلے سورہ القلم کی آخری آیت لکھ دیں۔

## 140. بخشے ہوئے بندوں میں شمولیت

جو شخص ہر جمعہ کی نماز کے بعد یَاغَفَارُ اَغفرنی ذنوبی ایک ہی دفعہ پڑھے گا۔ اور اس عمل پر مداومت اختیار کرے حق تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں کی فہرست میں

Marfat.com

درج فرمائے گا۔

## 141. بواسیر خونی و بادی

اسکے لئے ہمیں سورہ اعلیٰ روزانہ ایک دفعہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیے۔ انشاءاللہ مرض سے خلاصی ہو گی۔ اسکے ساتھ سورہ قریش کو روزانہ گیارہ دفعہ پڑھیں۔

## 142. دوا کا اثر نہ کرنا

اگر کوئی شخص بیمار ہو۔ اور کوئی دعا اس پر اثر نہ کرتی ہو۔ تو علاج کرانے کے ساتھ ساتھ سورہ ق تین مرتبہ روزانہ پڑھ کر تھوڑے سے پانی پر دم کر کے اسے پلایا جائے تو دوا میں شفایابی کے اثرات پیدا ہو جائیں گے۔

## 143. داڑھ کا درد

اگر کسی شخص کی داڑھ میں درد ہو۔ تو ایک دفعہ سورہ فاتحہ اور یہ آیت ۷ مرتبہ پڑھ درد کے مقام پر دم کریں۔

وَلَهُ مَاسَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ.

## 144. رکی ہوئی تجارت یا کاروبار

اسکے لئے سورہ الضحیٰ کو ۲۱ دن تک ۳۱۳ دفعہ پڑھیں۔

رکی ہوئی تجارت پھر جاری ہو جائیگی۔ اور اسکا بند کاروبار پھر چلنے لگے گا۔

## 145. سانپ بچھوؤں سے امان

جس گھر میں سانپ یا بچھو نکلتے ہوں۔ وہ سورہ طارق کاغذ پر لکھ کر دیوار پر آویزاں کر دی جائے۔ تو انشاء اللہ پھر کوئی سانپ یا بچھو باہر نظر نہیں آئیگا۔ اگر وہ باہر نکل بھی آئیگا تو کسی کو اذیت نہ پہنچائے گا۔

## 146. سفر سے بخیریت واپسی

اگر کوئی شخص حج کیلئے یا کسی دیگر سفر پر جائے تو گیارہ مرتبہ آیت کریمہ اِنَّ رَحْمَتَ

Marfat.com

اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ مشک سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو اللہ تعالی سفر کے دوران میں اسکی حفاظت فرمائیں گے اور سفر کے بعد اپنے وطن میں میں بخیریت اور زندہ سلامت لوٹے گا۔

یایا وَکیل کا ورد آتے جاتے کرتا ہے پھر بھی عافیت سے اپنے وطن واپس پہنچے گا۔

## 147. سواری کی تکلیف

اگر کوئی شخص کشتی جہاز ریل بس یا کسی اور سواری پر سوار ہو کر پہلے تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرِھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّی لَغَفُوْرٌ رَّحِیْم پڑھے اسکو بھی سواری سے تکلیف اور اذیت نہ ہوگی۔ اور وہ سواری سے بخیر عافیت اور زندہ اسلامت اترے گا۔ سورہ ھود آیت نمبر ۴۱

## 148. فراوانی رزق و مال وزر

اگر کوئی شخص چالیس راتیں مسلسل ہر رات چالیس دفعہ سورۃ اللیل کی تلاوت اسطرح کرے کہ جب اس سورت کی آیت نمبر ۱۹ پر پہنچے تو اس آیت کی تین بار تکرار کرے تو اللہ اس مدت کے اندر اسے انتہائی درجے کی فتوحات کثیر مال وزر اور فراوانی رزق سے اسے سرفراز فرمائے گا کہ انسانی عقلیں دنگ رہ جائیں گی۔

آیت نمبر ۹ اوَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰی

## 149. قرآن مجید کا یاد کرنا

اگر کسی شخص کو قرآن مجید یاد نہ رہتا ہو۔ یا وہ قرآن مجید حفظ کرتے ہوئے بار بار بھول جاتا ہو۔ تو وہ شخص عشاء کے بعد اوّل و آخر ۱۱،۱۱ دفعہ درود پاک اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ پڑھتے ہوئے ایک ہزار مرتبہ آیت شریفہ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ. پڑھے اور تا حفظ قرآن اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالی نہایت سہولت سے قرآن مجید حفظ کرے گا۔

## 150. قے اور متلی کے لیے

یَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰی مِنْکُمْ خَافِیَۃٌ اس آیت کو پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی

Marfat.com

جائیں۔

## 151. جس گھر یا خاندان میں نااتفاقی ہو

جس گھر میں یا خاندان میں نااتفاقی ہو۔ یا کسی سے دشمنی ہو۔ تو یہ فرض نماز کے بعد ۷ دفعہ یہ دعا پڑھیں۔ سورہ الحجر آیت نمبر ۴۷

وَنَزَعْنَا مَافِیْ صُدُوْرِهِمْ...... مُتَقَّبِلِیْنَ کامیابی تک اسکو پڑھتے رہیں۔

## 152. نماز کی پابندی اور بُرائی سے دور رہنے کیلئے

اَقِمِ الصَّلٰوةَ...... اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ. سورہ ھود آیت نمبر ۱۱۴، ۱۱۵

اِن آیات کو روزانہ ۲۱ دفعہ پڑھیں۔

## 153. جنت الفردوس حاصل کرنے کیلئے

جنت الفردوس حاصل کرنے کیلئے سورہ الشعراء کی آیت نمبر ۸۵ کا ورد روزانہ ۴۱ دفعہ کریں۔ آیت وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ

## 154. بچوں کے رشتوں کیلئے

سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲ اِنَّمَا اَمْرُهٗ...... کُنْ فَیَکُوْنَ اور سورہ الانشراح کی آیت نمبر ۵-۶ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔ کاروباری پریشانی اور ہر پریشان میں بھی اسکا ورد مجرب ہے۔

رشتوں کیلئے سورہ رحمان کا روزانہ تین دفعہ پڑھنا بھی مجرب ہے۔

## 155. عزت بچانے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی کو بدنام کرنے پر تلا ہوا ہے۔ اسکو اپنی عزت کا خطرہ ہو۔ تو سورہ یونس آیت نمبر ۶۵ کو روزانہ ۱۱ دفعہ صبح ۱۱ دفعہ شام پڑھے اپنے اوپر دم کرے سورہ یونس۔ وَلَا یَحْزُنْکَ قَوْلُهُمْ ...... وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

Marfat.com

## 156. مالی حالت بگڑنے پر

مالی حالت بگڑنے کی صورت میں سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۷ کا ورد اٹھتے بیٹھتے کرے اِلَّا رَحْمَةً...... كَبِيْرًا ہر نماز کے بعد اسم الٰہی اور اسم ذات یارؤف یا اللہ یا لطیف یَا اللہ ۲۴۱ دفعہ پڑھیں۔

## 157. تکلیف یا دکھ کی صورت میں

اگر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی تکلیف ہو یا غم یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو۔ تو وہ سورہ رعد کی آیت نمبر ۲۴ کو اٹھتے بیٹھتے پڑھے۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ...... عُقْبَى الدَّارِ

## 158. مقدمے کی صورت میں

سورہ یونس کی آیت نمبر ۸۲ کو صبح و شام ۴۱ دفعہ پڑھیں۔ جھوٹے مقدمے میں پھنس جانے کی صورت میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

وَلَا يُحِقُّ اللّٰهُ ...... الْمُجْرِمُوْنَ تک (سورۃ یونس)

## 159. ہر جائز مراد کیلئے

اور ہر مشکل کی آسانی کیلئے سورہ الروم کی آیت نمبر ۴، ۵ روزانہ ۲۱ دفعہ پڑھیں۔

يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ...... الرَّحِيْمُ

## 160. اولاد کیلئے

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو تو سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۴۹ کا ورد فجر کی نماز کے بعد ۲۱ دفعہ کریں۔ پانی پر دم کر کے دونوں میاں بیوی پئیں۔ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ...... الذُّكُوْرَ.

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو زندہ نہ رہتی ہو۔ یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا ہو۔ تو سورہ الصفت کی آیت نمبر ۷۶ کا ورد صبح و شام کرے۔ کم از کم ۲۱ دفعہ وَنَجَّيْنٰهُ ...... الْعَظِيْمِ

Marfat.com

## 161. شادی کیلئے

جس شخص کے بیٹے اور بیٹی کا رشتہ کسی وجہ سے نہ ہوتا ہوتو اسے اس کیلئے سورہ الفرقان کی آیت نمبر ۵۴ کا ورد روزانہ ۳۱۳ دفعہ کرنا چاہیے۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ ...... رَبُّكَ قَدِيرًا

اسکے ساتھ آل عمران کی آیت نمبر ۱۰۹ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ کو بھی ۳۱۳ دفعہ پڑھے۔

## 162. اگر رشتے آ کر چلے جاتے ہیں

تو سورہ الممتحنہ کو روزانہ تین دفعہ پڑھے اور یا لطیف کا ورد ہر وقت رکھے۔ (الممتحنہ پارہ ۲۸)

## 163. اولاد سے محرومی

اولاد کی نعمت سے محروم ہونے کی صورت میں سورہ السجدہ کی آیت نمبر ۷ تا ۹ کو کثرت سے پڑھے انشاءاللہ رب العزت کرم نوازی فرمائیں گے۔

آیات:۔ الَّذِیْ اَحْسَنَ ...... مَّا تَشْكُرُوْنَ

## 164. اعضا درست رکھنے کیلئے

جو شخص چاہے کہ مرتے دم اسکے اعضا درست رہیں۔ اور تندرست بھی رہے اسکو سورہ الروم کی آیت نمبر ۳۰ کا ورد روزانہ کرنا چاہیے اور اپنے اوپر پھونک مارنی چاہیے۔ انشاءاللہ کامیابی ہو گی۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ ...... لَا يَعْلَمُوْنَ

## 165. دشمن کی اذیت سے بچنے کیلئے

سورہ توبہ کی آیت نمبر ۵۱ کا ورد روزانہ ۲۱ دفعہ صبح ۲۱ دفعہ شام کرنا چاہیے انشاءاللہ دشمن کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

قُلْ لَّنْ ...... الْمُؤْمِنُوْنَ

Marfat.com

## 166. محبت کیلئے

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو۔اور خاندان میں نا اتفاقی کی صورت میں سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۳ کو ۱۱ دفعہ پڑھنا چاہیے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ...... عَزِيزٌ حَكِيمٌ

## 167. حج پر جانے کیلئے

اگر کسی شخص کے پاس حج پر جانے کیلئے وسیلہ نہ ہو۔تو وہ ان آیات کا کثرت سے ورد کرے اسوقت تک عمل جاری رکھے۔جب تک وسیلہ نہ بن جائے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ ...... فَتْحًا قَرِيْبًا سورہ فتح آیت نمبر ۲۷ پارہ ۲۶

## 168. ہر رنج اور غم اور غیب سے مدد کیلئے

سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴ عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰ دفعہ پڑھیں۔انشاءاللہ کامیابی ہوگی

## 169. بھائی اور بھابی میں لڑائی

یَاقُدُّوْسُ یَا وَدُوْدُ کھلا پڑھیں۔

## 170. نوکری یا سروس میں رکاوٹ

یا غنی یا رزاق ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام

## 171. کمزور ذہن

یَاحَسِیْبُ یَاقَوِیُّ ایک ہزار مرتبہ جمعرات کے دن یہ عمل سات جمعراتیں کرنا ہے۔

## 172. شوہر کی بدسلوکی

یَاقُدُّوْسُ یَاوَدودُ ایک تسبیح روزانہ۔

## 173. معاشی تنگی

Marfat.com

عشاء کی نماز کے بعد ۲۰۰ دفعہ یَا کفیلُ یَاغَنِیُّ

## 174. پڑھائی سے دل اچاٹ

یَاحفیظُ یَاقائیم ۱۰۱ دفعہ

## 175. معدہ خراب

یَاواحدُ یاشافی بکثرت

## 176. شادی میں رکاوٹ

جمعرات کو ۱۰۰۱ دفعہ یَا مُعْطِیُ یَا رَحِیْمُ

## 177. کام رُک گیا

ہر نماز کے بعد یا جامِعُ یَاوھابُ ۲۱۳ دفعہ

## 178. گھریلو ناچاقی کا حل

یَابُدِیْعُ یَاعَزِیْزُ یَامُعِزُّ صبح وشام ایک تسبیح

## 179. خرچہ نہ دینا

یَا فَتّاحُ یَاقَائِمُ کثرت سے پڑھیں۔

## 180. کالے علم کے وار سے حفاظت

سورہ فلق اور سورہ الناس گیارہ دن تک گیارہ سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی جائیں۔ انشاالله ہر طرح کے سحر جادو اور کالے علم کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور کوئی دشمن یا حاسد اسکو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

کام کی نیک و بد انجام معلوم کرنے کیلئے یَاخبیرُ اَخْبِرنی ۱۰۰ امرتبہ پڑھیں دعا میں کہیں کہ اس نام کے موکل مجھے خبر دے دے۔ اسکے اول و آخر سورہ الصفت کی آخری تین آیات

Marfat.com

پڑھیں۔ سات سات مرتبہ پڑھ کر خاموش ہو کہ سو جائیں۔ انشااللہ آپکو کام کے نیک یا بد ہونے کا معلوم ہو جائیگا۔

## 181. کھوئی ہوئی چیز کی واپسی

اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہوگئی ہو وہ شخص یَا جَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اَجْمَعْ لِی ضَالَّتِی یَا جَامِعُ پڑھ کر پھر تین ہزار مرتبہ اسم مبارک یَا جَامِعُ پڑھے انشااللہ چوری شدہ یا کھوئی ہوئی چیز واپس اسے مل جائیگی۔

## 182. گردن کے درد کیلئے

یہ آیت مبارکہ اِنَّا جَعَلْنَا فِی اَعْنَاقِهِمْ اَغْلاً لاً فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُوْنَ تعویز بنا کر گردن میں لٹکا دیں۔

## 183. گلے کے امراض

اسکے لئے یہ آیت مبارکہ بِسْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ انشااللہ شفا ہوگی۔

## 184. گھٹنوں کا ورم

اسکے لئے سورہ الاعلیٰ کثرت سے پڑھے اور پھر گھٹنوں پر دم کریئے۔

## 185. اگر مالدار مفلس ہو

اگر مالدار مفلس ہو جائے تو وہ اسم مبارک یَامُعِیْدُ گیارہ ہزار مرتبہ ۲۱ روز تک پڑھے۔ اسکی مفلسی اور تنگ دستی پھر سے مالداری اور خوش حالی میں تبدیل ہو جائیگی۔

## 186. محبت میں کامیابی کیلئے

یَامَحْمُوْدُ کا ورد کثرت سے کرنا چاہیے۔

ناجائز تعلقات یا خلاف شرع امور کی غرض سے اس اسم مبارک یا دیگر اسمائے مبارکہ کا عمل سخت منع ہے۔ اگر کوئی ایسا کرے گا تو جذام یا کوڑھ جیسے موذی مرض میں مبتلا ہو کر مرے گا۔

Marfat.com

## 187. مراتب ومناصب کی ترقی

اسکے لئے اسے بنی اسرائیل کی سورت کو تین دفعہ روزانہ پڑھنا پڑے گا۔ اسکے ساتھ اگر یَـا مُذِلُّ کا ورد بکثرت کرے تو اسکے مراتب کی ترقی ایسے عجیب وغریب آثار اور ایسے اندازے ہونگے کہ وہ خود بھی حیران رہ جائیگا۔ آپ یَا مُذِل کے لفظی ترجمہ پر نہ جائیں۔ یہ لفظ اپنے حقوق لینے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ یہ میرا ایک خاص تجربہ ہے۔

## 188. مردہ شخص سے خواب میں ملاقات

جو شخص کسی فوت شدہ عزیز یا رفیق کو خواب میں دیکھنا چاہیے وہ شب جمعہ کو التکاثر ایک سو تیرہ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ فوت شدہ عزیز یا رفیق خواب میں اسکے سامنے آئیگا اور اسے اس سے باتیں کرنے کا موقعہ ملے گا۔

## 189. مردہ کی مغفرت کیلئے

مردہ کی مغفرت کیلئے اگر کوئی شخص سورہ الملک کو گیارہ روز تک بعد نماز ظہر پڑھے اللہ تعالیٰ کے حضور کسی مردے کی مغفرت کیلئے دعا کی جائیگی انشاءاللہ وہ دعا قبول ہوگی۔ اور مردے کو انشاءاللہ راحت نصیب ہوگی۔

جو کوئی آیت کریمہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل کرم سے اسکی مصیبت آفت یا بیماری سے نجات بخشے گا۔

## 190. تنگ کرنے والے سے نجات

اگر کسی شخص کو کوئی اور شخص حسد یا کسی اور وجہ سے تنگ کرتا اور ستاتا ہو۔ تو وہ شخص اس شخص سے چھٹکارا حاصل کرنے کی نیت سے سورہ الدہر کی آیت نمبر ۲۳، اور ۲۴ کو روزانہ ۳۱۳ دفعہ پڑھے۔ کم از کم ۲۱ دن تک پڑھے۔

## 191. جریان

اسکے لئے سورہ الفاطر بعد نماز مغرب پڑھ کر مریض پر دم کرکے اسے اکیس روز تک

Marfat.com

استعمال کریں۔انشاءاللہ مرض دور ہو جائیگا۔

## 192. جوڑوں کا درد

اگر کوئی شخص گنٹھیا یا جوڑوں کے درد کی تکلیف میں مبتلا ہو۔تو وہ سورہ العلق صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھے۔پھر سجدہ تلاوت کرنے،اور سجدہ میں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل نِعْمُ الْمَوْلٰی وَنِعْمُ اَلنَّصِیْر سات مرتبہ ہے۔تو انشاءاللہ اسے جوڑوں کے درد سے شفا ہو جائیگی۔

## 193. چوٹ سے تکلیف

اسکے لئے آپ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم یَوْمٍ ھُوَفِیْ شَاْنٍ

## 194. چھن جانے والی جائیداد کی بازیابی کیلئے

اسکے لئے بکثرت یَارَقِیْبُ پڑھیں۔انشاءاللہ کامیابی ہوگی

## 195. حصول ملازمت کیلئے

سورہ اللیل کو ۴۱ دفعہ ۴۱ روز تک برابر پڑھتا رہے گا۔تو انشاءاللہ تعالی اپنے فضل سے اسے روزگار مہیا فرمائے گا۔

## 196. حق کے مطابق فیصلہ

حق کے مطابق فیصلہ کرنے والے کو عشاء کی نماز کے بعد تین دفعہ سورۃ حشر کی یہ آیت پڑھنی پڑے گی۔عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّحَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

## 197. خاوند سے طلاق لینا

اسکے لئے سورہ الممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔انشاءاللہ طلاق کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئیگی۔

Marfat.com

## 198. چنبل سے آرام

اگر کسی کے جسم پر داد یا چنبل وغیرہ ہو تو صبح دو پہر شام رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ گیارہ گیارہ دفعہ پڑھ کر چنبل کے مقام پر دم کریں۔ انشاءاللہ العزیز شفا ہوگی۔

## 199. درازی عمر

درازی عمر کیلئے وہ سب سے پہلے عبادت شروع کرے۔ اور جتنی نفل عبادات ہیں۔ اُنکو نہ چھوڑے تو اسکے لئے یَاوَارِثُ یَامُؤَخِرُ کا ورد کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے لمبی عمر عطا فرمائے گا۔

## 200. پسلی یا سینہ کا درد

اگر کسی شخص کو پسلی سینہ کمر یا سر میں درد ہو۔ تو کوئی دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ یااللہ انگلی سے خالی بغیر روشنائی (سیاہی) کے لکھے تو انشاءاللہ اس عمل سے درد جاتا رہے گا۔

## 201. درد معدہ سے نجات

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۸ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا...... اَنْتَ الْوَهَّابُ پڑھ کر تین پھلوں پر دم کر کے کھلائے۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔ پانی پر بھی پڑھ کر پانی دے سکتے ہیں۔

## 202. دِلی مراد کا حصول

اگر کوئی شخص تین راتیں مسلسل سورہ الشمس اور سورہ اللیل سات سات مرتبہ پڑھے اور پھر تین مرتبہ یہ کہے تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ تو وہ جو مراد بھی دل میں رکھتا ہو۔ انشاءاللہ پوری ہوگی۔

## 203. برائے سحر یعنی جادو

ا: جنوں سے حفاظت کی دعا۔ اس ضمن میں آیت الکرسی کا پڑھنا نہایت موثر ہے۔ اسکے پڑھنے والا ہمیشہ شر شیطان شر جن اور شر انسان سے حفاظت میں رہتا ہے۔ یہ کم از کم ۱۹ دفعہ صبح ۱۹

Marfat.com

دفعہ شام پڑھنے کا معمول بنانا چاہیے اور زیادہ سے زیادہ اسکو ۳۱۳ دفعہ پڑھیں۔

جب کوئی شخص کسی ویرانے یا جنگل سے گزرے اسکی تلاوت کرتا جائے۔ تو انشاالله باہر کی ناری مخلوق اسکو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گی حصول روحانیت کیلئے اسکا پڑھنا بڑا مفید ہے۔ کیونکہ ستر ہزار ملائکہ اسکے پیچھے پابند ہیں۔ اسکو ہر نماز کے بعد ایک دفعہ ضرور پڑھنا چاہیے۔

## 204. شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعا

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۰ تا ۲۰۱ وَاِمَّا يَنۡزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيۡطٰنِ ...... هُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ اصل میں شیطان انسان کا دشمن ہے۔ اسلئے اسکے شر سے محفوظ رہنا بھی ضروری ہے۔ یہ عبادت الٰہی میں خلل اندازی کرتا ہے۔ اور صراط مستقیم سے بھٹکاتا ہے۔ دل ودماغ پر برے خیالات کا تعلق بھی شیطانی وسواس سے ہے۔ اسکے وسواسوں سے محفوظ رہنے کیلئے ان آیات کو کم از کم ہر نماز کے بعد تین دفعہ ضرور پڑھیں۔ یا جسوقت وسواس پیدا ہوں۔ اسکی تلاوت شروع کر دیں۔ ختم ہونے تک تلاوت جاری رکھیں۔

کثرت سے اذان پڑھنے سے بھی جن دور ہو جاتا ہے۔ سورہ طارق کی آیت نمبر ۱۵، ۱۶ کو بھی ۲۵ بارہ پڑھ سکتے ہیں۔ اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ...... فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا اس ضمن میں يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ ...... كَانُوۡا كٰفِرِيۡنَ بھی بڑی موثر ہے۔ جن کا ستایا ہوا سورہ یوسف کی آیت نمبر ۴ اِذۡ قَالَ يُوۡسُفُ ...... فِىۡ سٰجِدِيۡنَ تک کا بھی ورد کر سکتا ہے۔ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کثرت سے پڑھنے سے شیطان دور ہو جاتا ہے۔

## 205. آسیب دور کرنے کی دعا

سورہ المومنون کی آیت نمبر ۱۱۵ تا ۱۱۷ اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ ...... عِنۡدَ رَبِّهٖ تک۔

وَاِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِيۡنَ تین بار پانی پر پڑھ کر آسیب زدہ کو پلائیں انشاالله آسیب جاتا رہے گا۔ آسیب زدہ پر یہ آیت بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ قُلۡ اٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمۡ اَمۡ عَلَى اللّٰهِ تَفۡتَرُوۡنَ (سورۃ القلم)

Marfat.com

## 206. عملیات امراض آسیب

ناری مخلوق کئی دفعہ اپنی طاقت سے کسی بچے یا لڑکی یا شخص میں اپنی شکل دکھا کر ڈراتے ہیں۔ جسے آسیب کہا جاتا ہے، یہ ناری مخلوق انسان کو ذہنی طور پر دباؤ ڈال دیتی ہے اور مفلوج کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ چنانچہ آسیب دور کرنے کیلئے یہ آیات بہت ہی اکسیر ہیں۔ ان آیات کا عمل اللہ کا نیک بندہ ہی کر سکتا ہے۔ ان آیات کو ۷ دفعہ یا ۱۱ دفعہ پڑھ کر آسیب زدہ کا نام لیکر اللہ کے حضور آسیب دور کرنے کی دعا کر سکتا ہے تو انشاءاللہ آسیب اُسی وقت دور ہو جائیگا۔

سورہ طارق سات دفعہ پڑھنے سے آسیب بھاگ جاتا ہے۔ کان میں دم کریں۔ دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر اقامت پڑھیں۔

## 207. جادو

جادو کرنا یا کروانا اپنی عاقبت خراب والی بات ہے۔ اسکے کرنے اور کروانے والا دونوں دوزخی ہیں۔ انسان کو اس میں جکڑ کر رکھ دیا جاتا ہے۔ تو ایسے حالات میں کوئی اللہ کا نیک بندہ کم از کم تہجد گزار ہو۔ اسپر ان آیات کو ۲۱ دفعہ پڑھ کر دم کر دے۔ ان آیات کو ۷ دن تک پانی میں دم کر کے پلائیں۔ انشاءاللہ آرام آ جائیگا۔

سورہ اعراف آیت نمبر ۲۰۰ تا ۲۰۱ وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ سے لیکر فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔

۲۔ سورہ یونس آیت نمبر ۸۱،۸۲ فَلَمَّآ اَلْقَوْا ...... الْمُجْرِمُوْنَ تک

۳۔ سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۶۹ اِنَّمَا صَنَعُوْا ...... حَیْثُ اَتٰی تک

۴۔ سورہ المومنون کی آیت نمبر ۱۱۰ تا ۱۱۷ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا...... لَایُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ تک

سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۲ بھی کثرت سے پڑھی جاسکتی ہے۔ وَکَانَ اللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا۔

سورہ البقرا کو ایک دفعہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ جادو کا اکثر ختم ہو جائیگا۔

Marfat.com

## 208. دعا

يَاحَيُّ حِيْنَ لاَ حِيُّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وبقَائِه يَاحَيُّ اے ہمیشہ زندہ رہنے والے تیری بادشاہت میں تیرے سوا کوئی زندہ اور باقی رہنے والا نہیں اے زندہ (یہ دعا بھی کی جا سکتی ہے۔ یہ دعا جادو کیلئے موثر ہے)۔

یَامَانِعُ ۱۱۱۳دفعہ رات کے بارہ بجے کے بعد پڑھیں ۸۱دن تک اسکے بعد ہر نماز کے بعد تین دفعہ پڑھیں۔ انشاءاللہ جادو ساری عمر نہیں ہو سکے گا۔

## 209. شیطان سے پناہ مانگنے کی دعا

سورہ المومنون کی آیت نمبر ۹۷، ۹۸ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ ...... اَنْ یَّحْضُرُوْنِ

ترجمہ اے میرے پروردگار میں شیطانی وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے پروردگار میں اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں۔ کہ شیاطین میرے پاس آئیں۔

## تعویزات اور عملیات کا اثر ختم کرنے کیلئے

۷دفعہ یَا حَفِیْظُ یَاحَافِظُ یَامحفُوظُ یَامحافِظُ پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک ماریں۔ اثر ختم ہو جائیگا۔ یہ الفاظ ہر فرض نماز کے بعد پڑھیں۔ اسکے ساتھ ہو سکے تو

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لاَ یَرْجِعُوْنَ بہرے گونگے اندھے پھر بھی نہیں لوٹتے۔

............لاَ یَعْقِلُوْنَ ............ عقل سے کام نہیں لیتے

............لاَ یَسْمَعُوْنَ ............ پھر بھی نہیں سنتے

............اِنَّھُمْ یَلْبُرُوْنَ ............ سے آخر تک

آخری تین آیات (سورہ طارق)

ترجمہ

بے شک وہ ایک تدبیر کر رہے ہیں اور میں بھی (اللہ) ایک تدبیر کر رہا ہوں۔

پس کافروں کو تھوڑے دن کی مہلت دے۔

اگر کوئی نیک بندہ مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر انسان پر دم کرے تو انسان بالکل ٹھیک ہو

Marfat.com

جائیگا۔ انشااللہ شرَ شیطان شرَ جن شرَ انسان سے محفوظ ہو جائیگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ الحمد شریف | ۷دفعہ | |
| آیت لکرسی | == | |
| چاروں قل | == | |
| سورہ حشر کا آخری رکوع | == | لَا یَسۡتَوِیۡ سے آخر تک |

نبی اسرائیل کی آیت نمبر۸۲ سات دفعہ --وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡآنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ

| | |
|---|---|
| تیسرا کلمہ | ۷دفعہ |
| چوتھا کلمہ | ۷دفعہ |

(یہ میرا اپنا عمل ہے نہایت مجرب المجرب ہے)

## آسیب اور جنات کے اثرات سے نجات کیلئے مختصر عمل

ا۔ سورہ طارق گیارہ روز تک ایک سو گیارہ مرتبہ اگر کوئی مقام یا مکان آسیب زدہ ہوں۔تو سورہ زلزال لکھ کر مکان کے کسی دیوار پر چسپاں کردی جائے۔

یَـا یَمِیۡتُ ۷دفعہ پڑھ کر اپنے آپ پر دم کریں۔صبح شام ۲۱،۲۱ دفعہ یَـاقَـابِضُ پڑھیں۔سورہ حجرات کاغذ پر لکھ کر دیوار پر چسپاں یا آویزاں کی جاسکتی ہے۔

سورہ فاتحہ آیت لکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنے وجود پر دم کرنے والے پر جادو کے آثار بھی نہیں ہوسکتے۔ ہر نماز کے فرضوں کے بعد یہ عمل ہمیں رکھنا چاہیے۔

برائے دوری جن وشیطان کیلئے سورہ ابراہیم کی آیت نمبر ۳۵ اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھتے رہنا چاہیے۔یا ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ پڑھ لیں۔آپکا مسئلہ حل ہو جائیگا۔

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ ...... اَنۡ نَّعۡبُدَ الۡاَصۡنَامَ.

## خوف دور کرنے کی دعا

سورہ یوسف آیت نمبر۶۴ فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ اگر کسی دشمن کا

Marfat.com

خوف رہتا ہو۔یا کسی آفت یا ناگہانی بلا کا خوف ہو۔تو اس آیت مبارکہ کو ۲۱ دفعہ پڑھنے سے خوف دور ہو جاتا ہے۔

## بھاگنے والے یا اغوا ہونے والے کیلئے یا گم ہونے کی صورت میں

سورہ البقرا کی آیت نمبر ۱۴۸ اَیْنَ مَاتَکُوْنُوا آیَاتِ بِکُمُ اللّٰهُ ......شَئیٍ قَدِیْرٌ تک ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام

سورہ لقمان کی آیت نمبر ۱۶ کو ۲۱ دفعہ رات کے بارہ بجے کے بعد اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا عَلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ہر وقت اور یَامُعِیْدُ ۲۲۴ دفعہ صبح شام اور ایک آدمی سورہ وَالضُّحٰی کا ورد کرتا رہے۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔اگر پھر بھی نہ ہو تو مجھ سے تعویز لے سکتے ہیں کیونکہ یہ بڑا ہی نازک مسئلہ ہوتا ہے۔

## بواسیر

یہ آیت شریف بواسیر والے کی کمر میں باندھے انشاءاللہ خونی بواسیر والے کی شکایت جاتی رہے گی۔

وَقِیْلَ یَاَارْضُ ابْلَعِیْ مَآءَ کَ ...... لِلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے اس بیماری میں مبتلا شخص کو فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں اَلَمْ نَشْرَحْ دوسری میں اَلَمْ تَرَکَیْفَ پڑھنی چاہیے بعد سلام کے۔

## ناف

اس آیت شریف کو لکھ کر ناف پر باندھیں۔ناف اپنی جگہ پر آ جائیگی اور بندھا رہنے سے ناف پھر کبھی نہیں ٹلے گی

اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ...... حَلِیْمًا غَفُوْرًا.

## دکھتی آنکھیں

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کو ۲۱ دفعہ پڑھ کر انگلیوں کے پوٹوں پر دم کر کے

Marfat.com

آنکھوں پر پھیریں۔یا نُوْرُ ۸۰۰ ادفعہ پڑھیں اسطرح ہی عمل کریں۔

## حافظہ کی زیادتی کیلئے

الحمد شریف۔سونے سے پہلے ایک تسبیح کر کے دعا کریں۔اِیَّـاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّـاکَ نَسْتَعِیْن کو تین دفعہ دہرائیں۔

## برائے مَسان

جن کو سوکھے کی بیماری ہے اسکے لئے یا جَبَّارُ ۲۱۰۰ دفعہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔اور دعا بھی کریں۔انشااللہ بچہ موٹا تازہ ہو جائیگا۔

## ہر حاجت کیلئے

جوکوئی اس آیت وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ کو بعد نماز مغرب یا مابین مغرب اور عشاء کے دو ہزار بار گیارہ دن تک پڑھے انشااللہ جو مقصد اُس کا ہووے خواہ مقصد دینی ہو یا دنیوی برآئے۔

## مہم سخت کیلئے

جب کوئی حاجت ہو تو شروع ماہ میں بعد نماز عشاء اس آیت شریف کو ۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس روز تک پڑھے گا مطلب حل ہوگا عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ سورہ حشر آیت نمبر ۲۲ ہر کام کے واسطے عشاء کی نماز کے بعد ۲۰۸ امرتبہ پڑھے انشااللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

## ہر مقصد کے لیے

ہر مقصد کیلئے سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو ۳۷ دفعہ روزانہ پڑھیں۔اس بیت کو جس مراد کے واسطے ۱۰۰ امرتبہ پڑھیں انشااللہ مقصود حاصل ہو۔وضو ضروری ہے

امیدوار چنانم کہ شرمساری کن
شود بہ پیش تو عذر گنگاری مِن

Marfat.com

## شادی۔ رشتے

شادی میں رکاوٹ ہے۔ رشتے آتے ہیں۔ ہوتے نہیں ہیں۔ ان وجوہات کی وجہ سے شادی نہیں ہوتی۔

اسکے لئے مندرجہ ذیل آیات قرآن پڑھی جاسکتی ہیں۔

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۰۹

**لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ**

ترجمہ:۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اور ہر کام کا رجوع اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔

اسکی کم از کم ۷ تسبیاں روزانہ کرنی ہیں۔ جب تک کام نہیں ہوتا۔

سورہ الممتحنہ تین دفعہ روزانہ پڑھنی ہے۔ اسکے علاوہ ۱۱ تسبیاں عشاء کی نماز کے بعد یَالطیفُ کرنی ہیں۔

یا

عشاء کی نماز کے فرضوں کے بعد تین تسبیاں یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اوّل وآخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود پاک اسکے بعد تین تسبیاں یَـــا لَـطِیفُ کی کریں پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ کہ اے رَب العزت مجھے اچھا نبھانے والا اور معیار والا رشتہ مہیا کردے۔ انشاللہ رَب العزت ضرور رشتے کی خیر ڈالے گا یا لطیف اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے بھی پڑھتے رہیں ان عملیات کے ساتھ سورہ طٰہٰ ایک دفعہ پڑھنی ہے۔

یا وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ یَامَکَفِّلُ ہر وقت پڑھیں۔ یا

سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲، ۸۳ کی ایک تسبیح صبح دوپہر اور شام کو کرنی چاہیے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ہر وقت پڑھنا ہوگا۔

اسکے ساتھ سورہ مدثر ایک دفعہ روزانہ پڑھیں۔ انشاللہ رشتوں کے آثار نمودار ہونے شروع ہوجائیں گے۔ بچوں کے رشتے کیلئے کاروباری پریشانی اور ہر پریشانی دور کرنے کیلئے سورہ الانشراح کی آیت نمبر ۵، ۶ کو اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔

Marfat.com

سورہ یوسف گلے میں ڈالیں۔ اسکے ساتھ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن ۵۰۰ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد اسکے علاوہ یالطیف ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔

انکے پڑھنے کے باوجود مسئلہ کا حل نہیں نکلتا تو مندرجہ ذیل کا ورد کریں۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ ۵۰۰ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد

۲۔ سورہ النمل کی آیت نمبر ۶۲ کا اتنا حصہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ۵۰۰ دفعہ اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔

آیت کریمہ ۳۱۳ دفعہ انشاء اللہ رحمت خداوندی جوش میں آسکتی ہے۔

سہولت نکاح کیلئے یَامُعْطِیُ کا ورد بھی کیا جاسکتا ہے۔

سورہ الفرقان کی آیت نمبر ۵۴ وَھُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ ...... رَبُّکَ قَدِیْرًا

جنگ بدر کے صحابہ کرام کی نسبت سے ۳۱۳ دفعہ پڑھیں (۲۱ دن تک)

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۷۳ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَکُمْ ...... وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ کو ۵۰۰ دفعہ پڑھا جاسکتا ہے اس سے بھی رشتوں میں مدد مل سکتی ہیں۔

یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ ۳۰۰ دفعہ۔

سورہ مزمل بھی ۲۱ دفعہ رشتوں کیلئے پڑھی جاسکتی ہے۔

منگنی کے بعد رشتے میں رکاوٹ ہو۔ تو سورہ الفرقان کو پڑھ کر دعا کریں رشتوں کے زیادہ رکاوٹ کے موقوں پر سورہ الممتحنہ ۳ دفعہ

یا مدثر ایک دفعہ

یا طہٰ ایک دفعہ

یا حشر ایک دفعہ ضروری ہے اسے روزانہ کا معمول بنانا چاہیے۔

اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو۔ یا رشتہ آتا ہو۔ مگر پسند نہ آتا ہو۔ تو سورہ القصص کی آیت نمبر ۲۴ کو ہر وقت پڑھیں۔ اور سورہ والضحیٰ کو تین دفعہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ ہر عمل اسوقت تک جاری رکھیں جب تک کامیابی نہ ہو۔

سورہ النمل آیت نمبر ۶۲ کا اتنا حصہ روزانہ ۱۲۰۰ دفعہ پڑھنے سے نصیب اچھا ہوگا۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

Marfat.com

## بہتر رشتے کیلئے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۷۲ دفعہ سونے سے پہلے پڑھ چھوڑیں۔ انشاءاللہ اچھا نبھا والے اور معیار والے رشتے آنے شروع ہو جائیں گے۔

(نوٹ) تمام عملیات میں درود شریف اول و آخر ۱۱،۱۱ دفعہ پڑھنا ہوگا۔

سورہ تغابن روزانہ تین دفعہ ۱۱ روز تک پڑھیں۔ اس سے بھی رشتوں میں مدد مل سکتی ہے۔ سورہ یٰسین آیت نمبر ۳۶ کو درود ابراہیمی کے ساتھ ۲۱۲ دفعہ پڑھیں۔ انشاءاللہ رشتوں میں کافی مدد ملے گی اور سجدہ میں جا کر رشتوں کیلئے دعا کریں۔

اسکے علاوہ یَارَؤُفُ یَااَللّٰهُ کثرت سے پڑھیں۔

## پسند کی شادی

شادی والدین کی مرضی کے بغیر نہیں ہونی چاہیے۔ والدین ہی اپنے بچوں کیلئے اچھا سوچ سکتے ہیں۔ کیونکہ والدین کی مرضی نہ ہونے سے وہ اپنے والدین کی دعاؤں سے محروم ہو سکتے ہیں۔ اگر پھر بھی گڑبڑ ہو جائے۔ بچے اور بچیاں اور والدین کے درمیان مسئلہ حل کرنے کیلئے یہ عملیات کیے جا سکتے ہیں جس سے والدین بھی راضی ہو سکتے ہیں۔ اور بچے اور بچیاں اپنی ہٹ دھرمی سے باز آ سکتے ہیں۔ یا اُنکی خوشی کیلئے اللہ تعالیٰ راستہ ہموار کر سکتا ہے اگر والدین کیلئے مسئلہ ہو تو وہ یہ پڑھ سکتے ہیں۔ ہر دو کیلئے مسئلے کی صورت یَاجَبَّارُ یَامُغِیْثُ ۳۱۳ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد بغیر بسم اللہ اور درود پاک کے۔ والدین بچوں کا تصور رکھیں اور بچے اپنے والدین کا تصور رکھیں۔

اسطرح باقی مندرجہ ذیل عملیات میں بھی۔ سورہ کوثر ۱۱ دفعہ عصر کی نماز کے بعد پھر سورہ کوثر کی ایک تسبیح رات کے اندھیرے میں۔ اور سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۰۳ لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام ہر دو فریق ایک دوسرے کا تصور کریں گے جو بہتر ہوگا۔ وہ ربّ العزت کر دے گا۔

Marfat.com

سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر ۷ کی ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام سورہ توبہ کی آخری دو آیات ہر وقت اور سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲، ۸۳ کو فرض نمازوں کے بعد تین تین دفعہ تکرار کریں۔

پھر بھی اگر کامیابی نہیں ہوتی تو آپ مجھ سے مشورہ لے سکتے ہیں۔

سورہ اخلاص کو ۴۱ دفعہ سونے سے پہلے پڑھنے سے مدد مل سکتی ہے۔

## بُرے رشتہ سے بچنے کیلئے دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ النِّسَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ صَاحِبٍ یُّوْذِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ اَمَلٍ یُّلْھِیْنِیْ۔

ترجمہ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ عورتوں کے فتنہ سے یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ہر اس عمل سے کہ مجھ کو رسوا کردے۔ اور تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ہر اس ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے اور پناہ چاہتا ہوں۔ ایسے منصوبے سے کہ مجھے غافل کردے۔ یہ دعائیں احادیث سے ثابت ہیں۔ دعاؤں کے اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ لینا چاہئے۔

## بُرے شوہر اور بُری ساس سے پناہ چاہنے کی دعائیں

یہ دعا لڑکی خود بھی مانگے اور لڑکی کے ماں باپ بھی کو بچی کیلئے دعا مانگتے رہنا چاہیے۔ جب تک اُسکا رشتہ نہیں ہوتا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ عَیْنَاہُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُہٗ یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَۃً دَفَنَھَا، وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَۃً اَذَاعَھَا۔

ترجمہ اے اللہ میں تیری پناہ لیتی ہوں۔ ایسے مکار دوست (اس میں بُرا شوہر بھی شامل ہے) سے جسکی آنکھیں مجھ کو دیکھیں۔ اور اسکا دل میری ٹوہ میں لگا رہے۔ (میرے عیب ڈھونڈنے کی ہر وقت فکر سوار ہو) اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپالے اور بُرائی دیکھ لے تو اس کو پھیلاتا پھرے۔

انکے علاوہ مختصر تین دعائیں دی جا رہی ہیں۔ یہ یاد کرنی بھی آسان ہیں۔ اور مطلب پورا حل کرتی ہیں۔

Marfat.com

## شوہر سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ.

ترجمہ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتی ہوں۔ ہر ایسے شوہر سے جو مجھے تکلیف دے۔

## ساس اور نند سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ صَاحِبَۃٍ تُؤْذِیْنِیْ

اے اللہ میں ہر ایسی ساس اور نند سے پناہ چاہتی ہوں۔ جو مجھ کو ستائے اور تکلیف دے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ بِذُنُوْبِیْ مَنْ لَّا یَخَافُکَ فِیَّ وَلَا یَرْحَمُنِیْ.

اے اللہ مجھ پر میرے گناہوں کی وجہ سے کوئی ایسا (شوہر) مسلط نہ فرمائیو۔ جو میرے بارے میں آپ سے نہ ڈرے اور نہ مجھ پر ترس کھائے۔ ایسے ظالم (شوہر) سے میری حفاظت فرما۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بتلائی ہوئی دعائیں مانگنے کی توفیق فرمائے۔ آمین ثمہ آمین

## شادی کے بعد کی دعائیں

دلہن کو چاہیے منگنی یا شادی کے بعد پچھلی دعاؤں کے ساتھ یہ دعائیں بھی مانگی جائیں۔

اَللّٰھُمَّ کَمَا جَمَعْتَنَا فِی الدُّنْیَا فَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ زَوْجِیْ فِی الْجَنَّۃ

اے اللہ جسطرح آپ نے اپنے کرم سے ہمیں دنیا میں اکٹھا فرمایا۔ جنت میں بھی ہم دونوں کو اکٹھا فرما۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مُطِیْعَۃً وَّصَالِحَۃً وَاجْعَلْنِیْ سَارَّۃً وَّحَافِظَۃً لِّلْغَیْبِ.

اے اللہ تو مجھے اپنی اطاعت اور اپنے شوہر کی جائز باتوں میں اطاعت کرنی والی بنا اور نیک بنا۔ یہ دعائیں تہجد کی نماز کے بعد اور ہر فرض نماز کے بعد اور رمضان المبارک میں خوب مانگنی چاہیے۔ اُٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے۔

Marfat.com

جوکوئی حج پر یا عمرہ کرنے جائیں۔ ہمیں ان مقامات پر بھی دعائیں کرنی چاہیے۔ جنکی مقبولیات میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

## نوٹ:

ہمیں جوان ہونے کے بعد اور شادی کے بعد سورہ الفرقان کی آیت نمبر ۷۴ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا ...... لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا کو پڑھنا چاہیے۔ یہ دعا ہر مرد اور عورت کو زندگی بھر مانگنی چاہیے بہت ہی مبارک دعا ہے۔ اس میں شوہر بیوی بچے خاندان سب کیلئے دنیا و آخرت دونوں کی دعائیں آگئیں۔ اگر یہ دعا عورتیں پڑھیں تو ہماری بیویوں کی جگہ ہمارا شوہر کا لفظ استعمال کریں۔

## مختصر دعا

یَاوَهَّابُ هَبْ لِی زَوْجًا صَالِحًا

اے بہت عطا کرنے والے مجھے نیک شوہر عطا فرما۔

ایک اور دعا دی جاتی ہے۔ جو سب کچھ (cover) کر لیتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا سَامِعِيْنَ مُطِيْعِيْنِ وَ اَوْلِيَاءَ مُخْلِصِيْنِ وَرُفَقَاءَ مُصَاحِبِيْنِ

اے اللہ تو ہم دونوں میاں بیوی کو ایسا بنا دے۔ کہ تیرے حکموں کو سننے والے اور انکے ماننے والے بن جائیں۔ اور آپس میں باہم سچے مخلص دوست اور ہم صحبت رفیق بن جائیں۔

(آمین ثم آمین)

## میاں اور بیوی کیلئے عملیات برائے حُب

سب سے پہلے اُس آیت کا پڑھنے کیلئے کہوں گا۔ جسکے لئے میرے مرشد نا سید گوہر الحسن المعروف بابا غوری شاہ قادری رحمۃ اللہ نے تاکید فرمائی تھی۔

۱۔ سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۶۵ کا اتنا حصہ۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ. اُن کی محبت رکھتے ہیں جیسے محبت اللہ کی اور ایمان والوں کو اس سے زیادہ محبت ہے اللہ کی۔ روزانہ ۵۰۰ دفعہ (مجرب المجرب)

عشاء کی نماز کے بعد خاوند کا تصور کر کے تین تسبیاں پڑھیں۔ اگر بیوی قصوروار ہے تو

Marfat.com

خاوند بیوی کا تصور کر کے پڑھ سکتا ہے۔ انشا اللہ مسئلہ حل ہو جائیگا۔

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۳۹ کا اتنا حصہ۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّی لِتُصْنَعَ عَلٰی عَيْنِی

ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام

یہ زیادہ تر عورتوں کیلئے پڑھا جاتا ہے۔ جو خاوند کا حکم نہ ماننے والی ہو۔ لیکن عورت بھی مرد کیلئے پڑھ سکتی ہے۔

## خاوند گھر کا رُخ کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَا لَه' ایک تسبیح عشاء کی نماز کے بعد لیکن اگر بیوی متکبر ہے۔ تو خاوند بھی اسکے لئے پڑھ سکتا ہے۔

يَالَطِيْفُ يَاوَدُوْدُ يَامَغِيْثُ ۱۱ تسبیاں عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر ۱۱،۱۱ دفعہ درود پاک، شوہر کی موافقت کیلئے سورہ البقرہ آیت نمبر ۷۴ پڑھیں۔ انشاء اللہ جلدی کامیابی ہوگی۔

البقرہ کی آیت نمبر ۷۴ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ ...... عَمَّا تَعْلَمُوْنَ تک

## شوہر اور بیوی کا دست گریبان ہونا

اسکے لئے سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۳۴ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ.

جو لوگ غصہ کھاتے ہیں۔ اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں۔ اللہ ایسے احسان کرنے والے بندوں سے محبت کرتا ہے۔ غصہ کو دور کرنے کیلئے چینی پر ۱۰۱ دفعہ ۲۱ دن تک پڑھیں اور پلائیں۔

## لاپرواہ خاوند کے لیے

سورہ انفال کی آیت نمبر ۱۷ کے یہ الفاظ: وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰی ایک تسبیح خاوند کا تصور کر کے پڑھ دیں

يَاعَزِيْزُ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ بِحَقِّ عَزِيْزٍ ۱۱ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد اسکے ساتھ

Marfat.com

یَامُقَلِّبُ الْقُلُوْب ۳۴۱ دفعہ

۹۔ اگر مرد کہیں باہر چلا گیا ہو۔ یا وہ ناراض ہو۔ اور گھر سے چلا گیا ہو۔ گھر کا رُخ ہی نہیں کرتا۔ تو عورت سورہ ص کی آیت نمبر ۳۲، ۳۳ کو عشاء کے وتروں سے پہلے ۱۲۱ دفعہ پڑھے تو انشاءاللہ مرد گھر کا رخ کرے گا۔

فَقَالَ اِنِّیْ اَحْبَبْتُ ...... بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ تک۔ اُسوقت تک پڑھتی رہی جب تک خاوند گھر کا رُخ نہیں کرتا۔

۱۰۔ لَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہ میاں بیوی ایک دوسرے کیلئے پڑھ سکتے ہیں۔

## محبت ملے

۱۱۔ یَاوَهَّابُ یَاوَدُوْدُ ۱۲۱ بار

۱۲۔ اگر خاوند کی بے رُخی ٹھیک نہ ہوتی ہو۔ تو یَا لطیفُ یَاوَدُوْدُ کی گیارہ تسبیاں کر کے روزانہ پڑھ کر گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لیکر اُس پر دم کر کے پھر ایک ایک کر کے آگ میں پھینکتے جائیں۔ یہ عمل گیارہ دن کرنا ہے اور خاوند کی محبت کا خیال رکھیں۔

اسطرح سورہ کوثر یا سورہ تبت یدا بھی پڑھ کر اسطرح عمل کیا جا سکتا ہے۔ انشاءاللہ رَبّ العزت کی طرف سے کرم نوازی ہوگی۔

## محبت کیلئے

۱۳۔ سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اول و آخر ۱۱، ۱۱

۱۔ دفعہ درود پاک۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ اس سے رنج غم کو دور کرنے میں مدد ملے گی اور غیب سے مدد کا دروازہ کھلے گا۔

۲۔ سورہ یوسف کی آیت نمبر ۳۰ کے یہ الفاظ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا. انکو ۱۱۰۰ دفعہ روزانہ پڑھیں۔ ان دونوں کو پڑھتے وقت خاوند کی مہربانی کا خیال رکھیں عمل کی مدت ۲۱ دن یا ۴۱ دن انشاءاللہ خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔

۱۴۔ سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۲، ۶۳ وَاِنْ یُّرِیْدُوْۤا اَنْ یَّخْدَعُوْكَ ...... عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ بھی

Marfat.com

پڑھ سکتے ہیں۔

۱۵۔ عداوت کو محبت میں بدلنے کیلئے سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۱۱ کا ورد اٹھتے بیٹھتے کریں۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ ...... وَّاَجْرٍ کَرِیْمٍ

۱۶۔ سورہ فیل ۲۷ دفعہ محبت کیلئے پڑھیں۔

۱۷۔ اگر کسی کا دل سخت ہو گیا ہو۔ تو سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۷۴ ہر فرض نماز کے بعد ۷ دفعہ دعا میں پڑھیں۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ ...... عَمَّا تَعْمَلُوْنَ.

۱۸۔ جو شخص اپنی ذہانت سے لوگوں کو تکالیف دیتا ہو۔ تو سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۹۳، ۹۴ ...... ۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام پڑھیں۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ ...... صٰدِقِیْنَ

سورہ یوسف کی آیت نمبر ۱۸ کو ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اور دل میں اپنے مقصد کا خیال رکھتے ہیں۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ.

۲۰۔ ناراض کو راضی کرنا

سورہ توبہ کی آخری دو آیات ۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام۔

یہ محبت کی ایک تسخیر ہے۔ لَقَدْ جَآئَکُمْ رَسُوْلٌ ...... رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

۱۲۔ یَاجَامِعُ یَامُحِیْطُ یَا قَرِیْبُ تین تسبیاں کسی وقت پڑھی جا سکتی ہیں۔ اگر شوہر گھر نہیں آتا

۲۲۔ نااتفاقی اور جھگڑے کی سورت میں:۔

سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۲۰، ۲۱ بھی پڑھی جا سکتی ہے۔

۲۳۔ شوہر حقوق پورے کرے:۔

سورہ الحج کی آیت نمبر ۶۳، ۶۴ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ...... لَهُوَالْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ

۱۰۱ دفعہ پڑھ کر دعا کریں۔ جب تک وہ حقوق پورے نہیں کرتا۔ مٹھائی پر ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر کھلا سکتے ہیں۔

۲۴۔ یَا اَخْلَاصُ بَحَقِّ یَاوَدُوْدُ ۲۴۱ بمعہ بِسْمِ اللّٰهِ

۲۵۔ یَاوَدُوْد یَارَؤُفُ یَارَحِیْمُ ۳۰۰ دفعہ عشا کے بعد۔

۲۶۔ اگر کسی خاوند کے کسی غیر عورت سے تعلقات ہو جائیں تو یہ پڑھے۔ سورہ مائدہ کی

Marfat.com

آیت نمبر ۱۰۰ ...... اسکو ۱۰۰ دفعہ روزانہ پڑھیں جب تک تعلقات ختم نہ ہوں۔

لَا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ ...... لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ تک

۲۷۔ خاوند کی عادات شراب جوا اور بُری عادتیں ہو جائیں۔ تو مائدہ آیت نمبر ۹۰ اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ ...... تُفْلِحُوْنَ تک ۲۱ دفعہ عشا کے وتروں سے پہلے اول وآخر ۱۱،۱۱ دفعہ درود شریف پڑھیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

۲۸۔ سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر ۷ سیپارہ ۲۸ عَسَى اللّٰهُ ...... وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اسکا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ دو نفل عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں الحمد شریف کے بعد اس آیت کو ہر رکعت میں ۷، ۷ دفعہ پڑھیں۔ اسکے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ کہ ربُّ العزت جسطرح تو نے اپنی قدرت سے حضرت داؤد علیہ اسلام کیلئے لوہے کو نرم کیا تھا اسطرح میرے خاوند کا دل بھی میرے لئے نرم کر دے۔ (اسطرح ۷۰ دفعہ دعا کریں درود شریف کے ساتھ)

یا اس آیت کو ۷ دفعہ صبح پڑھ کر دعا بھی کر سکتے ہیں۔

۲۹۔ اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے۔ آپس میں محبت نہیں ہے تو سورہ رُوم کی آیت نمبر ۲۱ کی ایک تسبیح کر کے کسی میٹھی چیز پر ۷ دن پڑھ کر دم کریں۔ اور دونوں کھائیں۔ انشاءاللہ اختلافات دور ہو جائیں گے۔ آیت وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ ...... يَّتَفَكَّرُوْنَ

۳۰۔ زوجین میں ناچاقی ہو گئی ہو۔ تو ان آیات کا ورد ملاقات کے وقت پوشیدہ طور پر کرے۔ انشاءاللہ جلد کامیابی ہوگی۔ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ ...... لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ.

۳۱۔ دیگر برائے محبت

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کیلئے اس آیت شریف کو ۳۱۳ دفعہ روزانہ پڑھنا اور پھر دعا کرنا۔ انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ...... مَّوَدَّةً اَزْوَاجًا میاں بیوی کو موافقت کیلئے۔

۳۲۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى ...... اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ.

ان آیات کو میاں بیوی میں سے کوئی بھی پڑھ سکتا ہے۔ یہ میاں بیوی کی موافقت کیلئے نہایت مجربُ المجرب ہے۔

Marfat.com

۳۳۔ اگر میاں بیوی یا دو بھائیوں میں یا دو آدمیوں میں باہم اتفاق اور محبت نہ ہو۔ تو ان میں سے جو بھی اپنی غرض کیلئے اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھے گا۔ اُن میں اتفاق اور محبت پیدا ہو جائیگی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ ...... لَا یُؤْمِنُوْنَ سورہ البقرہ آیت نمبر ۶ اسکے علاوہ اس آیت شریف کو ۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام پڑھنے کا معمول بنالیں۔

وَجَاءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ ...... وَهُمْ مُعْتَدُوْنَ

اس آیت کو دعا کے طور پر پڑھیں۔ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ ...... وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

۳۴۔ سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۴

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ ...... حُسْنُ الْمَاٰبِ تک ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر حُب کیلئے دعا کی جاسکتی ہے۔

## عمل برائے دشمنی

۱۔ سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۶۷ کا اتنا حصہ: وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ. اور اللہ تجھے لوگوں سے بچائے گا ۲۱۱ دفعہ صبح کی نماز کے بعد دشمنوں کا تصور رکھکر پڑھیں۔ یا ۲۱ دفعہ ہر نماز کے بعد انشااللہ دشمنوں کا صفایا ہو جائے گا۔

۲۔ رات کو سوتے وقت وضو کی کوئی قید نہیں۔ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. سورہ البقرہ آیت نمبر

۳۔ دشمنوں کا تصور کر کے جب کبھی ضرورت پڑے۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھیں۔

یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ ...... یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

۴۔ دشمنوں کے غلبے کے وقت دشمنی ساکن ہو جائیں گے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اے اللہ ہم تجھ کو اپنے دشمنوں کے سینوں کے سامنے کرتے ہیں اور تیری پناہ لیتے ہیں انکی شرارتوں سے ۱۲۱ دفعہ عشاء کے وتروں سے پہلے اول و آخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود پاک

Marfat.com

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَامِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۷دفعہ صبح ۷دفعہ شام
میں اللہ تعالیٰ کے تمام کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں۔ ہر اُس چیز کے شر سے جو اس نے
پیدا کی۔

یَا جَبَّارُ یَا قَابِضُ یَاقَوِیُّ ۳۱۳دفعہ عصر کی نماز کے بعد پڑھیں بغیر بسم اللہ اور درود
پاک کے

یَا جَبَّارُ یَا مُذِلُّ یَاقَھَّارُ ۳۱۳دفعہ عصر کی نماز کے بعد پڑھیں بغیر بسم اللہ اور درود
پاک کے

یَا مُذِلُّ ۳۱۳دفعہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

یَارَقِیْبُ ۳۰۰دفعہ صبح یہ رباعی بھی پڑھ سکتے ہیں۔

خداوندا بگردانی بلا راہ
ز آفتِ ہا نگہداری تو ما را
طفیل ہردو گیسوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
زبوں گرداں زبردستان نے ما را

(ترجمہ) اے اللہ تو ہر بلا کو ٹال دے، ہر آفت سے محفوظ رکھ۔ نبی کریم
کے گیسوئے مبارک کے صدقے جو ہم پر حاوی ہیں، اُن پر غلبہ عطا فرما۔

## بغض اور نفاق کیلئے

سورہ قریش ۳۳۳دفعہ تبت یدا، ۷۲ دفعہ بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔

سورہ یٰسین کی آیت نمبر۹ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ...... فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ اسکو نفاق
اور بغض واسطے پڑھ سکتے ہیں۔ بہت ہی مجرب ہیں۔

سورہ کوثر بھی اس ضمن میں بہت مفید ہے۔

اسکو سات دفعہ زوال کے وقت پڑھیں۔ اور جن میں جُدائی ڈالنی ہے۔ انکے نام لئے
جائیں۔ یَاقَاھِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ بغیر بسم اللہ اور
درود پاک

Marfat.com

## برائے زبان بندی

۱۔ سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۷ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی ...... عَذَابٌ عَظِیْمٌ کا استعمال کریں۔ دشمن کا تصور رکھ کر اسکو اُٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔ انشاءاللہ وہ تائب ہو جائیگا۔

۲۔ سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۰۸ سے لیکر ۱۱۱ تک

یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ ...... حَمَلَ ظُلْمًا تک اسکو ۲۱ دفعہ روزانہ پڑھیں۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

۳۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ...... اَلْحَکِیْمُ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ زبان بندی کیلئے یہ آیات بھی مجرب ہیں۔

## برائے حفاظت

۱۔ جو شخص ان آیات شریفہ کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے گا وہ انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے ہر طرح محفوظ و مامون رہے گا۔ سورہ طٰہٰ کی آیات ۱۰۵ تا ۱۱۲ تک

وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ ...... وَلَا هَضْمًا تک

اسکے ساتھ سورہ یوسف کی آیت نمبر ۶۴ کا اتنا حصہ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ ترجمہ سو اللہ بہتر ہے۔ نگہبان وہ ہے سب مہربانوں سے مہربان ۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام

## برائے رہائی قیدی

سورہ یوسف آیت نمبر ۶۷ کو ۲۱ دفعہ روزانہ پڑھے یٰبَنِیَّ لَا تَدْخُلُوْا ...... فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ تک

اسکے ساتھ سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ کی آیت نمبر ۴ کا ہر وقت وِرد رکھے۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا انشاءاللہ ربّ العزت جلد کرم نوازی کرسکتا ہے۔ دل میں شرمساری محسوس کرنی چاہیے

یہ تعویز اسکے بازو پر باندھا جاسکتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُکَ خَیْرَ مَاصَنَعَ صَانِعٌ بِیْ ط

Marfat.com

ناحق قیدی کو یہ پڑھنا چاہیے۔

یَامُسَبِّبَ اسباب یا ناصر الْمُظْلُوْمِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ایک تسبیح روزانہ اَسْتَغْفِرُ اللہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہروقت

اوردعامیں سورہ یونس کی آیت نمبر۸۲ کو تین دفعہ یا سات دفعہ دہرائیں۔وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ

## دِل کی گھبراہٹ کیلئے

سورہ انفال کی آیت نمبر۱۱ کے یہ الفاظ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ اورسورہ رعد کی آیت نمبر۲۸ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْ...... تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ کو۱۱دفعہ دفعہ پڑھ کر پانی پردم کر کے پی لیں۔لیکن اگراسکے۴۱ دفعہ الحمد شریف بھی پڑھ لیں۔تو یہ اور مجرب ہو جائیگا۔انکا تعویذ بنا کر گلے میں ڈال سکتے ہیں لیکن اسکا ڈورا اتنا لمبا رکھا جائے کہ تعویذ مریض کے دل پر پڑا رہے۔

دل کا مریض یہ دعا ہرنماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر سات دفعہ پڑھ لے۔انشاءاللہ قلب کی ساری بیماریوں سے حفاظت رہے گی۔

یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ. اِنْشَاءَاللّٰہ

## عمل برائے خواب

سوتے وقت خواب میں ڈرنے والے کیلئے: آیت الکرسی کو تین دفعہ سونے سے پہلے پڑھ کر سینے پردم کرکے سوجائیں۔لیکن آیت الکرسی کی یہ الفاظ تین دفعہ پڑھیں۔وَلَا یَـــؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا انشاءاللہ حفاظت رہے گی۔

اس آیت شریف کولکھ کرموم جامہ کرکے گلے میں ڈالیں۔انشاءاللہ خواب میں ڈرنا نیند کا اچانک ہوا ہو جانا اور ڈراؤنے خواب سب دفع ہو جائیں گے

یَـا اَیُّھَـا الْـمُدَثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّـکَ فَکَبِّرْ وَثِیَابَکَ فَطَھِّرْ وَالرُّجْزَ فَاھْجُرْ وَلَا تَـمْـنُـنْ تَسْتَـکْثِرُ وَلِـرَبِّـکَ فَـاصْبِرْ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَامَالِکُ یَاقُدُّوْسُ یَااَحَدُ یَامُؤْمِنُ یَامُھَیْمِنُ یَاسَلَامُ.

Marfat.com

یہ اسمائے دیگر لکھ کر گلے میں موم جامہ کر کے ڈال لیں۔ انشااللہ ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے۔

یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ

یَامَحْفُوظُ یَامَحَافِظُ

یہ مرشد کا ارشاد ہے

سورہ فلق کو لکھ کر بازو پر باندھنے سے ڈر جاتا رہے گا۔

## مرگی والے کیلئے

جس شخص کو مرگی کا مرض ہو۔ تو ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں پہن لے انشااللہ شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ

وضع احتلام سورہ طارق کو تین دفعہ پڑھیں۔

اور سورہ ملک کی آخری آیت ناصر تک

سورہ نور کو اپنے پاس رکھنے سے احتلام نہیں ہوتا

یرقان سورہ سبا لکھ کر پلانے سے اور سورہ بینہ لکھ کر باندھیں سپارہ ۳۰۔

پھوڑے پھنسی حضرت ایوب علیہ اسلام کی دعا۔

رَبِّ اَنِّیْ ...... اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

## حفاظت حمل کیلئے

سورہ فاطرہ آیت نمبر ۴۱۔ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِکُ ...... حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

## بچوں کے کل امراض کیلئے

سورہ ھود آیت نمبر ۵۶، ۵۷ بچوں کی عمدہ نشوونما کیلئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

Marfat.com

## حاجت روائی کیلئے

سورہ یوسف کی آیت وَلَمَّا دَخَلُوْا ...... قَضٰھَا تک (آیت نمبر ۶۸)

درد جگر اور درد گردہ تقریباً ہر درد کیلئے سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۰۵

## کالے علم کا توڑ

آیت الکرسی اور چاروں قل کالے علم کا توڑ ہے۔

کتے کیلئے قَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ گیارہ مرتبہ سانپ کے لئے سات مرتبہ پڑھ کر انگلی گھماتے ہوئے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ پڑھیں انشاءاللہ زہر جاتا رہے گا۔

برائے دوری ناراضگی حاکم یا افسر سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۱۱ تین دفعہ پڑھیں۔

## ہر مرض سے محفوظ

يَارَقِيْبُ يَارَافِعُ يَامُقْتَدِرُ

يَا خَلَائِقُ يَارَافِعُ يَاعَلِيْمُ

## نرینہ اولاد کیلئے

سورہ تغابن روزانہ تین مرتبہ گیارہ دن تک

## مقدمے میں کامیابی

سورہ تغابن کی آیت نمبر ۱۱ کو ۱۰۰ امرتبہ پڑھیں۔

## گردن کے درد کیلئے

سورہ یٰسین آیت نمبر ۸ گردن کے ساتھ باندھ دیں۔

## مصیبت بیماری اور آفت سے نجات

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. ۱۰۰ ادفعہ روزانہ جب تک نجات نہ ملے۔

Marfat.com

گمشدہ جانور کی بازیابی کیلئے لکھ کر کسی درخت کی شاخ پر لٹکائیں (سورہ تغابن آیت نمبر ۱۸۔

## صلح کے لیے

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْب ۵۰۰ بار یا ۱۰۰۰ بار

## مشکلات کا خاتمہ

سورہ دہر

رزق یَاوَاجِدُ ۱۰۰۰ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد ۴۰ دن تک چلّہ ختم ہونے کے بعد ۱۰۰ مرتبہ۔

صاحب کشف بننے کا ورد اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ بے شک تو چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔(مائدہ آیت نمبر ۱۰۹)

مُسْتَجَابُ الدَّعْوَات۔ / سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سورہ نمل کی آیت نمبر ۱۸، اسکو تہجد نماز کے بعد پڑھنا چاہیے۔

عذاب جہنم سے بچنے کی دعا۔ سورہ لفرقان کی آیت نمبر ۶۵، ۶۶

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا...... وَمَقَامًا ہر نماز کے بعد ۴۱ دفعہ

## نماز عصر کی حفاظت

ایک تو یہ نہایت مصروفیت کا وقت ہوتا ہے۔ کہیں نماز ترک نہ ہو جائے۔ دوسرا قبر میں جب فرشتہ آکر میت کو سوالات کرتے ہیں۔ تو یہی وقت محسوس ہوتا ہے۔ اگر وہ نماز کی پابندی کرنے والا تھا۔ تو فرشتہ سے کہتا ہے۔ مجھے اجازت دو کہ میں نماز ادا کروں۔ تو وہاں نماز اسکی بخشش کا ذریعہ بن جائیگی۔

## ہر مقصد کے لئے

سورہ یوسف آیت نمبر ۱۸ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ آیت نمبر ۲۱ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ

Marfat.com

۱۰۰۰ مرتبہ اور اللہ اپنا کام جیت کے رہتا ہے۔

اور اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں۔اس بات پر جو تم بیان کر رہے ہو۔

آیت نمبر ۶۴ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَفِيظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ تو اللہ بہتر نگہبان ہے اور سب مہربانوں سے مہربان ہے۔

## درویش

درویشی نام ہے بے خویشی اور خود فروشی کا درویش پردہ پوشی کو کہتے ہیں۔درویشی کیلئے چار شرائط ضروری ہیں۔آنکھ کو اندھا کر لے کہ دوسرے کا عیب نہ دکھائی دے۔کان کو بہرہ کر لے کہ کچھ سنائی نہ دے۔زبان کو گونگا کر لے تاکہ بیہودہ بات زبان سے نہ نکلے۔

## چور کیلئے

سورہ البقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لیکر عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ تک پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک مار کر سو جائیں۔انشاللہ چور کبھی بھی نہیں آسکے گا۔آپ يَانَقِيْبُ کی بھی ایک تسبیح کر کے دعا مانگ سکتے ہیں۔اگر کوئی مال چوری ہو گیا ہو تو مغرب کی نماز کے بعد ۴۱ دفعہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں پھر پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔اور جن پر شبہ ہو انکا تصور رکھیں انشاءاللہ مقصد پورا ہو گا۔

## مکان کی حفاظت کیلئے

جس مکان میں جن وشیاطین یا آسیب یا بھوت پریت چڑیل وغیرہ اور ارواح خبیثہ کا اثر ہو تو اس میں سورہ زلزلہ اور سورہ طارق کسی کاغذ پر لکھ کر آویزاں کر دیں انشاللہ مکان میں کسی قسم کا اثر نہ رہے گا مجرب ہے۔

## نظر بد اور بچوں کا رونا دھونا

سورہ ھود کی آیت نمبر ۵۶، ۵۷ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔بچے ہر قسم کی بیماری سے حفاظت سے رہیں گے۔آیت شریف:۔اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّىْ ...... عَلٰى كُلِّ

Marfat.com

شَیْءٍ حَفِیْظٌ

## دودھ بڑھ جانے کیلئے

اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو۔ یا دودھ خشک ہو جائے۔ تو الحمد شریف ۱۱ دفعہ اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر آٹے کے پیڑے پر پڑھ کر کھلائیں۔ انشاللہ پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گی وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَام ...... لِلشّٰرِبِیْنَ سورہ نحل آیت نمبر ۶۶۔ دودھ کم ہونے کی صورت میں سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۲۳۳ اور نحل کی آیت نمبر ۶۶ پڑھ کر ماش کی دال میں پڑھ کر کھلائیں۔ انشاللہ کامیابی ہوگی۔

## گمشدہ چیز کا مل جانا

سورہ لقمان کو ۱۲۱ دفعہ پڑھ کر دعا کریں۔ اسکے علاوہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْن ہر وقت پڑھتے رہیں۔ اگر ہو سکے تو یَا مُعِیْدُ کو ۲۲۴ صبح ۲۲۴ دفعہ شام پڑھنے کا معمول بنالیں انشاللہ کامیابی ہوگی۔

## برائے خواب

کسی مقصد کو معلوم کرنے کیلئے استخارہ کیا جاتا ہے استخارے بہت سے ہیں۔ لیکن یہ استخارہ ایسا ہے کہ سوتے وقت صرف سات بار پڑھ لینے سے خواب میں ہر سوال کا جواب نظر آجاتا ہے۔ ترکیب یہ ہے قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ چالیس روز تک بعد نماز عشا تاریکی میں ۵۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ چالیس روز پڑھنے سے اسکی زکوۃ پوری ہو جائیگی بشرطیکہ ایک رات کا پڑھنا بھی ناغہ نہ ہو۔ دل میں تصور رکھ کر سات دفعہ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ پڑھ کر سو جائیں۔ پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کریں خدا نے چاہا تو خواب میں اس سوال کا جواب کسی نہ کسی طریقہ سے مل جائیگا۔

## عورت کے مخصوص ایام

اگر ایام ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اسطرح ڈالیں۔ کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

Marfat.com

سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۳۰ اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ ...... اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ

اور سورہ یٰسین کی آیات نمبر ۳۴، ۳۵ وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ ...... اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ

تک۔

## ایام ماہواری میں زیادتی کی صورت میں

سورہ ھود کی آیت نمبر ۴۴ کو لکھ کر گلے میں اسطرح ڈالیں۔ کہ تعویز رحم پر پڑا رہے۔

وَقِیْلَ یٰاَرْضُ ...... لِلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ تک

اگر کسی عورت یا جانور کا دودھ خشک ہو گیا ہو۔ تو اس تعویز کو لکھ کر گلے میں باندھیں

دودھ بہت ہووے۔ وہ تعویز یہ ہے یَاقیت یَاقیت یَاقیت یَاقیت دودھ والے حصہ میں لکھ دیا

جائے۔

## بیقراری دل۔ موقوف

ہر نماز کے بعد ۷ دفعہ سورہ اخلاص پڑھیں انشاءاللہ قرار آجائیگا۔

## کان کے درد کیلئے

کان میں پیپ آتی ہو۔ اَلَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰى وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰى سورہ اعلیٰ کی آیت نمبر ۲۔ آل

عمران کی آیت نمبر ۱۴۴ بخار ہونے کے تین گھنٹے پہلے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ

قَبْلِهِ الرُّسُلُ ماتھے پر باندھ دیں انشاءاللہ آرام آجائے گا (باری کے بخار کے لئے)۔

### درد پیٹ

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ نمک پر دم کر کے چٹا دیں سورہ الصّٰفّٰت کی

آیت نمبر ۴۷ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

Marfat.com

# درود پاک

نبی کریمؐ نے ہم تک اسلام کی تعلیمات پہنچانے کے لئے بے حد مشکلات اٹھائیں۔

نبی کریمؐ نے ایک دفعہ فرمایا:

''کہ میں سب سے زیادہ آزمائشوں میں ڈالا گیا ہوں''

انھیں دنیا کا بڑا سچ کہنے پر پتھر مارے گئے بہتان لگائے گئے قتل کرنے کی سازشیں کی گئی۔ اپنے گھر مکہ سے نکال دیا گیا۔ شعب ابی طالب میں تین سال تک سوشل بائیکاٹ کیا گیا لیکن ان کے پایۂ استقلال میں لغزش نہ آئی۔

تو اے ایمان لانے والو!

ہم تو ان کی ذات پر قربان ہو جائیں تب بھی حق ادا نہ کرسکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ توفیق عطا کرے کہ ہم نبی کریم کے اس عظیم رُتبے کو کماحقہ پہچان سکیں اور انھیں وہ تعظیم وتسلیم دے سکیں جس کے وہ حق دار ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں سمیٹ سکیں آمین۔

سُنت رسول مسلمانوں کے سامنے وہ عملی نمونہ ہے جس کے سانچے میں ڈھل کر مسلمانوں کے کردار واطوار کو نکلنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ''یقیناً تمہارے ہر اس شخص کے لئے اللہ کے رسول میں بہترین اسوہ ہے جو اللہ سے روزِ آخرت کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ کی بکثرت یاد کرتا ہو۔

لٰہذا جو شخص اپنی دنیا وآخرت کے جملہ معاملات میں تہنائی شاہراہ پر چل کر اس دنیا سے نجات چاہتا ہو اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ رسول عظیمؐ کے اسوہ کی پیروی کرے۔

درود شریف دعا بھی ہے۔ اور دوا بھی ہے۔

## عشق اور عبادت

عشق اور عبادت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ عبادت میں سجدہ اور عشق میں درود لازم وملزوم ہیں۔ عبادت میں جنت ملتی ہے۔ اور عشق میں جمال الٰہی لیکنُ جنت بغیر جمال الٰہی

Marfat.com

کے بے معنی بے رنگ اور بے مزہ ہے۔ عبادت کر کے جنت حاصل کرنے میں مزہ تو ہے۔ لیکن درود پڑھ کر جمال الٰہی حاصل کرنے میں اصل کامیابی ہے۔

## تین اعزاز

درود شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کے خزانے سے تین انمول تحفے ہوتے ہیں۔

۱۔ رحمت ۲۔ فضل و کرم ۳۔ شفقت۔

اس طرح دربار رسالت سے بھی درود شریف کا ورد کرنے والے کو تین تحفے ملتے ہیں۔

۱۔ سلامتی ۲۔ شفا ۳۔ مغفرت۔

اسی طرح فرشتوں سے بھی درود پڑھنے والوں کو تین تحفے ملتے ہیں۔

۱۔ رحمت ۲۔ سلام ۳۔ حفاظت۔

۱۔ درود شریف پڑھنے والا جب پُل صراط پر گزرے گا۔ تو اسکے ساتھ نور ہو گا

۲۔ درود شریف پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک فرشتے نہیں لکھتے۔

۳۔ روز محشر حضور اقدس سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مصافحہ کرنے کی سعادت نصیب ہو گی۔

دراصل درود شریف سے زیادہ آسان اور قبولیت کے درجے پر پہنچنے والی اور کوئی عبادت نہیں۔

▪ درود شریف نور ہی نور ہے۔ اسلئے اسکے پڑھنے سے نور بھر جاتا ہے۔
ہر چیز اسمیں صاف نظر آتی ہے۔ اور حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے۔

۲۔ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے، اس کی دس خطائیں معاف کر دیتا ہے، اسکے دس درجے بلند کر دیتا ہے۔ اور اسکے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھتا ہے۔ (نسائی)

۳۔ قیامت کے دن قیامت کے خطرات سے وہ شخص زیادہ محفوظ ہو گا جو مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھا کرتا ہے۔

۴۔ جس شخص نے مجھ پر درود پڑھا اُسکا درود قبول ہو گیا۔ تو اُسکے ۸۰ سال کے گناہ معاف

Marfat.com

ہوجاتے ہیں۔

۵۔ ایک اور روایت میں ہے کہ درود پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ ستّر رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

۶۔ ایک اور روایت میں ہے جو مسلمان مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتہ اس درود کو لیکر میرے پاس آتا ہے۔ اور اس شخص کا نام لیکر کہتا ہے یارسول اللہ آپ کا فلاں اُمتی آپ پر ان الفاظ کے ساتھ درود بھیجتا ہے۔

۷۔ روایت ہے کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ تو جب تک وہ درود پڑھتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فرشتے اسکے لئے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ اب اسکو اختیار ہے کہ مجھ پر زیادہ پڑھے یا نہ پڑھے۔

۸۔ روایت ہے کہ جو شخص ہر روز مجھ پر ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے تو اللہ تعالےٰ اسکی ۱۰۰ حاجتیں پوری کرتا ہے یعنی ان ۱۰۰ میں سے ۳۰ دنیا کی باقی آخرت کی حوالہ صلوۃ وسلام مومنین سعید احمد

۹۔ ایک روایت ہے جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود پاک پڑھتا ہے۔ وہ مرنے سے قبل اپنی جگہ جنت میں دیکھ لے گا۔

۱۰۔ حضرت کعبؓ سے روایت ہے کہ اللہ تعالےٰ حضرت موسیٰ کو وحی فرمائی کہ تم چاہتے ہو۔ کہ قیامت کے روز تم کو پیاس نہ لگے عرض کیا ہاں ارشاد ہوا کہ میرے محبوب پر درود کثرت سے پڑھ اور یہ فتح یابی کیلئے دعا ہے۔

مومنوں کی طرف صلوۃ وسلام رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے۔ جسطرح اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے۔ یہ دل وجان سے حضور دو عالم کی سربلندی سلامتی ترقی درجات وعظمت اور غلبہ وبقا کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے۔ انسان کو جان بڑی پیاری ہوتی ہے اور آپ تو جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں اسلئے مسلمان پر اپنی جان سے بھی زیادہ آپکا حق ہے۔ ارشاد رب العزت بڑا واضح ہے۔

نبی مومنوں پر سے ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھے ہیں۔

سورہ احزاب آیت نمبر ۶۔

قرآن حکیم کے متعدد ارشادات کے مطابق اللہ تعالےٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

دونوں کی اطاعت یکساں لازمی ہے۔اس میں فرق نہیں کیا جا سکتا۔

فضائل درود شریف کا ادراک مخلوق کیلئے محال ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ رحیم وکریم کا اپنا ورد ہے لہٰذا فیوض وبرکات بھی اسی شان کے حساب سے ہوگا۔

درود پاک کا حکم اور خطاب کا انداز قرآن پاک میں صرف اور صرف صلوۃ اور سلام کیلئے اختیار کیا گیا ہے۔ ذیل میں ان احادیث کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوۃ سلام بھیجنے کے فضائل ہیں۔ پڑھیے غور کیجئے اور اپنی آخرت کیلئے اس سعادت عظمٰی کی قدر کیجئے۔

## ارشادات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

قیامت کے دن سب سے زیادہ وہ شخص میرے قریب ہوگا۔ کہ جس نے بکثرت مجھ پر درود بھیجا ہوگا (ترمذی)

## محبت کی شرینی

اس آیت کو ۱۰۱ دفعہ اتوار کے دن شرینی پر پڑھ کر دم کریں مطلوب کو کھلائیں بیقرار ہو جائیگا۔

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

## محبت کا وظیفہ بذریعہ تصور

جمعرات کے دن نماز صبح اور نماز شام کے بعد اَلْحَلِیْمُ ایک سو ایک بار اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔اُسکا تصور اس طرح جانیں کہ گویا سامنے کھڑا ہے آنکھیں بند رکھئے۔ جب وظیفہ ختم ہو۔ تو اسکی خیالی تصور پر دم کریں۔ ایک ہفتہ اسطرح کرنے سے مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

## حصول دولت کیلئے

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ہر سہ اسماء کو جن کی تعریف لکھنے سے قلم قاصر ہے ہر روز

Marfat.com

ناغہ تین ہزار ایک سو پچاس مرتبہ عصر اور مغرب کے درمیان آسمان کے سایہ میں سر برہنہ ہو کر پڑھا کریں۔ انشاءاللہ امیر کبیر ہو جائیں گے اور جس مطلب کیلئے پڑھیں گے۔ ۴۰ روز تک ضرور حاصل ہوگا۔

## ادائے قرض کیلئے

ہر روز چالیس بار سورہ مزمل کو چالیس روز متواتر پڑھیں انشاءاللہ غیب سے ادائے قرض کی صورت پیدا ہو جائیگی۔

## تسخیرِ حکام و کامیابی مقدمات

سورہ مزمل کا پہلا رکوع ۲۱ بار دوسرا گیارہ بار پڑھ کر دعا کریں۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سَلامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْم وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ

## مقدمات کیلئے

سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴ بھی ۱۱۱ دفعہ پڑھیں۔

## قیام حمل کیلئے

نوچندی جمعرات کو اول و آخر درود شریف پڑھ کر ۱۱۱ دفعہ الحمد شریف بمعہ بِسْمِ اللّٰهِ امین کے پڑھ کر پانی پر دم کریں اور تھوڑا تھوڑا میاں بیوی دونوں پی لیں۔

## حفاظت حمل

یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھیں يَاحَفِيْظُ يَامَلِكُ يَامَالِكَ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا هُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

## لڑکے پیدا ہونا

انگلی سے اس عورت کے شکم پر لکھ دیجئے۔

Marfat.com

سُبْحَانَ اللّٰہِ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اِنِّی یَمِیْتُ اِسْمَہٗ مُحَمَّدًا وَاحْمُدُ اگر نہ لکھا جا سکے اس عورت کے کمر میں وَمَحْمُوْداً بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن تعویز بنا کر پہنا دیا جائے۔

## دروازہ

واسطے دردزہ کے ران راست میں باندھے۔یا خَلِصُ یَا مُخْلِصُ یَا اَخْلَاصُ پھر وہی بچہ کے ڈال دیا جائے۔

## تابعداری اور حُب کے لیے

خوشبودار پھولوں پرے بار یہ لفظ لکھ کرا سکے پاس پھول بھیجے جائیں۔وہ سونگتے ہی مائل ہوجائے گامَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّنَ وَکَانَ اللّٰہُ بِکُمْ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

## خاوند کا زوجہ سے ناراض ہونا

سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴، ۱۱۱۱ دفعہ بعد نماز عشاء اول و آخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود پاک ۴۰ روز تک پڑھیں انشا اللہ راضی ہو جاوے۔

## محبت کا عطر

گیارہ دفعہ سورہ مزمل بمعہ درود شریف کے پھول یا عطر پر دم کر کے مطلوب کو سنگھائیں فریفتہ ہو جائیگا۔

## اولاد کا عمل

سورہ مریم کی انہیں آیتوں میں سے اولیاء اللہ نے ایک آیت کو حصول اولاد کا عمل قرار دیا اسکو خاص طریقوں سے پڑھ کر اور اللہ کی کلام کی برکت سے انہوں نے خود بھی فائدہ اُٹھایا اور دوسرے بھی لاکھوں آدمیوں کو فائدہ پہنچایا۔ سات دن روزہ رکھیں۔ رات کو ہر عمل ۱۱۰۰ دفعہ کیا جائے چھ دن کے بعد جب آخری دن یعنی ساتواں دن شروع ہو اس دن اس رات کو روزہ بھی رکھنا

Marfat.com

چاہے یعنی سحری کے وقت سے لیکر افطار کے وقت تک کھانے پینے کا بھی روزہ ہو اور چپ کا بھی روزہ ہو روزہ رکھنے والا کسی سے بات نہ کرے البتہ ہاتھ کے اشارے سے بات چیت کرنے کی اجازت ہے یعنی افطار کے بعد کسی سے بات نہ کرے۔

سورہ مریم آیت نمبر ۶،۵ فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ آلِ یَعْقُوْبَ یعنی فرزند عطا فرما جو میرا بھی وارث ہو اور نسل کا بھی وارث ہو۔ دعا مانگتے وقت ترجمہ کو ذہن میں رکھیں۔ بغیر تصور بنائے اس کی تاثیر نہ ہوگی۔

کھانا ضرور نہ کرے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ داء اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْهِ رحمة وَشِفَاءً

## کشائش رزق

۴۴۰ دفعہ یَاوَهَّابُ فجر کی نماز کے بعد

## صحت جسمانی کیلئے

سورہ اخلاص سورہ فلق اور سورہ النّاس پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیرے صحت جسمانی کیلئے یہ بہترین عمل ہے۔

## برائے دوستی

اگر یہ خواہش ہو کہ کسی کو دوست کر لے تو چاہئے گلقند یا شکر لے ۷ بار ان کلمات شریف کو پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اور کھلا دیوے محبت زیادہ ہووے کلمات شریف یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ سورہ یٰسین آیت نمبر ۹

اگر کوئی چاہے کہ کسی شخص کو اپنے عشق سے دیوانہ کرے تو اسکے پاؤں کے نیچے سے خاک لے مراد کی پائے راست سے اور عورت کی پائے چپ سے اور ۷ دفعہ پڑھ کر اس دعا کو اوپر دم کرے پھر اسکو آگ میں ڈالدے وہ آیت یہ ہے۔ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ اِنِّی اخره واللهُ حَجًّا تعلمون (سورہ اعراف)

Marfat.com

## طبیعت کا آ جانا

اسکے لئے بعد نماز عشاء اس آیت کو اول و آخر ۲۱ دفعہ درود شریف چالیس روز تک پڑھیں۔ انشاءاللہ مطلب اُسکو حاصل ہو۔ لیکن نیت درست رکھے۔ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۱۰۰ امرتبہ

## آیت الکرسی کا عمل

بیماروں کیلئے، مقدمات کیلئے اور ہر قسم کی مرادوں کیلئے عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ دفعہ آیت الکرسی پڑھیں۔ یہ سات دن یا گیارہ راتیں۔ یا اکیس راتیں یا اکتالیس راتیں پڑھیں۔ لیکن عمل کرنے سے پہلے نیت کریں۔ کہ کتنی راتیں عمل کرنے کا ارادہ ہے۔ کسی قسم کا پرہیز نہیں ہر عمر کی عورت اور مرد پڑھ سکتے ہیں۔

## قرض ادا کرنے کا عمل

رات کو روشنی بجھا کر اندھیرے میں یَابَاسِطُ یَافَتَّاحُ ایک سو سترہ بار پڑھ لیا کریں۔ یہ عمل ۲۱ دن یا ۴۱ دن تک کریں۔ خدا نے چاہا تو کوئی صورت قرض ادا ہونے کی پیدا ہو جائیگی۔

## اطمینان و سکون

سورہ والضحیٰ کی آیت وَلَسَوْفَ ۷۰ دفعہ پڑھیں۔ آنکھیں بند رکھے۔ یہ تصور جمائے کہ میں خدا کا بندا پروردگار کے سامنے حاضر ہوں۔ اور پروردگار کی آواز آرہی ہے۔ یہ عمل تیر بہدف ہے کہ اے میرے بندے پریشان نہ ہو۔ تجھے اس فکر سے نجات دونگا۔ غیب سے چیزیں عطا ہونگیں۔ تیری سب مشکلیں آسان ہونگی۔ یہ عمل جس مراد کیلئے پڑھ جائیگا۔ اس سے فائدہ حاصل ہوگا جو لوگ دعا اور عمل کے قائل نہیں ہیں ذرا اس عمل کو آزما کر دیکھیں۔

## فضل کی دعا

سهـل یَاالٰهی کُلُّ صُعْبِ بِفَضْلِکَ وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ ابرار یااللہ آسان کر ہر مشکل کو اپنے فضل سے اور رسول اللہ کی عظمت کے صدقے جب دل کی حضوری اور مضبوطی پڑھ

Marfat.com

جائیگی تو دعا میں زیادہ اثر ہوگا اور مراد اللہ تعالیٰ کی درگاہ سے مل جائیگی۔

## دفع امراض وسواس

تقویت قلب وسواس شیطانیہ کے لئے ہر روز ۵۰۰ مرتبہ لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ پڑھا جائے۔ ہر سو کے بعد ایک دفعہ لاَحَول ...... العلی العظیم پڑھا جائے

## دفع امراض کیلئے

دفع امراض کیلئے سورہ فاتحہ ۴۱ بار بہ نیت شفا پڑھ لینا کافی ہے۔ یَاحفیظ یَاحفیظ یَاحفیظ بھی ۱۱۹ دفعہ پڑھ لیں۔

## لڑکے کیلئے

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ ...... کاغذ کے اوپر لکھ کر پانی میں دھوکر انہیں ۷ دن تک ایک ایک تعویذ پلائیں۔ تین تعویز گلے میں ڈالیں۔ فرزند پیدا ہوگا انشاءاللہ۔

سخت مہم درپیش ہو جسکی اصلاح اسکی طاقت سے باہر ہو۔ صبح کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

لاَحَول ...... العظیم. یَاحیُّ یَاقیوم یَافَرْدُ یَاوَتْرُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ غم دور ہوگا۔

## فرزند صالح پیدا ہو

وہ شخص یہ دعا ہر وقت پڑھتا رہے۔ رَبِّ هَبْ لِیْ...... الدُّعَاءَ

## ظالموں میں گرفتار ہو

رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِیْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِکَ مِنَ الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ. یہ آیت شریفہ پڑھتا رہے۔

## برائے حُب

اگر بدوح چھری پر لکھ کر کوئی چیز اسے کاٹ کر کسی کو کھلا دے وہ شخص اس کھلانے والے

Marfat.com

کا محبت صادق ہوگا۔

## مفلسی اور فاقہ

جس کسی کو فقر ڈر و فاقہ ستاتا ہو۔ اور مفلسی زیادہ ہو۔ تو اسکو چاہیے کہ وہ بعد نماز عشاء لَاحَولَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. ہزار مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ گرسنہ اور برہنہ نہ رہے گا۔ نہایت آزمودہ ہے۔

## کامیابی مقدمہ

سات روز میں سورہ اخلاص ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ لیں۔

## فراخی رزق اور روزی

دس باراس دعا کو نماز فجر کے بعد پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. یَارَبُّ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمُ اَنْ تَرْزُقْنِیْ رِزْقاً حَلَالاً طَیِّبًا بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

## فراخی رزق

جوکوئی سورہ ارایت الذی کو بعد نماز صبح کے قبل طلوع آفتاب سے چالیس بار پڑھے اور اول وآخر درود شریف ۵ بار پڑھے۔ اور تعالیٰ کے فضل سے فراخی رزق ہو۔

## دانت درد اور منہ کی سوزش

ایک تولہ دھنیا کو پانی میں جوش دیکر اس سے کلی کرے دانت کا درد اور منہ کی سوزش کو

Marfat.com

آرام ملتا ہے۔ اسکے علاوہ ایک چمچہ نمک نیم گرم پانی میں ڈال کر کلی کرنے سے بھی آرام آجائے گا۔

## قبض

اسکے لئے صبح نہار پانی ایک گلاس لیکر اس پر الحمد شریف تین دفعہ اور یَــا وَدُوْدُ ۱۱ دفعہ پڑھ کر دم کر کے اسکو پی لیں۔ انشاءاللہ آرام آجائیگا۔ پانی پیتے وقت اللہ شافی اللہ کافی اللہ معافی مانگتے جائیں۔

عطیہ بالیقین یا درود گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر سونے سے جسوقت چاہو آنکھ کھلے گی انشاءاللہ۔

## ذیابطیس اسکا علاج اور پرہیز

اسکے علاج کیلئے مقدم غذا کی اصلاح ہے تمام ایسی اشیاء جن میں شرینی اور نشاستہ موجود ہوان سے پرہیز کرنا چاہیے۔ مناسب ورزش اور روزانہ غسل کرنا چاہیے۔ زیادہ محنت تھکان اور دماغی پریشانی کے کاموں سے اجتناب کرنا چاہیے۔ قبض نہ ہونے دیں۔ زیادہ پیدل چلنا چاہیے۔

علاج سورہ قریش ۱۱ دفعہ صبح ۱۱ دفعہ شام اسکے ساتھ جامن کی گٹھلیاں پیس کر اسکا سفوف تین ماشے روزانہ سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں اسکے ساتھ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۰ رَبِّ اَدْخِلْنِی مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِی مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا کسی وقت تین دفعہ یہ درود شریف اول و آخر تین تین دفعہ پڑھ لیں اَلْحَمْدُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم انشاءاللہ آرام آجائیگا۔ جامن کے پتے چار عدد صبح چار عدد شام کو کھانے سے بھی شوگر انشاءاللہ ملیامیٹ ہوجائیگی۔

## بواسیر

مولی کے پتے سائے میں خشک کرلیں۔ پھر کوٹ چھان کر ہم وزنی کھانڈ ملالیں یہ سفوف بلاناغہ چھ ماشے روزانہ چالیس روز تک کھائیں۔

Marfat.com

# تعویذات وعملیات

چند ایسے عملیات وتعویذات ہیں جو بزرگوں کے معمول ہیں۔اور شرع شریف کے خلاف نہیں۔تا کہ خدائے تعالیٰ کے نام کی برکت سے شفا بھی ہو اور دین بھی بچا رہے۔اور مال وآبرو کا نقصان بھی نہ ہو۔کبھی کبھار کسی خاص ضرورت کے وقت کوئی تعویز وغیرہ لکھ کر خود استعمال کرنا یا کسی کو دینا کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

قرآن مجید کی آیت بے وضو نہیں لکھنی چاہیے۔جب تعویذ سے کام نہ رہے اسکو کسی ندی نہر یا کنویں میں چھوڑ دیں۔

بعض لوگ خون سے تعویذ لکھتے ہیں۔جو سراسر نا جائز اور بہت بُری بات ہے۔ایسا تعویذ اگر بازو پر بندھا ہو۔یا جیب میں پڑا ہو۔تو نماز بھی درست نہیں ہوگی۔بعض تعویذ وعملیات میں تصویر میں بنائی جاتی ہیں بعض قرآن مجید اُلٹا پڑھتے ہیں۔بعض قرآن مجید کے اندر اور عبارتیں اسطرح داخل کر دیتے ہیں۔کہ قُرآن پاک کی ترتیب ونظم میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔یہ سب حرام باتیں ہیں۔بعض تعویذوں کو اسطرح استعمال کیا جاتا ہے کہ جس سے انکے بے ادبی ہوتی ہے۔مثلاً کوئی تعویز کسی کے آنے جانے کی جگہ دفن کیا جاتا ہے کہ جس سے انکی بے ادبی ہوتی ہے۔یہ سب طریقے تعویز کی بے حرمتی و بے تقطمی کا باعث بنتے ہیں۔

تعویذات وعملیات کو موثر حقیقی نہ سمجھے۔بلکہ اسکا اثر خدائے تعالیٰ کی طرف سے جانے۔اور اگر کسی کافر کو تعویذ دینا ہو۔تو بہتر ہے۔کہ آیات قُرآنی نہ لکھے۔بلکہ یا تو وہ حروف جدا جدا لکھ دے یا ان حروف کے ہند سے لکھ لے یا اور کچھ جائز عبارت لکھ دے۔

## اسم اعظم

حدیث شریف میں آیا ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کا ایک اسم اعظم ہے کہ اس سے اللہ کو پکارا جائے۔تو دعا قبول فرماتا ہے۔اور جو مانگا جائے تو عطا کرتا ہے۔اس اسم اعظم کو اِخفا رکھا گیا ہے۔تا کہ لوگ اسکی سعی اور تلاش میں لگے رہیں۔اور غافل نہ ہوں۔جسطرح کہ لیلۃ القدر کے

Marfat.com

تعین کو اور جمعہ کی ساعت قبولیت کو اور موت کی گھڑی کو مخفی رکھا ہے۔

بعض روایات میں حضرت یونس کی دعا کو اسم اعظم کہا گیا ہے۔ بعض روایتوں میں یہ شان قبولیت یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کی بتائی گئی ہے۔ (بروایت ترمذی)

اِس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ خدا تعالیٰ کا ایک فرشتہ اس پر مقرر ہے۔ کہ جو شخص خدا تعالیٰ کو تین دفعہ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن کہہ کر پکارتا ہے۔ وہ فرشتہ اس شخص سے کہتا ہے۔ کہ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ نے تیری طرف توجہ فرمائی ہے۔ پس تو نے (جو کچھ مانگتا ہے۔ مانگ لے)

حضرت ایوبؑ نے اپنی بیماری میں خدائے تعالےٰ کو اسی اسم اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن سے یاد کیا۔ تو خُدائے تعالیٰ نے انکی بیماری دور کردی۔ (سورہ انبیاء)

بعض روایات کی رو سے اسم اعظم یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم ہے۔ کیونکہ جنگ بدر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے میں پڑھ کر خدائے تعالیٰ کو اسی نام سے پکارہ تھا اس سے یہ ثابت ہوا ہے کہ ہمیں ان چاروں ناموں سے قبل دعا اپنے مالک ومولیٰ کو پکارنا چاہیے یہ چاروں ہی نہایت ہی سریع التاثیر ہیں۔

اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ.

## دعا

اے رب العزت میری سزا کا بچاؤ اور میری مصیبت کی پناہ صرف اور صرف تیرے ہی پاس ہے۔

نوٹ:۔ کسی بھی کام کی طاقت وقوت اللہ بزرگ و برتر کی مدد کے بغیر میسر نہیں ہے۔

## ا۔ اولاد کی اصلاح کیلئے

سورہ الفرقان کی آیت نمبر ۷۴

رَبَّنَاهَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا سے لیکر لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا تک عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۵

Marfat.com

## ۲۔ سورہ احقاف کی آیت نمبر ۱۵

جسکی اولاد نافرمان ہو۔ تو وہ یہ آیت ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔

(رَبِّ) اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ سے لیکر مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ تک ذُرِّیَّتِیْ کے لفظ پر اولاد کا خیال رکھیں۔ وَاَخَذْنَا سورہ احزاب کی آیت نمبر ۷، ۸ کو ۳۱۳ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر پلائیں۔

اسکے علاوہ سورہ البیروج کی آیت نمبر ۲۱، ۲۲۔

۳۔ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ایک مرتبہ سرہانے کھڑے ہو کر جب بچہ سو رہا ہو۔ عمل کی مدت ۱۱ روز ہے۔ زیادہ سے زیادہ ۲۱ روز

۴۔ سورہ نصر ۱۱ دفعہ عصر کی نماز کے بعد بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ اسکے علاوہ یَاشَهِیْدُ ہر وقت پڑھنا پڑے گا۔

اولاد نافرمان کیلئے۔ سورہ ہود آیت نمبر ۵۶ پارہ ۱۲

۵۔ سورہ الصفت آیت نمبر ۱۱۸ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ پارہ ۲۳ اگر کوئی سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو۔ اسے اچھائی اور برائی کی کوئی تمیز نہ رہے تو اسکو ۳۱۳ دفعہ پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک اسکی حالت سدھر نہ جائے۔

سورہ لقمان کی آیت ۱۶، ۲۱ دفعہ رات کے بارہ بجے کے بعد آسمان کی طرف توجہ کر کے پڑھیں۔

## بہن بھائیوں میں جھگڑا

۵۔ سورہ طارق کی آیت نمبر ۱۵، ۱۶

اِنَّهُمْ يَكِيدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ؈

سو مرتبہ پڑھ کر تکیوں پر چالیس روز تک دم کیا جائے۔ لیکن یہ احتیاط ضروری ہے کہ ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے۔

لقمان کی آیت نمبر ۱۲ تا ۱۵، گیارہ دفعہ یا ۲۱ دفعہ

Marfat.com

## ۶۔ سخت سے سخت مرض یا سنگین مقدمہ کیلئے

یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہیں۔

## کشائش رزق کیلئے

جو آدمی بکثرت استغفار پڑھے گا۔ یعنی اپنے اوپر لازمی کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسکی تنگی کو آسانی اور اسکے غم کو خوشی میں بدل دے گا۔

لاحَولَ وَلاقُوۃَ اِلاَّ بِاللّٰہ ۱۵۱ دفعہ پڑھیں۔

دولتمندی اور توانگری کیلئے صبح کی فرض نماز کے بعد پچیس مرتبہ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰہِ بحضور قلب پڑھنی چاہیے۔ چند یوم پڑھنے سے مفلس مالدار ہو جاتا ہے۔

## سوتے وقت خواب میں ڈرنے والے کیلئے

یَااَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا واتَّقُوااللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُون .آل عمران آیت نمبر ۲۰۰۔

## محبت کیلئے

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۳۹ کا اتنا حصہ وَاَلْقِیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ۱۲۱ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد یہ مرد کیلئے ہے اپنی بیوی کے واسطے پڑھے کافی مفید ہے۔

## حفاظت کے لیے

چور اور ہر شے سے محفوظ (رات کے وقت سونے سے پہلے پڑھیں) سورہ البقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ ...... عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ تک

## مزید محبت کیلئے

بعد نماز عشاء یا وھابُ یاوَدود ۱۲۱

یَاعَزِیزُ مُنْ کُلِّ عَزِیز بِحَقِّ عَزِیز ۱۱۱ بار بعد نماز عشاء

Marfat.com

سکون کیلئے فجر اور عشاء کی نماز کے بعد سورہ علق پانی پر دم کر کے پی لیں۔ ۴۰ روز تک عشاء کی نماز کے بعد۔

جو خود سے باتیں کرتے ہیں۔ وہ یَارَبُّ الرَّحِیْمُ پڑھا کریں

دشمنوں سے گھر کی حفاظت یارقیبُ پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں اللہ تعالیٰ حفاظت کرے گا۔

## بواسیر کیلئے

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاھِیْمَ...... السمیع الْحَلِیْم تک

اولاد کا علاج ۷۰۰ دفعہ اَسْتَغْفِرُ اللہ اولاد ملے گی۔

اَسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ...... غَفَّارًا سورہ نوح آیت نمبر ۱۰

## اغواشدہ کیلئے

یَاجَامِعُ ۱۰۰۱ دفعہ سجدے میں سر رکھ کر پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھ لیں۔

## حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے

یَامُقَدِّمُ ۸۴ دفعہ

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ شَرَّھُمْ بِمَا شِئْتَ وتروں سے پہلے ۲۱ دفعہ دشمنوں کا تصور لیکر پڑھیں۔

## عداوت

سات دانے بنولے اِذا زُلْزِلَتِ الارض سورت کو سات سات دفعہ پڑھ کر بنولہ کے دانے پر دم کرتے جائیں۔ اور آگ میں ڈالتے جائیں۔ جنکے درمیان عداوت ڈالنی ہو اسکا نام لیتے جائیں۔

عداوت سورہ المائدہ آیت نمبر ۶۴ کا اتا حصہ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمْ...... الْقِیٰمَةِ بھی پڑھ کر عداوت کے الفاظ پڑھ سکتے ہیں۔ انشاء اللہ عداوت ہو جائیگی۔

## کھانسی کیلئے

سورہ ص کی آیت نمبر ۲۰ وَشَدَدْنَا مُلْکَہٗ ...... فَصْلَ الْخِطَاب تک ۱۲ دفعہ پڑھ کر

Marfat.com

نمک پر دم کر کے چٹائیں۔

## غیر مسلم کیلئے کیلئے تعویذ

اَلْاَسْلَامُ حَقٌ وَالْکُفْرُ بَاطِلُ الاِسْلَامُ نُوْرٌ وَّالْکُفْرُ ظُلْمَۃٌ

## محبت کیلئے

سورہ انفال آیت نمبر ۱۷ وَمَارَمیتُ اِذا رَمیتُ وَلٰکنِ اللّٰہَ رَمٰی

## قلب کو بدلنے کیلئے

یَامُقَلِّبُ الْقُلُوبُ ۳۴۱ دفعہ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتُ ۱۲۱ دفعہ۔

## ذہنی سکون کیلئے

ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ ۱۲۱ دفعہ

## اللہ کی نگہبانی کیلئے

سورہ یوسف آیت نمبر ۳، ۶، ۱۸، ۲۱۔ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّیْ وَفَوَّضْتُ اِلَیْکَ اَمْرِیْ

## دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیے

نَصْرٌمِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ سورہ الصف کی آیت اپنے سینے پر پھونک ماریں۔

## مکان بیچنے کیلئے

اَجِبْ تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَاحَفِیْظُ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام

اے کفالت کرنے والے کفالت فرما اپنی حفاظت کے ساتھ رزق۔ سورہ الحجر کی آیت نمبر ۲۱ وَاِنْ مِّنَ شَیْ ءٍ اِلَّا...... بِقَدْرٍ مَّعْلُم ایک تسبیح صبح و شام

## ادائیگی قرض کیلئے

یَاوَکِیْلُ یَاکَفِلُ ۷۰۰ دفعہ آیت لکرسی ۳۱۳ دفعہ سوتے وقت قرض سے سبکدوش ہو

Marfat.com

جائیں گے۔

یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ ۳۱۳ دفعہ یَاسَمِیْعُ یَاوَاسِعُ یَارَزَّاقُ یَاوَهَّابُ ۳۱۹ دفعہ۔

وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْن (۷۰ مرتبہ) مائدہ آیت نمبر ۱۱۴

## کمی رزق

دوکان خاطر خواہ نہ چلتی ہو۔ سورہ رعد آیت نمبر ۳ ھُوَالَّذِی مَدَّالْاَرْضَ ...... یَتَفَکَّرُوْنَ تک ۳۱۳ دفعہ

## بیوی خاوند کیلئے پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُه ایک تسبیح عشاء کی نماز کے بعد سورہ الممتحنۃ آیت نمبر ۷ عَسَی اللّٰهُ سے لیکر غَفُوْرُ الرَّحِیْمُ تک

۷ دفعہ صبح ۷ دفعہ شام پہلے چار الفاظ کو تین تین دفعہ دہرا کر مکمل پڑھیں دعا یہ کریں۔ کہ اللہ پاک میرے خاوند کا دل میرے واسطے نرم کر دے۔ جسطرح تو نے اپنی قدرت سے حضرت داؤد علیہ السلام کیلئے لوہے کو نرم کیا تھا۔

سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۲، ۶۳ ھُوَالَّذِی...... عَزِیْزٌ حَلِیْمٌ تک ایک تسبیح یا ۷ دفعہ صبح و شام

سورہ یوسف آیت نمبر ۳۰ قَدْشَغَفَهَا حُبًّا ۲۷ دفعہ سونے سے پہلے عمل ۲۱ روز

## دشمنوں کے شرّ سے محفوظ رہنے کیلئے

وَاللّٰهُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاس سورہ مائدہ آیت نمبر ۶۷۔ ۲۱۱ دفعہ فجر کی نماز کے بعد یا ہر نماز کے بعد ۲۱ دفعہ پڑھ سکتے ہیں۔

سورہ ن (القلم) کی آیت نمبر ۴۵ دشمنوں کے شر سے حفاظت کیلئے بازو پر باندھی جاسکتی ہے وَاُمْلِیْ...... مَتِیْنٌ تک۔

بُری عادات چھڑانے کیلئے مثلاً شراب جُوا وغیرہ وغیرہ۔ سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۹۰ اِنَّمَا

Marfat.com

اَلْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ ...... تُفْلِحُوْنَ تک ۱۲۱ دفعہ عشاء کے وتروں سے پہلے اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود پاک

## خاوند کی محبت کیلئے

سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۵۴ کے یہ الفاظ یُحِبُّھُمْ یُحِبُّوْنَہٗ ۹۹ دفعہ

## جادو ٹونہ سفلی عمل کو روکنے کیلئے

آدھی رات کے بعد یَامَانِعُ ۳۱۱ دفعہ

## دشمنی کیلئے

سورہ لہب رات کو آدھی رات کے بعد ۲۱ بار

## کامیابی کیلئے

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ہر قسم کی پریشانی دور کرنے کیلئے۔ سورہ توبہ کی آخری دو آیات ۷ دفعہ صبح و شام۔ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول رہا ہے۔

## شفائے امراض کیلئے

سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم ط (سورہ یٰسین) کثرت سے پڑھیں۔

## کوئی کام شروع کرنا ہو

اَللّٰھُمَّ یَسِّرْلَنَا اُمُوْر اے اللہ ہمارا کام آسان کردے۔

## واسطے دفع تنگی معاشی

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْم وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الْقَدِیْم تین جمعہ ایک ہزار مرتبہ

ہر مقصد کیلئے عصر اور مغرب کے درمیان یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اسم ذات اسم عادل اسم رحمت۔

Marfat.com

مشکل امور میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اسکو تین دفعہ ضرور پڑھیں۔

رَبِّ سَهِّلْ وَيَسِّرْ وَلاَ تُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَارَبِّ

ترجمہ اے پروردگار سہل کر اور آسان کر اور دشواری نہ کر ہم پر اے رب۔ یہ بھی دعا پڑھی جاسکتی ہے۔

سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَاعَزِيْزُ اے غالب آنے والے اپنے فضل سے میرا کام آسان کر دے۔

## دنیا اور آخرت کیلئے دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ لِلدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمَ الْقِيَامَةَ اے اللہ تیری پناہ چاہتا ہوں۔ دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے

## ہر مقصد کیلئے مجرب دعا

سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴۔ اس میں اپنی ذات اور اسکی مشکلات ومصائب حق تعالیٰ کو تفویض کردو۔ اور قلب کی گہرائیوں سے کہو۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو بے شک اللہ کی نگاہ میں ہیں سب بندے۔

# عملیات

## مہم سخت

جب کسی کو حاجت ہو۔ تو وہ یہ آیت شریفہ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ کو روزانہ ۲۵۰۰ دفعہ اول وآخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود شریف چالیس دن تک برابر پڑھے انشاللہ مطلب حاصل ہو۔

## رزق کیلئے

يَابَاسِطُ ۱۱۱ دفعہ کھانا کھانے کے بعد۔ اور ہر نماز کے بعد ۷ دفعہ بمعہ بِسْمِ اللّٰهِ

Marfat.com

وَاللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَاب

## ہر مقصد کیلئے

وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ بعد نماز مغرب یا مابین مغرب اور عشاء کے ۲۰۰۰ بار پڑھے گیارہ دن تک پڑھے انشاالله جو مقصد اسکا ہو گا بر آوے۔ خواہ مقصد دینی ہو یا دنیوی ہو بر آ ئے۔

## خلقت میں بزرگی اور عزت

ہر نماز کے بعد ۱۱۱ دفعہ یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ دشمن مقہور اور ہلاک ہو جائیں کوئی دشمن اسپر فتح نہ پائے۔ اور تمام وقت صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

لَایَعْقِلُوْنَ =====

لَایَسْمَعُوْنَ =====

لَا مَنْطِقُوْنَ =====

یَبْصُرُوْنَ =====

## بیقراری دل

اگر کوئی شخص چاہے کہ بیقراری دل کی بالکل موقوف ہو جاوے اور دل اسکا آرام سے ہو جاوے۔ تو ہر نماز کے بعد سورہ اخلاص سات بار پڑھے کرے۔ انشاالله قرار آجاوے۔

## حُب

اسم شریف یَا اَخْلَاصُ بِحَقِّ یَاوَدُوْدُ اول وآخر درود شریف اسم شریف کو ۲۱ روز تک ۱۱ دفعہ روزانہ پڑھے۔ بعد نماز عشاء کے ورد کرے۔

## دشمن کی بربادی

سورہ لھب ۴۱ بار پڑھ کر دشمن کے گھر کی طرف پھونک مارے ہلاک ہو جائیگا۔

Marfat.com

## سانپ وبچھو

سانپ یا بچھو اگر انسان دیکھے۔ اور انسان چاہے کہ اس جگہ وہ قائم رہیں وہاں سے ہلنے نہ پائے۔ تو یہ آیت اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا پڑھ کر پھونک مارے۔ سانپ یا بچھو اپنی جگہ پر قائم رہیگا۔ اسکا اس جگہ سے چلانا مقصود ہو۔ تو یہی آیت مذکورہ کو تین مرتبہ پڑھے۔ سانپ یا بچھو فوراً چلا جائیگا۔

اگر سات مرتبہ مٹی پر الحمد شریف پڑھ کر دیدی جائے تو سانپ مکان سے فوراً نکل جائیں گے پانی میں نمک ملا کر سورۃ کافرون بمعہ معوذتین کے تین دفعہ پڑھیں زہر ختم ہو جائے گا۔

## عورت کا خون بند نہ ہونا

سورہ مزمل کو ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ اور پانی میں پھونک دیں۔ اگر پانی بہتا ہوا دریا کا ہو۔ تو نہایت مجرب ہے۔ یہ سورۃ بعد نماز عشاء کے پڑھنی چاہیے۔

## جسمانی اور حاملہ عورت کے پیٹ کے درد کیلئے

سورہ مزمل کو تین دفعہ پڑھ کر بوتل میں پانی لیکر اس پر دم کرلیں اسکے پینے سے درد جاتا رہیگا انشاءاللہ۔ یہ پانی عورت کے دودھ نہ ہونے کی صورت میں بھی مفید ہے۔

## ہر حاجت

دعائے مکرم یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْقَیُّوْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ مابین مغرب اور عشاء کے ۳۶۱ بار پڑھے تین روز تک اوّل وآخر ۱۱، ۱۱ دفعہ درود شریف۔ مقصد پورا ہو انشاءاللہ

## نماز

روایت ہے۔ کہ روز محشر میں سب سے پہلے نماز کے بارے میں باز پرس ہوگی اگر

Marfat.com

نمازیں لکھی ہوئی ہوں گی تو اسکا سارا عمل قبول ہوگا اور اگر اس میں کمی ہوئی تو نمازیں سمیت اسکا عمل رد کر دیا جائیگا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ کہ فرض نماز ترازو کیلئے طرح ہے جس نے اسکو پورا کیا۔ اسکو پورا اجر ملے گا۔

فرمان نبی کریم ہے۔ کہ میری امت کے دو آدمی نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں انکا رکوع سجود بظاہر ایک جیسا ہوتا ہے۔ مگر ان دونوں کی نمازوں میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ ایک میں خشوع ہوگا اور دوسری بغیر اسکے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایسے بندے کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا جو رکوع اور سجدہ میں کمر سیدھی نہیں کرتا۔

سب لوگوں سے برا چور نماز میں چوری کرنے والا ہے۔ یعنی جس نے وضو صحیح نہ کیا ہو اور نہ اسکے رکوع سجود خشوع سے آراستہ ہوں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ نماز ایک پیمانہ ہے جس نے اسکو پورا کیا۔ وہ کامیاب ہوا۔ جس نے اس میں کمی کی وہ عذاب کا مستحق ہوا۔ بعض علماء نے فرمایا نماز کی مثال تاجر کی مانند ہے۔ اسے نفع تب ملتا ہے۔ جب اسکا مال خالص ہو۔ اسطرح فرائض ادا کیئے بغیر نفل بھی قبول نہیں ہوتے۔

فرمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جس کو بے حیائی اور برائی سے نہیں روکتی اسے اللہ تعالیٰ کی دوری کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ یعنی غافل کی نماز بے حیائی اور برائی سے نہیں روکتی۔ یعنی کئی نماز میں کھڑے ہونے والے ایسے نمازی ہیں جنکو قیام میں تھکاوٹ اور تکلیف کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ آپؐ نے اس سے غافل کی نماز مراد لی ہے۔

نماز میں بندے کو اسی قدر اجر ملے گا۔ جسقدر اس نے توجہ سے نماز پڑھی۔

عارفین کے نزدیک نماز چار چیزوں کا نام ہے۔ علم کے ساتھ نماز۔ حیا سے قیام تعظیم سے ادائیگی خشیت الٰہی کے ساتھ اختتام۔ ایک شیخ کا قول ہے جس کا دل نماز کی حقیقت کو نہ سمجھا اسکی نماز فاسد ہے بعض صحابہ کرام کا قول ہے۔ نماز میں جسقدر انسان سکون و اطمینان لذت اور سرور حاصل کرتا ہے۔ اسی قدر روز قیامت میں پر سکون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے متعدد آیات میں خشوع و خضوع کرنے والوں کی تعریف فرمائی ہے۔

(۱)۔ سورۃ مومنون کی آیت: فِيْ صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ اپنی نماز میں خشوع کرنے

Marfat.com

والے(۲)۔عَلٰی صَلٰوتِھِمْ یُحَافِظُوْنَ سورۃ المومنون کی آیت نمبر۹(ترجمہ)اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔(۳)۔عَلٰی صَلٰوتِھِمْ دَائِمُوْن (ترجمہ)اپنی نمازوں کو دوام بخشتے ہیں۔

کسی کا قول ہے۔یہ نماز تو سب پڑھتے ہیں۔لیکن دعا کسی کسی کی قبول ہوتی ہے۔۲۔ حاجی تو بہت ہیں۔لیکن نیک سیرت کم ہیں۔۳۔پرندے بہت ہیں۔مگر بلبلیں کم ہیں۔۴۔عالم تو بہت ہیں۔لیکن عامل کم ہیں۔

## صحیح نماز

صحیح نماز خشوع،خصوع اور انکساری کا نام ہے۔یہی قبولیت کی علامت ہے۔اسلئے کہ یہ جائیز ہونے کی ایک شرط ہے۔اور اسی طرح قبول ہونے کی بھی شرط ہے۔جائیز ہونے کیلئے فرائض کی ادائیگی ہے۔اور قبولیت کیلئے خشوع ضروری ہے۔فرمان خداوندی ہے۔قَدْاَفْلَحَ الْمُوْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلٰوتِھِمْ خَاشِعُوْنَ۔ (المومنون ۱تا۲)

وہ ایمان دار جو کامیاب ہوئے وہ ہیں جو اپنی نماز خشوع اور خضوع سے ادا کرتے رہے اور تقویٰ کے بارے میں فرمان الٰہی ہے۔اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ (سورۃ مائدہ آیت نمبر۲۷) اللہ تعالیٰ تقویٰ اختیار کرنے والوں کو قبول کرتا ہے۔

ختم المرسلینؐ نے فرمایا: جس نے کامل خضوع اور خشوع سے دو رکعت نماز ادا کی وہ گناہوں سے ایسا پاک ہو گیا۔گویا اسکی ماں نے اسے ابھی جنا ہے۔

## تارک نماز کی سزا

اللہ تعالیٰ نے دوزخیوں کا ذکر کر کے فرمایا:

سورہ المدثر......مَاسَلَکَکُمْ فِیْ سَقَرَ...... اَلْخَآئِفِیْنَ (سورۃ مدثر۴۲تا۴۵)

تمہیں دوزخ میں کس نے ڈالا وہ کہیں گے کہ ہم نمازی نہیں تھے۔اور ہم مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔اور ہم بحث کرنے والوں کے ساتھ بحث کرتے تھے۔مسند احمد میں ہے کہ مسلمان اور کافر کے درمیان نماز چھوڑنے کا فرق ہے۔ترک نماز کفر ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔فرمان الٰہی ہے۔

Marfat.com

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ ...... اِلَّا مَنْ تَابَ پس انکے بعد جانشین ہوئے بُرے لوگ انہوں نے نماز کو ضائع کیا۔ اور خواہشات کی پیروی کی وہ جلد ہی شدید عذاب سے ملیں گے مگر وہ جنہوں نے توبہ کی اَغیٰی دراصل دوزخ میں ایک وادی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ وہ ہیں جو نمازوں میں انکے اوقات سے دیر کرتے ہیں۔ فرمان اللہ تعالیٰ ہے۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ...... سَاهُوْنَ سورۃ ماعون کی آیت نمبر ۴، ۵۔

پس خرابی ہے ان نمازیوں کیلئے جو اپنی نمازوں سے غافل ہیں۔

سورہ المنافقون آیت نمبر ۹

فرمان الٰہی ہے۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ...... هُمُ الْخٰسِرُوْنَ

اے ایمان والو تمہیں تمہارے مال اور اولاد کوئی چیز اللہ کی یاد سے غافل نہ کردے۔ اور جو ایسا کرے گا وہی خسارا پانے والے ہیں۔

مفسرین کی ایک جماعت کا فرمان ہے کہ اس آیت میں ذکر اللہ سے مراد پانچ نمازیں ہیں۔ جو شخص نماز کے وقت اپنے مال یعنی کاروبار دستکاری یا اولاد میں مشغول رہا ہے وہ خسارہ یا نادان ہے اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے بندے کا قیامت کے دن جس عمل کا محاسبہ ہوگا وہ نماز ہے۔

اسلاف میں سے بعض کا قول ہے۔ نماز میں چار چیزیں انتہائی بُری ہیں ا۔کسی دوسرے کی طرف متوجہ ہونا...... (۲)۔منہ پر ہاتھ پھیرنا اور گزرگاہ پر نماز شروع کردینا۔

احمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی طرف اتنی دیر تک متوجہ رہتا ہے۔ جب تک وہ نماز سے توجہ نہیں ہٹاتا۔

بعض صحابہ کرام کا حال یہ تھا۔ کہ وہ رکوع میں اسقدر ساکن ہوتے کہ پرندے انہیں پتھر سمجھ کر انکی پیٹھ پر بیٹھ جاتے۔

تورات میں ہے: اے انسان میری بارگاہ میں روتے ہوئے حاضری دو کیونکہ تمہارا اللہ تمہارے دل سے بہت قریب ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ میرے بندے فرائض ادا کئے بغیر مجھ سے نجات حاصل نہ کر سکیں گے۔

Marfat.com

## فضائل صلوٰۃ

حکم باری تعالے ہے۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤمِنِیْنَ کِتَابًا مَّوْقُوْتًا سورہ النساء آیت نمبر ۱۰۳

بیشک نماز کا مومنوں پر اوقات مقررہ میں ادا کرنا فرض ہے۔

حضور نبی کریمؐ نے فرمایا۔ کہ نماز میں ایک سے دوسری نماز تک کے درمیانی وقت ہے کفارہ بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچا جائے۔ جیسا کہ ارشاد رب العزت ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ (سورہ ھود آیت نمبر ۱۱۴)

بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ وہ گناہوں کا ایسے کفارہ ہو جاتی جیسے گناہ کئے ہی نہ تھے۔

انسان حالت سجدہ میں اللہ کے بہت قریب ہوتا ہے وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ. (سورۃ علق آیت نمبر ۱۹) سجدہ کر اور قریب ہو جا ارشاد ربانی ہے۔ سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ انکی نشانی انکے چہروں پر سجدوں کے نشانات ہیں۔

## نماز احادیث کی روشنی میں

۱۔ میری اُمت کے معزز ترین لوگ قرآن کریم کے حافظ، عالم اور تہجد گزار ہیں۔
اللہ تعالٰی کو سب سے زیادہ محبوب عمل وہ ہے جس پر سے مداومت کی جائے خواہ وہ تھوڑا سا ہی کیوں نہ ہو۔ (بخاری)

۲۔ جمعہ کے روز ایک گھڑی آتی ہے جس میں جو شخص اللہ تعالٰی سے جو چیز مانگتا ہے اللہ تعالٰی اسے وہ ضرور عطا فرماتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۔ جس نے مغرب کے بعد ۲۰ رکعتیں پڑھیں اللہ تعالٰی اس کے لئے جنت میں عظیم گھر بنائیں گے۔ یہ صالحین کی عادت ہے۔ اور یہ تمہارے لئے تمہارے پروردگار کے یہاں ٹھیک ہے نیکی اور گناہوں کا کفارہ اور برائیوں سے روکنے والی ہے (ترمذی)

۴۔ جس نے تین جمعے بلا عذر سُستی کی وجہ سے چھوڑ دیئے اللہ تعالٰی اس کے دل پر مہر لگا

Marfat.com

دیتے ہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

۵۔ جس نے مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھیں ان کے درمیان کوئی بھی بات نہیں کی تو یہ اس کے لئے ۱۲ سال عبادت کے برابر ہونگی (ترمذی)

۶۔ جو مسلمان جمعہ کے دن یا رات کو مرتا ہے اللہ تعالی اسے فتنۂ قبر سے بچا لیتے ہیں۔ (احمد ترمذی)

۷۔ اے ابن آدم! تم خرچ کرو میں تم پر خرچ کرونگا (بخاری و مسلم)

۸۔ جنت میں کمینہ بخیل اور احسان جتلانے والا ہرگز داخل نہ ہوگا۔ جب تک اس کی سزا نہ بھگت لے۔ (ترمذی)

۹۔ قبروں کی زیارت کیا کرو اس لئے کہ یہ دنیا سے بے رغبتی کرتی ہیں اور آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔ (ابن ماجہ)

۱۰۔ انسان کا نفل نماز گھر میں پڑھنا میری اس مسجد میں نماز پڑھنے سے زیادہ افضل ہے سوائے فرض نماز کے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

۱۱۔ جس نے چاشت کی بارہ رکعات پڑھیں اللہ تعالی اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنائیں گے (ترمذی، ابن ماجہ)

۱۲۔ اللہ تعالی رحم فرمائے اس شخص پر جو عصر سے پہلے چار رکعات پڑھے۔ (احمد، ترمذی، ابو داؤد)

۱۳۔ قیامت کے روز مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا ہوگا۔ (ترمذی)

حدیث مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

۱۔ جس نے فجر کی نماز ترک کی اس کے چہرے سے نور ختم کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ جس نے ظہر کی نماز ترک کی اس کی روزی سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔

۳۔ جس نے عصر کی نماز ترک کی اس کے بدن سے طاقت ختم کر دی جاتی ہے۔

۴۔ جس نے مغرب کی نماز ترک کی اسے اپنی اولاد سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔

۵۔ جس نے عشاء کی نماز ترک کی اسکی نیند سے راحت ختم کر دی جاتی ہے۔

Marfat.com

نماز پڑھو اس سے پہلے کہ تمہاری نماز پڑھی جائے۔

نماز کے متعلق چند ارشادات ربانی ملاحظہ ہوں۔

۱۔ سورہ البقرہ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ...... يُنْفِقُوْنَ تک البقرہ آیت نمبر ۲،۳

قرآن ان پرہیز گاروں کیلئے ہدایت ہے۔ جو غیب کی تصدیق کرتے اور نماز قائم رکھتے اور ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۲۔ حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ (بقرہ ۲۳۸)

تمام نمازوں کی حفاظت کرو خصوصاً درمیانی نماز (عصر) کی اور اللہ کے حضور ادب سے کھڑے رہو۔

۳۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَإِقَامِ الصَّلٰوةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ (سورۃ النور آیت ۳۷)

صالحین مرد وہ ہیں۔ کہ انکو انکی تجارت اور خرید وفروخت اللہ کی یاد اور نماز پڑھنے اور زکوۃ دینے سے غافل نہیں کرتی۔ وہ قیامت اور اس دن سے ڈرتے ہیں جسمیں بہت دل اور آنکھیں اُلٹ پلٹ ہو جائیں گی۔

خرابی کن نمازیوں کی ہے۔

۴۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (ماعون، آیت ۴،۵) خرابی ہے ان نمازیوں کیلئے جو اپنی نماز کی اہمیت سے بے خبر ہیں۔ یعنی بے وقت پڑھتے ہیں اور کبھی پڑھتے اور کبھی نہیں پڑھتے ہیں۔

۵۔ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوْا الشَّهَوَاتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا (سورہ مریم ۵۹) تو انکے بعد کچھ ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نمازیں ضائع کردیں۔ اور خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گئے تو عنقریب وہ غیّ سے ملیں گے۔

(نوٹ) غیّ دوزخ کے نیچے کے طبقے میں ایک کنواں ہے جسمیں اہل دوزخ کی پیپ وغیرہ گرتی ہے۔

۶۔ فِيْ جَنّٰتٍ يَّتَسَاءَلُوْنَ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ...... الْمِسْكِيْنَ

Marfat.com

جنت میں جنتی لوگ مجرموں سے پوچھیں گے تمہیں کس جرم نے دوزخ میں پہنچایا۔وہ کہیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھےاور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔

۷۔ دعائے خلیل...... اے میرے رب مجھ کواور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنادے اے ہمارے پروردگار ہماری دعا قبول فرما۔

۸۔ سورۃ طٰہٰ آیت نمبر۱۴: اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ...... لِذِکْرِیْ بلاشبہ میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔بس میری عبادت کرو۔اور میری یاد کے واسطے نماز قائم کرو۔لقمان علیہ السلام یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ ...... عَنِ الْمُنْکَرِ (سورۃ لقمان آیت ۱۷) اے میرے بیٹے نماز قائم رکھ اور لوگوں کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کر

۱۰۔ سورہ البقرہ آیت نمبر ۴۳ سجدہ قربت کا ذریعہ ہے۔

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ .... مَعَ الرّٰکِعِیْنَ

اور قائم رکھو نماز اور دیا کرو زکوۃ اور (نماز میں) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔

۱۱۔ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر۱۴) اور میری یاد کیلئے نماز قائم کرو۔

کون مراد کو پہنچتے ہیں؟

۱۲۔ سورہ مومنون کی آیت نمبر ۱ تا ۵ قَدْ اَفْلَحَ الْمُوْمِنُوْنَ ...... حٰفِظُوْنَ بیشک ایمان والے مراد کو پہنچے جو اپنی نماز میں گڑگڑاتے ہیں۔عجز و نیاز کرتے ہیں اور وہ کسی بے ہودہ بات کی طرف دھیان نہیں دیتے۔ اور جو زکوۃ دیا کرتے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

۱۳۔ سورہ نساء کی آیت نمبر ۱۴۲ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ...... اِلَّا قَلِیْلًا منافق (اپنی طرف سے) خدا کو دھوکا دیتے ہیں اور وہ انکو دھوکے میں ڈالے گا۔اور جب یہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا سا۔

۱۴۔ سورہ نساء آیت نمبر ۱۴۵ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ...... لَهُمْ نَصِیْرًا

بے شک منافق دوزخ کے سب سے نچلے درجہ میں ہونگے۔اور تم انکا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے۔

۱۵۔ سورہ لقمان آیت نمبر ۵۔۴ اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ ...... هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ جو نماز قائم رکھتے

Marfat.com

ہیں۔اور زکوۃ دیتے ہیں۔اور وہ جو آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔وہی اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی مراد کو پہنچے۔

۱۶۔ سورہ اعلیٰ آیت نمبر ۱۴،۱۵ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى
بیشک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا اپنے رب کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔
گھر والوں کو نماز کا حکم دو۔

۱۷۔ سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۳۲......وَامُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ ...... لِلتَّقْوٰى
اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اس پر قائم رہو۔ہم تم سے روزی نہیں مانگتے بلکہ تمہیں ہم روزی دیتے ہیں۔(یعنی نماز کی فکر کرو روزی کا غم اور فکر نہ کرو)اور پرہیز گاری کا انجام اچھا ہے۔

۱۸۔ نماز درمیانی آواز میں پڑھو......سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۱۰...... قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ ...... سَبِيْلًا کہہ دو اللہ پکارو یا رحمٰن جس نام سے پکارو اسکے سب نام اچھے ہیں اور نماز نہ بلند آواز سے پڑھو نہ بالکل دبی آواز سے بلکہ اسکے بیچ کی راہ اختیار کرو(یعنی قرأت کرتے ہوئے)

۱۹۔ نماز کی نگہبانی اور جنت کے وارث
سورہ مومنوں آیت نمبر ۹ تا ۱۱ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ...... خٰلِدُوْنَ
اور جو نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں (یعنی قضا نہیں کرتے اور محبت اور ڈر سے پڑھتے ہیں)وہی میراث حاصل کرنے والے ہیں جو بہشت کی میراث حاصل کریں گے اور ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۲۰۔ سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۳۸ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ ...... قٰنِتِيْنَ سب نمازوں اور بیچ والی نماز (یعنی عصر کی نماز) کی نگہبانی کرو اور (نماز میں) اللہ کے آگے ادب سے کھڑے رہو۔

۲۱۔ کپڑے پاک رکھو
سورہ مدثر آیت نمبر ۳،۴......وَرَبَّكَ...... فَطَهِّرْ تک۔اپنے رب کی بڑائی بولو۔اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔

Marfat.com

۲۲۔ وضو غسل تیمم ہے

مائدہ آیت نمبر ۶..... یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ..... لِیُطَھِّرَکُمْ

اے ایمان والو جب تم نماز کے لئے اٹھو۔ تو منہ اور کہنیوں تک ہاتھ دھولیا کرو اور سر کا مسح کر لیا کرو۔ اور ٹخنوں تک پاؤں (دھولیا کرو) اور اگر غسل کی حاجت ہو۔ تو (نہا کر) اچھی طرح پاک ہو جاؤ۔ اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں۔ یا کوئی تم میں سے بیت الخلا سے آیا ہو۔ یا عورتوں کے پاس گئے ہوں۔ اور پانی نہ مل سکے تو پاک مٹی لو۔ اور اس سے اپنے منہ اور ہاتھ مل لو۔ (یعنی تیمم کرلو) اللہ تم پر تنگی نہیں چاہتا۔ لیکن چاہتا ہے۔ کہ تمہیں پاک کرے۔

۲۳۔ نشہ کی حالت میں نماز

سورہ النساء آیت نمبر ۴۳..... یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ..... مَاتَقُوْلُوْنَ

اے ایمان والو جس وقت تم نشہ میں ہو۔ تو نماز کے نزدیک مت جاؤ۔ یہاں تک کہ (نماز میں) سمجھنے لگو جو کہتے ہو۔

۲۴۔ قصر نماز

سورہ النساء آیت نمبر ۱۰۱..... وَاِذَا ضَرَبْتُمْ مِنَ الصَّلٰوۃِ

اور جب تم ملک میں سفر کرو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ نماز (یعنی نماز کم کر کے) پڑھو۔

۲۵۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۲۳۹

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً اَوْ رُکْبَانًا اگر تمہیں خوف ہو تو نماز پیادہ پڑھ لو یا سوار۔

۲۶۔ سورہ الروم آیت نمبر ۱۷، ۱۸ افسبحٰن اللہ ..... تُظْھِرُوْنَ جس وقت شام ہو اور جس وقت صبح ہو۔ تو اللہ پاک کو یاد کرو۔ (یعنی مغرب عشاء اور فجر کی نماز پڑھو) اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے۔ اور پچھلے وقت اور جب دو پہر ہو۔ (یعنی عصر اور ظہر کی نماز پڑھو۔

سورہ ھود آیت نمبر ۱۱۴..... وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ ..... مِنَ الَّیْلِ

اور دن کے دونوں سروں (یعنی فجر ظہر اور عصر) اور رات کی کچھ ساعتوں میں (یعنی مغرب اور عشاء) نماز قائم کرو۔

Marfat.com

۲۷۔ جمعہ کی نماز

سورہ جمعہ کی آیت نمبر ۹،۱۰

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ...... تُفْلِحُوْنَ

اے ایمان والو۔ جب جمعہ کے دن نماز کی اذان ہو۔ تو اللہ کی یاد کیلئے دوڑو۔ اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔ اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ پھر جب نماز ہو چکے تو اپنی اپنی راہ لو۔ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت سا یاد کرو تا کہ تمہارا بھلا ہو۔ (یعنی روزی کی تلاش میں بھی اللہ کو یاد کرنا نہ بھولو)۔

۲۸۔ تہجد نماز

سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۷...... وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ اور گناہ بخشوانے والے پچھلی رات میں۔

سورہ مزمل آیت نمبر ۶...... اِنَّ نَاشِئَةَ ...... قِیْلاً

بیشک رات کو اٹھنا سخت ہوتا ہے اور بات سیدھی دل سے نکلتی ہے۔

سورہ طور ۴۹...... وَمِنَ الَّیْلِ ...... النُّجُوْمِ اور کچھ رات میں اور تاروں کے غروب ہوتے وقت اسکی پاکی بولو یعنی تہجد اور فجر کے وقت

۲۹۔ پرندے نماز تسبیح

سورہ نور آیت نمبر ۴۱ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ ...... یَفْعَلُوْنَ

کیا تم نے نہیں دیکھا۔ کہ جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں۔ اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ اور پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی اور سب نے اپنی طرح کی نماز اور تسبیح جان رکھی ہے اور جو کچھ کرتے ہیں۔ اللہ کو معلوم ہے۔

Marfat.com

## نرینہ اولاد کے لیے

اگر کسی کے ہاں نرینہ اولاد نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی 9 مہینے تک سورہ نوح آیت نمبر 12 وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ ...... اَنْھٰرًا تک پڑھی جاسکتی ہے۔اس کے ساتھ سورہ حشر کی آخری آیت کی ایک تسبیح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں اور ہر وقت یَا خَالِقُ یَا وَارِثُ یَا مُبْدِئُ کا ورد رکھیں۔حمل کے تین مہینے گزرنے کے بعد یَامَتِیْنُ اسمائے ربانی ہے اس کو 70 دفعہ پڑھنا ہے۔اور ہر دفعہ پیٹ پر دائرے لگانے ہیں۔سورہ الصفت کی آیت نمبر 100 کی ایک تسبیح صبح خاوند نے کرنی ہے۔ بیوی نے ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ تکرار کر کے دعا کرنی ہے۔انشاء اللہ رب العزت ضرور سنے گا۔

## میاں بیوی میں اختلاف

میاں بیوی میں اختلاف ختم کرنے کے لئے سورہ البقرا کی آیت نمبر 165 کا اتنا حصہ پڑھ کر پانی یا کھانے کی کسی چیز پر دم کرلیں اور دونوں پئیں۔کم از کم 72 دفعہ لیکن عام طور پر 500 دفعہ پڑھ کر دم کر کے کسی چیز کو کھانا مجرب المجرب ہے۔

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ اس کے ساتھ سورہ روم کی آیت نمبر 21 کی تسبیح کرنی بھی ضروری ہے اس کو اٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہو تو بہت کرم نوازی کی امید ہے۔

سورہ الروم آیت نمبر 21 وَمِنْ اٰیٰتِہٖ ...... یَّتَفَکَّرُوْنَ تک۔ترجمہ پر دھیان دے کر پڑھیں۔

## مقدمہ میں کامیابی

مقدمہ میں کامیابی کے لئے سورہ یونس کی آیت نمبر 82 ہر وقت پڑھنی چاہیے۔یہ حق والوں کے لئے ہے۔ ناحق والوں کیلئے نہیں۔اس کے ساتھ صبح سورہ فتح اور شام کو سورہ طور پڑھیں۔سورہ یونس آیت نمبر 82 وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ ...... الْمُجْرِمُوْنَ۔

ناحق والوں کو اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ہر وقت پڑھنا چاہیے۔ شاید خدا کی رحمت جوش میں آجائے۔

Marfat.com

## مصیبت سے رہائی کے لئے

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْن ( سورہ یوسف )1000 دفعہ ایک ہی نشست میں۔

## کسی کی زبان گوئی روکنے کے لئے

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّعِبَادِکَ تین دفعہ پڑھ دیں یا سات دفعہ اُس کا تصور کر کے۔ یہ عمل زبان گوئی کو روکتا ہے۔

## مکان یا کوئی دوسری جگہ کو خالی کرانا

سورہ انشقاق آیت نمبر 4 وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ تین سو مرتبہ آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ کرایہ دار کا تصور رکھیں پھونک ماریں۔ عمل کی مدت 40 روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن۔

## غم کا دور ہونا

الباقی 1000 مرتبہ روز اور شفا کے لئے یَاحَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ شُفْنِیْ اے حلیم اے کریم مجھے شفا دے دے۔

اللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ ترجمہ: اللہ شفا دے تجھ کو اللہ کے نام سے کلام پڑھتا ہوں تجھے۔ (دم کرنے سے پہلے یہ پڑھ لیں)

## ہر قسم کی مالی ترقی کے لئے

یہ درود شریف ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط اے اللہ رحمت نازل فرما محمد (ﷺ) پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور تمام مومنین و مومنات، مسلمین و مسلمات پر بھی رحمت نازل فرما۔

Marfat.com

## دعا نماز کے بعد

ہر نماز کے بعد تین دفعہ سُبحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضیٰ نَفسِہٖ وَزِنَۃَ عَرشِہٖ وَمِدَادُ کَلِمٰتِہٖ (ترجمہ) پاکی بیان کرتا ہوں اللہ کی اور تعریف کرتا ہوں اس کی بقدر گنتی اس کی مخلوق کے اور موافق مرضی اس کی ذات کے اور موافق بوجھ اس کے عرش کے اور موافق مقدار ان کے کلموں کے۔

## گم شدہ

اَللّٰھُمَّ یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ (ترجمہ) اے اللہ اے جمع کرنے والے لوگوں کے واسطے جس میں کوئی شک نہیں جمع کر لے میرے لئے گم شدہ۔ تین سو دفعہ صبح، سو تین دفعہ شام: بچے کے گم ہونے کی صورت میں۔

## امراض خبیثہ سے حفاظت

اسم مبارک یَامُؤمِنُ کا ورد بکثرت کرنے سے جملہ امراض خبیثہ سے حفاظت رہے گی۔

## اولاد سے محرومی

اس کے لئے روزانہ گیارہ بار سورہ الفجر کی تلاوت کرے۔ اللہ ﷻ محرومی کا داغ دور کر کے اسے نیک اور نیک صالح اولاد دے گا۔ اس کے ساتھ اسم مبارک یَا عَفُوُّ کا ورد کثرت سے کریں۔

## اولاد کا حصول

سورہ حشر کی آخری تین آیات 313 دفعہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے میاں بیوی دونوں پی لیا کریں۔ اللہ ﷻ اولاد کی نعمت سے فیض یاب فرمائے گا۔ یَا غَفَّارُ کا کثرت سے ورد کرتا رہے۔

## اولاد کا زندہ رہنا

اس کے لئے سورہ کوثر کو 700 دفعہ اکتالیس روز تک پڑھیے تو انشاء اللہ اس کی اولاد

Marfat.com

زندہ رہے گی اوراس کا نام ہمیشہ کے لئے جاری رہے گا۔

## اولاد کی موت کا غم

یَا صَبُور پڑھنے سے غم غلط ہو سکتا ہے۔

## بچے کا بہت زیادہ رونا یا ضد کرنا

سورہ النجم کی آیت نمبر 59,60,61 لکھ کر بطور تعویذ اس کے گلے میں باندھ دیا جائے اس کے ساتھ یَا مقیت سات مرتبہ لکھ دیا جائے۔

بچے کو نظر لگ جانا:

بچہ کا تعویذ ۔۔۔ تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

یَامُقِیْتُ

یَامُقِیْتُ یَامُقِیْتُ

یَامُقِیْتُ یَامُقِیْتُ

## آخرت کے عذاب سے مخلصی یا آخرت میں نجات

اگر کوئی شخص رات کو سوتے وقت سورہ قدر 7 مرتبہ پڑھے گا اور ایک تسبیح یَـامُـحْصِیُ کی بھی کر لے گا۔ تو یہ اس کے لئے آخرت میں ذریعہ نجات ثابت ہونگے۔ انشاءاللہ

## آسیب اور جنات کے اثرات سے نجات

اگر کسی شخص پر آسیب یا جنات وغیرہ کا اثر ہو تو سورہ طارق کو ایک سو گیارہ مرتبہ گیارہ دن تک پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے۔ وہ پانی آسیب زدہ شخص کو پلایا جائے۔ انشاءاللہ العزیز آسیب وغیرہ کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اگر کوئی مکان یا مقام آسیب زدہ ہو تو سورہ الزلزال کسی کاغذ پر لکھ کر لٹکا دیں تو اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے وہاں آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

## آشوب چشم

اگر کسی شخص کو آشوب چشم کی شکایت ہو تو سورہ التکویر پڑھ کر اُس کی آنکھوں پہ دم کیا

Marfat.com

جائے۔ انشاء اللہ العزیز آشوب چشم کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## آفاتِ روزگار سے تحفظ

اس کے لئے آپ اسم مبارک یَابَرُّ بکثرت ورد کریں تو اللہ ﷻ اپنے فضل و کرم سے اسے جملہ آفات روزگار سے تحفظ فرمائے گا۔

## آلام و مصائب سے نجات

اس کے لئے اسم مبارک یَـا خَلَّاقُ کا بکثرت ورد کرے۔ اگر چہ طرح طرح کے مصائب اور تکالیف و مشکلات میں گھرا ہوا ہو گا اور حالات بد سے بدتر ہوں تو بھی اللہ ﷻ کے فضل سے اس کے حالات بہتر ہو جائیں گے۔

حفاظت اہل خانہ کے لئے سورہ کہف پڑھنی چاہیے۔ حفاظت حمل اور بچہ صحیح سالم پیدا ہونے کے لئے سورہ انبیاء کی آیت نمبر 91,92 لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ ڈال دیں۔ پیدائش کے بعد بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

## مشکل کام حل ہو جائیں

ایک مرتبہ ہر نماز کے بعد سورہ آل عمران آیت نمبر 26 قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ سے لے کر عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تک

## جادو کے لئے

سورہ یونس کی آیت نمبر 80,81 لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ فَلَمَّـا جَآءِ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ تک۔

## دفع آسیب

سورہ المومنون کی آیت نمبر 115 آخر تک اَفَحَسِبْتُمْ ...... تُرْجَعُوْنَ پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونک ماریں۔ سات دفعہ

Marfat.com

## محبت اور الفت کے لئے

آل عمران آیت نمبر 103,104 لکھ کر بازو پر باندھیں۔ وَاعْتَصِمُوْ ..... ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک۔

## نکسیر کے لئے

آل عمران کی آیت نمبر 144 وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْل سے لے کر انْقَلَبْتُمْ تک لکھ کر بازو پر باندھیں۔

## دشمنی کی روسیاہی کے لئے

سورہ مائدہ آیت نمبر 59,60 اکیس دفعہ پڑھ کر دشمن کو تصور میں رکھ کر پھونک ماریں۔ قُلْ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ سے لے کر سَوَآءِ السَّبِیْلِ تک۔

## بواسیر خونی

سورہ البقرہ کی آیت نمبر 127 کو 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں۔ وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھِیْمُ سے الْعَلِیْمُ تک۔

## پیٹ میں شدید درد ہو

پیٹ میں شدید درد ہو تو الحمد شریف 21 بار اور سورہ اخلاص 7 بار پڑھ کر دم کر لیں۔

## قے کے لئے

سورہ طارق اور پیچش کے لئے سورہ الشمس پڑھیں۔

## بخار کے لئے

بخار کے لئے لکھ کر گلے میں ڈالیں ..... یا اللہ یا غفور یا اللہ یا غفور تین بار لکھ کر بازو پر باندھ لیں۔ بدنظری کے لئے اور سائے کے لئے ..... یا اللہ یا غفور یا اللہ یا

Marfat.com

غفور دو دفعہ لکھ کر اُس کا پانی پی لیا کریں۔ سات دفعہ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## نفاق ڈالنے کے اور جُدا کرنے کے لئے

سورہ بقرہ کی آیت نمبر 6 کے یہ الفاظ لکھ کر وَاسَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَ اَنْذَرْتَھُمْ سے یُوْمِنُوْنَ تک دو کاغذوں پر لکھ کر بغض فلاں بن فلاں والعدوت فلاں بن فلاں رکھ چھوڑیں انشاء اللہ تعالیٰ نفاق اور جدائی ہوگی۔ یا پڑھ کر دعا کر چھوڑیں۔

## عداوت کو دوستی اور محبت میں بدلنے کے لئے

سورۃ یٰسین اِنَّمَا تُنْذِرُ سے لے کر وَّاَجْرٍ کَرِیْمٍ لکھ کر دودھ پر پلائیں۔

## قیام حمل کے لئے

یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَا اَللّٰہ کثرت سے پڑھیں۔

## بغض و عداوت کے لئے

یَاجَبَّارُ یَاقَابِضُ یَاقَوِیُّ تین سو تیرہ دفعہ عصر کی نماز کے بعد بغیر بسم اللہ اور درود پاک پڑھیں۔

## دشمن کو مقہور اور ذلیل کرنے کے لئے

یَاجَبَّارُ یَامُذِلُّ یَاقَھَّارُ تین سو تیرہ دفعہ عصر کی نماز کے بعد بغیر بسم اللہ اور درود پاک پڑھیں۔

## نماز کی پابندی کے لئے

جو شخص یہ خواہش رکھتا ہو کہ نماز کی پابندی کرے اور وہ بُرائی سے دور رہے تو اُس کو سورہ ھود کی آیت نمبر 114,115 وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ سے لے کر الْمُحْسِنِیْنَ تک ہر نماز کے فرضوں کے بعد پڑھنی چاہیے۔

Marfat.com

## دماغی توازن کے لئے

سورہ التکویر کی آیت نمبر 20 تا 29 کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰه اور لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰه کا ورد ہر وقت رکھے۔

## اگر اولاد مر جاتی ہو یا کسی چیز کا حل نہ نکلتا ہو

اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہے زندہ نہ رہتی ہو یا اُس پر کوئی مصیبت آن پڑی ہو جس کا کوئی حل نہ نکلتا ہو تو وہ روزانہ سورہ الصفت کی آیت نمبر 76 وَنَجَّيْنٰهُ ...... الْعَظِيْم تک کا ورد صبح شام رکھے۔ اس کے ساتھ سورہ النمل کی آیت نمبر 62 کا اتنا حصہ ...... اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءِ کی تسبیح کر لیا کرے۔ اس کے ساتھ اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے یہ ورد رکھے۔ اللہ قل اللہ، قل اظہرا ہے، اللہ قل اللہ۔ انشاء اللہ رب العزت کرم نوازی کرے گا۔

## برکت و دولت / بڑے غموں سے خلاصی

برکت و دولت کے لئے یَامَنَّانُ کا وِرد کریں اور غموں سے نجات کے لئے اسم مبارک یَاوَارِثُ طلوع آفتاب کے وقت 101 دفعہ پڑھتا رہے گا۔ اُسے کسی بڑے غم دکھ یا صدمے سے دوچار ہونا نہیں پڑے گا۔

## بے سہاروں کا سہارا

یَا مُقِيْتُ کا کثرت سے ورد کرے۔

## بیماری سے شفا

جو شخص بیمار اور کسی دوا سے صحت نہ ہوتی ہو تو وہ اسم مبارک یَا كَبِيْرُ کو روزانہ 90 دفعہ اور یَا سَلَامُ ہر وقت پڑھتا رہے۔

## بینائی کی بحالی

یَاشَكُوْرُ 41 مرتبہ

Marfat.com

## بیوں کے درمیان ناانصافی

یَا مُقْسِطُ سات ہزار مرتبہ

## پاگل پن سے نجات

سورہ الحاقہ پڑھ کر اس پر دم کیا جائے۔ انشاءاللہ پاگل پن ختم ہو جائے گا۔ اور وہ ہمیشہ اپنے ہوش وحواس میں رہے گا۔

پتے کی تکلیف:

گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائی جائے۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی انشاءاللہ پتے کی ہر تکلیف سے آفاقہ ہوگا۔

## پریشان کن خواب

اس کے لئے سورہ المعارج پڑھ لیا کریں۔

## پنڈلیوں اور پہلو کا درد

اس کے لئے سورہ یونس کی آیت نمبر 12 کو 11 دفعہ پڑھ کر دعا کریں۔

## پہلو اور ہاتھوں میں درد کے لئے

سورہ انعام کی آیت نمبر 17

## حسب منشاء رشتہ اور رزق

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 131,132۔ یہ دونوں آیات مغرب کی نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھیں۔ حسب منشاء رشتہ اور رزق کے لئے بھی پڑھی جاسکتی ہیں۔ پسند کی شادی کے لئے سورہ تغابن تین مرتبہ روزانہ 11 روز تک۔

## شادی کے لئے

یَا رَؤُفُ یَا اللّٰہ یا لطیفُ یَا اللّٰہ کثرت سے پڑھیں۔

Marfat.com

## دفع مصائب اور بلیات

آیت الکرسی کو ایک دفعہ پڑھ کر شمال کی طرف پھر جنوب کی طرف پھر مغرب کی طرف اور پھر مشرق کی طرف اور پھر اپنے جسم پر پھونک ماریں۔

## قید سے رہائی

سورہ یوسف آیت نمبر 77

## نرینہ اولاد

سورہ تغابن روزانہ تین دفعہ 11 روز تک۔

## مصیبت بیماری اور آفت سے نجات

**اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** 11 ہزار دفعہ

## بیوی یا اولاد نافرمان ہو

سورہ فرقان کی آیت نمبر 74 کو 505 دفعہ پڑھیں۔ **رَبَّنَا ھَبْ لَنَا...... اماما تک**

## بیماری سے شفا

ایک دعا...... **بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَکَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَکَ** شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے اے خدا اپنے بندے کو شفا دے دے اور اپنے رسول کو سچا کر۔

## مراد حاصل کرنے کا طریقہ

چار نفل پہلی رکعت میں آیت الکرسی تین دفعہ باقی رکعتوں میں تینوں قل ایک ایک دفعہ عشاء کی نماز کے بعد۔

## دعا

**یَا لَطِیْفُ فَوْقَ کُلِّ لَطِیْف** اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان میرے تمام امور

Marfat.com

پر مجھ پر مہربانی فرما۔

یَالَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَاخبیر اے مہربان اے خوب جاننے والے اے باخبر 7 مرتبہ

دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ ..... زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِعْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے چھن جانے سے اور تیری عظمت کے بدل جانے سے اور تیرے ناگہانی عذاب (کے آجانے سے) اور آپ کی ہر طرح کی ناراضگی سے۔ ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ۔

## صحت کے لیے

۔ درہ مزمل لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائے تو صحت ہوگی روزانہ سات بار پڑھی جائے تو رزق کشادہ ہوگا۔

سورہ الفجر اور شمس سلامتی اور خاتمہ ایمان بالخیر کا موجب ہے۔

## مایوسی دُور ہو

یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ 313 مرتبہ یَا لَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں پانی پر دم کرکے سارے گھر والوں کو پلائیں

## گھر میں امن پیار محبت پیدا ہو

313 مرتبہ درود پاک پڑھ کر دم کریں پانی پر۔ درود ابراہیمی۔

## گھر میں سکون کے لئے

313 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یا درود پاک پڑھ کر دم کریں۔

## ہر مشکل کے حل کے لئے

یَاحَلَّ الْمُشْکِلَات کثرت سے پڑھیں۔

Marfat.com

## آنکھ کے لئے

اَللّٰھُمَّ اَکْشِفْ لِیْ یَانُوْرُ یانور 1100 بار تین ماہ کے لئے ناغہ نہیں ہونا چاہئے۔

21 بار۔

## سایہ کے لئے

سایہ کے لئے یَاجَبَّارُ 41 دن تک روزانہ 4100 بار

## اولادِ نرینہ کے لئے تعویذ

رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْن

مِن کہ گوئیم کہ گوئیم کُن یَا مکُن

تو شاہ جہاں ہر چہ خواہی آں بکُن

## دشمن کے لئے

یَامُذِلُّ عشاء کی نماز کے بعد 311 بار

## فضل کی دُعا

سَھِّلْ یَاالٰھِی کُلَّ صَعْبٍ بِفَضْلِکَ وَبِحُرْمَۃِ سیِّدِ ابْرارِ

## رزق کے لئے

وَاللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَاب ایک تسبیح کسی بھی وقت پڑھی جا سکتی ہے۔

## برائے دفع مرگی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ربِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطَانُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْن

Marfat.com

وَاَعُوذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ یَا عَلِیْمُ غیر مغلوب یاصانع غیر مضوع یاقاهر غیر مقهور یا حافظ غیر محفوظ یا ناصر غیر منصور یاشاهد غیر مشهود

## گم شدہ چیز کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا عَلَیْہِ رَاجِعُوْنَ. لاتعداد لیکن مغرب کی نماز کے بعد 41 دفعہ باوضو ضرور پڑھیں۔

## اختلاج قلب کے واسطے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ. اسکو سات دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں یا دعا کریں۔

## اختلاج قلب اگر بلڈ پریشر سے ہو

صبح کے وقت نہار منہ چینی کے شربت پر دم کر کے استعمال کریں لو بلڈ پریشر ہو تو نمک پر دم کر کے ایک شیشی میں رکھ لیں۔ کھانا کھاتے وقت اسی نمک کو چھڑک لیں۔ صدمہ کی وجہ سے اگر اختلاج کی کیفیت ہے تو اس عمل کو کاغذ پر لکھ کر شہد میں ڈالیں۔ یہ شہد مریض دن میں کم از کم تین دفعہ استعمال کرے۔ ہول دل کے لئے لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ یہ تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر رہے۔

## رزق کے لئے

یَارَزَّاقُ بعد نماز فجر 360 مرتبہ پڑھیں۔ یَا فَتَّاحُ 489 مرتبہ۔ یَاوَهَّابُ نماز چاشت کے بعد سجدے میں پڑھ کر 7 دفعہ۔

## جس کو سانپ کاٹ لے

جس کو سانپ کاٹا ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ یہ آیت لکھ کر اس کو پلائیں اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

Marfat.com

## چوری شدہ مال کی واپسی

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا عَلَیہِ رَاجِعُوْنَ کاغذ پر لکھ کر کسی وزنی پتھر کے نیچے ایسی جگہ دیں جہاں پتھر ہلے جلے نہیں۔

## بچہ کی گمشدگی کے لئے

اگر کسی کا بچہ گم ہو گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر درخت پر لٹکائیں

| | | |
|---|---|---|
| یَا مُحْصِیُ | | یَا مُحْصِیُ |
| | بچے کا نام<br>اور والد کا نام | |
| یَا مُحْصِیُ | | یَا مُحْصِیُ |

## مرض اور مقدمہ

یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْن سخت سے سخت مرض اور مقدمہ کے لئے 313 دفعہ۔

## ہر مصیبت کے لئے

ہر مصیبت کے لئے اور تمام آفتوں کا مجرب علاج ہے سجدے میں 100 مرتبہ عشا کی نماز کے بعد یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْن پڑھنا۔ لاعلاج مریضوں کی دعا اور سخت سے سخت مصیبت سے نجات ملنے کا کامل ذریعہ ہے۔

## زہریلے جانور کے کاٹے کے لئے

اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹ لے تو ایک سانس میں انگلی گھماتے ہوئے سات بار پڑھ کر دم کریں۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جبارین۔ سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 130

## اغوا شدہ لڑکی یا لڑکے کے لئے

یَـــا حَـــفِـیْـــظُ 119 دفعہ سورہ لقمان کی آیت نمبر 16 ایک سو انیس دفعہ اور سورہ

Marfat.com

والضحیٰ سات مرتبہ۔

## تنفس کے لئے

تکلیف تنفس کے لئے یا مجیدُ 1000 بار اور چیچک کے لئے سورہ رحمٰن

## صلح کے لئے

صلح کے لئے نَصرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتحٌ قَرِیب 1000 بار فَاللّٰہُ خَیرٌ حَافِظٌ وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّحِمِیْنَ 500 دفعہ

## قیدی کے لئے

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیفٌ لِّمَا یَشَاءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیمُ الْحَکِیْمُ ط ہر وقت پڑھے۔یاحی یا قیوم 1100 دفعہ

## ناحق قیدی کے لئے

یَا غیاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْن ---- یَانَاصِرُ الْمُظْلِمِیْن مِنْ اَنْصُرْنِیْ بِفَضْلِکَ

رباعی: یہ رباعی ہر نماز کے بعد پڑھنی چاہیے۔

| | |
|---|---|
| الٰھی عاصیم اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ | تُولی فریاد رس اَلْحَمْدُ لِلّٰہ |
| ندارم ہیچ گونہ توشہ راہ | بجز لا تَقْنَطُوْ مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہ |

اے اللہ میں گنہگار تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اللہ تیرا شکر ہے تو فریاد سننے والا ہے میں رستے کا کوئی بھی اسباب نہیں رکھتا۔سوائے اس کے کہ میں اللہ ﷻ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوں

## مشکلات کا خاتمہ

مشکلات کے خاتمے کے لئے سورہ دہر تلاوت کی جائے۔

## رزق

یا واجدُ 1000 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد چالیس دن تک اس کے بعد ایک سو مرتبہ

Marfat.com

پڑھیں۔

## کمزور سماعت

یَا نُوْرُ یَااَللّٰہ یَامُنَوِّرُ یَااَللّٰہ

## آنکھیں، کان اور ناک

ہر وقت یَا فَتَّاحُ پڑھیں۔

## پیچیدہ امراض کے لئے

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِب بِالشِّفَاءِ یَابَدِیْعُ 500 مرتبہ

## سر درد کے لئے

سر درد کا مریض جس پر کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو سورہ اقراء 5 مرتبہ پڑھے۔

یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ پہنچا دیتا ہے اللہ عزوجل اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے (نور حق کو دیکھنا ظاہری آنکھ کا کام نہیں)

## صاحب کشف کے لئے

صاحب کشف بننے کا ورد اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْب ہے۔ بیشک تو چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔ 121 دفعہ روزانہ۔ اس کے ساتھ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَۃُ وَالرُّوْحُ 1100 دفعہ روزانہ 240 روز بلاناغہ

## عذاب جہنم سے بچنے کے لئے

سورہ الفرقان آیت نمبر 65,66 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَھَنَّمَ...... وَمُقَامًا تک

## برائے حفاظت از جمع آفات وبلیات ارضی وسماوی معمول

سورہ فاتحہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر دم کرنا از حد مفید ہے۔

Marfat.com

## سحر اور جادو کے اور برائے دفع زہر، سانپ کے کاٹے کے لئے

یہی عملیات پڑھ کر نمک پر کھلانا یا زخم پر لگانا نہایت مفید ہے۔ دفعِ سحر و جادو کے لئے روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر تمام وجود پر دم کریں۔

## ہر مقصد کے لئے

سورہ یوسف آیت نمبر 18 اور سورہ یوسف آیت نمبر 86 سورہ یوسف آیت نمبر 21 اور سورہ یوسف آیت نمبر 64 کا ورد رکھیں۔

## جادو کے اثر کے لئے

جادو کے اثر کو دور کرنے کے لئے سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 68 اور 69 کا استعمال کریں اس کے ساتھ سورہ یونس کی آیت نمبر 81 کا ورد بھی کرتے رہیں انشاءاللہ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ سورہ طٰہٰ قُلْنَا لَا تَخَفْ سے حَيْثُ اَتٰى تک۔ سورہ یونس آیت نمبر 81 فَلَمَّا اَلْقَوْا...... عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک۔ ان کو 7 دفعہ پڑھ کر دم کریں یا ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ آیت الکرسی 19 دفعہ پڑھ کے بھی دم کر سکتے ہیں۔ جو نہایت مجرب ہے۔

## بُرے کاموں سے بچنے کے لئے

جو لوگ بُرے کاموں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اُن کو راہ راست پر لانے کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر 5 اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کا ورد کر کے ان کو پانی پلائیں۔ 21 دفعہ۔ اس کے علاوہ سورہ البروج کی آیت وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ کا ورد ہر وقت کریں۔ انشاءاللہ تائب جائیں گے۔

## شفا کے لئے

ہر قسم کی بیماری سے شفا کے لئے سورہ انعام کی آیت نمبر 17 کی ایک تسبیح کر کے دعا مانگیں۔ آیت نمبر 17 وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ سے لے کر عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ اس کے علاوہ سورہ الشعرا کی آیت نمبر 80 وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ہر وقت پڑھے یا وہ خود پڑھے انشاء

Marfat.com

اللہ شفاء ہوگی۔

## رزق کے لئے

رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر 19 کم از کم 72 دفعہ اور عام حالات میں اسے 500 دفعہ پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد اس کے ساتھ سورہ مائدہ کی آیت نمبر 114 کو 21 دفعہ صبح 21 دفعہ شام پڑھیں۔ انشاء اللہ رب العزت کرم نوازی فرمائیں گے۔ سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر 19 اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ؏ سورہ المائدہ کی آیت نمبر 114 رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا ...... وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔

اگر کسی کا کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے تو سورہ اعراف کی آیت نمبر 10 کو 121 دفعہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں: سورہ اعراف کی آیت نمبر 10 وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ ...... مَّا تَشْکُرُوْنَ تک۔ اس کے ساتھ سورہ آل عمران کی آیت نمبر 73,74 کا پڑھنا بھی ضروری ہے اس سے اللہ ﷻ کی ہر نعمت حاصل ہو سکتی ہے۔ سورہ آل عمران کی آیت 73 اِنَّ الْفَضْلَ ...... وَاسِعٌ عَلِیْمٌ تک۔ سورہ آل عمران کی آیت 74 یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ ...... ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ تک۔

رزق کی کشادگی کے لئے سورہ العنکبوت کی آیت نمبر 62 سورہ لقمان کی آیت نمبر 26 سورہ القصص کی آیت نمبر 24 بھی 21 دفعہ پڑھ سکتے ہیں۔ سورہ العنکبوت کی آیت نمبر 62 اَللّٰہُ یَبْسُطُ ...... لِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ تک۔ سورہ لقمان کی آیت نمبر 26 لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ ...... ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ تک۔ سورہ القصص کی آیت نمبر 24 رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

رزق میں فضل کے لئے سورہ الحدید کی آخری آیت کی تسبیح صبح کے وقت ضروری کرنی چاہئے۔ سورہ الحدید اَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

## رشتہ کے لئے

جس کی اولاد کا رشتہ نہ آتا ہو۔ اس کے لئے وہ سورہ الفرقان کی آیت نمبر 54 تین سو تیرہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھے۔ اگر رشتے آتے ہیں ہوتے نہیں ہے تو سورہ الممتحنہ کو تین

Marfat.com

مرتبہ روزانہ پڑھے۔ سورہ کوثر کو 100 مرتبہ عصر کی نماز کے بعد بمعہ بسم اللہ پڑھنا بھی کافی حد تک مفید ہے۔

## بہترین رشتہ کے لئے

بہترین رشتوں کے لئے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ آیت کریمہ 72 دفعہ سونے سے پہلے پڑھیں۔ بہترین رشتوں کا مطلب موزوں رشتے۔

## ظالم کے ظلم کے لئے

جب ظالم کا ظلم انتہا کو پہنچ جائے تو سورہ انعام کی آیت نمبر 45 کا استعمال کریں۔
آیت: فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ...... رَبِّ ...... الْعٰلَمِیْنَ اس کو ظالموں کا تصور کر کے 7 دفعہ صبح پڑھیں۔

ساتھ اس کے یَا مُذِلُّ 313 مرتبہ، اور یَاخَافِضُ 313 مرتبہ عصر کی نماز کے بعد بغیر بِسْمِ اللہ اور درود پاک کے پڑھیں۔ انشاءاللہ وہ ذلیل ہوں گے اور اُن کے حوصلے پست ہوں گے۔

## اولاد سے ناامیدی

اس کے لئے سورہ مائدہ کی آیت نمبر 17 کو 313 دفعہ عصر کی نماز کے بعد پڑھیں۔
آیت: لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ ...... شَیْءٌ قَدِیْرٌ تک۔ اس کے ساتھ ان الفاظ کا ورد ہر وقت رکھیں۔
(1100 مرتبہ 81 دن تک) یَاحَیُّ یَاحَافِظُ یَامُصَوِّرُ آل عمران کی آیت نمبر 38 انبیاء کی آیت نمبر 89 اور الصفت کی آیت نمبر 100 کا تکرار ہر نماز کے بعد تین دفعہ کر لیں۔ اس کے علاوہ اگر سورہ حشر کی آخری آیت کی ایک تسبیح کر کے اُس کا پانی پی لیں۔ تو پھر اور بہتری پیدا ہو جائیگی۔
یَاخَالِقُ یَاوَارِثُ یَامُبْرِئُ کا ہر وقت ورد رکھیں۔

**نوٹ:**

سورہ کوثر کا 100 دفعہ بمعہ بسم اللہ کے پڑھنا بھی مفید ہے۔ مزید اگر آپ کچھ کرنا

Marfat.com

چاہیں تو سورہ السجدہ کی آیت نمبر 7 تا 9 کا ورد رکھیں یا ان کو 313 دفعہ پڑھ لیں۔ (جنگ بدر میں 313 صحابہ رسول ﷺ تھے) یہ سونے پہ سہاگا ہے۔

## فتح و کامیابی کے لئے

سورہ انفال کی آیت نمبر 62 آیت: وَاِنْ یُّرِیْدُ ...... وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ تک اس کے ساتھ اگر ہر نماز کے بعد تین دفعہ سورہ مومن کی آیت نمبر 44 تین دفعہ پڑھ لیا کریں تو اور بھی بہتری پیدا ہو جائے گی۔ آیت نمبر 44: وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ ...... بِالْعِبَادِ تک۔

## معذور شخص کے لئے

معذور شخص کو چاہئے کہ سورہ اعراف کی آیت نمبر 195 کو عصر کی نماز کے بعد 313 دفعہ پڑھا کرے۔ آیت: اَلَهُمْ اَرْجُلٌ ...... فَلَا تُنْظِرُوْنِ تک۔ فالج کا مریض بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکتا ہے۔ اگر سورہ قریش 41 دفعہ صبح 41 دفعہ شام پڑھ لی جائے تو اور بہتر ہے۔

## عاجز

اگر کوئی شخص کسی چیز سے عاجز آ گیا ہو مثلاً بیماری مظلوم یا مایوس ہو چکا ہو تو ان آیات کا ورد کرے انشاءاللہ رحمتِ الٰہی جوش میں آ جائے گی۔

1. سورہ القمر کی آیت نمبر 10 رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ 1000 دفعہ
2. سورہ النمل کی آیت نمبر 62 اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَیَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ 500 دفعہ
3. سورہ انبیاء کی آیت نمبر 83 رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ ...... سے آخر تک 100 دفعہ

## مصائب کا خاتمہ

یَا سَلَامُ، یَا حَفِیْظُ، یَا قَوِیُّ کا ورد بھی چلتے پھرتے رکھے تو مصائب سے خلاصی ہو جائے گی۔ انشاءاللہ

## یرقان کے لئے

یرقان کی صورت میں سورہ قریش جتنی دفعہ پڑھی جا سکتی ہے پڑھنی چاہئے۔ اس کو پڑھ

Marfat.com

کر اس کا پانی مریض کو پلانا چاہئے۔اس کے ساتھ سورہ فاتحہ 41 دفعہ اور سورہ حشر کا آخری رکوع لَا یَسْتَوِی سے شروع سے لے کر آخر تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا چاہئے۔

## رفع حاجات کے لئے

آپ ہر قسم کی حاجت کے لئے غم وفکر کو دور کرنے ،مالی امداد علیٰ ھذا القیاس. سورۃ مومن کی آیت نمبر 44 کو 101 دفعہ پڑھیں:وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ ...... بِالْعِبَادِ تک،عشاء کی نماز کے بعد

## ہر مقصد کے لئے

آپ ہر مقصد کے لئے سورہ مومن کی آیت نمبر 44 ایک سوایک دفعہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔وَاُفَوِّضُ اَمْرِی...... بِالْعِبَادِ تک۔

## تمام امور میں توکل اللہ کی ذات پر

ہمیں تمام امور میں اللہ ﷻ پہ توکل کرنا چاہئے۔اس کی تجدید کے لئے ہمیں سورہ انفال کی آیت نمبر 9 کو عصر کی نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھ لینا چاہئے۔آیت:اِذْ تَسْتَغِیْثُوْنَ رَبَّکُمْ سے لے کر مُرْدِفِیْنَ تک۔

## درویشی

درویشی نام ہے بے خویشی اور خود فروشی کا۔درویشی پردہ پوشی کو کہتے ہیں۔درویشی کے لئے چار شرائط ہیں

i. آنکھ کو اندھا کرے کہ دوسروں کے عیب نہ دکھائی دیں۔

ii. کان کا بہرہ کرے کہ کچھ سنائی نہ دے۔

iii. زبان کو گونگا کرے تاکہ بیہودہ بات زبان سے نہ نکلے۔

iv. ٹانگ کو لنگڑہ کرے تاکہ نفس کی خواہش پر کہیں جانہ سکے۔

Marfat.com

## کالے علم کا توڑ

کالا علم جادو شیطانی علم کو کہتے ہیں یہ کلام الٰہی کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ بشرطیکہ ہم اللہ ﷻ اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کریں بلکہ اس وقت یہ علم موثر ہو ہی نہیں سکتا۔ آیت الکرسی اور چاروں قل اس کا توڑ ہے۔

## حکیمانہ نکتے:

i. کھجور دائمی قبض کو رفع کرتی ہے۔

ii. شہد عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے، قبض کشا ہے پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔

iii. ہر روز کھانے کے بعد 3 دانے انجیر کے کھانا پرانی سے پرانی بواسیر کو ختم کر دیتا ہے۔ انجیر پیٹ کے اندر خون کی رفتار کو ٹھیک رکھتا ہے۔ پیٹ کے سُدے کھولتا ہے۔ انجیر منقی اور شہد کا شربت تیار کر کے پینا دمہ کے لئے اکسیر ہے۔ درد شقیقہ نمک سابھر کی نسوار فوراً آرام دیتی ہے۔

## خودکشی کی سزا کیوں؟

بے شک زندگی اور موت اللہ ﷻ کے دست قدرت ہے۔ لیکن اللہ ﷻ نے انسان اور پتھر میں فرق رکھا ہے۔ پتھر مجبور محض ہے لیکن انسان کو محدود دائرہ میں اختیار دے رکھا ہے لہٰذا اسے اپنا اختیار بہترا استعمال کرنا چاہئے۔ اگر وہ کسی غلط کام میں اپنا اختیار استعمال کرے تو اس کی گرفت ہوگی۔ خودکشی کی صورت میں انسان اپنے اختیار کو غلط استعمال کر رہا ہے اس لئے اسے حرام قرار دیا گیا ہے۔

## نجومیوں کے پاس جانا

اسلام میں نجومی کے پاس جانا اور ہاتھ دکھانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ آپؐ نے اس عمل سے منع فرمایا۔ اسلام کے بنیادی عقائد میں یہ بات شامل ہے کہ علم غیب صرف اور صرف اللہ ﷻ جانتا ہے یا اس کے بعد وہ بندے جانتے ہیں جنہیں وہ منتخب فرمالیتا ہے۔

Marfat.com

## دمے کے لئے

دمے کے لئے سورہ بقرہ کی آخری آیات لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## دفع مصائب کے لئے اور وسعت رزق کے لئے

آیت کریمہ 1200 دفعہ روزانہ 12 دن بعد ایک تسبیح روزانہ العادیات کی ایک تسبیح روزانہ قرض سے خلاصی ہوگی۔ سورہ التحریم بھی ایک دفعہ۔

## بدکردار مرد کو صحیح کرنے کے لئے

سورہ الذریات کی آیت نمبر 49: وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ ...... تَذَکَّرُوْنَ۔

## شوہر گھر نہیں آتا

یَا جَامِعُ یَا مُحِیْطُ یَاقَرِیْبُ (ہروقت) یَا قَابِضُ 700 دفعہ پانی پر دم کر کے پلائیں، مطیع رہے گا۔

## شوہر حقوق پورے کرے

سورہ الحج کی آیت نمبر 63: لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ ...... الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ تک 121 دفعہ صبح شام۔

## رزق کے لئے

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 130: یہ آیت رزق کے لئے 21 دفعہ پڑھیں۔

## رشتوں میں رکاوٹ کے لئے

سورہ الممتحنہ 3 دفعہ

سورہ مدثر ایک دفعہ

سورہ طٰہٰ ایک دفعہ

سورہ حشر ایک دفعہ

Marfat.com

## نسبت کے لئے

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۴ | ۱۵۹ | ۱۶۶ |
| ۱۶۵ | ۱۶۳ | ۱۶۱ |
| ۱۶۱ | ۱۶۷ | ۱۶۲ |

## منگنی کے بعد رکاوٹ ہو تو یہ نقش اپنے پاس رکھیں

یا جبریل — یا میکائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸۹ | ۲۰۲ | ۱۹۹ | ۱۹۶ |
| ۲۰۰ | ۱۹۵ | ۱۹۰ | ۲۰۱ |
| ۱۹۴ | ۱۹۷ | ۲۰۴ | ۱۹۱ |
| ۲۰۳ | ۱۹۲ | ۱۹۳ | ۱۹۸ |

یا اسرافیل — یا عزرائیل

اس کے ساتھ اَستَغفِرُ اللّٰه لا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه کثرت سے پڑھیں۔

سورہ قریش 333 دفعہ سورہ لہب 72 دفعہ پڑھنے سے بغض اور نفاق ہو جائے گا۔

سورہ یٰسین آیت نمبر 9: وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔

سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۶۵ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ بعد میں علیٰ بغض فلاں بن فلاں. ان دونوں آیات کو 21 دفعہ پڑھنے سے بھی کسی کے درمیان بغض اور نفاق پیدا کرنا ہو تو ہو جائے گا انشاء اللہ۔

## گمشدہ چیزوں کے لئے

گمشدہ کے لئے یَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اجمع عَلَيَّ ضَالَّتِيْ 500 دفعہ صبح وشام

Marfat.com

يَا مُعِيْدُ 224 صبح 224 دفعہ شام۔ يَاجَامِعُ ہروقت۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا عَلَيْهِ رَاجِعُوْن عصر سے مغرب تک۔ پھر ہروقت پڑھتے رہیں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## مال مسروقہ کی واپسی

رَبَّنَـا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَارَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادِ تین تسبیحاں صبح تین تسبیحاں شام اور درود پاک ہروقت، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ۔

## کسی چوپائے کو نظر بد لگ جائے

لَا بَاسَ اَذْهِبِ الْبَاسِ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِىْ لَا يَكْشِفُ الضُّرُّ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: کوئی ڈر نہیں دور کردے دُکھ بیماری اے لوگوں کے پروردگار شفاء دے دے تو ہی شفاء دینے والا ہے اور تیرے سوا کوئی دُکھ تکلیف کو دور نہیں کرسکتا ہے۔

# دعائیں

اللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ اللہ تجھے شفاء دے میں اللہ کے نام کے ساتھ دم کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَاسِ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِهِ وَاَنْتَ الشَّافِىْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَائُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سُقْمًا اے اللہ تکلیف کو دور کرا اے لوگوں کے پروردگار اس بیمار کو شفا دے دے تو ہی شفا دینے والا ہے تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں۔ ایسی شفا دے کہ کوئی بیماری باقی نہ رہے۔

## محبت کے لئے

سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر 7 عَسَى اللّٰهُ ...... وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک ایک سو تین بار نمک پر دم کر کے مطلوب کو کسی طریقے سے کھلائیں خواہ پانی میں ملا کر خواہ کسی کھانے کی چیز میں

Marfat.com

شامل کر کے انشاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اول و آخر 33 مرتبہ درود پاک ابراہیمی۔

## زہرباد

سورہ مائدہ کی آیت نمبر 3 کے الفاظ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ سے لے کر الاِسْلَامَ دِیْنًا تک ایک تسبیح صبح شام پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں یا دُعا کریں۔

## برکت غلہ

برکت غلہ باوضو چند دانے غلے کے لے کر سورہ فاتحہ 3 بار، اس کی آیت نمبر 3 کو تین بار۔ الم نشرح 3 بار، سورہ اخلاص 3 بار، سات بار سورہ التین اور تین بار سورہ یوسف کی آیت نمبر 18 وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ پڑھیں اور ان دانوں کو جس برتن یا بوری میں غلہ رکھا ہو، ڈال کر اس کے اوپر باقی تمام غلہ ڈال دیں۔

## پریشانی یا خشکی کی وجہ سے نیند کا نہ آنا

اس کے لئے سوتے وقت سورہ کہف آیت نمبر 11 کا ورد کرتے کرتے سو جائیں۔

فَضَرَبْنَا عَلٰی اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ

## قرب الٰہی کے لئے

| | |
|---|---|
| سورۃ فاتحہ | 7 بار |
| سورۃ اخلاص | 7 بار |
| سورۃ الم نشرح | 7 بار |

## حُب رسول کے لئے

| | |
|---|---|
| سورۃ کوثر | 7 بار |
| درود پاک | 7 بار |

Marfat.com

سورۃ والضحیٰ 7 بار

## زیارت کے لئے

ایک ہزار بار سورہ کوثر اور ایک ہزار بار درود شریف انشاءاللہ تین جمعہ کے اندر زیارت ہوگی۔

## قیامت کی رُسوائی سے بچنے کے لئے

سورہ البقراء، آل عمران پڑھیں۔

## قلب کی صفائی کے لئے

صفائی قلب کے لئے سورہ اخلاص تلاوت کریں۔

## بدن اور ایمان کی حفاظت کے لئے

بدن کی حفاظت کے لئے سورہ الفلق اور ایمان کی حفاظت کے لئے سورہ الناس پڑھیں۔

## دردِ سر کے لئے

سورہ الفرقان آیت نمبر 45,46 اَلَمْ تَرَ سے لے کر یَسِیْرًا تک۔

## رزق کے لئے

فراخی رزق کے لئے سورہ التکاثر اور محتاجی دور کرنے کے لئے سورہ قریش پڑھ کر کھانا کھائیں۔

## درازیٔ عمر

سورہ توبہ کی آخری آیات صبح و شام پڑھنے والے کی عمر دراز اور امراض سے بچا رہے

Marfat.com

گا۔

## دشمنی سے نجات

مغرب کے دو نفل میں ہر رکعت میں سورہ توبہ کی آخری دو آیات۔

## دشمن کے غلبے اور خطرے کے وقت

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِی شَرَّھُمْ بِمَا شِئْتَ ایک سو اکیس دفعہ عشاء کے وتروں سے پہلے۔

## مریض کے لئے

جب کسی مریض کو کسی علاج سے صحت نہ ہو تو سورہ توبہ کی آیت نمبر 5 کم از کم گیارہ دن۔ ہر نماز کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 7 دفعہ۔

## اولاد نرینہ کے لئے

(آیات سورۃ مریم آیت نمبر 7، سورۃ رعد کی آیت نمبر 8-9)

ناف کے نیچے باندھنے والا تعویذ اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اسْمُہٗ یَحْیٰ لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا اللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَ کُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ بِحَقِّ مَرْیَمَ وَعِیْسٰی ابْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ. اس کے ساتھ سورۃ الصفّٰت کی آیت نمبر 100 کا ورد ہر وقت رکھیں اور اِن الفاظ کو دعا میں تین دفعہ پڑھیں: یَاخَالِقُ یَاوَارِثُ یَامُبْدِئُ۔

## دشمنی کے خاتمہ کے لئے

یہ ورد دشمنی ختم کرنے کے لئے ہے دشمنوں کی طرف منہ کر کے ہر صبح تین دفعہ پڑھیں اللہ دشمنوں سے ہمیشہ محفوظ رکھے گا صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ...... صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔ تعویزات، جادو یا کسی اور عمل کے ذریعے وار کرنے پر یہ کلمات روزانہ سات

Marfat.com

مرتبہ آسمان کی طرف منہ کر کے اس سے بچنے کی دعا کریں سورہ طارق کی آخری تین آیات کو 7 دفعہ صبح 7 دفعہ شام پڑھیں۔

## اولاد کا نہ ہونا

سورۃ علق کی آیت نمبر 1 اور 2: اِقْرَا بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ. خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ. حٰمٓ الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ 100 مرتبہ 90 دن تک پڑھیں۔

## پڑھنے میں دل نہ لگنا

وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ سورۃ القمر کی آیت نمبر 17۔

## دشمنوں کے شر سے بچنے اور قرض کی ادئیگی کے لئے

وَ کَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا 1000 دفعہ روزانہ۔

## جادو کا اثر ختم کرنے کے لئے

سورہ ن یعنی سورۃ القلم کی آیت نمبر 45 اُمْلِیْ لَھُمْ اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ لکھ کر بازو پر باندھیں۔

## دشمن کے لئے

اَلْمُمِیْتُ 419 دفعہ

## زبان بندی کے لئے

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ ......

## ہر مشکل کی آسانی کے لئے

ہر مشکل آسان کرنے لئے یا طبیب 23 مرتبہ نماز فجر کے بعد یا ناصر 341 دفعہ دشمن پر

Marfat.com

غلبہ کے لئے۔

## بیقراریٔ دل کے لئے

دل کی بیقراری و بے چینی دور کرنے کی دعا: سورۃ فتح کی آیت نمبر 4: **هُوَ الَّذِي اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ...... وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا** ط ہر روز سات مرتبہ پڑھیں داہنا ہاتھ سینے پر رکھ کر چند روز تک اس پر مداومت کرے جو شکایت رکھتا ہے اُس سے خلاصی پائے گا۔

## ہمیشہ سرور وشادان رہنے کی دعا

شیخ مجیب الدین متوکل رحمتہ اللہ علیہ اکثر یہ دعا پڑھا کرتے تھے، فرماتے تھے کہ میں نے شیخ الشیوخ العالم کبیر قدس سرہ کو خواب میں دیکھا فرماتے تھے کہ اے خواجہ نظام الدین اولیا رحمتہ اللہ علیہ اس دعا کو ہر روز 100 بار پڑھا کرو۔

**لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر**

جو شخص اس دعا کو 100 دفعہ پڑھنے کا معمول بنالے گا۔ وہ علاوہ اس کے دنیاوی سامان اُس کے پاس مہیا ہوں نہایت خوشی وسرور کی حالت میں زندگی بسر کرے گا۔

## ہر مقصد کے حصول کے واسطے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو اُسے تکبیر بہت کہنی چاہئے۔ اگر بہت دفعہ نہ کہہ سکے تو 100 بار ضرور کہے اور جو شخص بیدار ہو کر تکبیر کہے اور اپنی حاجت خدا سے مانگے انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی اور مقصد پہ فتح پائے گا۔ (تکبیر سے مراد وہ کلمات ہیں جو نماز میں اقامت کے وقت کہے جاتے ہیں)

Marfat.com

## دشمن کو مغلوب کرنے کی مجرب دُعا

جب آدمی دشمن کے مقابلہ میں اور ان کے سامنے جائے تو ذیل کے بزرگ نام پڑھیں۔ خدانے چاہاتو دشمن مغلوب ومقہور ہوگا اسماء یہ ہیں۔

یَا سُبُّوحُ، یَاقُدُّوسُ، یَاغَفُوْرُ، یَاوَدُوْدُ. اسکی ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام کرنے والے کے دشمن ہمیشہ زیر رہیں گے، انکا تصور کر کے پڑھے۔

## خداتعالیٰ کی نعمتیں حاصل کرنے کے لئے

جو شخص سورہ یوسف یاد کرلے اور ہزار بار پڑھے خداتعالیٰ کی نعمت کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

## حاجت کو پورا کرنے کے لئے

یَاشَفِیْقُ یَارَفِیْقُ نَجِّنِی مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ (ہر نماز کے بعد ستر دفعہ پڑھے)

## ہر مطلب کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ

ھٰذہ شِفَاءٌ مِنْ کُلِّ غَمٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

## نماز چاشت کے بعد

فَمَنَّ اللّٰہُ عَلَیْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ

## خداتعالیٰ سے فتح ونصرت چاہنے کی دُعا

یَاحَافِظُ یَانَاصِرُ یَامُعِیْنُ یَامَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن.

Marfat.com

## قربت خداوندی کے لئے

سلطان المشائخ نے فرمایا شیخ ابوسید الخیر نے اپنے ایک مرید سے فرمایا کہ اگر تو خدا کی قربت اور نزدیکی چاہتا ہے تو یہ بہت پڑھا کر تجھے قربت خداوندی میسر ہوگی۔

بے یاد تو من قرار نتوانم کرد یعنی تیری یاد بغیر مجھے قرار چین نہیں آسکتا۔

احسان تیرا شمار نتوانم کرد اور تیرے احسان کو کسی طرح شمار نہیں نہیں لاسکتا۔

گر کہ برتن من زبان شُود ہر موئے اگر میرے بدن کا ہر ہر رونگھٹا زبان بن جائے۔

یک شکر تواز ہزار نتوانم کرد تو بھی تیرے ہزاروں احسانوں میں سے ایک کا بھی شکر ادا نہیں کرسکتا۔

## ہر مراد کے لئے

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ انیس ہزار مرتبہ مہینے کی پندرہویں شب

## ہر مشکل کے لئے

دررَدِ بلا: اسم پاک یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ عصر اور مغرب کے درمیان اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے۔

## شرِ دشمن سے حفاظت کے لئے

ہر نماز کے بعد آیت کریمہ کی ایک تسبیح کرے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ غم پاس نہیں آئے گا اور دشمن دوست بن جائیں گے۔

## دوسری دعا

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ ...... نِعْمَ النَّصِیْر.

## روشنی دل کے لئے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ ...... اَوْهَاب یہ دعا بکثرت پڑھنے سے دِل ایمان کی روشنی سے منور

Marfat.com

ہو جاتا ہے۔

## اعضاء کی تندرستی کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ میں تندرست رہوں اور میرے اعضاء سارے کام کرتے رہیں تو اُس کو چاہے کہ سورہ الروم کی آیت نمبر 30 کا ورد ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ کرے۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ سے لے کر لَا يَعْلَمُوْنَ تک۔ اس کے ساتھ سورہ المومنون کی آیت نمبر 14 کے یہ الفاظ بھی کبھی پڑھتا رہے۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ.

## ظالم حاکم کے لئے

سورہ رعد صبح و شام پڑھیں انشاء اللہ خلاصی ہوگی۔

## بحالی روزگار

اگر کوئی شخص نوکری سے معطل یا علیحدہ کر دیا گیا ہو یا بے روزگار ہو تو اس کو صبح و شام سورہ یوسف پڑھنی چاہیے۔ اس کے ساتھ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه ہر وقت پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## برائے ترقی اسباب

سورہ یونس آیت نمبر 31 قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ سے لے کر اَفَلَا تَتَّقُوْنَ تک کی ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام اور پھر ہر وقت يَاوَلِيُّ يَاكَرِيْمُ پڑھتے رہیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## ام الصّبیان

آل عمران کی آیت نمبر 1 تا 4 الٓمٓ سے لے کر الفُرْقَانَ تک لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## مکر و فریب کے جال سے نجات

اگر کوئی شخص کسی کے مکر و فریب اور جال میں پھنس گیا ہو تو سورہ یوسف کی آیت نمبر 34

Marfat.com

فَاسْتَجَابَ سے لے کر الْعَلِیْم تک کثرت سے پڑھے۔اس کے ساتھ یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ یَامَحْفُوْظُ یَامُحَافِظُ بھی صبح وشام پڑھ لیا کریں۔

## دشمنی کے خوف سے نجات

اگر کسی شخص کو دشمن سے خوف رہتا ہو تو سورہ الحج کی آیت نمبر 11 وَمِنَ النَّاسِ سے لے کر الْمُبِیْنُ تک۔ ہر فرض نماز کے بعد 7 دفعہ پڑھیں اس کے ساتھ اگر سورہ مائدہ کی آیت نمبر 67 وَاللّٰهُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاس کو 211 دفعہ فجر کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے تو اور بہتر ہے۔

## عزت وآبرو کے لئے

اگر کسی شخص کی عزت وآبرو پر حرف آتا ہو تو سورہ یونس کی آیت 65 کی ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام کر لیا کرے وَلَا یَحْزُنْکَ سے لے کر السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تک۔

## اصلاح

جس شخص کا چال چلن ٹھیک نہ ہو تو سورہ النّٰزعٰت کی آیت نمبر 19 کی ایک تسبیح کر کے پانی پر دم کر کے اُس کو پلا دیں لیکن اس کے ساتھ اُس کا تصور رکھ کر سورہ البروج کی آیت نمبر 14 وَھُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ پڑھتا رہے انشاء اللہ اصلاح ہو جائے گی۔

## اسوۂ حسنہ پر چلنا

اسوۂ حسنہ پر چلنے کے لئے یا کاربند رہنے کے لئے ہمیں سوتے وقت سورہ المومنون کی آیات 1 تا 11 سونے سے پہلے پڑھنی چاہیے۔ رب العزت ہمیں توفیق عطا فرمائے۔

## بیماری کا علاج

جو شخص اپنی بیماری سے عاجز آ گیا ہو یا اس کا مرض لاعلاج ہو یا اس کی بیماری کسی کو سمجھ میں نہ آتی ہو تو سورہ انبیاء کی آیت نمبر 83 کا ورد ہر وقت رکھے جو حضرت ایوب علیہ السلام نے مانگی تھی۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اس کے ساتھ آیت کریمہ 1200 دفعہ 12 دن تک پڑھیں اور سورہ تغابن کا روزانہ ایک دفعہ پڑھنے کا معمول بنا لیں۔ انشاء اللہ آفاقہ

Marfat.com

ہوگا۔

## خاندان میں نااتفاقی

خاندان میں نااتفاقی دور کرنے کے لئے اور میاں بیوی میں محبت ڈالنے کے لئے

i. سورہ انفال کی آیت نمبر 63 کو 313 دفعہ عصر کی نماز کے بعد پڑھیں۔
وَاَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ سے لے کر عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ تک

ii. سورہ الحجر کی آیت نمبر 47 ہر نماز کے بعد 11 دفعہ وَنَزَعۡنَا مَافِیۡ...... مُتَقٰبِلِیۡنَ تک

مندرجہ بالا اذکار کے ساتھ یَا لَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ یَامُغِیۡثُ تو ہر وقت پڑھنا چاہئے۔ اور یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ بکثرت پڑھے۔ اس کی تین تسبیحاں عشاء کی نماز کے بعد کریں۔

## آنکھوں کا روشن ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو یا کم ہوگئی ہو تو زیادہ ہو جائے اس کو اسم مبارک یَاظَاهِرُ کا ورد کرنا چاہئے اس کے ساتھ سورہ نور کی آیت اَللّٰهُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ بھی پڑھ لے تو اللہ ﷻ اپنے فضل و کرم سے اس کی آنکھیں روشن کر دے گا۔ اور آنکھوں کی بینائی کی حفاظت کے لئے سورہ انبیاء ایک دفعہ روزانہ پڑھ لیا کرے۔

## اپنے نفس اور شیطان پر غلبہ

اس کے لئے یَاقَادِر کا ورد کرتا رہے وہ انشاءاللہ اپنے نفس پر غالب رہے گا۔

## احکام شریعت کی پابندی

جو شخص اسم مبارک یَـــا مَتِیۡـــن باکثرت ورد کرے تو اللہ ﷻ اسے احکام شریعت کی پابندی کے وصف سے مصف فرمائے گا۔

## ادئیگی قرض

اگر کوئی شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے اور اس کی ادائیگی اس کی استطاعت سے باہر ہو تو سورہ التحریم کی روزانہ تلاوت کرے تو اللہ ﷻ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کی

Marfat.com

صورت پیدا فرمائے گا۔

## ازالۂ نسیان

اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی شکایت ہو تو بعد نماز عشا اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ لیا کرے سُبۡحَانَکَ لَاعِلۡمَ لَنَا...... الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ (سورہ البقرہ)

## اسیری سے نجات

اگر کوئی شخص اسیری کی حالت میں سورہ الانفطار کو روز بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ اسے جلد رہائی نصیب ہوگی۔

## اغوا شدہ لڑکے یا لڑکی کی بازیابی

119 دفعہ یَاحفیظُ 119 دفعہ سورہ لقمان کی آیت نمبر 16 اور 21 دفعہ پڑھیں ہر دفعہ آسمان کی طرف دیکھنا۔

## بھاگا ہوا واپس

سورہ والضحٰی گیارہ روز تک 111 دفعہ۔

## الجھن کا حل

سورہ الم نشرح 17 دفعہ بمعہ اول و آخر 11,11 دفعہ درود شریف انشاء اللہ اس کا صحیح جواب ملے گا۔

## اللہ اور اللہ کے بندوں کے سامنے عزت

اسم مبارک یَا جلیل کا بکثرت ورد کریں۔ اس اسم مبارک کے ذکر سے اسے اللہ اور اللہ کے بندوں کے سامنے عزت کا مقام حاصل ہوگا۔

## امتحان میں فیل ہو جانے کا اندیشہ

اگر کسی طالب علم کو امتحان میں فیل ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اسم مبارک یَا حسیب تین

Marfat.com

روز تک گیارہ گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں باوضو روبہ قبلہ بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ نتیجہ اچھا اور حسب مراد آئے گا۔

## امراض جگر

اگر کسی شخص کے جگر میں درد، زخم، پتھری وغیرہ ہو یا وہ جگر کے کسی اور مرض میں مبتلا ہو تو یہ آیت 21 دفعہ پانی پر پڑھ کر پلائیں۔ تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ انشاء اللہ جگر کے ہر مرض سے شفا ہوگی اس آیت کا تعویز بنا کر گلے میں ڈالیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کَانَ الْبَحْرِ مِدَادُ لِکَلِمَاتِ رَبِّی۔

## سحر کے لئے مجرب

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِہِ لا السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ (سورہ یونس آیت نمبر 81,82) یہ آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ سحر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## ظالموں سے حفاظت کے لئے

سورہ انعام کی آیت نمبر 103 لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ سے لیکر الْخَبِیْرُ تک۔ یہ پڑھنے والا شخص ظالموں کی نگاہ سے محفوظ رہتا ہے۔ دشمن گھر میں آئیں تو کثرت سے اس کا ذکر کریں۔

## دشمنوں سے حفاظت

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ بچوں پر دم کرتے وقت تین دفعہ پڑھیں۔ یہ دشمنوں سے حفاظت کے لئے بھی ہے۔ (سورۃ یوسف)

سورہ یوسف آیت نمبر 18 وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں ان باتوں پر جو تم بتا رہے ہو۔

## ظالموں سے نجات

سورہ نساء آیت نمبر 75 رَبَّنَا اَخْرِجْنَا ...... مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا ایک تسبیح صبح اور

Marfat.com

ایک تسبیح شام کرنے کی کوشش کریں۔

## درد گردہ

سورہ قریش کھانے پر دم کر کے کھائیں۔

## پتھری کو توڑ کر نکالے

سورہ الم نشرح لک سینے پر دم کرنے سے تنگی اور درد قلب کو سکون ہو اس کا پینا پتھری کو ریزہ ریزہ کر دیتا ہے۔

## شفاء کے لئے

مریض کے لئے شفاء حاصل کرنے کے واسطے ستر بار پڑھیں وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ

## میاں اور بیوی کے لئے

یَاعَزِیزُ 111 دفعہ اول وآخر درود پاک عشاء کی نماز کے بعد یَاعَزِیزُ مِنْ کُلِّ عَزیز بِحَقِّ عَزیز 111 بار مَا کَانَ مُحَمَّد..... بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ سورہ احزاب کی آیت نمبر 40 گیارہ دفعہ پڑھیں۔

## زہر باد کے لئے

| | | |
|---|---|---|
| یَاحَیُّ | بِسْمِ اللّٰہِ تَعَالیٰ | یَا قَیُّومُ |
| یَارَحِیمُ | یَارَحِیمُ | یَارَحِیمُ |
| یَارَحِیمُ | یَارَحِیمُ | یَارَحِیمُ |

گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دیں۔

## مال مویشی کی بیماری سے نجات

سورہ تغابن تین دفعہ پڑھ کر پانی پر 3 مرتبہ دم کر کے پانی مال مویشی پر چھڑکیں۔

Marfat.com

## سانپ ڈس جائے

سورہ الغاشیہ 3 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور 24 گھنٹے پانی استعمال کریں۔

## کتا باولا کاٹے

سورہ کہف سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں ہر بار پھونک ماریں۔ پانی بھی دم کر کے پلائیں۔ 7 دن پلانا ہے۔

## محبت کے لئے

یَا وَهَّابُ یَا وَدُودُ 121 بار

## چوری سے بچاؤ

یَا مُعِیدُ 224 بار ہر نماز کے بعد پھر سارا دن۔

## خیر و برکت کے لئے

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

یَاحَیُّ   یَاقَیُّوْمُ

یَاخَیْرُ الْحَافِظِیْن

یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ

یَانَاصِرُ یَانَاصِرُ یَانَاصِرُ

یَاحَیُّ   یَاقَیُّوْمُ

## نصف سر درد کے لئے

| | |
|---|---|
| یا حیُّ | یا قیوم |
| اللّٰہ | اللّٰہ |
| اللّٰہ | اللّٰہ |

Marfat.com

## جسمانی درد دُکھ یا کوئی تکلیف ہو

بِسْمِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ وَحَاذِرُ میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو مجھے ہو رہی ہے اور جس سے ڈر رہا ہوں۔ 7 بار

## مقدمہ میں کامیابی کی دُعا

سورہ اعراف آیت نمبر 55 اُدْعُوْا رَبَّكُمْ...... لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ترجمہ: پکار اپنے رب کو گڑگڑاتے اور چپکے اس کو خوش نہیں آتے حد سے بڑھنے والے۔

## اگر کوئی عورت کسی نافرمان کے قبضہ میں ہو

اگر کوئی عورت کسی نافرمان کے قبضہ میں ہو تو وہ سورہ التحریم کی آیت نمبر 11 بکثرت پڑھے وَضَرَبَ اللّٰهُ...... مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ.

## دعا

نبی کریم ﷺ نے یہ دعا تلقین کی ایک شخص کو کہا یہ چاروں کلمے تیری دینی اور دنیوی ساری ضرورتوں پر حاوی ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي اے اللہ میرے گناہ معاف فرمادے، مجھے بخش دے مجھ پر رحمت کرنا مجھے عافیت اور آرام چین نصیب فرما اور مجھے روزی عطا فرما۔

## بیماری سے شفا

ہر قسم کی بیماری کی شفاء کے لئے سورہ انعام آیت نمبر 17۔ دل کی گھبراہٹ کو دور کرنے کے لئے سورہ انفال آیت نمبر 11 اور سورہ الرعد آیت نمبر 28 کو ملا کر 41 دفعہ پڑھیں۔ اور پھر پانی پر دم کر کے پی جائیں۔

سورہ انفال: وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ

سورہ رعد: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے لے کر تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ تک

Marfat.com

## ہر مقصد کے لئے

سورہ احزاب کی ان آیات کی ایک تسبیح روزانہ کریں۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (آیت نمبر 3) وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا (آیت نمبر 39) وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ رَّقِيْبًا (آیت نمبر 52)

## جائز مراد

ہر جائز مراد میں کامیابی وکامرانی کے لئے 360 دفعہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

## دشمنوں کو تباہ و برباد کرنے کے لئے

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 105 تا 110 کا ورد کریں یا بازو پر باندھیں۔ وَيَسْئَلُوْنَكَ سے لے کر عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا تک۔ بہتر یہ ہے کہ آیت نمبر 112 تک پڑھ لیں۔

## جن اور آسیب کا اثر ہو

سورہ رحمان کی آیت نمبر 33,34 پڑھ کر دم کرلیں۔ اور لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں۔ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ سے لے کر رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

## نظر اور سر درد

نظر اور سر درد سے حفاظت کے لئے یہ آیت لکھ کر رکھیں اور ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ آیت نمبر 51,52: وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے لے کر ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ تک سورۃ القلم کی آیات ہیں۔

## مال و دولت کے لئے

سورہ رعد کی آیت نمبر 31 ہر نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھیں۔

Marfat.com

## ہر بیماری کے لئے

سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 82 پڑھ کر دم کرلیں یا لکھ کر بازو پر باندھیں فوراً صحت ہوگی۔

## رزق کے واسطے

یہ کلمہ کشائش رزق اور کشائش باطن کے لئے مخصوص ہے۔ یہ عذاب قبر اور وحشت قبر سے نجات کا موجب ہے۔ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک تسبیح

**لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِیْن**

ترجمہ: نہیں معبود حق سوائے خدا کے وہ بادشاہ حق ہے اور ظاہر ہے محمد اللہ کے رسول ہیں۔ وعدے کے سچے ایماندار ہیں۔

## شادی نہ ہوتی ہو

سورہ الممتحنہ 5 دفعہ روزانہ پڑھیں 81 دن تک

## طالبِ علم کو سبق یاد کرنے میں مشکل ہو

**اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ** (سورۃ الزمر)

## حکمی عمل

تہجد کی نماز کے بعد 41 دفعہ آیت کریمہ پڑھ کر **سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَّبٍّ رَحِیْمٌ** پڑھیں۔ ایک تسبیح کریں اس کے بعد سات دفعہ درود پاک پڑھیں۔ انسان کی جملہ حاجات و خواہشات و تمنائیں، رزق، معاش، مقدمہ، نکاح، شادی، تجارت، ملازمت غرضیکہ تمام جائز امورات میں الحمدللہ کامیابی ہوگی۔

## نماز مقام ابراہیم کے پاس پڑھنے کا حکم

سورہ البقرہ آیت نمبر 125 نمازوں پر حفاظت کی تاکید۔ سورہ البقرہ 238 تیمم کن

Marfat.com

حالتوں میں کرنا چاہئے۔ سورہ النساء آیت نمبر 43 نماز میں قصر کا حکم اور میدان جنگ میں نماز پڑھنے کا طریقہ۔ سورہ النساء 101 تا 103 نماز سے پہلے وضو کرنے کا حکم۔ مائدہ آیت نمبر 6، پانچوں نمازوں کا ثبوت نماز میں قرأت درمیانی آواز میں پڑھی جائے۔ بنی اسرائیل آیت نمبر 110، سورہ بنی اسرائیل 78,79۔ نمازوں کے وقتوں کا ذکر طٰہٰ آیت نمبر 30۔ نماز میں عاجزی کا ذکر المومنون آیت نمبر 2۔ نمازوں میں حفاظت کا ذکر المومنون آیت نمبر 9۔ خرید و فروخت خدا پرستوں کو نماز سے نہیں روکتی۔ النور آیت نمبر 37۔ نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔ العنکبوت آیت نمبر 45۔ جمعہ کے اندر جب امام منبر پر کھڑا ہو جائے مسلمانوں کا فرض ہے کہ فوراً مسجد میں پہنچ جائیں۔ الجمعہ آیت نمبر 9۔ دکھلاوے کے لئے نماز پڑھنے والے پر عذاب الماعون آیت نمبر 4 تا 6۔ زکوٰۃ صدقات اور ان کے مصارف کا بیان البقرہ 215 - 267 - 271

## وسواسِ شیطانیہ

ہر نماز کے بعد چاروں قل خیر کثیر لاتا اور بفضلہٖ تعالیٰ وسواسِ شیطانیہ کو رفع کرتا ہے۔

## مکان سے جاتے وقت

مکان پر قفل ڈالتے وقت یا مکان سے جاتے وقت فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اللہ ﷻ کی امان ہے۔ یہ سب کچھ۔

## بدخوابی سے حفاظت

بدخوابی سے حفاظت کے لئے سورہ طارق۔

## زوجین کے لئے

سورہ فیل 27 مرتبہ سورہ آل عمران کی آیت نمبر 18 ہر کام کے لئے شَھِدَ اللّٰہُ ...... ھُوَالْعَزِیْزُ الْحَکِیْم

## شر سے حفاظت کے لئے

شر سے حفاظت کے لئے سورہ قریش 111 دفعہ اور یاسلامُ 100 دفعہ

Marfat.com

## مایوس مریضوں کا علاج

مایوس العلاج مریض تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کے لئے سورہ فاتحہ معوذ تین 11 دفعہ قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِی بَرْدَوَّ السَلَامَ عَلٰی اِبْرَاھِیم 11 مرتبہ۔اور سورہ مجادلہ کی آیت نمبر 28 تین بار پڑھ کر پھونک ماریں یہ عمل چالیس روز تک کریں۔

## تنگ دستی اور قرض کے لئے

بعد نماز عشا تنہائی میں بیٹھ کر یَا وَھَابُ 1414 دفعہ پڑھیں۔

## مال اور اہل عیال میں خوشی

جو شخص اپنے مال اور اہل عیال میں خوشی و بقا دیکھنا چاہتا ہے وہ اکثر مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ (سورہ کہف کی آیت نمبر 39) پڑھتا رہا کرے۔

## آیت الکرسی

کم از کم 19 دفعہ اور زیادہ سے زیادہ 313 (جنگ بدر کی مناسبت سے جس میں رسول اکرم ﷺ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم واجمعین کی تعداد 313 تھی)

## مشکلات

مشکلات میں یہ درود پاک اور دعا 121 دفعہ اذان فجر سے قبل پڑھیں۔انشاء اللہ رب العزت نبی کریم کے صدقے مشکلیں آسان فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

## بے نیاز ہو جانا

اَلرَّافِعُ ہر مہینے چودھویں رات کو آدھی رات میں 100 مرتبہ پڑھے۔تو اللہ ﷻ اپنے فضل و کرم سے مخلوق سے بے نیاز اور تو انگر بنا دیں گے۔

Marfat.com

دعا

یَاوَاسِعَ الْعَطَایَا یَادَافِعَ الْبَلَایَا

## خاوند کے غیر جنسی تعلقات ختم کروانے کے لئے

سورہ مائدہ کی آیت نمبر 100 قُلْ لَا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ سے تُفْلِحُوْنَ تک روزانہ 141 دفعہ کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ اگر 1100 دفعہ روزانہ پڑھا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ دعا کرنا سب سے بہتر ہے۔

## ٹھیکہ مل جائے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاجَلِیْلُ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ گیارہ سو مرتبہ ایک ہی نشست میں۔

## کام نکلوانے کا مجرب عمل

سورہ الزمر کی آیت نمبر 53 قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ ..... وَھُوَا لْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ایک تسبیح صبح ایک تسبیح شام۔

## خاوند کی جلالت ختم کرنے کے لئے

خاوند کی جلالت ختم کرنے اور اُس کا گھر کی طرف رخ کرنے کے لئے بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالَہٗ 100 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد عمل کی مدت چالیس دن ہے۔

## میاں بیوی کا دست گریبان ہونا

آل عمران کی آیت نمبر 134 وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ سے لے کر یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ تک دونوں حضرات ایک دوسرے کے لئے پڑھ سکتے ہیں۔

## ہر مقصد کے لئے

سورہ آل عمران کی آیت نمبر 154 ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ سے لے کر بِذَاتِ الصُّدُوْر

Marfat.com

تک لیکن جب اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ ط پر پہنچے تو اپنا مطلب کا خیال رکھیں مقصد انشاءاللہ پورا ہوگا۔

## بُری عادتوں کو چھوڑنے کے لئے

سورہ البروج آیت نمبر 14 وَھُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ 100 مرتبہ صبح 100 مرتبہ شام

☆☆☆

Marfat.com

# ارشادات رب العالمین

1. حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو حکم صادر ہو اس پر عمل کرو اور جس کی ممانعت فرمائی جائے اس سے باز رہو۔ خوفِ خدا مدنظر رہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ شدید گرفت کرنے پر قادر ہے۔ (سورہ حشر آیت نمبر ۷)

2. یارسول اللہ قسم ہے آپ کے رب کریم کی یہ لوگ ہرگز مسلمان نہیں ہو سکتے جب تک آپ کو اپنے تمام جھگڑوں میں منصف نہ بنائیں اور پھر آپکے صادر کردہ فیصلے پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے اپنے دل میں ذرہ برابر ملال محسوس نہ کریں۔ (سورہ النساء آیت نمبر ۶۵)

3. اے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے کہہ دیں کہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ پھر اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے تمام گناہ بخش دے گا۔ (سورہ آل عمران آیت نمبر ۳۱)

4. اے ایمان والو دین اسلام میں کلیتہً داخل ہو جاؤ اور شیطان کی پیروی نہ کرو۔ بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ (سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۰۸)

5. نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو تاکہ مستحق رحمت قرار پاؤ۔ (سورہ النور ۵۶)

6. جس کسی نے کسی شخص کو ناحق قتل کیا یا زمین میں فساد برپا کیا تو وہ شخص اس کی مانند ہے جس نے تمام بنی نوع انسان کو قتل کیا۔ اور جس شخص نے ایک انسان کو بھی جلا بخشی گویا اس نے تمام بنی نوع انسان کو زندہ کر دیا۔ (سورہ مائدہ ۳۲)

7. پیارا اور میٹھا بول بہتر ہے اُس خیرات سے جس کے بعد تکلیف دی جائے۔ زمین پر اکڑ کر نہ چلو۔ نہ تو تم پھاڑ سکتے ہو اور نہ ہی پہاڑوں کو چھو سکتے ہو۔ (سورہ بنی اسرائیل ۳۷)

8. باہمی تعاون صرف نیکی اور تقویٰ میں کرو۔ گناہ و ظلم میں ہرگز تعاون نہ کرو۔ (سورہ مائدہ ۲)

Marfat.com

9. اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پوچھتے ہیں کہ راہ خدا میں کیا خرچ کریں۔ تو ان سے فرما دیجئے کہ جو تمہاری ضرورت سے زائد ہو۔ (سورہ البقرہ ۲۱۹)

10. اے ایمان والو! ایک دوسرے کا مذاق مت اڑاؤ۔ ایک دوسرے پر طعنہ زنی نہ کرو اور نہ ہی ایک دوسرے کو برے ناموں سے پکارو۔ باہمی بدگمانی سے بچو۔ بیشک اکثر بدگمانی گناہ بن جاتی ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے عیب تلاش نہ کرو اور غیبت سے بچو۔ تم میں سے صاحب عزت وہی ہے جو تم میں سے نیک راہ پر چلنے کی زیادہ کوشش کرتا ہے۔ (سورہ الحجرات آیت نمبر ۱۱)

11. تم نیکی کی معراج کو نہیں پہنچ سکتے جب تک راہ خدا میں اپنی سب سے پیاری چیز خرچ نہ کرو۔ (سورہ آل عمران ۹۲)

12. نیکی یہ ہرگز نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کی طرف منہ کر لو۔ بلکہ نیکی اللہ تعالیٰ یوم آخرت فرشتوں، کتابوں اور انبیاء اللہ پر ایمان لانا اور محبت خداوندی میں رشتہ داروں، یتیموں، مساکین، مسافر، فقراء پر خرچ کرنا، نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرنا ہے۔ یہی لوگ سچے اور پرہیزگار ہیں۔ (سورہ البقرہ ۱۷۷)

13. تمہارے رب نے اپنے لئے رحمت لکھی ہے۔ اگر تم میں سے کوئی غلطی کرے اور بعد ازاں تائب ہو کر اپنی اصلاح کر لے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا پائے گا۔ (سورہ انعام آیت نمبر ۵۴)

14. اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم میرے گنہگار بندوں سے کہہ دیں کہ وہ رحمت خداوندی سے ناامید نہ ہو۔ بیشک اللہ تمام گناہ بخش دینے والا اور غفور الرحیم ہے۔ (سورہ الزمر ۵۳)

☆☆☆☆☆

1. نماز قائم کرو اور اللہ سے ڈرو۔
2. لوگوں سے اچھا بولو اور نماز قائم کرو۔
3. جو لوگ اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں وہی جنت میں عزت پائیں گے۔
4. اللہ کے بندوں کو تجارت اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر اور نماز سے غافل نہیں کرتی۔
5. بیشک نماز بے حیائی اور بری باتوں سے روکتی ہے۔
6. اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرو اور خود بھی ہمیشہ پڑھو۔

Marfat.com

7. نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔
8. جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں یہی سچے لوگ ہیں۔
9. جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں یہی ہیں جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔
10. بیشک نجات پائیں گے وہ مومن جو اپنی نماز میں دل لگانے والے ہیں۔
11. جو نماز پڑھتے ہیں، زکوٰۃ دیتے ہیں وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔
12. بیشک جو تلاوت کرتے ہیں اللہ کی کتاب کی اور نماز قائم کرتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں اِس مال سے جو ہم نے اُن کو دیا ہے رازداری سے اور اعلانیہ وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو ہرگز نقصان والی نہیں۔
13. بیشک انسان بڑا لالچی پیدا ہوا ہے۔ جب اُسے تکلیف پہنچے تو گھبرا جانے والا اور جب اُسے دولت ملے تو حد درجہ بخیل سوائے اِن نمازیوں کے جو اپنی نماز پر پابندی کرتے ہیں۔
14. اپنے رب کے لئے نماز پڑھ اور قربانی کر۔
15. ہلاکت ہے اِن نمازیوں کے لئے جو اپنی نماز میں کوتاہی کرتے ہیں۔

# ارشادات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

## نماز رحمۃ اللعالمین کی نظر میں

1. نماز مومن کا نور ہے۔
2. نماز مومنوں کی معراج ہے۔
3. اٹھ نماز پڑھ بیشک نماز میں شفا ہے۔
4. نماز جنت کی کنجی ہے۔
5. نماز دین کا ستون ہے۔ جس نے نماز چھوڑ دی اُس نے دین کا محل گرا دیا۔
6. ایمان اور کفر کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے۔

Marfat.com

7. اِس دین میں بھلائی (نیکی) نہیں جس میں نماز نہیں۔
8. جس شخص کے پاس نماز نہیں اُس کا ایمان نہیں۔
9. جو نماز ضائع کرنے والا ہے اللہ تعالیٰ اس کی کسی نیکی کی پرواہ نہیں کرے گا۔
10. جس نے نماز ضائع کردی اُس کا حشر فرعون اور ہامان کے ساتھ ہوگا۔
11. بے نمازی کی عمر میں برکت نہ ہوگی۔
12. صالحین کی علامت بے نمازی کے چہرے سے مٹادی جائے گی۔
13. بے نمازی کی دعا قبول نہیں ہوگی۔
14. بے نمازی جب مرے گا، ذلیل ہوکر مرے گا۔
15. بے نمازی بھوک اور پیاس کی حالت میں مرے گا۔ اِس کی پیاس نہ بجھے گی اگرچہ دریاؤں کا پانی اسے پلادیا جائے۔
16. بے نمازی پر قبر تنگ کردی جائے گی اور آخرت میں سختی سے حساب لیا جائے گا۔
17. اللہ نے سجدہ کی جگہ کو آگ پر حرام فرمادیا ہے۔
18. نماز ہر متقی کی قربانی ہے۔
19. جب آدمی نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو رحمت الٰہیہ اس کی طرف متوجہ ہوجاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

1. جو شخص پانچ وقت نماز ادا کرتا ہے اور کبیرہ گناہوں سے بچتا ہے وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے گا داخل ہوسکے گا۔

## کبیرہ گناہ یہ ہے:

(1) ماں باپ کی نافرمانی (2) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک (3) قتل ناحق (4) پاک دامن عورتوں پر تہمت (5) یتیم کا مال کھانا (6) میدان جہاد سے فرار (7) سود کھانا۔

## مسلمان کی تعریف:

1. اس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہتے ہیں۔

Marfat.com

2. وہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند کرتا ہے جو اپنے لئے چاہتا ہے۔
3. مسلمان بھائی کی پردہ پوشی کرتا ہے۔
4. دوسروں پر معاملات میں آسانی کرتا ہے۔
5. چھوٹوں پر رحم کرتا اور بزرگوں کا حق پہچانتا ہے۔
6. پڑوسی کو تکلیف نہیں دیتا۔
7. دغاباز، بخیل، چغل خور اور احسان جتانے والا نہیں ہوتا۔
8. دوسرے مسلمان بھائیوں کی بھلائی میں کوشاں رہتا ہے۔
9. بہتر اخلاق کا حامل ہوتا ہے۔
10. انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ جو بات سنے اسے بغیر تحقیق دوسروں سے بیان کرنا شروع کردے۔

## منافق کی تین نشانیاں:

(1) بات کرے تو جھوٹ بولے (2) وعدہ کرے تو ایفا نہ کرے (3) کسی کی امانت رکھے تو خیانت کرے۔

جب کوئی قوم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عہد شکنی کرتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دشمن مسلط کر دیتا ہے جو اس کے مال و اسباب چھین لیتا ہے۔ علی الاعلان فحش کام کرنے لگتی ہے تو وہ نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ زکوۃ ادا نہیں کرتی تو ان پر بارش بند ہو جاتی ہے۔ اگر ان کے چوپائے نہ ہوں تو ان پر مینہ کی ایک بوند بھی نہ برسے۔ ناپ تول میں کمی کرنے لگتی ہے تو وہ قحط سالی، سخت مصائب اور حکمرانوں کے مظالم میں پھنس جاتا ہے۔ احکامات خداوندی کے مطابق فیصلے کرنا چھوڑ دیتی ہے تو ان میں لڑائی و چپقلش پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ شخص مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ رہے۔ مسلمان کو گالی دینا اور اسے قتل کرنا کفر ہے۔ اپنے ملازموں سے جتنی ہلکی خدمت لو گے اللہ تعالیٰ اتنا ہی تم کو اجر و ثواب عطا کرے گا۔ خوب سمجھ لو کسی کے اعمال اِسے جنت میں ہرگز نہ لے جائیں گے بلکہ جس کو رحمت خداوندی ڈھانپ لے گی وہی جنت میں داخل ہوگا۔ جس کی جوانی عفت و پاک دامنی میں گذری وہ جنت کا مستحق ہے۔

Marfat.com

زمین میں رہنے والوں پر تم رحم کرو آسمان پر رہنے والا تم پر رحم کرے گا۔آپس میں بدگمانی نہ کرو۔ ایک دوسرے کے معاملات کا تجسس نہ کرو۔ایک کے خلاف دوسرے کو نہ اکساؤ۔آپس کے حسد اور بغض سے بچو۔ایک دوسرے کی کاٹ میں نہ پڑو۔اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بن کے رہو۔

☆☆☆☆☆

# عظمت قرآن

(یہ کتاب حکیم) جب کسی کے باطن میں سرایت کر جاتی ہے تو اس کے اندر ایک انقلاب برپا ہو جاتا ہے۔اور جب کسی کے اندر کی دنیا بدل جاتی ہے تو اس کے لئے پوری دنیا ہی انقلاب کی زد میں آ جاتی ہے۔اس کتاب کا بنیادی تصور یہ ہے کہ انسان زمان و مکان پر کس طرح غالب آ سکتا ہے۔جب غالب آ جائے گا تو اس میں کیا شان پیدا ہو جائے گی۔قرآن حکیم کے مطالعہ سے ہماری عقل منور ہو جاتی ہے۔قرآن کا کارنامہ یہ ہے کہ اُس نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کے دلوں میں ایمان پیدا کر دیا اور توحید، معاد اور رسالت پر یقین محکم کی کیفیت پیدا کر دی۔لیکن اُس سے اُس ہمہ گیر تبدیلی کا اندازہ نہیں ہوتا جو قرآن کی بدولت ان کی زندگیوں میں برپا ہو گئی تھی۔اس لئے کہ قرآن نے اُن کا فکر بدلا، سوچ بدلی، نقطہ نظر بدلا، اقدار بدلیں، عزائم بدلے، اخلاق بدلے، امنگیں بدلیں، انفرادیت بدلی، اجتماعیت بدلی، الغرض پوری کائنات بدل کر رکھ دی۔اِس پوری تبدیلی کا ذریعہ اور آلہ یہی قرآن حکیم کی آیات بنیات ہیں۔

Marfat.com

# نماز

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکاتیب میں لکھا ہے:

جان لیں کہ دنیا میں نماز کا مرتبہ آخرت میں رویت باری تعالیٰ کے مرتبہ کی مانند ہے۔ پس جو شخص دنیا میں بغیر وساوس کے نماز ادا کرے گا اسے جنت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار بغیر حجاب کے ہوگا۔ اگر وساوس کے ساتھ نماز پڑھے گا تو آخرت میں دیدار بھی پردوں کے اندر سے ہوگا۔ ظاہر ہوا کہ ظاہرہ و باطن دونوں لحاظ سے نماز کی درستگی ضروری ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پانچ نمازیں پڑھے گی مگر انکو پچاس نمازوں کا ثواب ملے گا۔ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (سورہ انعام ۱۶۰) جس نے ایک نیکی کی اور اُس کے لئے اجر دس گنا ہے۔ پس پانچ نمازوں کا حکم قائم اور محکم ہوگیا۔ فالحمد للہ رب العالمین۔

حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں میں پایا۔ (1) قبر کا جواب تہجد نماز میں پایا۔ (2) منکر نکیر کے سوال کا جواب تلاوت قرآن میں پایا۔ (3) قیامت کے دن کی پیاس سے بچاؤ روزہ میں پایا۔ (4) پل صراط سے جلدی گذرنے کو صدقہ خیرات میں پایا۔ (5) روزی کی فراخی کو چاشت کی نماز میں پایا۔

نماز وتر کی آخری دو رکعت میں سورہ کافروں اور سورہ اخلاص پڑھنا سنت ہے۔ ایک میں توحید افعالی ہے اور دوسرے میں توحید اعتقادی ہے۔ پھر نماز فجر کی پہلی دو سنتوں میں یہی دو صورتیں پڑھنا سنت ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی معمول تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی پہلی دو رکعتوں میں پہلی میں سورہ کافرون اور دوسری میں قل ھو اللہ پڑھا کرتے تھے۔ گویا مومن جس شان پر سویا اسی شان پر جاگا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص پانچ نمازیں ادا کرتا ہے اس کے ذمے گناہوں کی میل کچیل نہیں رہ سکتی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (سورہ ھود ۱۱۴) بیشک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔

قبلے پانچ طرح کے ہیں:

Marfat.com

(1) بیت اللہ (امت محمدیہ کا قبلہ)۔(2) بیت المقدس (یہودیوں کا قبلہ) آ (3) مکاناً شرقیہ (یعنی مشرقی سمت نصاریٰ کا قبلہ)۔(4) بیت المعمور ملائکہ کا قبلہ۔(5) راہ گم کردہ متحیر انسان کا قبلہ۔وجہ اللہ (راہ گم کردہ متحیرِ انسان کا قبلہ ہے) اس بارے میں سورۃ بقرہ آیت نمبر 115 ملاحظہ فرمائیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے فَاَيۡنَمَا تُوَلُّوۡا فَثَمَّ وَجۡهُ اللّٰهِ (سورہ البقرہ ۱۱۵) گویا عبادت کرنے والے پانچ قسم کے لوگ ہیں۔

نماز میں قبلہ کی طرف توجہ کیوں ضروری ہے؟

نماز میں قبلہ کی طرف توجہ کرنے سے مرکزیت اور وحدت نصیب ہوتی ہے۔اگر چاروں طرف نماز پڑھنے کی اجازت ہوتی تو ہر شخص کا رُخ جدا جدا ہوتا۔کعبۃ اللہ درحقیقت بیت اللہ ہے، شعائر اللہ میں سے ہے۔لہٰذا اس کی طرف توجہ کرنے سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ ایک سائل کسی بڑے شہنشاہ کے دربار میں حاضر ہے۔اس کے سامنے آداب بندگی بجالا رہا ہے۔

حدیث پاک ہے اَلسَّاجِدُ سجد علی قدمی الله. سجدہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کے قدموں پر سجدہ کرتا ہے۔کبریائی صرف اللہ تعالیٰ ہی کو سجتی ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے: اَلْكِبْرِيَاءُ دَائِي (بڑائی میری چادر ہے)۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دلی تمنا تھی کہ آپ کو بیت اللہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم ہو جائے چنانچہ رب العزت نے آپ کی مراد پوری کر دی۔پس نبی اسلام کو نبی الثقلین ہونے کا شرف نصیب ہوا۔

طویل قیام کی فضیلت اس لئے ہے کہ مومن اس میں قرآن کی قرأت کر رہا ہوتا ہے۔ طویل سجدے کی فضیلت اس لئے ہے کہ مومن اپنے نفس کو پامال کرتا ہے۔پیشانی خاک پر ٹکا دیتا ہے۔قرآن میں وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ (سورہ العلق ۱۹) کے الفاظ سے ثابت ہے کہ سجدے سے قرب ملتا ہے۔

Marfat.com

# خلق عظیم

قرآن پاک نوع انسانی کی ہدایت کا وسیلہ ہے۔ شریعت محمدیؐ دین و دنیا کی برکات کا وسیلہ ہے اور یہ دونوں نعمتیں ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے حاصل ہوئیں۔ قیامت کے روز جب کوئی کسی کو نہ پوچھے گا، ہر طرف نفسا نفسی کا عالم ہوگا اس دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے دامن شفقت میں ہم سب کو پناہ ملے گی اور آپکے ہی وسیلہ سے عاصیوں کو شفاعت کی دولت نصیب ہوگی۔

## وسیلہ دارین

سورہ مائدہ میں فرمایا: اے ایمان والو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اُس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں کوششیں (جہاد) کرو (مقصد حیات) میں کامیابی حاصل ہو۔ (سورہ مائدہ ۵:۳۵)

سورہ بنی اسرائیل میں فرمایا: ان سے کہو پکارو انہیں جن کے بارے میں تم گمان رکھتے تھے کہ وہ اللہ کے سوائے (تمہاری مشکلات دور کر سکتے ہیں) تو وہ تم سے تکلیف دور کرنے کا اختیار نہیں رکھتے۔ اور وہ نہ (تمہارے حالات) بدل دینے کا اختیار رکھتے ہیں۔ جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں وہ (خود) اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں سے کون زیادہ مقرب ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار رہتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ یقیناً تیرے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے۔ (آیات ۵۶، ۵۷)

ہمارا وسیلہ جناب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ہمیں انہیں کے وسیلہ سے قرآن ملا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے ہمیں اسلام اپنی مکمل ترین صورت شریعت محمدیؐ میں ملا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہمیں ایمان نصیب ہوا۔

## وسیلہ مغفرت

سورہ النساء کی آیت نمبر ۶۴ اور سورہ منافقون کی آیت نمبر ۵ ملاحظہ فرمائیں۔ ان

Marfat.com

آیات سے واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم وسیلہ مغفرت ہیں۔ اگر کوئی شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے تو اللہ تعالیٰ نہ صرف اس کے گناہ معاف فرما دیتے ہیں بلکہ اُس پر رحمت بھی فرماتے ہیں۔ آپ سورہ التوبہ کی آیت نمبر ۱۲۸ کا ترجمہ نگاہ میں رکھیں جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ مومنوں کے لئے رؤف ورحیم (شفیق و مہربان) ہیں۔

قرآن پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ شان بیان ہوئی ہے کہ آپ لوگوں کا تزکیہ فرماتے ہیں اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب اللہ تعالیٰ کا ادب ہے۔ آپ وہی فرماتے ہیں جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ وہی کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ ان کے ادب کے ضمن میں آپ سورہ الحجرات کی آیت نمبر ۲، سورہ احزاب کی آیت ۳، ۵۷ اور سورہ النساء کی آیت نمبر ۸۰ کو پڑھنے کی کوشش کریں۔ اس میں اصلی نکتہ یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اللہ تعالیٰ کی محبت ہے۔

## شفاعت

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری شفاعت کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے صرف میرے ساتھ مخصوص ہوگی یعنی اور کوئی کبیرہ گناہ کے مرتکب کے لئے سفارش نہیں کر سکے گا۔ (ترمذی)

حضرت عوفؓ بن مالک سے روایت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ آئے گا۔ مجھے اختیار دے گا۔ یا تو میں اپنی آدھی امت کا جنت میں داخل کیا جانا منظور کرلوں یا شفاعت (کا حق) اختیار کرلوں۔ میں شفاعت کا حق اختیار کرلوں گا اور میری شفاعت ہر اس شخص کے لئے ہوگی جس نے مرتے وقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا ہو۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دنیا کی نیت کرے گا، دنیا اس سے دور رہے گی۔ جو اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہے وہ اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔

Marfat.com

# بیماری

حضور معاذ بن جبلؓ کا قول ہے: اور جب بندہ مومن بیمار ہو جاتا ہے تو اس کے بائیں کے فرشتے کو حکم ہوتا ہے کہ اس کے گناہوں کو لکھنا بند کر دو اور دائیں والے سے کہا جاتا ہے بہترین نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں درج کر۔

حدیث میں آیا ہے کہ جب کوئی بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف اسے دیکھنے کے لئے دو فرشتے بھیج دیتا ہے۔ جب بیمار الحمد للہ کہتا ہے تو فرشتے اللہ کی بارگاہ میں جا کر اس کے الفاظ دہرا دیتے ہیں۔ اس پر ارشاد ہوتا ہے کہ اگر میں اس کو بیماری میں موت دوں گا تو جنت میں داخل کروں گا۔ اگر صحت عطا کی تو زیادہ ہوگی اور اس کے گناہ معاف کر دوں گا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب کوئی بندہ مصائب میں مجھ سے سوالی ہوتا ہے تو میں اسے مانگنے سے پہلے دے دیتا ہوں اور اس کی دعا کو شرف قبولیت بخشتا ہوں۔ لیکن جو کوئی مصائب میں میری مخلوق سے مدد کا طالب ہوتا ہے میں اس پر آسمانوں کے دروازے بند کر دیتا ہوں۔ لہٰذا ہر عاقل کے لئے ضروری ہے کہ مصائب پر صبر کرے اور حرف شکایت زبان پر نہ لائے۔ ایسا کرنے سے وہ آخرت کے عذاب سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ اس دنیا میں یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ مصائب انبیاء اور اولیاء اللہ پر ہی زیادہ وارد ہوتے ہیں۔

مصائب کے بارے میں جناب جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ اہل ایمان مصائب پر صبر کیے بغیر ایمان کی لذت کا مزہ نہیں دیکھ سکتا۔ ارشاد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو شخص رات بھر بیمار رہا اور صبر کر کے اللہ کی رضا کا طالب رہا ایسا شخص گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسا کہ پیدائش کے وقت تھا۔ لہٰذا بیماری میں عافیت نہ طلب کرنی چاہئے۔

# مومن اور منافق میں فرق

ارشاد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے: مومن نماز اور روزے رکھتا ہے۔ منافق نماز روزے کے قریب نہیں پھٹکتا۔ مومن اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر کے بخشش کا طلبگار رہتا ہے اس

Marfat.com

کے برعکس منافق حرص وہوس میں لگا رہتا ہے۔ مومن ماسوا اللہ کے کسی سے نہیں ڈرتا۔ لیکن منافق اللہ کے سوا ہر چیز سے ڈرتا ہے۔ مومن نیکی کر کے بارگاہ الٰہی میں روتا رہتا ہے۔ منافق گناہ کر کے خوش ہوتا ہے۔ مومن دین کی تدبیر اور اچھائیوں پر عمل پیرا ہوتا ہے اور برائیوں سے روکتا اور اصلاح کرتا ہے۔ منافق نیکیوں سے روک کر برائیوں کی طرف راغب ہوتا ہے۔

حکم رب العزت ہے: منافق مرد اور عورتیں ایک دوسرے میں سے ہیں۔ نیکی سے روکتے اور برائیوں کا حکم دیتے ہیں۔ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا اور اللہ نے انہیں بھلا دیا۔ بیشک منافق فاسق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے منافق مرد اور عورت اور کفار کے لئے جہنم کی آگ تیار کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے۔ قرآن حکیم میں انکے بارے میں ارشاد ہے: بیشک اللہ تعالیٰ تمام منافقوں اور کافروں کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے۔

اس ارشاد باری تعالیٰ میں ابتدا میں منافقوں کا ذکر ہے کہ یہ کفار سے زیادہ بدبخت ہوتے ہیں۔ حکم ربانی ہے: بلاشبہ منافق جہنم کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے۔ حدیث نبوی ہے کہ منافق نہ مسلمانوں میں شامل ہوتا ہے اور نہ کافروں میں۔

## امانت

امانت سے مراد عبادات اور فرائض ہیں جن کی ادائیگی پر ثواب اور عدم ادائیگی پر عذاب ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَيۡنَ اَنۡ يَّحۡمِلۡنَهَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا. ہم نے اپنی امانت کو آسمان اور زمین اور پہاڑوں کو پیش کی وہ اسے سنبھالنے سے معذور ٹھہرے۔

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ کا قول: ہمارے تمام اعضاء آنکھ، کان، زبان، پیٹ، شرمگاہ، ہاتھ اور پاؤں سب امانت ہیں۔ فرمان الٰہی ہے: اگر ان کو خلاف شریعت استعمال نہ کر کے حفاظت کرو گے تو تمہاری حفاظت کروں گا۔ جس میں امانت نہیں اُس کا کوئی ایمان نہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت اس وقت تک بھلائی میں رہے گی جب تک وہ امانت کو مالِ غنیمت اور صدقہ کا تاوان نہ سمجھے۔

امانت کی حفاظت کرنا مقربین انبیاء علیہم السلام اور نیک بندوں کا شیوہ رہا ہے۔ فرمان

Marfat.com

الٰہی ہے: اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّ الْاَمٰنٰتِ اِلٰی اَھْلِھَا. اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے تم امانتیں ان کے مالکوں کو واپس کر دو۔ مفسرین کے نزدیک یہ آیت شریعت کی بنیاد ہے۔

فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے: کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ. تم میں سے ہر ایک کو جو حاکم ہے وہ ذمے دار ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اپنے ماتحت کے بارے میں سوال ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مکر، دھوکا، خیانت کرنے والے دوزخ میں جائیں گے۔ امانت اس امن سے ماخوذ ہے۔ اس کی ضد خیانت ہے جس کے معنی ہیں، کم کرنا۔

## نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کا حکم

فرمان الٰہی ہے: کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ. لوگوں کی ہدایت کے لئے تمہیں بہترین امت بنا کر پیدا کیا گیا۔

فرمان باری تعالیٰ ہے: تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ. تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پہ ایمان رکھتے ہو۔

فرمان الٰہی ہے: وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَلَا تَعَاوَنُوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ. نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے سے تعاون کرو مگر برائی اور ظلم میں تعاون نہ کرو۔

اہل ایمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ نیکی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکیں۔ مگر اپنے آپ کو بھی نہ بھولنا چاہئے۔

حکم ربانی ہے: وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَاءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ ط صاحب ایمان مرد اور ایمان دار عورتیں ایک دوسرے کے وہ ساتھی ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: تم نیکیوں کا حکم دیتے رہو اگرچہ تم مکمل طور پر عمل نہ کر سکو۔ اور تم برائیوں سے روکتے رہو اگرچہ تم تمام وکمال اس سے کنارہ کش نہ رہ سکو۔

اس سے یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ اللہ کی خاطر محبت اور اللہ کے لئے دشمنی رکھنا سب سے اچھا عمل ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے نیکی کے حکم کو چھوڑنے والوں کے بارے میں فرمایا: **كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ فَعَلُوْهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ.** وہ برائی سے نہ روکتے جیسے وہ کرتے تھے، برا ہے۔ جو وہ کرتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رب العزت نے ایک بستی پر عذاب نازل کیا جس میں اٹھارہ ہزار نیک، افراد تھے جن کے اعمال انبیاء علیہم السلام جیسے تھے۔ اُم المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا یہ کیوں؟ اس لئے وہ اللہ کی نافرمانی کے سلسلہ میں نہ کسی کو برا سمجھتے تھے اور نہ ہی نیکی کا حکم دیتے اور نہ ہی برائیوں سے کسی کو روکتے تھے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ.** کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھلا دیتے ہو۔ نیز تم کتاب بھی پڑھتے ہو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے۔

کسی کو نیکی کی طرف راغب کرنا اور بھلائی کی راہ آسان کرنا حتی المقدور برائی اور ظلم کو بند کرنا سب تعاون ہے۔

## غیبت

قرآن کریم میں ارشاد رب العزت ہوتا ہے:

1. **وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ط**

ایک دوسرے کی غیبت (اور چغلی) نہ کرو۔ تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے۔

2. **وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ** (الهمزة)

ہر عیب جو اور طعنہ زن کے لئے خرابی ہے۔

رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ (ارشادات)

1. غیبت سے بچو کیونکہ غیبت زنا سے بھی بدتر ہے۔
2. جو کسی مسلمان کی برائی کی خاطر غیبت کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے

Marfat.com

پل پر کھڑا کرے گا یہاں تک سب اس کی غیبت نکل جائے۔

3. ارشاد ہے: غیبت یہ ہے کہ اپنے بھائی کی اس بات کا ذکر کرے جو اُسے بری لگے۔

4. ارشاد ہے: اپنے آپ کو غیبت سے بچاؤ اس میں تین مصیبتیں ہیں۔ غیبت کرنے والے کی دعا قبول نہ ہوگی، اس کی کوئی نیکی قبول نہیں ہوتی اور اس پر گناہ حملہ آور ہو جاتے ہیں۔

5. جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی غیبت کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا منہ پیچھے کی طرف پھیر دے گا۔

حضرت کعب رضی اللہ کا قول ہے: جو شخص غیبت سے توبہ کر کے مرا وہ سب سے آخر میں جنت میں جائے گا اور جو غیبت کرتے کرتے مرا وہ جہنم میں سب سے پہلے جائے گا۔

ہر غیبت کنندہ کو چاہئے کہ وہ جس مجلس میں بیٹھے اُس مجلس سے اٹھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لے۔

# متفرقات

ہم دنیوی طور پر اتنے مصروف ہو گئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ہمارا تعلق ٹوٹ رہا ہے۔ اسی وجہ سے ہمارا بہتر طور پر تزکیہ نہیں ہوتا اور ہم فرشتوں کے نزول سے محروم رہنے لگے ہیں جن کی وجہ سے تسکین قلب حاصل نہیں ہوتا۔ ہمارے رہنما اعلیٰ فراست سے محروم ہیں۔ حدیث میں ہے کہ مومن کی فراست سے ڈرو وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ گذشتہ دور کے اکثر مسلمان بادشاہ علماء اور حکام اولیاء کی صحبت حاصل کرتے تھے اور ذکر اذکار پر پوری توجہ دیتے تھے مگر اس دور کے دانشور اور حکام کی اکثریت تو فرض نماز سے ہی عاری ہے۔ وہ ذکر اذکار کو غیر ضروری سمجھتے ہوئے اسے ترک کر رہے ہیں۔ صرف دنیوی علم اور تجربہ کافی نہیں ہے روحانی ارتقاء بھی ضروری ہے۔ کئی علماء دین، اولیاء کرام کی تعظیم اور تعریف میں تقریریں تو بہت کرتے ہیں مگر خود ان کی صحبت، ذکر اذکار اور شب بیداری سے غافل رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اکثر وعظ موثر نہیں ہیں۔

Marfat.com

اعلیٰ اخلاق کردار کی تشکیل کے لئے ذکر واذکار سے تزکیہ ضروری ہے۔ ارشاد رب العزت ہے: وہی اللہ تعالیٰ تم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں اور اُن کے فرشتے بھی تاکہ تم کو ظلمات سے نکال کر نور میں داخل کریں اور اللہ تعالیٰ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔ (سورہ احزاب آیت نمبر ۴۳) سبحان اللہ تمام اولیاء کرام اور عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم ذکر سے ہی انوار الٰہی اور حکمتوں سے فیض یاب ہوتے رہے ہیں۔ کسی نے علامہ اقبالؒ سے مجلس میں پوچھا علامہ صاحب آپ حکیم الامت کیسے بن گئے؟ انہوں نے فرمایا یہ بہت آسان ہے۔ آپ دو کروڑ بار درود شریف پڑھ لیں آپ بھی بن جائیں گے۔ دراصل درود پاک بہترین ذکر ہے تزکیہ کا ذریعہ مقبول جامع دعا ہے۔

## حاجت پوری کرنے کے لئے دعا

یَاشَفِیْقُ یَارَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ.

## مال میں برکت کے واسطے

هٰذَا شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ غَمٍّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## فتح ونصرت چاہنے کے لئے دعا

یَاحَافِظُ یَانَاصِرُ یَامُعِیْنُ یَامَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بَحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ.

اس آیت کو ہمیں پڑھنا چاہئے (سورۃ طور آیت نمبر ۲۷) فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ۔

حافظہ کے لئے سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۶۳، ۱۶۴ کو پڑھنا چاہئے۔

## ہر مشکل کے حل کے لئے

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ پڑھنے کا معمول بنانا چاہئے۔ لاتعداد پڑھیں۔

## شفائے مومن کے لئے

ہر بیماری کے لئے یہ دعا لکھ باندھنا مفید ہے۔ اَللّٰهُ الشَّافِیْ اَللّٰهُ الْكَافِیْ اَللّٰهُ

Marfat.com

الْمُعَافِی. عصر اور مغرب کے درمیان یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کا ورد کرنا چاہئے اور کسی سے بات نہیں کرنی چاہئے۔ جب مغرب کی اذان ہونے لگے تو اس وقت ہاتھ اٹھا کر دعا کرنی چاہئے۔ انشاء اللہ قبول ہو گی۔

## حفاظت ایمان کے لئے

اس کے لئے ہمیں مغرب کے بعد کی دو سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والناس ہمیشہ پڑھنی چاہئے۔

## عمل صالحہ کی توفیق کے لئے

سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۱۱۰، ۱۱۱ کو صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

آیت نمبر ۱۱۰، ۱۱۱ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ ........... وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْراً۔

## ایمان پر خاتمہ

اس کے لئے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۸ کو ہر نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھنے کا معمول بنالیں: رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا ...... اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

## شیطان سے حفاظت

اس کے لئے سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۰، ۲۰۱ اور سورہ المومنون کی آیات نمبر ۹۷، ۹۸ کا ورد کرنا موثر ہے۔ اعراف ۲۰۰، ۲۰۱ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ ........ مُّبْصِرُوْنَ۔ سورہ المومنون کی آیت نمبر ۹۷، ۹۸ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ ........ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

## حصولِ شفاعت کے لئے

جو شخص ہر نماز کے بعد سورہ توبہ کی آخری دو آیات پڑھنے کا معمول بنالے گا اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو گی۔

## سرکش بچے کے لئے

سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۸۳ کو پڑھ کر کان میں پھونک ماریں اور لکھ کر تعویذ بنا کر

Marfat.com

پہنایا جائے۔آل عمران کی آیت نمبر۸۳:اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ ........ وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ۔ چوپایہ کے لئے اس کے کان میں پھونک ماریں۔

## دعا کا مقبول ہونا

حسن بصریؒ نے فرمایا جو شخص ان آیات کو پڑھ کر دعا کرے، انشاء اللہ انکی دعائیں قبول ہوں گی۔سورۃ نوح کی آیت نمبر۱۰،۱۱،۱۲ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ .... لَّکُمْ اَنْھٰرًا۔تمام علما کرام ان الفاظ پر متفق ہیں کہ اگر ان الفاظ کا تکرار کر کے دعا کی جائے گی تو قبول ہو گی۔یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔اس کے ساتھ اگر آیت کریمہ کا اضافہ کرلیں تو اور بہتر ہے۔

## میاں بیوی کی محبت

اس کے لئے سورہ انفال کی آیت نمبر۶۲،۶۳ اور سورہ یوسف کی آیت نمبر۲۹،۳۰ پڑھ کر ایک دوسرے کے لئے دعا کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ سورہ انفال کی آیت نمبر۶۳ اور سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر سات کو سات دفعہ پڑھ کر دعا کر سکتے ہیں۔

## حاکم کے شر سے حفاظت کے لئے

سورہ آل عمران کی آیت نمبر۱۳۴،۱۳۵،۱۳۶ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ .... اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ۔ سورہ البقرہ کی آیت نمبر۲۱۱ اور سورہ القصص کی آیات ۶۸ سے لے کر ۷۰ تک پڑھ سکتے ہیں۔ سُبْحٰنَ اللّٰہِ .... وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ۔ان آیات کو پڑھ کر یا بازو پر باندھ کر حاکم کے سامنے جائیں تو اس کا غیض وغضب کم ہو جائے گا اور کامیابی ہوگی۔

## ظالم کے ظلم سے پناہ

اگر کسی ظالم سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے سورہ ہود کی آیات نمبر ۵۶، ۵۷ کا اور سورہ مومن کی آیت نمبر۱۴ کا ورد کرنا چاہئے۔

Marfat.com

## برائے مقبولیت

اس کے لئے ہمیں سورہ انفال کی آیات نمبر ۶۱، ۶۲ کا ورد کرنا چاہیے۔ انشاءاللہ پڑھنے والا لوگوں میں بہت مقبول ہوگا۔ اس کے بعد سورہ رعد کی آیت نمبر ۱، ۲، ۳ المر تلک ...... یتفکرون کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ سکتے ہیں۔

## تجارت میں برکت

تجارت میں برکت کے لئے ان آیات کا پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہوگا۔ سورہ توبہ آیت نمبر ۱۱۱ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی ...... هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۔ اس کے ساتھ سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۲۳، ۲۴، ۲۷ کو ۱۴۴ مرتبہ پڑھیں۔ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر ۳۱۳ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے گا تو ایسی خیر و برکت ہوگی جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو۔ جو شخص ان آیات کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا وہ دشمن چور اور جن سے محفوظ رہے گا۔ سورہ مومنون کی آیت نمبر ۲۸، ۲۹ فاذا استویت ...... خیر المنزلین۔ رزق مال کے گم ہو جانے کی صورت آل عمران کی آیت نمبر ۹ کا ورد کثرت سے کریں۔ اگر کسی چیز یا مال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو سورہ القصص لکھ کر اس جگہ رکھیں جہاں مال رکھا ہوا ہے۔ اگر کسی کی چیز گم ہوگئی ہو تو سورہ والضحیٰ کو سات مرتبہ پڑھ کر اس چیز کی واپسی کی دعا کریں۔ جب ووجدک ضالا فھدی پر پہنچے تو اسے تین مرتبہ پڑھے انشاءاللہ چیز مل جائے گی۔ یہ دعا بھی کی جا سکتی ہے: اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔

## دشمنوں سے حفاظت

سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۰۴ اور سورہ انفال کی آیت نمبر ۱۰ کا ورد کر سکتے ہیں۔

## موذی جانور سے حفاظت

جو شخص صبح شام اس آیت کو تین تین مرتبہ پڑھ لے گا تو وہ حشرات الارض سے محفوظ رہے گا۔ سورہ ابراہیم آیت نمبر ۱۲: وَمَا لَنَا اَلَّا ...... الْمُتَوَکِّلُوْنَ۔ سورہ اعراف کی آیات ۵۴،

Marfat.com

۵۶،۵۵ کو باندھ لینے سے بھی موذی جانور سے انسان محفوظ رہ سکتا ہے۔ جو شخص صبح شام اس دعا کو پڑھنے کا معمول بنا لے وہ سانپ اور بچھو کے شر سے محفوظ رہے گا۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ. اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ۔ سورہ الشعراء کی آیت نمبر ۳۰ سے دم کر سکتے ہیں۔ جس شخص کو کتے نے کاٹ لیا ہوا سے اَلْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ لکھ کر دھو کر پلانے سے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ کتا حملہ کرے تو گیارہ دفعہ سورہ کہف کی آیت نمبر ۱۸ پڑھ لیں وَکَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ بِالْوَصِیْدِ۔ اگر کسی زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو سورہ الشعراء آیت نمبر ۳۰ اور اِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ کو سات دفعہ انگلی گھماتے ہوئے جہاں کاٹا ہو دم کر دیں۔

## سر درد کے لئے

اس کے لئے سورہ واقعہ کی آیت نمبر ۱۹ کو گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ۔ اس کے علاوہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۱۰۵ بھی مجرب ہے۔ میرے مرشد سید گوہر الحسن المعروف بابا غوری شاہ قادری رحمتہ اللہ کے مطابق اگر چوتھا کلمہ گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کریں تو نہایت مفید ہے۔

## آدھے سر درد کے لئے

گیارہ دفعہ سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۶ کو بروئے کار لائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

## مالیخولیا

جسے وہم کی بیماری کہتے ہیں اس مریض کے لئے سورہ یونس کی آیت نمبر ۸۱ پڑھنی چاہئے۔ ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھے۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی ...... عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔

## آشوب چشم کے لئے

سورہ تحریم کی آیت نمبر ۸ پڑھ کر دم کرنا چاہئے۔

## موتیا بند

اس کے لئے سورہ ق کی آیت نمبر ۲۲ تین مرتبہ پڑھ کر پوٹوں پر دم کر کے آنکھوں پر

Marfat.com

پھیرنے چاہئیں۔فَکَشَفْنَا عَنْکَ ...... حَدِیْدٌ۔

## رتوندا

اس کے لئے سورہ یوسف کی آیت نمبر ۲۱ پڑھنی چاہیے۔وَاللّٰهُ غَالِبٌ ...... لَا یَعْلَمُوْنَ

## کم بینائی کے لئے

جس کی آنکھوں کی بینائی کمزور ہوگئی ہو تو اس کے لئے سورہ نور کی آیت نمبر ۳۵ پڑھ کر دعا کرنی چاہیے۔

## درد کان کے لئے

سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۳۶ پڑھ کر دم کریں درد جاتا رہے گا۔اِنَّ السَّمْعَ ...... مَسْئُوْلًا۔

## کان کا بہنا

سورہ اعلیٰ کو تین بار اور سورہ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا سے آخر تک۔

## بہرہ پن

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۴ کو سات بار پڑھ کر دم کر لیں۔

## نکسیر کے لئے

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۴۴ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط

## درد دانت کے لئے

سورہ انعام کی آیت نمبر ۶۷ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔درد داڑھ کے لئے سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۷۸،۷۷،۹ کا استعمال کریں۔دانتوں کی تمام بیماریوں کے لئے وتر وں

Marfat.com

کی پہلی رکعت میں اذا جاء نصر اللہ دوسری میں تبت یدا تیسری میں قل ہو اللہ پوری سورت پڑھ کر دعا کریں۔

## ضعف دماغ

اس کے لئے سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۷۹ کو روزانہ فجر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔اس کے لئے سورہ اعلیٰ کی آیت نمبر ۶ اور سورہ علق کی آیت نمبر ۳ بھی مفید ہے۔

## نسیان

اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۳۲ اور سورہ طٰہٰ کی آیات ۲۵، ۲۶، ۲۸ کو پڑھ سکتے ہیں۔ ہر فرض نماز کے بعد الرَّحمٰنُ سو مرتبہ پڑھنے سے بھی نسیان دور ہو جاتا ہے۔

## بے خوابی

اس بیماری کو دور کرنے کے لئے سوتے وقت سات مرتبہ یہ آیت پڑھی جائے۔سورہ اعراف کی آیت نمبر ۹۷، ۹۸ افامن اھلُ القُریٰ یلعبُوْن ۔اس کے علاوہ سوتے وقت سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۶ اور یا حی یا قیوم کا بکثرت پڑھنا بھی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔

## نیند زیادہ آنے کی صورت میں

سورہ اعراف کی آیات نمبر ۵۴، ۵۵، ۵۶ کو پڑھنا مفید ہے۔انشاء اللہ نیند کم ہو جائے گی۔سورہ کہف کی آیات ۱۰۱ سے لیکر آخر تک پڑھنے سے بھی نیند کم ہوگی۔

## مرگی

مرگی کے مریض کو یہ آیت تین بار پڑھ کر دم کرنا چاہئے یا تین بار لکھ کر باندھنا مفید ہے۔سورۃ البیروج کی آیت نمبر ۱۰: اِنَّ الَّذِیْنَ فتنُو الْمُؤمِنِیْنَ ..... عَذَابُ الْحَرِیْقِ۔سورہ السجدہ مریض کے گلے میں ڈالنی چاہئے انشاء اللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

## زبان کی سوجن کے لئے

سورہ فاطر کی آیت نمبر ۴۱ پڑھ کر دم کریں۔

Marfat.com

## لقوہ

جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ شفا ہو گی۔

سورہ البقرہ آیت نمبر ۱۴۴: قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْھِکَ ..... شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ تک۔

## حلق کی خراش اور درد کے لئے

اس کے لئے سورہ واقعہ آیت نمبر ۸۳، ۸۴ پڑھ کر دعا کریں۔

## گردن کے درد کے لئے

سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸ لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔

## اماس گلہ

سورہ واقعہ کی آیت نمبر ۸۳ تا ۸۴ لکھ کر گلے میں لٹکانا بہت مفید ہے۔

## درد سینہ کے لئے

سورہ ازمر کی آیت نمبر ۲۲: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ۔

## درد پھیپھڑہ کے لئے

سورہ رحمٰن کی آیت نمبر ۱ تا ۱۹: اَلرَّحْمٰنُ ..... مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ تک پانی پر دم کر کے اسے ۲۱ روز تک مسلسل پلایا جائے۔

## دمہ کے لئے

سورہ البقرہ کا آخری رکوع۔

## دل کا ڈوبنا

الزمر کی آیت نمبر ۵۴۔

Marfat.com

### درد معدہ

آل عمران کی آیت نمبر ۸۔

### دست

سورہ النحل کی آیت نمبر ۱۲۸۔

### قے کے لئے

سورہ الدھر کی آیت نمبر ۱۷، ۱۸۔

### بھوک کی کمی

سورہ الشعراء کی آیت نمبر ۷۹۔

### بھوک کی زیادتی

سورہ الذریٰت کی آیت نمبر ۲۲۔

### درد جگر کے لئے

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۵۴: اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہِ الَّذِیْ ..... عَلَی الْعَرْشِ ۔سورہ الرحمٰن کی آخری آیت کو بھی بروئے کار لا سکتے ہیں۔

### یرقان

سورہ البیّنۃ کو لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ یرقان جاتا رہے گا۔ روزانہ تین سو بار یَاحَسِیْبُ پڑھ کر دم کر کے ۲۱ دن تک اس کو پلاتے رہیں۔

### درد گردہ

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۱۵۷ اِس کو پڑھ کر دعا کریں اگر گردہ میں پتھری ہے تو سورہ یونس کی آیت نمبر ۵۷، ۵۸ کا استعمال کریں۔ سورہ قریش کھانے پر دم کر کے کھانا نافع ہے۔

Marfat.com

پیشاب کی بندش کی صورت میں سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۶۰ پڑھے۔

## جریان

سورہ الحجرات کو تین بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

## کثرت احتلام کے لئے

اس کے لئے سورہ طارق پڑھنا مفید ہے۔

## بواسیر

سورہ دہر کی آیت نمبر ۱۳ لکھ کر بازو پر باندھنا مفید ہے۔

## ہر مرض اور درد کا علاج

سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۱۰۵ کو مقام مرض اور مقام درد پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ شفا ہوگی۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ ...... وَنَذِيْراً۔ جس شخص کی ناف ٹل گئی ہو تو سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۷۸ لکھ کر ناف پر باندھ دیں انشاء اللہ ناف اپنی اصلی جگہ پر آ جائے گی۔ ذَالِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط

## شیر یا کتے کا حملہ

اس کے لئے سورہ کہف کی آیت نمبر ۱۸ فوراً پڑھنی شروع کر دے: وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔

## پتھر دل/ بگڑے ہوئے کے لئے

اگر کسی کا دل سخت ہو گیا ہو، مزاج بگڑ گیا ہو، گھر والوں کو پریشان کرتا ہو اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۷۴ کو سات مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۷۴: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ ...... عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔

Marfat.com

## تکلیف دینے والے کے لئے

جو شخص اپنی ذہانت سے دوسروں کو تکلیف دیتا ہو تو اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۹۳ کو سات دفعہ پڑھ کر پھونک مارو انشاء اللہ تابع ہو جائے گا: وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ ...... مُّؤْمِنِيْنَ۔

## بواسیر خونی

اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۲۷ کا استعمال کریں: وَاِذْ يَرْفَعُ ...... الْعَلِيْمُ تک۔

## حاکم کو مہربان کرنا

جس شخص سے حاکم سخت ناراض ہو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔ سورہ البقرہ آیت ۲۱۱: كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍ ...... شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔

## چور اور ہر موذی سے حفاظت کے لئے

سورہ آل عمران کی آخری تین آیات: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ ...... عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ رات کو سوتے وقت پڑھ کے سورہے انشاء اللہ چور اور ہر موذی سے حفاظت رہے گی۔ اگر کسی شخص کو زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں الشعراء کی آیت نمبر ۱۳۰ کو سات دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ الشعراء کی آیت نمبر ۱۳۰: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ۔

## بے اولاد کے لئے

جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو اور مایوس ہو گیا ہو تو سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۸۹: رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ کو ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔ سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۳۹ بھی ہر نماز کے بعد تین دفعہ پڑھیں۔

Marfat.com

## اولادِ نرینہ کے لئے

سورہ الصفت کی آیت نمبر ۱۰۰۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ کو ۱۰۰ دفعہ فجر کی نماز کے بعد پڑھیں یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا تھی اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تھے۔

## جائز محبت کے لئے

سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۳۔ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ...... عَزِيْزٌ حَلِيْمٌ ۔ سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر ۷ عَسَى اللّٰهُ...... غَفُوْرٌ الرَّحِيْمَ ۔ انفال کی آیت نمبر ۶۳، الممتحنہ کی آیت نمبر ۷ اور سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۶۵ کا اتنا حصہ: يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ تینوں آیتوں کا ورد کریں اور بازو پر باندھیں ۔ دونوں کے درمیان اتنی محبت ہوگی کہ ایک دوسرے کی ملاقات کے بغیر آرام نہ ہوگا ۔ (اپنا نام، اپنی والدہ کا نام، مطلوب کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر بازو پر باندھیں)۔

## آسیب سے بچاؤ کے لئے

جس شخص پر آسیب کا اثر ہو تو اس پر سورہ ص کی آیت نمبر ۳۴ کو سات دفعہ پڑھ کر دم کریں ۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ ...... ثُمَّ اَنَابَ ۔ اگر کسی شخص پر جن یا آسیب کا اثر ہو یہ آیات پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں ۔ سورہ الرحمٰن آیت نمبر ۳۳، ۳۴ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ...... رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ تک اور سورہ یونس کی آیت نمبر ۵۹ ۔ قُلْ اٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تک ۔ یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی شخص اس پر جادو کرے گا تو جادو کا اثر نہ ہوگا ۔ اس کے ساتھ سورہ القلم کی آیت نمبر ۴۵ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ط اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ تک لکھ کر باندھ دیں۔

## دشمن یا مصیبت کا خوف

اس کے لئے سورہ یوسف کی آیت نمبر ۶۴ بکثرت پڑھنی چاہئے ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا

Marfat.com

وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے اور قرضہ کی ادائیگی کے لئے اس آیت کا ورد نہایت موثر ہے۔وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا (سورہ احزاب)۔اگر کوئی دشمن جنگل میں قتل کرنے کے درپے ہو تو سورہ یٰسین کی آیت نمبر۹:وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ ...... لَا یُبْصِرُوْنَ کا ورد کریں۔وہ دشمن کے شر اور ایذا سے محفوظ رہے گا۔

## دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لئے

سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر۱۰۵:وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ ...... وَلَا اَمْتًا۔

## اسقاط حمل کا اندیشہ

اس کے لئے سورہ رعد کی آیت نمبر۸ لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔تعویذ پیٹ پر پڑا رہے۔ اس کے ساتھ سورہ یوسف کی آیت نمبر۶۴ جو اوپر لکھی ہے اس کا اضافہ کرلیں:اَللّٰہُ یَعْلَمُ بِمِقْدَارٍ۔

## حفاظت حمل اور بچوں کی حفاظت

آیت نمبر۳۵ آل عمران حفاظ حمل کے لئے سورہ انبیاء کی آیت نمبر۹۱،۹۲ بھی حاملہ کے باندھی جاسکتی ہے۔

## محبت والفت کے لئے

اس کے لئے سورہ آل عمران کی آیت نمبر۱۰۳۔

## دشمن کی روسیاہی کے لئے

سورہ مائدہ کی آیت نمبر۵۹ تین دفعہ پڑھ کر دعا کریں۔

## طاقتور دشمن کے لئے

سورہ البقرہ کی آیت نمبر۱۳۷:فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔فرض نماز کے بعد ۳۰۳ دفعہ پڑھیں۔

Marfat.com

## واپسی گریختہ

سورہ انعام کی آیت نمبر ۷۱۔

## حفاظت مال واسباب کے لئے

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۵۴ پڑھنی چاہئے۔ یہ آیت ترقیٔ اسباب کے لئے بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

## گرمی سے بخار

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۱ کو پڑھ کر دم کریں انشاء بخار جاتا رہے گا۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا ...... هُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔

## سردی سے بخار

اگر کسی کو سردی سے بخار آرہا ہو تو سورہ ھود کی آیت نمبر ۴۱ لکھ کر گلے میں ڈالیں:

بِسْمِ اللّٰهِ ...... لَغَفُوْرٌ الرَّحِیْمٌ۔

## ہولدلی

سورہ انفال کی آیت نمبر ۱۱ لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ قلب پر پڑا رہے:
لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۔سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۲ تمام بیماریوں کے لئے پڑھنی مفید ہے۔

## بدخوابی

سورہ یونس کی آیت نمبر ۶۴ کو سوتے وقت پڑھ لیا کریں: لَهُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ...... وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْعَظِیْمُ۔ اس آیت کو لکھ کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔

## نظر بد اور درد ِسر کے لئے

سورہ القلم کی آیت نمبر ۵۱ کو روزانہ ہر نماز کے بعد تین دفعہ پڑھیں۔ جس طرف درد ہو

Marfat.com

اس طرف باندھیں: وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ ... ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

## دفعیہ سحر

جس شخص پر کسی نے سحر کیا ہو سورہ یونس کی آیت نمبر ۸۱،۸۲ کو لکھ کر گلے میں ڈالیں:
فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی ... الْمُجْرِمُوْنَ۔

## دفعیہ آسیب

اگر کسی شخص پر آسیب ہو تو سورہ المومنون کی آیات: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ ... حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ تک تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں یا کان میں پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ آسیب دور ہو جائے گا۔

## جادو اُتارنے کے لئے

سورہ یونس کی آیت نمبر ۸۰،۸۱ کا استعمال کریں۔

## دفعیہ آسیب کے لئے

سورہ الحجرات یا سورہ طارق یا زلزلہ لکھ کر دیوار پر چسپاں یا آویزاں کریں۔

## اولاد کے لئے

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۳۸ کثرت سے پڑھنی چاہئے۔ اس کے ساتھ سورہ النساء کی آیت نمبر ۱ کو ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ پڑھ لے۔ اور اولاد کے لئے سورہ نور کی آیت نمبر ۴۰ بھی پڑھی جا سکتی ہے۔

## نس بندی کے لئے

نس بندی کھولنے کے لئے سورہ القمر کی آیت نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں ڈالیں اور مرد اس کی تلاوت بھی کرتا رہے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

Marfat.com

## حفاظت حمل کے لئے

سورہ کہف کی آیت نمبر ۲۵ لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں بفضلہ خدا اسقاطِ حمل نہ ہو گا۔

## برائے ادائیگی قرض

اس کے لئے سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۲۵ کو روزانہ سات دفعہ صبح سات دفعہ شام پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ غیب سے ادائیگی قرض کا سامان مہیا کر دے گا: قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ ...... شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

## غم کا دور ہونا

اس کے لئے سورہ انفال کی آیت نمبر ۱۰ کا ورد کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ اگر ایک ہزار دفعہ الباقی کا ورد بھی کر لیں تو انشاء اللہ غم سے چھٹکارا ملے گا۔ سورہ نوح غم رفع کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔

## رزق کی پیداوار میں کثرت کے لئے

سورہ رعد کی آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۱۰، انعام کی آیت نمبر ۹۴، ۹۵، ۹۹ اور ۱۰۰ کا ورد کرنا چاہئے۔

## حفاظت اطفال

اس کے لئے سورہ ھود کی آیت نمبر ۵۶، ۵۷ بچے کے گلے میں ڈالیں تمام امراض سے حفاظت رہتی ہے۔

## نظر بد کا عمل

اگر کسی کو نظر بد ہو جائے یہ آیت بمعہ بسم اللہ سات بار پڑھ کر دم کریں اور یہی آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۷۰: وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ ...... وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

Marfat.com

اَنْصَارٍ ۔سورہ النساء کی آیت نمبر ۷۵ کو کثرت سے پڑھنا چاہیے: رَبَّنَا اَخْرِجْنَا هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ...... لَّدُنْکَ نَصِيْرًا۔

## برائے مقہور دشمن

اس کے لئے ان اسماء کا ورد کرنا چاہیے انشاءاللہ کامیابی ہوگی: يَاسُبُّوْحُ يَاقُدُّوْسُ يَاغَفُوْرُ يَاوَدُوْدُ۔

## بدکار لوگوں میں جدائی پیدا کرنے کے لئے

سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۶۴ کا اتنا حصہ: وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ اس کو زوال کے وقت پڑھ کر دعا کریں انشاءاللہ جدائی ہو جائے گی۔

## دفعیہ دشمن

دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت کے لئے ۱۲۵ بار فجر کی نماز کے بعد اور دوسری نمازوں کے بعد ۲۵ بار: اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِىْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

## دعائے مغفرت

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۳ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ گناہ معاف فرمادے گا: رَبَّنَا ظَلَمْنَا ...... مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔

## اللہ کے دوستوں سے ملاقات

جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو تو سورہ آل عمران کی آیت: اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ ...... لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادُ کثرت سے پڑھا کرے۔

## نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

اس کے لئے ہمیں ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھنا چاہیے۔ پڑھتے وقت ذُرِّيَّتِىْ کے الفاظ پر اپنی اولاد کا خیال کرنا چاہیے۔ سورہ احقاف کی آیت نمبر ۱۵: (رَبِّ) اَصْلِحْ لِىْ ...... مِنَ

Marfat.com

الْمُسْلِمِيْنَ۔

## روزی فراخ ہو

ہمیں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم ۱۰۰ دفعہ پڑھنا چاہئے۔

## گناہوں سے معافی

اگر کسی شخص کے گناہ پہاڑ کے برابر بھی ہوں گے تو سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۳۱ کا کثرت سے ورد کرنے سے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ ...... غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

## رزق میں اضافہ

سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۵۶، ۵۷ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ ...... رَزَقْنٰكُمْ پڑھ کر رزق میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ہر نماز کے بعد یالطیف ۱۰۰ بار پڑھ کر اس کے بعد سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو ایک دفعہ پڑھ لینے سے بھی رزق میں برکت ہوگی۔

## غریبی/مفلسی

جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے اور پڑھ کر گھر میں داخل ہو اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی دور کردے گا۔

## عمل کشائش رزق

سورہ اعراف کی آیت نمبر ۱۰ کو بعد نمازِ مغرب گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ ...... مَا تَشْكُرُوْنَ ۔سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو ۵۰۰ دفعہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاءاللہ رزق وافر مقدار میں ملے گا۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

کشائش رزق اور کشائش باطن کے لئے کلمہ اور یہ کلمہ عذاب قبر اور وحشت قبر سے بھی نجات کا موجب ہے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ الصَّادِقُ

Marfat.com

اَلْاَمِیْنُ۔

## مال و دولت میں خیر و برکت

جو شخص سورہ رعد کی آیت نمبر ۳۱: وَلَوْ اَنَّ قُرْآنًا ...... لِلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا۔

## دفعیہ تنگی معاش

اس کے لئے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کثرت سے پڑھنا چاہیے۔

## رزق

حضرت غریب نوازؒ نے فرمایا ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف اور ایک مرتبہ سورہ طلاق کی آیت: وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ ...... لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے تو خدا تعالیٰ اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے۔

## نعمتیں

اول درازی عمر، دوم مال و دولت کی کثرت سوئم بہشت میں بے حساب داخل ہوگا۔

## بینائی کی بحالی کے لئے

اگر کسی کی آنکھ کی بینائی کم ہوگئی ہو تو سورہ نور کی آیت نمبر ۳۵ کا ورد کرے اور پوٹوں پر پڑھ کر آنکھوں پر پھیر لیا کرے: اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ...... لِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (کم از کم ۱۸ دفعہ)

## غم اور مصیبت میں

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ بکثرت پڑھے اور سجدے میں یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھے۔

## آیت کریمہ

اگر کسی بلا یا ہولناک حادثہ کا خطرہ ہو تو: حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَیْکَ

Marfat.com

تَوَکَّلْنَا کثرت سے پڑھے۔ اگر کوئی مصیبت پیش آ گئی ہو: اِنَّا لِلّٰـهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْهَا وَابْدِلْنِیْ مِنْهَا خَیْراً۔

## دشمن سے خوف ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

## حل مشکلات

نماز فجر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ ظہر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ نماز عصر کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ نماز مغرب کے بعد ۱۰۰ بار هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ۔ نماز عشاء کے بعد ۱۰۰ بار هو اللطیف الخبیر۔ اکیس دن تک بلاناغہ پڑھیں تمام مشکلات کم ہوں گی اور سب مصائب وآلام دور ہوں گے۔

## دشمن کے شر سے حفاظت

اس کے لئے سورہ ابراہیم کی آیت نمبر ۳۵ کثرت سے پڑھنا چاہئے: رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ ...... الْاَصْنَامَ۔

## نورِ ایمانی سے دل لبریز ہو جائے

اس کے لئے سورہ تحریم کی آیت نمبر ۸ بکثرت پڑھنی چاہئے: رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا ...... شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

## زہر اثر نہیں کرے گا

اس دعا کو پڑھنے والے پر زہر اثر نہیں کرے گا اور تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا: بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرُ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبُّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰـهِ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ نماز کے بعد تین مرتبہ۔

Marfat.com

## مال مسروقہ، غائب کی واپسی یا بھاگے ہوئے شخص کو واپس بلانے کا عمل

اگر کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی چیز چوری ہو جائے یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا لا پتہ ہو گیا ہو تو اس مقصد کی نیت سے: رَبَّنَا اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَاد ۱۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ جس مقصد کے لئے پڑھیں اس مقصد کے حصول کے لئے دعا کریں۔

## دفعیہ سانپ

اس کے لئے رات کو سوتے وقت: سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْن پڑھ لیا کریں۔

## دل کی بیقراراور بے چینی دور کرنے کیلئے دعا

سورہ فتح کی آیت نمبر ۴ ہر روز سات مرتبہ پڑھنی چاہئے۔ دایاں ہاتھ سینے پر رکھ کر چند روز تک اس پر مدارت کریں جو شکایت رکھتا ہے اس سے خلاصی پائے گا۔ هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ ...... عَلِیْمًا حَلِیْمًا۔

## ہمیشہ سرور وشاداں رہنے کے لئے دعا

چوتھا کلمہ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

## دعا گم ہوئی چیز کو حاصل کرنے کے لئے

(1) اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (2) یَا مُعِیْدُ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اس دعا کی خاصیت یہ ہے کہ گم ہوئی چیز کے لئے پڑھے تو فوراً دستیاب ہو جائے گی: یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔

## دشمن کو مغلوب کرنے کی مجرب دعا

جب دشمن سامنے آجائے یا مقابلہ پر آجائے تو یہ اسماء مبارک پڑھیں دشمن مغلوب د

Marfat.com

مقہور ہوگا: یَاسُبُّوحُ یَاقُدُّوسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ۔

## پاؤں کی انگلیوں میں زخم

اگر پاؤں کی انگلیوں میں چوٹ درد یا زخم وغیرہ ہو تو سورہ توبہ کی آخری دو آیات لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## دودھ کی کمی کے لئے

اگر عورت کے پستانوں میں دودھ پیدا نہ ہوتا ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت پڑھ کر دم کریں: وَهِيَ تَجْرِىْ بِهِمْ فِىْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ فِيْهَا عَيْنَانِ تَجْرِيٰنِ۔ (سورہ ھود)

## کثرت حیض

اگر حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہو تو سورہ بقرہ کی یہ آیت: صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ لکھ کر پیٹ پر باندھ دیا جائے۔

## کمی حیض

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## خارش کے لئے

سورہ مومنون کی یہ آیت ۲۱ دفعہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں اور اکتالیس دن تک یہ عمل کریں: فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ ...... اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

## جذام

اس کے لئے حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا: رَبِّ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ پڑھنی چاہئے۔

## پریشان خواب کے لئے

سورہ یونس کی آیت نمبر ۶۴ لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے:

Marfat.com

لَھُمُ الْبُشْرٰی ...... الْعَظِیْم تک۔

## آیات قرآنی اور اسمائے ربانی کی مدد سے آخرت کے عذاب سے مخلصی

جو شخص شب جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ اسم مبارک یا محصی کا ورد کرے گا رب العزت اپنی کرم نوازی سے آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔

## آخرت میں نجات

اگر کوئی شخص سورہ القدر کو سوتے وقت سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے گا تو یہ سورہ آخرت میں اس کے لئے نجات ثابت ہوگی۔

## آرام اور سکون کی زندگی

اگر کوئی شخص سوتے وقت سورہ الانشراح (الم نشرح) کو گیارہ مرتبہ پڑھے گا اور اس کو پڑھنے کا معمول بنا لے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ہمیشہ غم سے دور رکھے گا۔

## آدھے سر کا درد (دردِ شقیقہ)

کسی نیک آدمی کو چاہئے کہ جس کے سر میں درد ہو تو وہ پہلے سات مرتبہ یَـا جَبَّارُ (خالی انگلی سے بغیر روشنائی کے) اس کے ماتھے پر لکھے اور پھر تین مرتبہ سر کو پکڑ کر سات سات مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ جیسا بھی درد ہو گا ان اسمائے مبارک کی برکت سے ختم ہو جائے گا۔

## آسیب اور جنات وغیرہ سے نجات

اس کے لئے مندرجہ ذیل عملیات کیے جا سکتے ہیں۔

1. اس کے لئے سورہ نوح کا اُس گھر میں گیارہ دن تک پڑھنا نافع ثابت ہوگا۔
2. اس کے ساتھ سورہ تغابن کی روزانہ تلاوت کی جائے۔ رب العزت اس گھر کو یا اس شخص کو جملہ آفات وبلیات سے اپنی پناہ میں رکھے گا۔

Marfat.com

3. سورہ طارق کا گیارہ دن تک ۱۱۱ دفعہ پڑھنا کامیابی کی دلیل ہے۔ اس کا پانی بھی آسیب زدہ کو پلایا جاسکتا ہے۔

4. اگر کوئی مکان یا مقام آسیب زدہ ہوتو سورہ الزلزال کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر آسیب زدہ مکان یا مقام میں رکھ دیا جائے تو انشاءاللہ آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ سورہ طارق کی نقل بھی رکھی جاسکتی ہے۔

## آشوبِ چشم

اس کے لئے سورہ اخلاص تلاوت کی جائے انشاءاللہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

## آفات وبلیات سے حفاظت

اس کے لئے اسم مبارک یامُجِیبُ کا کثرت سے پڑھنا نافع ثابت ہوگا۔

## آقا کی بدمزاجی اور خفگی

جب آقا کے پاس جائے تو یاوَلِیُّ کا ورد کرتا جائے اور آگے پیچھے اسم مبارک یامَانِعُ کو ۲۱ دفعہ صبح ۲۱ دفعہ شام اس کا تصور کر کے پڑھ لیا کرے، انشاءاللہ اُس کی بدمزاجی اور ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ یابَاعِثُ کو سات دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جانا بھی نافع ہے۔

## آلام ومصائب سے نجات

اس کے لئے اسم مبارک یاخلاقُ ۱۰۱ دفعہ صبح اور ۱۰۱ دفع شام پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تکالیف اور مشکلات دور ہو کر سہولتیں پیدا ہوں گی اور حالات بہتر ہونے کی جلد امید پیدا ہونے لگے گی۔ اگر ایک ہزار مرتبہ یابَدِیعُ بھی پڑھ لیا جائے تو اور اچھا ہے۔

## آوارہ بیٹا

اس کے لئے اسمائے مبارک یاوَدُوْدُ، یاھَادِیُ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاءاللہ بیٹے کی آوارگی اور بدچلنی کا جلد ی خاتمہ ہونے لگے گا۔ وہ افعال بد سے تائب ہو کر جلد راہ راست پر آجائے گا۔ اس کے ساتھ اگر یاشھِیدُ بھی ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے تو سونے

Marfat.com

پہ سہاگا کا کام ہو جائے گا۔

## اچانک موت سے حفاظت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا سونے سے پہلے ۴۱ مرتبہ پڑھنا اچانک یا حادثاتی موت سے محفوظ رکھے گا۔

## اخلاق حمیدہ

اس کے لئے اسم مبارک یامحمودُ کا بکثرت ورد کرنا چاہئے۔رب العزت اسے اخلاقِ حمیدہ اور صفاتِ محمودہ سے منفعت فرمائے گا۔ اخلاقی برائی مثلاً بغض، حسد، کینہ، جھوٹ فریب، نفاق سے نجات کے لئے اُس شخص کو سورہ کافرون کو ۱۱ دفعہ صبح اور ۱۱ دفعہ شام کو ورد کرنا چاہئے۔انشاء اللہ اس شخص کا باطن صاف کردے گا۔

## ادائیگی قرض

اس کے لئے سورہ تحریم کا ورد کرنا غیب سے اس کے قرضہ کی ادائیگی کی صورت پیدا کر دے گا۔اس کے لئے آل عمران کی آیت نمبر ۲۶، ۲۷ کا ورد سات دفعہ صبح اور سات دفعہ شام بھی مجرب المجرب ہے۔

## ازالہ نسیان یعنی بھول جانا

اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۳۲ کو عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھ لیا کریں انشاءاللہ اس کی یہ کمی ختم ہو جائے گی۔سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا ..... اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۔

## اسیری سے رہائی

اس کے لئے سورہ الانفطار کی بکثرت تلاوت کرنی چاہئے۔

## اطاعتِ نفس

اس کے لئے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک تسبیح یَامُؤَخِرُ کی کرنی چاہئے۔

Marfat.com

اس سے اس کے نفس میں اطاعت گزاری پیدا ہو جائے گی۔

## اغوا شدہ لڑکے یا لڑکی کی بازیابی

اس کے لئے سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۱۴۸ کی ایک تسبیح روزانہ کرنی شروع کر دیں اس کے ساتھ رات کو ۱۲ بجے کے بعد سورہ لقمان کی آیت نمبر ۱۶ کا ورد ۲۱ دفعہ کریں۔ ہر دفعہ آیت کو پڑھنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھیں اور سجدے میں گر کر دعا کریں۔

اس کے لئے یہ ورد بھی اہل خانہ کو کرنے چاہئیں۔ (1) یَاوَدُوْدُ، یَاھَادِیُ ۵۰۰ مرتبہ۔ (2) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ۴۱ مرتبہ مغرب کی نماز کے بعد پھر کھلا پڑھیں۔ یا معید ۲۲۴ دفعہ صبح ۲۲۴ دفعہ شام پڑھے پھر کھلا پڑھے۔ انشاء اللہ بفضل خدا آپ کی دلی مراد پوری ہو گی۔ سورہ والضحیٰ کو گیارہ روز تک ۱۰۰ دفعہ پڑھنا بھی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے مجرب ہے۔

## افعال رزیلا سے حفاظت

اس کے لئے اُس شخص کو یا سلامُ کا ورد بکثرت کرنا چاہئے۔ کم از کم ۱۴۱ دفعہ باوضو پھر کھلا۔ انشاء اللہ افعال رزیلا اور کردار قبیحہ سے محفوظ رہے گا اور بُرے کاموں سے متنفر ہو جائے گا۔

## اللہ تعالیٰ کی امان

اس کے لئے ہمیں نماز فجر کے بعد سورہ الماعون کی ۱۰۰ مرتبہ تلاوت کرنی چاہئے۔ انشاء اللہ رب العزت ہمیشہ اپنے حفظ وامان میں رکھے گا۔

## امتحان میں فیل ہونے کا اندیشہ

اس کے لئے ہمیں یَاوَلِیُّ، یَاکَرِیْمُ ہر وقت پڑھنا چاہئے اور یَاحَسِیْبُ کا ورد روزانہ ایک ہزار مرتبہ کرنا چاہئے۔ جب تک رزلٹ نہ نکلے اسے بدستور جاری رکھنا چاہئے۔ انشاء اللہ رب العزت کرم نوازی کر سکتے ہیں۔ مزید اس کے لئے اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ کو عشاء کی نماز کے بعد ۹۰۰ دفعہ پڑھنے کا معمول بنانا چاہئے۔ سب سے بہتر ہوتا کہ اگر ہم یہ ورد امتحان کے شروع ہونے کے سات دن پہلے شروع کرتے اور نتیجہ تک جاری رکھیں تو رزلٹ کی اور بہتری کی امید اللہ

Marfat.com

تعالیٰ سے کر سکتے ہیں۔علم میں ترقی کے لئے سورہ العلق کا پڑھنا بھی نافع ہے۔آسان پرچوں کے لئے سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۲ کا سات دفعہ پیپر دینے سے پہلے پڑھنا مجرب ہے۔

## امراض خبیثہ سے حفاظت

اس کے لئے ہمیں اسم مبارک یَـا مُـؤمِـنُ کا ورد سات دفعہ ہر فرض نماز کے بعد کرنا چاہئے انشاءاللہ جملہ امراض خبیثہ سے حفاظت رہے گی۔

## اولاد سے محرومی

اس کے لئے سورہ فجر کی روزانہ گیارہ دفعہ تلاوت کرنی چاہئے۔اس کے علاوہ یَـا خَالِقُ یَـا وَارِثُ یَامُبْدِئُ کو ہروقت پڑھنا چاہئے۔اس کے ساتھ یَـا حَیُّ یَـا حَـافِظُ یَامُصَوِّرُ کو روزانہ ۱۰۰۱ دفعہ پڑھنے کا معمول بنانے چاہئے۔اس کے ساتھ اگر سورہ حشر کی آخر آیت کی ایک تسبیح کر کے دعا مانگیں تو اللہ تعالیٰ جلدی رحمت نازل کردے گا۔اس کے علاوہ حیض سے فارغ ہوکر سورۃ البلد کی آیت نمبر ۱ تا ۳ سات دن تک پڑھیں۔یَـا عَفُوُّ کا ہروقت ورد کرنے سے بفضلہٖ اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولاد ہوگی۔اس کے ساتھ یَـا غَفَّارُ کا کثرت سے پڑھنے سے بے اولادی کا غم جاتا رہے گا اور اولاد صالح ہوگی۔

## اولادِ نرینہ

اس کے لئے سورہ یوسف کی روزانہ تلاوت بڑا اثر رکھتی ہے۔اگر اس سورت کی کاپی کروا کر پیٹ پر باندھی جائے تو انشاءاللہ لڑکا ہوگا۔اس کے ساتھ سورہ حشر کی آخری آیت کی تسبیح کر کے پانی پر دم کر کے پی لیا کریں اور یَامَتِیْنُ اور یَامُصَوِّرُ کا ورد ہروقت رکھیں۔انشاءاللہ امید پوری ہونے کی توقع کی جاسکتی ہے۔

## باؤلے کتے کا کاٹ لینا

اس کے لئے سورہ طارق کو تین بار پڑھ کر وضو کے ساتھ کاٹی ہوئی جگہ پر دم کریں انشاء اللہ زہر اثر نہ کر سکے گا اور صحت ہو جائے گی۔

Marfat.com

## بچھو کے کاٹے کا علاج

اس کے لئے سورہ الانشقاق پڑھ کر کاٹنے کے مقام پر دم کریں انشاءاللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔اس کے علاوہ نمک کو پانی میں گھول کر اور اس پر سورہ اخلاص اور سورہ فلق اور سورہ الناس پڑھ کر تکلیف کی جگہ پر دم کیا جا سکتا ہے۔اس کا پانی زخم پر لگایا جائے تو انشاءاللہ کرم نوازی ہوگی۔

## بچے کا زیادہ رونا

اس کے لئے سورہ نجم کی آیت نمبر ۵۹،۶۰،۶۱ کو لکھ کر بطور تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ ...... وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ۔

## بچے کو نظر لگ جانا

اس کے لئے سورہ القلم کی آخری آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔اگر ہو سکے تو اسی کاغذ پر اسم مبارک یَامُمِيْتُ اس طرح لکھ دیا جائے:

یَامُمِيْتُ

| | |
|---|---|
| یَامُمِيْتُ | یَامُمِيْتُ |
| یَامُمِيْتُ | یَامُمِيْتُ |

## بچے کی ولادت میں آسانی

اس کے لئے یہ اسم مبارک اَلشَّكُوْرُ الصَّبُوْرُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لکھ کر گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھ دیں، انشاءولادت میں تکلیف نہیں ہوگی۔یہ آزمودہ عمل ہے اس کے علاوہ سورہ الذریٰت لکھ کر باندھ دی جائے تو بھی بچہ سہولت سے پیدا ہوگا۔

## بخشے ہوئے بندوں میں شمولیت

جو شخص ہر جمعہ کی نماز کے بعد یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ ۱۰۱ دفعہ پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو حق تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں کی فہرست میں درج فرمائے گا۔

Marfat.com

## بدخوابی سے حفاظت

جو شخص سورہ المرسلات مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھے گا وہ بدخوابی سے محفوظ رہے گا۔

## بدزبانی سے نجات

اس کے لئے سورہ الشمس کو ۴۱ دفعہ پڑھنا نافع ہے۔ اس کے ساتھ یہ دعا پڑھ لے:
اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ عِبَادِکَ۔ انشاءاللہ بدزبانی سے تائب ہو جائے گا۔

## برے خوابوں سے نجات

اس کے لئے اس اسم مبارک یَامُتَکَبِّرُ کو ۲۱ دفعہ پڑھ کر چپ چاپ سو جائے انشاءاللہ ہر قسم کے برے اور خوفناک خوابوں سے محفوظ رہے گا۔

## بڑے غموں سے مخلصی

اس کے لئے اسم مبارک یاوارثُ کا ورد طلوعِ آفتاب کے وقت کرنا چاہئے۔ معمول بنانے سے بڑے غم دکھ یا صدمے سے دوچار نہیں ہونا پڑے گا۔

## بقایا اجرت یا تنخواہ کی وصولی، یا دیئے ہوئے پیسوں کی واپسی

ہر نماز کے بعد اس آیت شریفہ کی ایک تسبیح کرنی مجرب ہے۔ جب تک کام نہ ہووے
نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ۔

## بے خوابی کی شکایت

اس کے لئے اسمائے مبارک یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا ورد اٹھتے بیٹھتے کرنا چاہئے انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان تکلیفوں سے نجات دے گا اور اسم مبارک یَاکَبِیْرُ کو روزانہ ۹۰ مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ یہ عمل بھی مجرب المجرب ہے۔

Marfat.com

## بیمار کی بے ہوشی اور مریض کو ہوش میں لانا

اس کے لئے اسم مبارک یَا شَہِیْدُ ۲۱ دفعہ پڑھ چھوڑیں۔ اس کو اس تصور سے پڑھا جائے کہ رب العزت شفاء عطا کرنے کے لئے خود یہاں موجود ہے۔ اس کے ساتھ مریض کے سرہانے بیٹھ کر اگر ہم یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ پڑھ چھوڑیں تو انشاء اللہ مریض جلد ہوش میں آ جائے گا۔

## بینائی کی بحالی

اس کے لئے یَا شَکُوْرُ ہر نماز کے بعد سات دفعہ پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ رب العزت کرم نوازی کریں گے۔

## پاگل پن سے نجات

اس کے لئے سورہ التکویر کی آخری دس آیات کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اس کے ساتھ اگر سورہ الحاقہ کو بھی پڑھ کر دم کر دیا جائے تو پاگل پن ختم ہو کر ہوش و حواس میں آ جائے گا اور رو بہ صحت ہو گا۔

## پنڈلیوں اور پہلو کا درد

اس کے لئے سورہ یونس کی آیت نمبر ۱۲ پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

## پوشیدہ حالات سے آگاہی یا پوشیدہ راز کا معلوم کرنا

اس کے لئے ہر روز ایک تہائی رات گزر جانے کے بعد اسمائے مبارک یَا خَبِیْرُ یَا بَاطِنُ کا ورد کریں پھر خاموش ہو کر سو جائیں۔ انشاء اللہ رب العزت خواب میں آگاہی فرمائیں گے۔ اس کی مدت کم سے کم سات دن اور زیادہ سے زیادہ اکیس دن ہے۔

## پہلو اور ہاتھوں میں درد کے لئے

اس کے لئے سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۷ کا ورد تہجد کے وقت بعد بسم اللہ کے کریں انشاء اللہ آرام نصیب ہو گا: وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰهُ ... عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

Marfat.com

## پیشاب میں خون آنا

اس کے لئے سورۃ حشر کی آخری آیات کی ایک تسبیح کر کے پانی پر دم کر کے پی لیں انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

## تجارت میں برکت اور کاروبار میں ترقی

اس کے لئے یا نافع ۳۰۰ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھنے کا معمول بنا لے جو ہر وقت پڑھے۔ اس کے علاوہ یا رافع کی تین تسبیحیں صبح اور تین تسبیحیں شام کو کرے انشاء اللہ تجارت میں نقصان کا خوف جاتا رہے گا۔ اس کے ساتھ یا مسبب الاسباب ہر وقت پڑھتا رہے۔

## تمام اندیشوں سے نجات

اس کے لئے یا مقتدر کا ورد ۱۸۴۴ بار کرنا چاہئے اس کے پڑھنے سے انسان تمام ناگہانی قسم کے اندیشوں سے محفوظ رہے گا۔

## تنگ کرنے والے سے نجات

اس کے لئے سورۃ الدھر کی آیت نمبر ۲۳، ۲۴ کا روزانہ ورد ۳۱۳ دفعہ کرنا چاہئے۔ ۳۱۳ کی تعداد صحابہ کرام جنگ بدر میں تھے ان کی نسبت سے پڑھنے سے جلدی چھٹکارہ حاصل ہو سکتا ہے۔ انشاء اللہ تنگ کرنے اور ستانے والے شخص سے نجات مل جائے گی۔ آیت نمبر ۲۳، ۲۴: إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا آثِمًا أَوْ كَفُورًا۔

## جادو، بددعا، جن بھوت وغیرہ سے نجات

اس کے لئے اسمٰی یا مانع ۳۱۱ دفعہ رات کے بارہ بجے کے بعد ۲۱ دن تک پڑھ لینا چاہئے۔ اس کے علاوہ اسم مبارک یا قابض فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ دفعہ پڑھ لینا چاہئے۔ جادو سحر ہونے کے خوف سے بچنے کے لئے یا ممیت ۴۱۹ دفعہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ اس سے ہر قسم کا جادو ٹونا اس شخص کے قریب آ کر مر جائے گا یا بیکار ہو جائے گا۔

Marfat.com

## جسمانی عضو کے ضائع ہونے کا اندیشہ

اس کے لئے یامُحیِیُ کا ورد روزانہ صبح و شام سات مرتبہ کر لینا چاہئے اور اپنے اوپر دم کر لینا چاہئے۔ اس کے علاوہ ہر فرض نماز کے بعد اسمائے مبارک یا حفیظُ یا حافظُ یا مَحفُوظُ یامُحافظُ بھی پڑھ کر اپنے جسم پر دم کیا جا سکتا ہے۔

## جھوٹی گواہی کا اندیشہ

اس کے لئے یا جلیلُ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر جھوٹے گواہ کا تصور کر کے پڑھیں انشاء اللہ وہ جھوٹی گواہی نہیں دے سکے گا۔ جھوٹے مقدمے سے خلاصی کے لئے ہمیں یا مُنتقِمُ ہر وقت پڑھنا چاہئے۔

## چھن جانے والی جائیداد کی بازیابی

اس کے لئے یارَقیبُ کا ورد بکثرت کرنا چاہئے اور اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ مغرب کی نماز کے بعد ۴۱ دفعہ پڑھنا چاہئے۔ اس کے علاوہ سورۃ الیل اور سورۃ الشمس کو مسلسل تین راتیں سات دفعہ پڑھے پھر تین مرتبہ یہ دعا مانگے: تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبّ العٰلمِینَ وَلاَ حَولَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ العَلِیّ العَظِیمِ۔ جو مراد دل میں رکھتا ہوگا انشاء اللہ پوری ہوگی۔ عمل مجرب ہے۔

## حاجت کا پورا ہونا اور دلی مراد کا حصول

اس کے لئے یَا رَافِعُ کا ورد ۲۱ دفعہ صبح ۲۱ دفعہ شام کو کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ یَاوَھَّابُ کو ۴۴۰ دفعہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنا چاہئے۔

## حافظہ کی کمزوری

اس کے لئے فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ رَبِّ یَسِّرْ وَلاَ تُعَسِّرْ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں کم از کم ۲۱ روز تک یہ عمل کریں۔

## حج بیت اللہ کی خواہش

اس کے لئے سورہ فتح کو روزانہ گیارہ دفعہ پڑھیں انشاء اللہ بیت اللہ جانے کے آثار

Marfat.com

نمودار ہونے شروع ہو جائیں گے۔

## حریفوں پر غلبہ

یَاجَبَّارُ یَامُذِلُّ یَاقَهَّارُ ۳۱۳ دفعہ۔ یَاجَبَّارُ یَاقَابِضُ یَاقَوِیُّ ۳۱۳ دفعہ۔ انشاءاللہ حریف ذلیل ہوں گے۔ (عصر کی نماز کے بعد بغیر بسم اللہ اور درود پاک) اس کے علاوہ اسم مبارک یَاحَافِظُ بھی ۳۱۳ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد پڑھا جا سکتا ہے جس سے دشمنوں کے حوصلے پست ہونگے۔ اس کے علاوہ دشمنوں سے نجات کے لئے سورہ ق لکھ کر اپنی جیب میں رکھ لیں انشاء اللہ دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

## حسبِ منشا شادی

اس کے لئے سورہ طٰہٰ کو روزانہ پڑھنا چاہئے۔ اس کے علاوہ ۴۱ دفعہ سورہ اخلاص کو پڑھ لیا جائے سونے سے پہلے پھر کسی سے بات نہ کی جائے، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ یَارَؤُفُ یَااَللّٰهُ کا ورد ہر وقت رکھے۔

## خاوند سے طلاق لینا

اس کے لئے عورت کو سورہ الممتحنہ کو گیارہ دن روزانہ گیارہ دفعہ پڑھے۔ انشاءاللہ طلاق کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئے گی۔

## خطرناک جنگل یا راستے میں سفر

اس کے لئے اس کو اس آیت شریفہ کا ورد کرنا چاہئے: لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ ...... مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ۔ اس کے علاوہ یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ یَامَحْفُوْظُ یَامُحَافِظُ پڑھتا رہے۔

## درازی عمر

اس کے لئے یَا آخِرُ کا ورد کثرت سے کرنا چاہئے انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ اس کو لمبی عمر عطا فرمائے گا۔ اسم مبارک یَاوَارِثُ کا ۴۱ مرتبہ پڑھنا بھی مجرب ہے۔ اس کو چاہئے جتنی عمر لمبی ہو اتنی ہی زیادہ عبادت کرے۔

Marfat.com

## دشمن کی طرف سے نقصان کی حفاظت

اس کے لئے سورہ لھب کا ۱۹ دفعہ ۱۹ دن دشمن کا تصور کر کے رات کے بارہ بجے کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

## دشمن کے پنجۂ ظلم سے رہائی

اس کے لئے اسم ذات یَااَللّٰہُ اور یَارَؤُفُ کا کثرت سے پڑھنا دشمن کے پنجہ ظلم سے رہائی کا موجب ہوگا۔ اس کے علاوہ سورہ فیل کا گیارہ روز تک ۱۱۱ دفعہ پڑھنا بھی نافع ہے۔

## دشمنوں کے مکروفریب سے حفاظت

اس کے لئے سورہ قریش کا ۴۱ دفعہ ۴۱ دن تک پڑھنے سے دشمنوں کے مکروفریب سے محفوظ ہو جائے گا۔

## دعا کی قبولیت

اس کے لئے مندرجہ ذیل کا ورد دعا سے پہلے کرنا موجب قبولیت ہوگا: (1) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ (2) یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام (3) یاارحم الراحمین۔ ان الفاظ پر تمام علماء کرام متفق ہیں۔ اس کے علاوہ آیت کریمہ اور اسمائے ربانی یَاکَبِیْرُ یَامَالِکُ یَامُجِیْبُ بھی پڑھے جا سکتے ہیں

## دفع مرض

اس کے لئے سورہ فاتحہ کا بہ نیت شفا فجر کی نماز کے بعد ۱۲۵ مرتبہ پڑھنا اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود پاک کے ساتھ دعا مانگنا بے حد نافع ہے۔ انشاء اللہ رب العزت اس کو شفا عطا کرے گا اور اگر کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو اس کے لئے سورہ ق کا تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے۔

## دکان کی ترقی

سورہ قریش ... زانہ ۱۲۱ دفعہ پڑھنا دکان کی ترقی کا موجب ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

## دلھن کی شوہر کے ساتھ موافقت

اگر دلھن ماں باپ کے گھر سے رخصت ہوکر شوہر کے ہاں یا اس کے سامنے جاتے ہوئے اسم مبارک یَارؤُف یَااللّٰہُ کو سات مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاءاللہ اس کا شوہر تمام زندگی اس پر مہربان رہے گا۔

## ذیابیطس (شوگر) کی شکایت

اس کے لئے سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۰ کا تین مرتبہ اول و آخر تین تین دفعہ درود ابراہیمی کا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینا نافع ہے۔ اس کے علاوہ سورہ قریش کا ۱۱۱ دفعہ پڑھنا اور سورہ الفیل کا ۳۱۳ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا بھی نافع ہے۔ سجدے میں گر کر ۱۰۰ دفعہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ کا پڑھنا بھی بہت مجرب ہے۔

## رزق میں اضافہ اور برکت کے لئے

سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ کو روزانہ ۵۰۰ دفعہ پڑھنے کا معمول بنالے اور سورہ کوثر کو گیارہ دفعہ عصر کی نماز کے بعد پڑھا کرے اور یَاسَمِیْعُ یَاوَاسِعُ یَارَزَّاقُ یَاوَھَّابُ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھا کرے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اگر فجر کی نماز کے بعد اَللّٰہُ الصَّمَدُ کو ۵۰۰ دفعہ اور یَاوَھَّابُ ۴۰ دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے تو سونے پہ سہاگا ہو جائے گا اور رزق کثیر ملے گا۔

## رُکی ہوئی تجارت یا کاروبار

اس کے لئے سورہ والضحیٰ کا روزانہ ۳۱۲ مرتبہ پڑھنا رکی ہوئی تجارت کو جاری کردے گا انشاءاللہ۔ اور اس کا بند کاروبار پھر سے چلنے لگے گا۔ اس کے علاوہ اس دعا کو فرض نمازوں کے بعد مانگنا بھی نافع ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَاعَظِیْمُ الْجَلَالِ یَاوَاسِعُ النَّوَالِ یَابَدِیْعُ الْاَعْمَالِ یَارَزَّاقُ الْعِبَادِ وَعَلٰی کُلِّ حَالٍ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

## زبان دراز عورت کی اصلاح

اس کے لئے سورہ الممتحنہ کو ایک دفعہ پڑھیں لیکن اس کی آیت نمبر ۷ کو سات دفعہ

Marfat.com

پڑھیں اور اس کی زبان کی اصلاح کے لئے دعا مانگیں انشاء اللہ تابع ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ یَـاوَاجِدُ کا ورد بیوی کا تصور کر کے پڑھتے رہیں کم از کم ۱۱۱ دفعہ۔ بیوی محبت کرنے لگے گی۔ بیوی بھی اپنے شوہر کے لئے پڑھ سکتی ہے اگر وہ زبان دراز ہو۔

## سانپ بچھوؤں سے امان

سورہ طارق لکھ کر دیوار پر آویزاں کرنے سے وہ گھر ان سے امان میں ہو جائے گا اور سانپ بچھو باہر نظر نہیں آئے گا۔ اگر آئے گا تو کوئی اذیت نہیں پہنچا سکے گا۔ مجرب ہے۔

## سانپ کا ڈسنا

اس کے لئے تین دن تک کلمہ طیبہ کا ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا نافع ہے۔ انشاء اللہ زہر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ یااحدُ اور یاوَاجِدُ کا ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔

## سچی توبہ کی توفیق

اس کے لئے ہمیں یَـاتوَابُ روزانہ ایک سو بار پڑھنے کا معمول بنانا چاہیے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے سچی توبہ کی توفیق عطا فرمائے گا۔

## سفر یا حج سے بخیریت واپسی

اگر کوئی شخص حج کے لئے یا کسی دیگر سفر پر جائے تو گیارہ مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھنی چاہیے: اِنَّ رَحْـمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ پڑھے اور بازو پر بھی باندھ لے تو اللہ تعالیٰ سفر کے دوران اس کی حفاظت کریں گے اور اپنے وطن میں بخیریت اور زندہ سلامت لوٹے گا۔ اس کے علاوہ یاوَکِیلُ یَاجَلِیلُ یاوَدُوْدُ بھی نافع ہے۔

## سواری کی تکلیف اور حفاظت

اس کے لئے سورہ ھود کی آیت نمبر ۴۱ مجرب ہے۔ سورہ یوسف کی آیت: فَـاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ پڑھنا بھی مجرب المجرب ہے۔

Marfat.com

## شدید درد

اس کے لئے ہمیں سورہ زُلزِلہ کی پہلی دو آیات کو سات سات دفعہ پڑھ کر دم کرنا چاہئے انشاءاللہ درد رفع ہو گا۔

## سنگین مقدمہ میں کامیابی اور شدید مرض سے شفایابی کیلئے اور ہر مشکل کو آسان کرنے کیلئے

ان مشکلات میں ہمیں اسمائے مبارکہ یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ کا ورد کثرت سے کرنا چاہئے کیونکہ یہ اسمائے ربانی بہت تاثیر رکھتے ہیں۔ یہ اسماء ہر ضرورت کے لئے پڑھے جا سکتے ہیں۔

## علم میں اضافہ

اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا تین دفعہ پڑھنی چاہئے۔ یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَابَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ۔ انشاءاللہ علم میں اضافہ اور ذہن تیز ہو جائے گا۔

## عہدہ و منصب کی بحالی

اس کے لئے روزانہ کلمہ توحید ۷۰۰ دفعہ پڑھنا چاہئے انشاءاللہ وہ سابقہ عہدے پر بحال ہو جائے گا۔

## فالج، لقوہ اور رعشہ سے حفاظت

اس کے لئے سورہ قریش کو گیارہ دفعہ سورہ والشمس کو نماز اشراق کے بعد پڑھ کر دعا کر سکتے ہیں انشاءاللہ وہ شخص ان امراض سے محفوظ رہے گا۔

## فرشتوں کے سوال و جواب میں آسانی

اس کے لئے ہمیں میت کے دفن کرنے کے بعد اس کی قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر

Marfat.com

سورہ عبس کی تلاوت کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے فرشتوں کے سوال و جواب کا مرحلہ آسان فرمادے گا۔

## کاروبار میں رکاوٹ

اس کے لئے ہمیں سورہ نوح کو اپنے کاروباری مقام پر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ انشاءاللہ کاروبار میں حائل رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی اور اسے اپنے کاروبار سے کثیر نفع ہونے لگے گا۔

## کھوئی ہوئی چیز کی واپسی

اس کے لئے ہمیں یَاجَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اِجْمَعْ لِیْ ضَالَّتِیْ یَاجَامِعُ تین ہزار مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ اس کے علاوہ یَامُعِیْذُ کا ہر وقت پڑھنا بھی نافع ہے۔ گمشدہ جانور کے لئے سورہ تغابن کا تعویذ بنا کر درخت پر لٹکانا نافع ہے۔

## گھٹنوں کا ورم

اس کے لئے ہمیں سورہ الاعلیٰ کو گیارہ دفعہ صبح اور گیارہ دفعہ شام پڑھ کر گھٹنوں پر دم کرنا چاہئے انشاءاللہ گھٹنوں کا ورم رفع ہو گا۔

## مال اسباب کا چوروں سے محفوظ رہنا

اس کے لئے یَاحَسِیْبُ کا دس مرتبہ پڑھ کر مال و اسباب پر دم کرنا چوروں سے محفوظ کی دلیل ہے۔ اس کے علاوہ سورہ البقرہ کی آخری آیات آمَنَ الرَّسُوْلُ سے لے کر آخر تک پڑھنا اور اس کے بعد مال و اسباب کی حفاظت کی دعا کرنا بہت ہی مجرب ہے۔ گھر کی حفاظت کے لئے یَارَقِیْبُ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## مالدار کا مفلس ہو جانا

اس کے لئے یَامُعِیْذُ کا گیارہ ہزار مرتبہ ۲۱ روز تک پڑھنا مفلس کو پھر مالدار بنا دے گا۔ اس کے ساتھ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہر وقت پڑھنا مجرب ہے۔

Marfat.com

## مرادوں کا فوری حصول

اس کے لئے کسی گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر آیت الکرسی کو ۷۰ دفعہ اور سورہ البقرہ کی آیت نمبر ۵۵ کو تین دفعہ پڑھیں انشاء اس کی مراد جلدی پوری ہوگی۔

## مردہ شخص سے خواب میں ملاقات

اس کے لئے شب جمعہ کو سورہ التکاثر کو ۱۱۳ دفعہ پڑھیں انشاء اللہ فوت شدہ عزیز یا رفیق خواب میں اس کے سامنے آئے گا اور اسے اس سے باتیں کرنے کا موقعہ ملے گا۔

## مرضی کے مطابق شادی

اس کے لئے سورہ تغابن کا روزانہ تین مرتبہ گیارہ روز تک پڑھنا مفید ہے انشاء اللہ راستے کی تمام رکاوٹیں دور ہو کر حسب منشا شادی ہو جائے گی۔

## مصیبت، آفت اور بیماری سے نجات

اس کے لئے آیت کریمہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی مصیبت آفت یا بیماری سے نجات بخشے گا۔ دوسرا شخص بھی اس کے لئے پڑھ سکتا ہے اور دعا کر سکتا ہے۔ مصیبت کے لئے آپ سورہ القمر کی آیت نمبر ۱۰ کو روزانہ ایک سو دفعہ پڑھ سکتے ہیں۔

## مغرور ظالم کا غرور توڑنا

اس کے لئے آپ یا مُذِلُّ کو ایک ہزار مرتبہ عصر کی نماز کے بعد مغرور کا تصور کر کے بغیر بسم اللہ اور درود پاک کے پڑھ چھوڑا کریں۔ جب تک اس سے خلاصی نہ ہو جائے اور ایسا غرور ٹوٹے گا کہ دنیا حیران ہو جائے گی۔

## مقدمہ کا حق فیصلہ

اگر کوئی شخص اپنے مقدمے کا حق فیصلہ چاہتا ہو تو وہ ایک مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِکُ

Marfat.com

الْحَقُّ الْمُبِیْن پڑھ لیا کرے اور ہر وقت یَاحَقُّ کا ورد کرتا ہے مقدمہ کا ٹھیک اور حق طور پر فیصلہ ہو گا۔ مقدمے میں کامیابی کے لئے ہمیں سورہ تغابن کی آیت نمبر ۱۱ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ مقدمے میں کامیابی ہوگی۔

## ملازمت کی امیدواری

اس کے لئے ایک تسبیح سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کی روزانہ کرنی چاہئے اور چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے اس آیت کریمہ کو پڑھتے رہنا چاہئے تو انشاءاللہ سارے امیدواروں میں سے اسے عہدہ ملازمت کے لئے منتخب کیا جائے گا۔ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ۔

## مناصب ومراتب کی بقا

اس کے لئے یَامَالِکَ الْقُدُّوْس ایک ہزار دفعہ عشاء کی نماز کے بعد اور اندھیرے میں پڑھنا ہوگا۔

## نیکی سے رغبت

اس کے لئے یَابَصِیْرُ یَاوَدُوْدُ کثرت سے پڑھنا چاہئے۔

## گناہوں سے نفرت

یَاعَفُوُّ (معاف کرنے والا) کثرت سے پڑھتے رہنے سے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔

## شیطانی وسواس

یَامُمِیْتُ (مارنے والا) پڑھتے پڑھتے رات کو سو جایا کریں۔ اس کے علاوہ بری عادتوں سے نجات پانے کے لئے رات کے اندھیرے میں بالکل تنہا بیٹھ کر ۹۳ دفعہ یَاحَمِیْدُ کم از کم ۴۵ منٹ تک پڑھیں۔

Marfat.com

## رنج یا غم کا علاج

ہر نماز کے بعد یَامُقْسِطُ (عدل کرنے والا) ۱۰۰ بار پڑھنے سے وسوسوں اور گندا ذہن سے نجات ملنے کے ساتھ ساتھ رنج و غم ختم ہو کر مسرت و شادمانی نصیب ہوتی ہے۔

## عذابِ قبر سے حفاظت

یَابَارِئُ ہر نماز کے بعد سات دفعہ پڑھنے سے عذاب قبر سے ہم محفوظ رہیں گے۔ انشاء اللہ ہماری لاش بھی صحیح سلامت رہے گی۔

## دوزخ سے حفاظت

جو شخص روزانہ مغرب کی نماز کے بعد سات دفعہ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار پڑھتا ہے اگر رات کو انتقال ہو گیا تو جہنم کی آگ سے محفوظ رہے گا۔ روزانہ فجر کی نماز کے بعد پڑھے تو اس کی وہی فضیلت ہو گی۔ نیز پڑھنے والے کے لئے دوزخ خود دعا کرتی ہے۔

## دنیا کی محبت کا علاج

یَاقَھَّارُ چلتے پھرتے ورد کرنے سے دنیا کی محبت دور ہو جاتی ہے۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

## شیطان سے حفاظت

شیطان سے حفاظت کے لئے روزانہ ۱۰ مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھیں انشاء اللہ حفاظت ہو گی۔

## بغیر حساب جنت میں داخلہ

یَامُمِیْتُ (مارنے والا) بغیر حساب جنت میں داخلے کے لئے ہر نماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اپنے گریبان میں دم کریں انشاء اللہ بری عادت بھی چھوٹے گی اور عبادت کا ذوق پیدا ہو گا۔

Marfat.com

## عبادت میں رغبت

یَـامُعۡطِیُ (دینے والا) سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھ لیا کریں انشاء اللہ عبادت میں دل لگے گے۔

## گناہوں سے نفرت

یَـابَـاعِثُ (اُٹھانے والا) عبادت میں دل لگانے اور گناہوں سے نفرت کے لئے سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ دفعہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

## زہریلے اثرات سے حفاظت

یَـاکَبِیۡرُ (بڑا) ہر نماز کے بعد سات بار پڑھنے سے دشمن سے حفاظت اور ہر آفت اور بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی زہریلا جانور کاٹے گا تو زہر اثر نہ کر سکے گا۔

## رُکا ہوا کام

یَـابَـاعِثُ  کوئی کام رُکا ہوا ہو نا یا نا کامی ہی نا کامی ہو مثلاً رزق، ترقی، ادائیگی قرض، ہائی مجوس آمدن، غائب حاضرین، مطلوب حاضری، گمشدہ گریختہ غرضیکہ کسی قسم کی حاجت ہو تو آپ یَابَاعِثُ یَااَللّٰهُ کثرت سے پڑھیں انشاء اللہ جو حاجت دل میں رکھیں گے پوری ہوگی۔

## گندے خیالات سے نجات

یَـابَـاطِنُ (پوشیدہ) ہر نماز کے بعد ۱۰۰ دفعہ پڑھیں، وسوسوں اور گندے خیالات سے انشاء اللہ نجات ملے گی۔

## کامیابی کے لئے

سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ کو ۵۰۰ دفعہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ یہ میرے مرشد گوہر الحسن المعروف باباغوری شاہ قادریؒ کا ارشاد ہے روزانہ میرا اپنا معمول ہے۔

Marfat.com

سورۃ القصص کی آیت نمبر ۲۴ کو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھیں انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

## رزق کی تنگی

پارہ نمبر ۷ آیت نمبر ۱۱۴ سورہ مائدہ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا ...... وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھیں اور آسمان کی طرف پھونک ماریں۔

## اگر روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو اور رزق میں تنگی ہو

تو سورہ اعراف کی آیت نمبر ۱۰ پارہ ۸ کو ۱۰۱ دفعہ صبح ۱۰۱ دفعہ شام پڑھیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ بفضل خدا کامیابی ہوگی۔ آیت وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ ...... مَا تَشْکُرُوْنَ ۔ اگر رزق کے لئے کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو تو اس حاجت کے لئے سورہ مزمل کو ۴۱ دفعہ تین دن یا سات دن تک پڑھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت کے لئے اور رزق میں اس کے فضل کے لئے پارہ نمبر ۳ سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۷۳-۷۴ کی روزانہ تین تسبیحاں کریں اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر کریں۔
آیات اِنَّ الْفَضْلَ ...... واسِعٌ عَلِیْمٌ ۝ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ ...... ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔

## رزق میں مزید کشادگی کے لئے

سورہ العنکبوت آیت نمبر ۶۲ پارہ نمبر ۲۱، اکیس دفعہ ہر نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنا لیں اللہ تعالیٰ کرم نوازی فرمائیں گے۔ آیت اَللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ ...... شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔

## کاروبار کی ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے

سورہ لقمان آیت نمبر ۲۶ پارہ ۲۱ کو روزانہ ۱۲۱ دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں اس کے ساتھ سورہ مریم کی آیت نمبر ۲۵ کو ۳۱۳ دفعہ ایک ہفتہ تک پڑھیں۔

## دنیا اور آخر کی ہر نعمت حاصل کرنے کے لئے

ہمیں سورہ محمد کی آیت نمبر ۱۵ پارہ ۲۶ کو صبح و شام سات مرتبہ پڑھنا چاہیے انشاء اللہ

Marfat.com

اس سے انسان دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ ..... مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ۔

جو شخص سورہ ملک کی آیت نمبر ۲۳ ۔ ۲۵۰ کو ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا وہ کبھی بھوکا نہیں رہے گا اور اس کے رزق میں انشاء اللہ کمی نہیں ہوگی۔ آیت هُوَ الَّذِیْ ..... قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۔

## کاروباری پریشانی

کاروباری پریشانی کے موقع پر آپ سورہ الانشراح کی آیت نمبر ۵،۶ اور ہر پریشانی میں اس کا ورد اٹھتے کر سکتے ہیں۔ نماز تہجد کے بعد ۳۱۳ دفعہ اسمائے الٰہی یَا بَاسِطُ یَا مُغْنِیْ کا ۳۱۳ دفعہ پڑھنا بھی مجرب ہے۔

اگر کوئی شخص کسی غم میں یا کسی اور پریشانی میں مبتلا ہو یا اس کی مالی حالت بگڑتی جا رہی ہو تو وہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۷ پارہ ۱۵ کا اٹھتے بیٹھتے ورد جاری رکھے۔ آیت اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ..... كَبِيْرًا۔ اس کے علاوہ آپ مندرجہ ذیل ورد بھی پڑھ سکتے ہیں۔ (1) فجر کی نماز کے بعد اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۵۰۰ دفعہ۔ (2) نجر ن م ... کے بعد یَا وَهَّابُ ۴۴ دفعہ اور یَا سَمِیْعُ یَا وَاسِعُ یَا رَزَّاقُ یَا وَهَّابُ سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھ سکتے ہیں۔ انشاء اللہ روزی میں خاطر خواہ کشادگی پیدا ہوگی۔

## رشتہ

جس کی اولاد کا رشتہ نہ آتا ہو اس کو سورہ النمل کی آیت نمبر ۶۲ کا اتنا حصہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھنا چاہئے۔ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔ جب تک اللہ تعالیٰ رشتہ کی خبر نہ ڈالے۔ اگر کسی لڑکی کے لئے رشتہ نہ آتا ہو یا رشتہ آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو وہ سورہ القصص کی آیت نمبر ۲۴ کو ۱۲۱ دفعہ روزانہ پڑھے اور روزانہ اس کے ساتھ سورہ والضحیٰ پڑھتا رہے۔ یہ عمل ۸۱ دن تک جاری رکھیں۔ جس شخص کی بیٹی کا کوئی رشتہ نہ آتا ہو یا اس میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو اور کامیابی نہ ہوتی ہو تو اس مراد کے لئے وہ ۲۱ دن تک ۳۱۳ دفعہ سورہ الفرقان کی آیت

Marfat.com

نمبر۵۴ کو پڑھ لیا کرے۔ الفرقان کی آیت وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ ...... رَبُّکَ قَدِیْراً ۔ ایضاً سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۰۹ کو بھی ۳۱۳ دفعہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ آیت لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْر ۔ ان دونوں معمولات کے ساتھ سورہ الممتحنہ کو روزانہ تین دفعہ پڑھے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ جنگ بدر میں ۳۱۳ صحابہ کرام تھے اُن کی نسبت سے ہم پڑھ رہے ہیں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## بچوں کے رشتوں کے لئے

ہم سورہ الانشراح کی آیت نمبر ۶، ۵ اور سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲ کو فرضوں کے بعد دعا کے طور پر تین دفعہ تکرار کر سکتے ہیں۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْراً اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْراً ۔ سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۸۲ اِنَّمَا اَمْرُهٗ ...... کُنْ فَیَکُوْنُ ۔ سورہ العصر کا ۱۰۱ دفعہ بمعہ بسم اللہ کے عصر کی نماز کے بعد پڑھنا رشتوں کے لئے مجرب المجرب ہے اس کے ساتھ ہر وقت اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھنا کامیابی دلا سکتا ہے۔

## جس کا رشتہ نہ ہوتا ہو

یَارَءُوْفُ یَااَللّٰهُ لاتعداد پڑھنا بہت اکسیر رکھتا ہے۔

## محبت کے لئے

سورہ انفال کی آیت نمبر ۶۳ کو گیارہ دفعہ روزانہ پڑھنی چاہئے۔ جس شخص کے دل میں محبت ڈالنی ہو۔

## خاندان میں نااتفاقی

خاندان میں نااتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کے لئے بھی اس آیت کا ورد کر سکتے ہیں وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ...... اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۔

## غصہ دور کرنے کے لئے

سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۳۴ پارہ نمبر ۴ کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں یا چینی پر پڑھ کر

Marfat.com

پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ غصے میں افاقہ ہوگا۔آیت نمبر ۳۴ والْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ ...... يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۔یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں: اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ ۔اگر میاں بیوی میں اختلاف ہو اور آپس میں محبت نہیں ہے تو سورہ الروم کی آیت نمبر ۲۱ پارہ نمبر ۲۱ کو پڑھ کر دعا مانگیں یا کسی میٹھی چیز پر پڑھ دیں اور دونوں میاں بیوی کھائیں۔وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ ...... لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ۔

## مرد کے غیر جنسی تعلقات کی صورت میں

سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۱۰۰ پارہ ۷ کو ۱۴۱ دفعہ روزانہ پڑھیں جب تک وہ باز نہ آئے۔ حرام کی کمائی لانے والے کے لئے بھی پڑھ سکتے ہیں۔آیت قُلْ لَّا يَسْتَوِي ...... لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

## بیماری

ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لئے سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۷ پارہ نمبر ۷ کو روزانہ ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاءاللہ بیماری سے شفا ہوگی۔جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں آیت وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ ...... عَلٰى شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

## دل کی بیماری کے لئے

سورہ رعد آیت نمبر ۲۸ پارہ نمبر ۱۳ کو ۱۴۱ دفعہ پانی پر دم کر کے پی لیں اس کے ساتھ یہ دعا يَاقَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ دل پر ہاتھ رکھ ہر نماز کے بعد پانچ دفع پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ دل کی ہر بیماری سے شفا ہوگی۔سورہ رعد کی آیت نمبر ۲۸ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ...... تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔اگر کوئی ہاتھ پیر کان یا ٹانگ سے معذور ہو تو سورہ اعراف کی آیت نمبر ۹۵ پارہ ۹ کو ۱۴۱ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

اگر کوئی بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو تو سورہ القمر کی آیت نمبر ۱۰ پارہ نمبر ۲۷ کو ۳۱۳ دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماریں انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

Marfat.com

## ہر بیماری کے لئے

سورہ الشعرآء کی آیت نمبر ۸۰ کا ورد اٹھتے بیٹھتے کریں۔ سورہ القمر کی آیت نمبر ۱۰ افدعا ربہٗ انی مغلوب فانتصر کو ۱۰۰ دفعہ پڑھیں۔ اور سورہ الشعرآء کی آیت نمبر ۸۰ وَاِذا مَرِضتُ فَھُوَ یَشفِین۔

## یرقان

اس کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:

سورہ فاتحہ ۴۱ دفعہ، سورہ الحشر کی آخری آیات لا یستوی سے آخر تک سات دفعہ، سورہ قریش سات دفعہ اور چوتھا کلمہ ساتھ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور استغفر اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ کھلا پڑھتے رہیں انشاء اللہ مریض کو جلدی آرام آ جائے گا۔

## بخار کی تیزی کو ختم کرنے کے لئے

یہ الفاظ لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کردے انشاء اللہ بخار سے افاقہ ہو جائے گا:

بسم اللہ وباللہ محمد رسول اللہ وابراھیم خلیل اللہ یانار کونی بردًا وسلامٌ علٰی ابراھیم یاسلام یاقوی یامحیط وننزل من القرآن ما ھو شفاءٌ ورحمۃٌ للمؤمنین. یا آپ سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۶۹ پارہ نمبر ۱۷ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بھی مریض کو پلا سکتے ہیں۔ (یہ میرا اپنا مجرب عمل ہے)

## سمجھ میں نہ آنے والی بیماری

جو بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو یا لا علاج ہو وہ آدمی اگر خود سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۸۳ پارہ ۱۷ کا کثرت سے ورد کرے گا انشاء اللہ بیماری سے افاقہ ہوگا۔ یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے۔ رَبّہٗ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین۔

جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضا ٹھیک رہیں اور تندرست رہیں وہ سورہ الروم کی آیت نمبر ۳۰ کو تین دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے انشاء اس کے اعضاء ٹھیک رہیں

Marfat.com

گے۔

جو شخص سرطان یا طاعون یا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنا چاہتا ہے وہ یہ الفاظ ان بیماریوں سے بچنے کے لئے صبح و شام گیارہ گیارہ دفعہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔
یَامَالِکُ یَاقُدُّوْسُ یَاسَلَامُ یَاقَوِیُّ یَامُحِیْطُ۔

## شوگر

اس کے لئے سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۰ پارہ نمبر ۱۵ کو اکیس دفعہ روزانہ پڑھے یا تین دفعہ بھی پڑھ سکتا ہے لیکن اس کے ساتھ درود پاک یہ پڑھنا ہوگا: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم.

## بلڈ پریشر

جو شخص بلڈ پریشر کا مریض ہو تو وہ اس دعا کو ۱۰۱ دفعہ روزانہ پڑھے۔ سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۳۴ پارہ نمبر ۴: وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ ...... یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔ اس کے علاوہ اس دعا کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ صرف تین مرتبہ۔

اگر کسی شخص کے سر میں درد ہے تو بسم اللہ ۴۱ دفعہ پڑھ کر عمل کریں یہ عمل نہایت ہی آزمودہ اور موثر ہے۔ اس کے لئے چوتھا کلمہ کو گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔ اور اگر یَاجَبَّارُ ماتھے پر بغیر روشنائی کے لکھ دیا جائے اور اس کے بعد یَاسَلَامُ یَاقَوِیُّ بھی پڑھ دیا جائے تو سر درد ختم ہو جائے گا۔

اگر کسی کی بھوک پیاس بند ہوگئی ہو بیماری کی وجہ سے، اس دعا کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ سورہ شعرا کی آیت نمبر ۷۹۔۸۰ بیماری کی حالت میں ان الفاظ کا ورد مجرب المجرب ہے۔ یَاسَلَامُ یَاشَافِیُ یَاحَیُّ یَااَللّٰہُ یَاسَلَامُ یَاقَوِیُّ ۳۱۳ دفعہ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ دفعہ درود پاک۔

## اولاد

جو شخص اولاد سے ناامید ہو اس کو سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۱۷ پارہ ۶ کا ورد ۳۱۳ دفعہ

Marfat.com

روزانہ عصر کی نماز کے بعد کرنا چاہئے۔ آیت نمبر ۷ وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ...... كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔ اس کے ساتھ سورہ کوثر ایک تسبیح بمعہ بسم اللہ روزانہ کرنی بھی اکسیر ہے عصر کی نماز کے بعد۔ اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو تو وہ اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے کثرت سے سورہ السجدہ کی آیات ۷ تا ۹ پارہ ۲۱ کا ورد رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ آیات اَلَّذِیْ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ ...... قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۔ ایضاً اس کے علاوہ سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر ۴۹ پارہ ۲۵ کا ورد فجر کی نماز کے بعد کرنا چاہئے کم از کم ۱۲۱ دفعہ۔

## اولادِ نرینہ کے لئے

مندرجہ ذیل عملیات کیے جا سکتے ہیں: يَاخَالِقُ يَاوَارِثُ يَامُبْدِئُ۔ اولاد کے لئے بھی اور اولاد نرینہ کے لئے بھی ہر وقت يَاحَيُّ يَاحَافِظُ يَامُصَوِّرُ ۱۰۰ دفعہ ۸۱ دن تک اس کے علاوہ اگر کسی کے ہاں نرینہ اولاد نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی ۹ مہینے تک ۱۲۱ دفعہ روزانہ سورہ نوح کی آیت نمبر ۱۲ پارہ نمبر ۲۹ وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ ...... يَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا۔ (نوٹ) اس دعا کو رزق کی تنگی کے لئے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ سورہ حشر کی آخر آیت کی ایک تسبیح کر کے دعا مانگیں مجرب ہے۔ اس کو پڑھ کر اس کا پانی پینا بھی کامیابی کی دلیل ہے۔ سورہ یوسف کا پڑھ کر دعا کرنا یا اس کا تعویذ بنا کر پیٹ پر باندھنا بھی اولادِ نرینہ میں بہت مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

اگر کسی کی اولاد مر جاتی ہے اور زندہ نہ رہتی ہو تو وہ سورہ الصفت کی آیت نمبر ۶۔ پارہ ۲۳ کو ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ دعا کے طور پر پڑھ سکتا ہے۔

اگر اٹھرا کا مرض ہے یعنی بچہ پیٹ میں مر جاتا ہے یا پیدا ہونے کے بعد مر جاتا ہے یا کچھ عرصہ کے بعد فوت ہو جاتا ہے تو اُسے یہ ورد ہر وقت کرنا پڑے گا: اللہ قل اللہ۔ قل اٹھرا ہے اللہ قل اللہ۔ انشاء اللہ سو فیصد کامیابی ہوگی۔ میرے مرشد سیدنا گوہر الحسن المعروف بابا غوری شاہ قادری کے ارشاد کے مطابق آپ اولاد نہ ہونے کی صورت میں مندرجہ ذیل عمل کر سکتے ہیں۔ آدھا گلاس تازہ پانی لے کر اُس میں ایک کپ چائے کا ڈال کر ماہواری کے دنوں میں پی جایا کریں یہ عمل اولاد ہونے میں مددگار ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ ان کا امر ہے اس سے بیشتر عورتوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ آگے رب العزت بہتر جانتے ہیں۔

Marfat.com

## ہر رنج وغم دور کرنے کے لئے

سورہ مومن کی آیت نمبر ۴۴ کو عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۱ دفعہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔

ظالم کے ظلم کو رفع کرنے کے لئے روزانہ اکیس دفعہ پڑھنا مفید ہے۔ سورہ انعام آیت نمبر ۴۵: فَقُطِعَ دَابِرُ ...... رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ یہ آیت مبارک بڑی جلالی ہے۔ جب ظالم کا ظلم ناقابل برداشت ہو جائے تب ہمیں اس دعا کا ورد کرنا چاہئے۔ ناجائز مقاصد کے لئے پڑھنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ اگر کسی شخص کو دشمن سے کوئی تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچتا ہو تو آیت نمبر ۵۱ سورہ توبہ پارہ ۱۰ کو روزانہ سات مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ دشمن کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔ آیت نمبر ۵۱: قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ ...... الْمُؤْمِنُوْنَ۔

## دشمن سے خوف کی صورت میں

اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جارہی ہو تو دشمن سے حفاظت کے لئے تو سورالحج کی آیت نمبر ۳۸ کو گیارہ دفعہ روزانہ پڑھے۔ آیت اِنَّ اللّٰـهَ یُرْفِعُ ...... کَفُوْرٍ۔

اگر کسی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تکلیف پہنچی ہو یا غم یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو وہ سورہ الرعد کی آیت نمبر ۲۴ کو ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ پڑھ لے۔ آیت سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ ...... عُقْبَی الدَّارِ۔

اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جارہا ہے یا اپنی اصل حالت میں نہیں ہے یا شبہ ہو کہ کسی نے اس شخص پر کچھ کر دیا ہے تو سورہ تکویر کی آیات ۲۰-۲۹ تک کو ۴۱ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔ آیات ذِیْ قُوَّةٍ ...... رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔

## استخارہ کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں۔ اس کے بعد سورہ الملک کی آیات ۱۳-۱۴ کو ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر بغیر بات کیے سو جائیں۔ اسِرُّوْا قَوْلَکُمْ ...... وَھُوَ اللَّطِیْفُ

Marfat.com

اَلْخَبِیْرُ۔

رات کو سوتے وقت سورہ المومنون کی آیات ۱ تا ۱۱ پارہ ۱۸ کو پڑھنا چاہئے کیونکہ یہ آیات عزت کی حفاظت کرتی ہیں۔ بے نمازیوں کو نماز کی رغبت دلاتی ہیں۔لغو، بے ہودہ اور بری باتوں سے روکتی ہیں۔اور جنت الفردوس کا وارث بناتی ہیں۔آیات قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ...... هُوَ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ نبی کریم سے ہمکلام ہونے کے لئے یا اُن کی زیارت کے لئے سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۶ کی سوتے وقت تسبیح کریں انشاءاللہ جلد ہی خواہش پوری ہوگی۔اِنَّ اللّٰهَ ... تَسْلِیْمًا۔کسی کے پاس حج پر جانے کے لئے وسیلہ نہ ہوتو وہ سورہ الفتح کی آیت نمبر ۲۷ پارہ ۲۶ کا کثرت سے ورد کرتا ہے اس وقت تک جاری رکھے جب تک امید کی کرن نہ پیدا ہو جائے۔

☆☆☆

# متفرقات

1. جو شخص سوتے وقت داہنی کروٹ لیٹے اور دس بار قل شریف کے ساتھ **41** مرتبہ اسم یارحیم پڑھ کر سوئے تو اللہ اس کا گھر جنت میں قائم کر دیتا ہے۔

## 2. حاجت روائی کے لئے:

بروز جمعہ بعد نماز عصر بات کسی سے کیے بغیر قبلہ رو بیٹھا رہے اور آنکھیں بند کر کے بحضور قلب زبان ودل لاتعداد یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا ہے۔جب آفتاب غروب ہو تو دعا مانگ کر نماز مغرب ادا کرے انشاءاللہ اس کا کام پورا کرے گا۔

## 3. دشمن پر غلبے کے لئے

Marfat.com

یَاعَزِیْزُ یَامُعِزُّ یَاجَبَّارُ یَاقَہَّارُ بکثرت پڑھے۔

## 4. بزرگی وعزت کے لئے:

اسم یَاکَبِیْرُ کو ۲۳۲ مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

## 5. حصولِ اولاد کے لئے:

جو شخص اولاد و فرزند سے محروم ہو یا تنگی رزق کا شکار ہو تو وہ اسم یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَامُصَوِّرُ کا بکثرت ورد کیا کرے انشاء اللہ اسے اولاد عطا ہوگی اور رزق میں اضافہ ہوگا۔ اگر سورہ حشر کی آخری آیت کی ایک تسبیح کر کے بھی دعا کرے تو اور اچھا ہے۔

## 6. غربت و بیماری سے نجات:

اس کے لئے ہر نماز کے بعد اسمائے ربانی یَارَزَّاقُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاسَلَامُ ۱۱۲ مرتبہ پڑھ لیا کریں، انشاء اللہ اُس کے گھر سے بیماری اور غربت بھاگ جائیں گے۔ ان کا ورد سات دن تک کرے۔

اس کے علاوہ اگر وہ شخص جس کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت وافلاس تو اُس کو ہر نماز کے بعد 117 مرتبہ یَاعَظِیْمُ یَاشَکُوْرُ یَاوَدُوْدُ یَارَحْمٰنُ کا ورد کرنا چاہئے۔ انشاء اللہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## 7. بیوی کو راہ راست پر لانے کے لئے:

اگر کسی شخص کی بیوی بدکار یا بدکلام ہو تو اُس شخص کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد 77 مرتبہ یَاحَسِیْبُ یَاذُالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام پڑھ کر بیوی کی طرف منہ کر کے پھونک مار دے پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ جب تک وہ راہِ راست پر نہیں آتی، پڑھتے رہنا چاہئے۔

## 8. شوہر کو راہِ راست پر لانے کے لئے:

اگر کسی عورت کا شوہر اس پر ظلم کرتا ہو یا حق زوجیت ادا نہ کرتا ہو تو عورت کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد یَامُقْسِطُ یَاعَظِیْمُ یَارَحْمٰنُ یَااَللّٰہُ 1001 دفعہ روزانہ پڑھے۔ اس کے بعد اپنے

Marfat.com

حق میں دعا کرے۔ انشاء اللہ سات دن کے اندر شوہر بیوی پر دل و جان سے فریفتہ ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

## 9. حصولِ دولت کے لئے:

اس کے لئے اسمائے پاک یَارَزَّاقُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاسَلَامُ یَااَللّٰہُ ہر نماز کے بعد 212 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رب العزت روزی کے لئے نئے رستے کھول دے گا۔

## لڑکیوں کی شادی کے لئے

جن لڑکیوں کی شادی نہ ہوتی ہو یا منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو انہیں چاہیے کہ فجر کی نماز کے بعد 312 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر اپنے لئے نیک خاوند کی دعا کریں تو انشاء اللہ جلد شادی ہوگی اور خاوند بھی نیک و صالح حاصل ہو۔

## مقدمہ جیتنے کے لئے

مقدمہ کی تاریخ والے دن 645 مرتبہ یاذوالجلال والاکرام پڑھ کر عدالت جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مقدمہ اس شخص کے حق میں ہوگا۔

## برائے نجات عذاب قبر

بسم اللہ شریف کے ساتھ آیت الکرسی کو بکثرت پڑھنے والا بیشک جنتی ہے اور اس پر قبر کا عذاب حرام کر دیا جائے گا۔

## جنت حاصل ہو

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی ہمیشہ پڑھتا رہے جنت اس پر واجب کی گئی جنت اور اس کے درمیان سوائے موت کے کوئی چیز حائل نہ ہوگی۔

Marfat.com

## روزگار کے لیے

بعد نماز عشاء یَابَاسِطُ یَامُغْنِیُ کا تین سو مرتبہ پڑھنا رزق میں کشادگی کا باعث ہوگا۔ انشاءاللہ۔ ہر پیر اور جمعرات کو صدقہ خیرات کریں۔

## ہر مشکل آسان کرنے کے لئے

ہر نماز کے بعد درود ابراہیمی کے ساتھ تین دفعہ پڑھیں المدد یااللہ یااللہ یااللہ بحرمت یامحمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بفضل خدا کامیابی ہوگی۔ ہر دفعہ بسم اللہ کو پڑھنا ہے۔

## ہر قسم کے امراض کے لئے

ہر نماز کے بعد بسم اللہ شافی بسم اللہ معافی بسم اللہ کافی اور اس کے ساتھ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم 21 دفعہ پڑھیں اور سجدے میں گر کر دعا کریں۔ رب العزت جلدی کرم نوازی فرمائیں گے۔

## بدن میں طاقت کے لئے

یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ 21 دفعہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر شہد پر دم کر کے روزانہ نہار منہ ایک چمچہ کھالیا کریں۔ آپ کے بدن کو عظیم طاقت ملے گی۔

## شادی کے لئے مجرب عمل

سورہ یٰسین کی آیت نمبر 36 کو ہر نماز کے بعد اول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی 212 مرتبہ پڑھ کر سجدے میں جا کر رشتے کے لئے دعا کریں انشاءاللہ قبول ہوگی۔ حسب توفیق صدقہ اور خیرات دیتے رہا کریں۔

## ہر جائز مراد کے لئے

ہر جائز مراد میں کامیابی وکامرانی وفتح یابی کے لئے 360 مرتبہ آیت کریمہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْن کا ورد عشاء کی نماز کے

Marfat.com

بعد رکھیں، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## حاسد دل اور شر انگیز خواتین و حضرات کے لئے

سورہ البقرہ کی آیت نمبر 18 کو تین مرتبہ اُن حضرات کے چہرے کا تصور رکھ کر پڑھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی اور امان ملے گی۔ بدگوئی کرنے والے شخص کے لئے اور بلاوجہ تنگ کرنے والے کے لئے بھی آپ اس آیت کو سات دفعہ اُس کے چہرے کا تصور کر کے پھونک ماردیں۔

نوٹ......رب العزت اس کا راستہ روک دیں گے انشاء اللہ وہ تائب ہو جائے گی۔

جب انسان آیات پڑھتا ہے تو وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ عالم بالا کی طرف محو پرواز ہے اور خدا سے لحہ بہ لحہ نزدیک ہوتا جارہا ہے۔ دعا جلدی قبول ہوتی ہے، رد نہیں ہوسکتی۔

## تعوذ

شیطان کے شر سے پناہ لینے کے لئے تعوذ - ہر نماز کے بعد 21 دفعہ پڑھیں۔

مسخروں کے شر سے بچنے کے لئے - فجر اور عشاء کی نماز کے بعد 21 مرتبہ پڑھیں۔

جاہلوں سے امن کے لئے - ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

ارضی وسماوی آفت اور بلا سے حفاظت کے لئے بعد نماز فجر اور عشاء 70 دفعہ پڑھیں۔

کاہلوں اور بزدلوں سے نجات کے لئے بھی سات دفعہ پڑھیں۔

جس عورت پر آسیب کا اثر ہو اُس پر 313 مرتبہ پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ شفا ہوگی۔

شادی کے لئے - بعد نماز تہجد 41 مرتبہ سورہ اخلاص، اس کے علاوہ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ 313 مرتبہ۔

اولاد کے لئے - یَا قَادِرُ یَا مُعْطِیْ 1101 دفعہ اسمائے الٰہی یَا وَارِثُ یَا رَحِیْمُ 1101 دفعہ۔ اس کے ساتھ سورہ آل عمران کی آیت نمبر 38 انبیاء کی آیت نمبر 89 اور سورہ الصفت کی آیت نمبر 100 کا تکرار ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ کریں، انشاء اللہ رب العزت اولاد کی خیر ڈال دے گا۔

حَمِیْدُ مَجِیْدُ اللہ تعالیٰ کے دو ایسے مبارک نام ہیں جو تمام صفات جلالیہ اور جمالیہ

Marfat.com

کے آئینہ دار ہیں۔

زنانہ امراض خبیثہ۔تعوذ 70 دفعہ اور الحمد شریف 70 دفعہ پڑھ کر گلاس میں پانی ڈال کر اُس پر دم کر کے پی جائیں۔

مشکل کے لئے۔اس کے لئے آیت کریمہ کا 101 مرتبہ آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر پڑھیں اور چلتے پھرتے یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ پڑھتے رہیں۔

وسائل کے لئے۔اس کے لئے یَابَاعِثُ یَااَللّٰهُ 313 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں اور سجدے میں دعا کریں۔

اس کے علاوہ نماز فجر کے بعد 313 مرتبہ اسمائے الٰہی یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاکَرِیْمُ پڑھ کر بھی دعا کر سکتے ہیں۔

اسم الٰہی اَلْجَامِعُ 384 مرتبہ یا 114 مرتبہ پڑھ کر سجدے میں بارگاہِ الٰہی سے فریاد کریں تو غربت سے نجات ملے گی۔

سوتے وقت 7 مرتبہ سورہ الشمس سات دفعہ سورہ الیل اور سات دفعہ سورہ اخلاص پڑھ کر ہاتھ اٹھائیں، خداوند کریم کے حضور عرض کریں۔اے پروردگار عالم مجھے خواب میں میری بہتری کی صورت نکال دے جو میرے حق میں مفید ہو۔

یہ اسمائے ربانی رزق کے لئے مجرب ہیں:

بعد نماز عشاء یَابَاسِطُ یَاسَلَامُ یَافَتَّاحُ یَامُعِزُّ یَالَطِیْفُ یَاکَرِیْمُ یَامَالِکُ یَامُعْطِیُ یَامُصَوِّرُ یَامُحِیْطُ اولاد کے لئے پڑھ سکتے ہیں۔

بیماری کیلئے۔سورہ فاتحہ 41 مرتبہ روزانہ اور سورہ مریم کی پہلی آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر جہاں تکلیف ہے دم کریں انشاء اللہ رب العزت کرم نوازی فرمائیں گے۔

بیکاری کے لئے۔اس کے لئے سورہ الشوریٰ کی آیت نمبر 19 کی پانچ تسبیحاں عشاء کی نماز کے بعد روزانہ کریں۔اس کے بعد آیت الکرسی کو 19 دفعہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں، انشاء اللہ رب العزت جلدی قسمت کا دروازہ کھول دیں گے۔

معاشی مسائل۔معاشی مسائل، ملازمت میں حصول اور گھریلو معاملات میں برکت کے لئے آیت الکرسی کو عصر کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد 313 دفعہ پڑھیں۔اول وآخر

Marfat.com

درود شریف کے ساتھ۔

اندھیرے میں خوف- اس کے لئے **یَاحَفِیظُ یَاحَافِظُ یَامَحْفُوظُ یَامُحَافِظُ** کو سات دفعہ پڑھیں اس کے ساتھ آیت الکرسی کو بھی تین دفعہ پڑھ کر سو جائیں انشاءاللہ خوف جاتا رہے گا۔

سکون رخصت ہو گیا- اس کے لئے سورہ اخلاص کا ورد سونے سے پہلے بہتر ہے۔ اگر پرانے خیالات رخصت نہیں ہوتے تو اس کے لئے مزید **اَستَغفِرُ اللّٰهَ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰه** پڑھیں۔

الفت اور محبت کے لئے- **یَاوَدُوْدُ یَابَدِیْعُ یَالَطِیْفُ**۔

بیماری سے صحت حاصل کرنے کے لئے- **یَاحَفِیظُ یَاسَلاَمُ یَانَافِعُ یَابَاقِیُ یَاکَرِیْمُ یَاغَفُوْرُ یَاهَادِیُ**۔

بغض اور عداوت کے لئے- (بغیر بسم اللہ اور درود پاک) **یَاجَبَّارُ یَاقَابِضُ یَاقَوِیُّ** 313 دفعہ۔

دشمن کو مقہور اور ذلیل کرنے کے لئے- (بغیر بسم اللہ اور درود پاک) **یَاجَبَّارُ یَاقَهَّارُ یَامُذِلُّ** 313 مرتبہ۔

ہر سہ اسمائے باری تعالیٰ جو تمام قرآن کریم پر محیط ہیں بسم اللہ اور الحمد للہ میں آئے ہیں۔ ایک اسم ذات ہے ایک اسم عادل ہے اور ایک اسم رحمت ہے۔ ہر سہ اسماء کی صفت میں تمام کلام الٰہی ہے وہ اسمائے مکرم معظم یہ ہیں: **یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ**۔

اس کے علاوہ الفاظ **یَاعَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ** ایک ہی صفت رکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک جلالی ہے دوسرا جمالی ہے۔

مغرب کی نماز کے بعد ان کا پڑھنا مجرب ہے۔

بے روزگاری اور مفلسی کے لیے یہ عمل مفید ہے- **یَاسَمِیْعُ یَاوَاسِعُ یَارَزَّاقُ یَاوَهَّابُ** ۳۱۳ مرتبہ

قیام حمل کے لیے- **یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَااَللّٰه** لاتعداد

مشکلات اور مصائب کے حل لیے- **یَا اَللّٰهُ یَا لَطِیْفُ یَا اَللّٰهُ یَا قَوِیُّ یَاعَزِیْزُ**

Marfat.com

کسی نیک کام کے لیے۔یَابَدِیعُ ۳۱۴ مرتبہ

شادی کے لیے۔یَارَؤُفُ یَااَللّٰہ لاتعداد

جب گھر میں داخل ہوں تو سورہ اخلاص پڑھ لیا کریں۔انشاءاللہ روزی میں برکت اور گھر والوں میں اتحاد پیدا ہوگا۔

عزت اور نیک نامی کے لیے۔یَاعَزِیزُ یَاحَفِیظُ ۱۴۱ مرتبہ

صبح وشام سورہ الروم کی آیات ۱۷،۱۸،۱۹ کا پڑھنا تمام وضائف کے لیے مفید ہے۔

فی سبیل اللہ میں اپنے آپ کو خدا کے سامنے ذکر کے لیے پیش کرتا ہوں۔

صلح صفائی کے لیے۔33 بار اول وآخر درود پاک ایک سو بار یَاحَکِیمُ کی تسبیح کیا کریں اور زیر یقین کا تصور دل میں رکھیں۔

گناہوں سے نفرت کے لیے۔ایک تسبیح یَاغَفُورُ کا روزانہ ورد کریں۔

یَابَاسِطُ ۔جو شخص نماز چاشت کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اُٹھا کر دس مرتبہ اسم مبارک کو پڑھے گا۔اور منہ پر ہاتھ پھیر لے گا اللہ تعالیٰ اُسے انشاءاللہ غنی بنادے گا۔اور کبھی کسی کا محتاج نہیں کرے گا۔

یَاشَکُورُ ۔جو شخص معاشی یا کسی اور دُکھ درد رنج وغم میں مبتلا ہو۔تو وہ اس اسم کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔اے عظمت وجلال اور احسان اکرام کے مالک

یَاحَفِیظُ یَاحَافِظُ

یَامَحْفُوظُ یَامُحْصِیُ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماہ صیام میں چار چیزوں کی کثرت کرو۔1. جنت کے حصول کی دعا۔2. دوزخ کے عذاب سے بچنے کی دعا3. کلمہ طیبہ کا ورد 4. استغفار کرنا۔

مطمئن اور پُرسکون ہونے کے لیے۔اس کے لیے سورہ مومنون کی آخری آیت کی ایک تسبیح عصر کی نماز کے بعد کرنی چاہیے۔اس کے علاوہ تیسرا کلمہ ۱۴۱ مرتبہ۔چالیس دن تک پڑھیں۔

قرض کے لیے کے لیے۔سورہ واقعہ ایک مرتبہ اور چلتے پھرتے یَاقَاضِیَ الْحَاجَات

Marfat.com

ٹانگوں میں درد کے لیے صبح سورج نکلنے سے پہلے نہار منہ نیم گرم پانی پر گیارہ مرتبہ سورہ خلق پڑھ کر دم کر کے پی لیں۔

رزق کے لیے۔ یَا کَرِیْمُ یَافَتَّاحُ بھی 700 مرتبہ روزانہ پڑھ سکتے ہیں۔

شوہر توجہ نہیں دیتا۔ اس کے لیے ایک تسبیح چالیس دن تک بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

استغفار کی کوئی تسبیح نماز فجر کے بعد 100 مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد 310 مرتبہ اور یَاعَلِیْمُ یَاوَدُوْدُ کثرت سے پڑھیں۔

قبول دعا کے لیے۔ یَاسَمِیْعُ جمعرات کے روز نماز چاشت کے بعد

ظالموں کے شر سے حفاظت کے لیے۔ ۲۱۶ بار صبح و شام یَاجَبَّارُ کا ورد کریں۔

یَاخَالِقُ ۔ سات روز تک متواتر پڑھیں تو تمام آفات سے سالم رہے۔

چور اور ہر شے سے حفاظت کے لیے۔۔ سورہ البقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لے کر آخر تک

نوکری۔ پانچوں وقت کی نماز کے بعد فجر کے بعد ۶۶ مرتبہ وَرْزُقْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْن پڑھ کر دعا پڑھیں۔

ٹانگیں کانپتی ہیں۔ سورہ فاتحہ ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیں۔ ۴۱ مرتبہ یا کریم کا ورد عشاء کے بعد کر لیں۔

رزق کے لیے۔ اس دعا کو ۱۱ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ رَبَّنَا ارْزُقْنَا وَتَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ اے ہمارے پروردگار ہمیں رزق عطا کرنا۔ اور تجھ پر ہی بھروسہ کرتا ہوں۔ اور تیری طرف پلٹ کر آؤں گا۔

مردے کو ثواب پہنچانا۔ بلاشبہ مردے کے اعزاء و اقرباء کسی ایک کام کا ثواب مردے کو بخش دیں تو اس سے مردے کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔ حضرت سعد بن معاذ کو جب دفن کیا گیا تو رحمتہ للعالمین سید نا نبی الرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر وہاں کھڑے رہے۔ تسبیح و تحلیل فرماتے رہے جب اس کا سبب دریافت کیا گیا۔ تو ارشاد فرمایا کہ اس نیک بندے پر قبر کی تنگی ہوئی۔ پھر وہ تسبیح و تحلیل کی برکت سے دور ہوگئی۔ (مسند احمد)

Marfat.com

# توکل

توکل یعنی بھروسہ صرف رب العزت کی ذات پر ہی کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ پر توکل اور استقامت ایمان کامل کی علامت ہے حضور کی پوری حیات طیبہ سے اللہ پر توکل اور دین پر استقامت کا سبق ملتا ہے قرآن شریف میں کم وبیش بیس مرتبہ اللہ تعالیٰ پہ توکل اور بھروسہ کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ سورہ مائدہ میں ارشاد رب العزت ہے کہ اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے سورہ زمر میں فرمایا گیا۔ آپ کہہ دیجئے میرے لیے اللہ ہی کافی ہے اور اسی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ بھروسہ رکھنے والے انسان کو چاہیے کہ وہ اللہ کو راضی رکھنے کی فکر کرے۔ تو اللہ تعالیٰ بھی اسے کبھی بے یارومددگار نہیں چھوڑے گا سورہ الطلاق میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اس کو ایسی جگہ سے روزی پہنچائے گا جہاں سے اسے وہم وگمان بھی نہیں ہوگا اور جو کوئی اللہ پر بھروسہ رکھے گا تو اس کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ یعنی اللہ پر بھروسہ رکھو اور اسباب پر تکیہ مت کرو اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کا وکیل اور سرپرست ہے بشرطیکہ مسلمان آنکھ بند کر کے اسے اپنا وکیل بنالے۔ صرف اسی پر اعتماد کرے۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ تم لوگ اگر اللہ تعالیٰ پر ٹھیک سے توکل کرو تو وہ تمہیں ضرور روزی دے گا۔ وہ چڑیوں کو روزی دیتا ہے۔ اور روایت ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی کی خوش نصیبی یہ ہے کہ اللہ جو اس کے لیے فیصلہ کرے اس سے راضی رہے اور اسی پر قناعت کرے اور آدمی کی بدبختی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے خیر اور بھلائی مانگے اور اس کے فیصلے اور علم پر ناراض رہے کسی چیز کو حاصل کرنے کی جو تدابیر ہے وہ اختیار کرو اس کے بعد اللہ پر توکل کرو۔ بعض لوگ توکل کا مفہوم یہ سمجھتے ہیں کہ اسباب کو ترک کر دیا جائے اور ہاتھ پہ ہاتھ دھر کے چپکے بیٹھ رہا جائے۔ توکل کا یہ مفہوم ہرگز ایسا نہیں ہے۔ اسلام تو حرکت اور عمل کا دین ہے۔ یعنی اسباب سارے اختیار کیے جائیں تمام تدابیر بروئے کار لائی جائیں۔ پھر نتیجہ اللہ پر چھوڑ دیا جائے یعنی بھروسہ اسباب پر نہیں بلکہ اللہ پر ہو۔ جو نتیجہ سامنے آئے اسے اللہ تعالیٰ کا فیصلہ سمجھ کر انسان اس پر راضی ہو جائے۔ اسی میں کامیابی اور دل کے اطمینان کا راز مظہر ہے۔

سوتے وقت خواب میں ڈرنا ۔ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۔ ۔ ۔

Marfat.com

اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْن

سخت گیر حاکم کو تسخیر کرنے کے لیے۔ یہ اسلامی ماہ کی چودھویں رات کو تہجد کے وقت ایک تسبیح یَا رَافِعُ اور حاکم کے سامنے جاتے ہوئے یَارَافِعُ پڑھ کر جائیں۔

رب العزت مخلوق سے بے نیاز اور تونگر بنادے گا

دشمنوں سے گھر کی حفاظت کے لیے سونے سے پہلے یَا رَقِیْبُ پڑھ کر چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔ اللہ تعالیٰ حفاظت کرے گا۔

اسلام میں نجومی کے پاس جانا اور ہاتھ دکھانے کی کوئی گنجائش نہیں۔ آپ نے اس عمل سے منع فرمایا کہ علم غیب صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے یا اس کے وہ بندے جانتے ہیں۔ جن کو رب العزت سے منتخب فرمایا ہے۔

مندرجہ ذیل عملیات سے آپ ان تکلیفوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔

## جنوں سے حفاظت

سورہ یوسف کی آیت نمبر ۴ اور سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۳۱ پڑھ کر دعا کر سکتے ہیں۔ یادم کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں آیت الکرسی سے بڑھ کر کوئی چیز اتنی موثر نہیں ہے۔ اس کو ۱۹ مرتبہ صبح ۱۹ مرتبہ شام کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔ کیونکہ ستر ہزار ملائکہ اس کے پیچھے پابند ہیں۔ جب کوئی شخص کسی ویرانے یا جنگل سے گزرے اس کی تلاوت کرتا جائے تو انشاء اللہ باہر کی مخلوق اس کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ حصول روحانیت کے لیے اس کا پڑھنا بڑا مفید ہے۔

کثرت سے اذان پڑھنے سے بھی جن دور ہو جاتا ہے۔ سورہ طارق کی آخری تین آیات بھی اس کا توڑ ہے۔

## شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعائیں:

اصل میں شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے یہ عبادت الٰہی میں خلل اندازی کرتا ہے۔ اور صراط مستقیم سے بھڑکاتا ہے بُرے خیالات کا تعلق بھی شیطانی وسواس سے ہے۔ اس کے تدارک کے لیے ہمیں سورہ اعراف کی آیات ۲۰۱ تا ۲۰۲ اور سورہ مومنون کی آیات ۹۷، ۹۸ کو ہر

Marfat.com

نماز کے بعد تین مرتبہ ضرور پڑھیں۔ یا جس وقت وسواس پیدا ہو ان کی تلاوت شروع کر دیں۔ ختم ہونے تک تلاوت جاری رکھیں۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه کا بھی ورد اس کے لیے نہایت موثر ہے۔ فوراً ان کا خیال جاتا رہے گا۔

## آسیب دور کرنے کی دعا

سورہ المومنون کی آیت نمبر ۱۱۵ تا ۱۱۷ پڑھ کر دم کریں۔ اَفَحَسِبْتُمْ ...... عِنْدَ رَبِّه تک پڑھ کر دم کریں۔ اور اِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِ تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔
ناری مخلوق کئی دفعہ اپنی طاقت سے کسی بچے یا لڑکی یا شخص کو اپنی شکل دکھا کر ڈراتے ہیں۔ جسے آسیب کہا جاتا ہے یہ ناری مخلوق انسانی کو ذہنی طور پر دباؤ ڈالتی ہے کثرت سے اذان پڑھنے سے بھی جن دور ہو جاتا ہے۔ سورہ رحمان کی آیات ۳۳، ۳۴ کو بھی بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

کالا علم جادو شیطانی علم کو کہتے ہیں۔ یہ کلام الٰہی کا مقابلہ نہیں کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ ہم اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر عمل کریں بلکہ اس وقت یہ علم موثر ہی نہیں ہو سکتا۔

جادو کرنا یا کروانا اپنی عاقبت خراب کرنے والی بات ہے۔ اس کے کرنے یا کروانے والا دونوں دوزخی ہیں۔ انسان کو اس میں جکڑ کر دکھ دیا جاتا ہے جادو قرآن مجید کی متعدد آیات سے ثابت ہے سورہ الفلق اور سورہ الناس کا نزول اس وقت ہوا تھا جب ایک یہودی لبید بن اعصم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا تھا۔ اس کا اثر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک اور نظر آنے والے اعضا پر ہوا تھا۔ دل عقل اور اعتقاد محفوظ رہے تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ آپ پر جادو کیا گیا ہے۔ اور جادو میں جو اشیاء استعمال کی گئی ہیں۔ وہ فلاں کنویں میں ایک پتھر کے نیچے رکھی گئی ہیں۔ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نکال کر لائے۔ اُس وقت سورہ الفلق اور سورہ الناس نازل ہوئیں۔ دونوں کی مجموعی آیات گیارہ ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ جوں جوں آیات پڑھتے جاتے تھے۔ ڈورے کی گرہیں کھلتی جاتی تھیں۔ حتیٰ کہ ساری گرہیں کھل گئیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالکل تندرست ہو گئے۔
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ پر جادو کا اثر نہیں ہوا تھا۔ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ گمان ہوتا تھا کہ انہوں نے کوئی کام کر لیا ہے حالانکہ کیا نہ ہوتا تھا۔ آج کل فریب کا

Marfat.com

ایک ایسا جال پھیلا ہوا ہے کہ جب کوئی کسی عامل یا نام نہاد شخص کے پاس اپنی تکلیف لے کر جاتا ہے تو وہ عجیب وغریب باتیں بنا کر لوگوں کو اپنے جال میں پھنسانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہر ایک کو یہی بتایا جاتا ہے کہ تم پر جادو ہوا ہے یا جن کا سایہ ہے اور غریب لوگوں کو لوٹنے پر لگے ہوئے ہیں۔ اُنہیں اس کا علاج قرآنی آیات کے ذریعے بتانا چاہیے۔ ذیل میں چند قرآنی آیات کا ورد بتا رہا ہوں ان قرآنی آیات کا ورد کسی ایسے شخص سے جو تہجد گزار اور نیک ہو کروا کر پانی پر دم کر کے پی لیں۔ انشاء اللہ آپ کو جادو سے جنوں سے اور آسیب جیسے امراض سے نجات ملے گی۔ رب العزت بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۸۲ میں فرماتے ہیں۔ کہ قرآن مجید ہم نے مومنوں کے لیے باعث رحمت اور شفا بھیجا ہے۔ تو پھر جادو جنوں اور آسیبوں کے متعلق جو آیات قرآن شریف میں ہیں۔ اُن سے استفادہ کیوں نہیں حاصل کرتے اور ان کے ذریعے شفا اور رحمت کیوں نہیں طلب کرتے؟

مختصر آپ کو بتاؤں کہ آیت الکرسی اور چاروں قل جادو کے لیے اکسیر ہیں۔ ہر ایک 7 دفعہ پڑھ کر اپنے آپ پر پھونک مارتے رہیں۔ جب تک جادو کا اثر ختم نہیں ہوتا 72 ہزار فرشتے آیت الکرسی کے پابند ہیں۔ ہمیں اس کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لینا چاہیے۔ جبرائیل علیہ السلام نے یہ دعا پڑھ کر دم کیا تھا۔ **بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ مِنْ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَیْنِ حَاسِدٍ اللّٰهُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ** میں اللہ کے نام سے تجھ پر دم کرتا ہوں۔ ہر اس چیز سے جو تجھ پر تکلیف دے ہر نفس کے شر سے۔ علامہ شیخ عبدالعزیز ابن باز رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کے دم کیا جا سکتا ہے۔ **اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْهِبَ النَّاسِ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا** اے اللہ! لوگوں کے رب، تکلیف کو دور کرنے والے، شفا عطا فرما تو ہی شفا دینے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں ہے۔ ایسی شفا عطا کرتا کہ مرض کا نام ونشان باقی نہ رہے۔

نوٹ: جس گھر میں سورہ البقرہ پڑھی جائے وہاں شیطان نہیں آتا۔ ہمیں کم از کم سورہ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیات کا ورد ضرور کرنا چاہیے۔

سورہ البقرہ کی دس آیتوں کی تلاوت۔ چار ابتدائی آیات۔ آیت الکرسی۔ آیت الکرسی کے بعد کی دو آیات۔ اور آخری تین آیات **لِلّٰهِ مَافِی السَّمٰوٰت** سے لے کر آخر تک۔

Marfat.com

دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر اقامت پڑھیں۔ انشاء اللہ اثر ختم ہو جائے گا۔

## جادو:

اس کے لیے آپ مندرجہ ذیل آیات کا استعمال کر سکتے ہیں

۱۔ سورہ البقرہ کو ایک دفعہ پڑھ کر دعا کریں۔ جادو کا اثر آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گا۔

۲۔ سورہ طہٰ کی آیت نمبر ۶۸، ۶۹ کو ۱۱ دن تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ پڑھ کر دم بھی کر سکتے ہیں۔ اور پانی بھی پلا سکتے ہیں۔ اور دعا بھی کر سکتے ہیں۔

سورہ اعراف کی آیت ۲۰۰ تا ۲۰۱ وَ اِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ ...... هُمْ تُبْصِرُوْنَ

سورہ یونس کی آیت نمبر ۵۹ قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَکُمْ...... تَفْتَرُوْنَ ۔ اس آیت کو لکھ کر بازو پر بھی باندھ سکتے ہیں۔

سورہ یونس کی آیت ۸۱، ۸۲ کو بھی ۱۱ دن تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

ان آیات کو بازو پر تعویز بنا کر باندھ سکتے ہیں۔

جنوں کی چھیڑ چھاڑ سے بچنے کے لیے جن آیات کی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تلقین کی وہ آیات سورہ المومنون کی ۹۷، ۹۸ ہیں۔ ہمیں انکا ورد بھی کرنا چاہیے۔ اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتا ہے کہ جس کی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو تلقین کی ہو۔

سورہ القلم کی آیت نمبر ۴۵ وَاُمْلِی لَهُمْ اِنَّ ...... مَتِیْنٌ

ترجمہ: ان کو ڈھیل دیتا ہوں۔ بے شک میرا داؤ پکا ہے۔

اس کو بھی باندھ سکتے ہیں بازو پر یا گلے میں لٹکا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ اُس کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

آخر میں جادو سے خلاصی کے لیے دعا دے رہا ہوں۔ انشاء اللہ آپ اِسے بھی پڑھ کر جادو سے خلاصی کی دعا کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

يَا حَيُّ حِيْنَ لاَ حَيُّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مَلَكِهٖ وَبِقَائِهٖ يَا حَيُّ

ترجمہ: اے ہمیشہ زندہ رہنے والے تیری بادشاہت میں تیرے سوا کوئی زندہ اور باقی رہنے والا نہیں اے زندہ

سحر انسان کے لیے ایک ناگہانی جادو آفت و مصیبت سے کسی طرح کم نہیں۔ یہ بیشتر انسان کی قوت تخیلہ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ جس کے بگڑ جانے کی وجہ سے انسان کا اندرونی نظام مختل ہو جاتا ہے۔ اور یہی سحر کا اصل مقصد ہوتا ہے۔

امام نوری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ صحیح تو بات یہ ہے کہ جادو ایک حقیقت ہے جمہور ائمہ کے نزدیک ایک امر قطعی ہے۔ بیشتر علماء بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ اور کتاب اللہ اور مشہور صحیح سنت رسول بھی اس پر دلالت کرتی ہیں۔

اس کے سدباب کے لیے بعض مخصوص دعائیں اذکار مسنونہ اور وظائف دیئے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ آپ لوگ ان کو بروئے کار لا کر مستفید ہوں گے۔

## ا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کا دم:

ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس طرح مروی ہے۔ جب رسول اللہ پر سحر کر دیا گیا تھا تو جبرائیل علیہ السلام آپ پر یہ دعا پڑھ کر دم فرمایا کرتے تھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْکَ مِنْ کُلِّ شَيْئٍ يُؤْذِيْکَ مِنْ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَيْنِ حَاسِدِ اللّٰهُ يَشْفِيْکَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْکَ میں اللہ کے نام سے تجھ پر دم کرتا ہوں۔ ہر اس چیز سے جو تجھ کو تکلیف دے ہر نفس کے شر سے۔ یا حسد کرنے والی نظر بد سے اللہ تجھ کو شفا دے اللہ کے نام کے ساتھ میں تجھ پر دم کرتا ہوں۔

جادو اور دیگر امراض کے لیے مسنون دم: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں یہ الفاظ مروی ہیں اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لاَ شَافِيْ اِلاَّ اَنْتَ اَلشْفِ شِفَاءً لاَ يُغَادِرُ سَقَمًا

یہ دعا سحر اور دوسرے امراض کے علاج کے لیے ثابت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دم فرمایا کرتے تھے۔ اس دعا کو تین بار پڑھ کر دم کیا جائے

## جادو سے شفا کا عمومی علاج:

Marfat.com

شیخ عبدالعزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ ایسے سحر زدہ شخص کو مشورتاً نصیحت فرماتے ہیں۔ بیری کے سات سبز پتے لے کر انہیں پتھر وغیرہ سے باریک پیس لیں۔ پھر اسے کسی برتن میں رکھ کر اس میں اتنا پانی ڈالے جو کہ غسل کے لیے کافی ہو۔ پھر اس پانی پر آیت الکرسی چاروں قل اور یہ آیات پڑھ کر دم کر لے۔

سورہ اعراف آیات نمبر ۱۱۷ تا ۱۲۲ سورہ یونس کی آیات ۷۹ تا ۸۲ اور سورہ طٰہٰ کی آیات ۶۵ تا ۶۹۔ ان سورتوں اور آیات کو پڑھ کر دم کرے پھر اس پانی میں سے کچھ پی لے اور باقی ماندہ پانی سے غسل کر لے۔ اس سے انشاء اللہ یہ مرض ختم ہو جائے گا۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو اس عمل کو مرض کے ختم ہونے تک دو یا تین یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ دہرایا جائے، خوف اور وہم میں مبتلا شخص جادو سے کاروبار کے تباہ ہو جانے، بد مزاجی، ذہنی ہیجانی اور باہمی عداوت یا جس کی عقل جادو وغیرہ سے ماری گئی ہو یا جن زن و شوہر یا بھائیوں یا اقارب کے درمیان محبت کی جگہ عداوت نے لے لی ہو۔ وہ بھی انہی آیات کو استعمال کریں۔ اس کے ساتھ الحمد شریف کا تین دفعہ پڑھنے کا اضافہ کر لیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شیطان کسی گھر میں سورہ البقرہ پڑھتے ہوئے سنتا ہے تو اس گھر سے باہر نکل جاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے: اپنے گھروں میں سورہ البقرہ پڑھو۔ کیونکہ جس گھر میں سورۃ البقرہ پڑھی جاتی ہے اس میں شیطان داخل نہیں ہوتا۔

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جس نے رات میں سورہ البقرہ کی دس آیات تلاوت کیں اس رات شیطان صبح ہونے تک اس گھر میں داخل نہیں ہوتا۔ وہ دس آیات یہ ہیں۔

چار ابتدائی آیات، ۲ آیت الکرسی، آیت الکرسی کے بعد کی دو آیات اور آخری تین آیتیں جو لِلّٰهِ مَافِي السَّمٰوٰت سے شروع ہوتی ہیں۔

کیا انسان یہ بھی مختصر عمل نہیں کر سکتا ہے۔ اُسے کرنا چاہیے تا کہ وہ اور اس کے اہل خانہ شیطان کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔

اگر انسان صبح و شام ایک تسبیح يَا حَفِيظُ يَاحَافِظُ يَامَحْفُوظُ يَامُحَافِظُ پڑھ لیا کرے اور سوتے وقت يَا مُتَكَبِّرُ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر سو رہے تو انشاء اللہ اُس کے پاس بھی شیطان نہیں آئے گا۔

Marfat.com

اگر کوئی شخص سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ کو 100 مرتبہ روزانہ پڑھ لے تو اُس کو کسی کے آگے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ انشاءاللہ

یَا لَطِیفُ: حسب منشا شادی، لاعلاج بیماری اور ہر حاجت اور مشکل کا حل اِس اِسم مبارک میں پایا جاتا ہے۔ اِس کو عشاء کی نماز کے بعد 1111 مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

یَا جَلِیلُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام: یہ دونوں اسماء ہر چیز کے لیے پڑھے جاسکتے ہیں۔

یَا وَاجِدُ: اگر کاکاروبار نہ چلتا ہو یا چل کر بند ہو گیا ہو تو اِس صورت میں اِس اِسم کو کھلا پڑھیں، کامیابی ہوگی۔

یَا مُقَدِّمُ: ملازمت میں ترقی کے لیے بھی یہ پڑھا جاسکتا ہے۔ اگر کسی افسر یا ملازم کی ترقی رُکی ہوئی ہو تو اِس صورت میں اسے روزانہ 184 مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھنا مجرب ہے۔

یَا وَالِیُ: اِس کو ٹھیکیداری میں برکت کے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر اس کو 1100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو اس کام میں بے پناہ برکت ہوگی۔

یَا بَرُّ: اِس اسم مبارک کا 1100 مرتبہ پڑھ کر اس کا پانی شراب، جوا، بدکاری اور نشے جیسی بری عادتوں سے نجات کے لیے پینا مجرب ہے۔

یَا صَبُورُ: خاوند کی بدزبانی کے حل کے لیے اس کو روزانہ 1100 مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد خاوند کی عادت میں نرمی کے لیے دعا کرے۔ انشاءاللہ دعا قبول ہوگی۔ صدمے کی صورت میں اس کا پڑھنا مفید ہے۔

یَا مُذِلُّ: جو شخص مظلوم ہو اس کو چاہئے اس کا ورد 313 مرتبہ عصر کی نماز کے بعد دشمن کا تصور کر کے پڑھے، دشمن ذلیل ہوں گے۔

یَا لَطِیفُ: لاعلاج بیماری کے لیے گیارہ دن تک اس اسم مبارک کو 11 ہزار مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔ مریض کے شفایاب ہونے کا کوئی ذریعہ پیدا ہو جائے گا۔

یَا شَکُورُ: اس اسم مبارک کو کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھ کر پھر ہر لقمے کے ساتھ یَا شَکُورُ پڑھیں تو اللہ اس سے راضی رہے گا۔

Marfat.com

یَاحَسِیْبُ :انکوائری سے بچنے کے لیے یَاحَفِیْظُ یَاحَسِیْبُ کثرت سے پڑھیں اور ہر حاجت پوری کرنے کے لیے پڑھا جاسکتا ہے۔

یَارَقِیْبُ: حفاظت کرنے والا۔ اِس کو 300 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنانا چاہیے۔

یَامُجِیْبُ :مخلوق کی دعاؤں کو سنتا اور قبول فرماتا ہے۔ جو شخص اس کو 220 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ اس کی جائز دعا قبول ہو گی۔

یَاغَفَّارُ :یعنی اپنے بندوں کے گناہ معاف کرنے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق یعنی انسانوں کے گناہ خطائیں اور ہر قسم کی کوتاہی اور بے ادبی کو دیکھ کر فوراً گرفت نہیں کرتا۔ جب انسان کو گناہوں کا احساس ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے معافی طلب کرتا ہے۔ اِس کا ذاکر ہر وقت گناہوں سے بچا رہتا ہے۔ یہ اسم پاک جمالی ہے۔

یَاغَفُوْرُ :غفور کا مطلب ہے بار بار معاف کرنے والا۔ یعنی اللہ اپنے بندوں کے گناہ بار بار معاف کرتا ہے۔ گناہ بڑا ہو یا چھوٹا، لیکن گناہ کی معافی اِسی صورت میں ہوتی ہے جب گناہ گار اس ذات برحق کے آگے سجدہ ریز ہو کر معافی مانگتا ہے۔ لیکن اس ذات برحق کی مرضی ہے کہ جب چاہے معاف کر دے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنا بہت ضروری ہے۔

یَاعَفُوُّ :اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے گناہوں سے درگزر فرماتا ہے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ کوئی کام بھی اللہ کی توفیق کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ اس کے پڑھنے سے گناہوں سے بچنے کی توفیق ملتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہر قسم کی کوتاہیوں کو معاف فرما دیتا ہے۔

یَاتَوَّابُ :اللہ تعالیٰ تواب ہے جس کی بنا پر وہ بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ بندہ ایک گناہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے توبہ کی توفیق عطا کرتا ہے تو وہ گناہ سے باز رہتا ہے۔

یَابَاسِطُ :حضرت امام اعظم فرماتے ہیں کہ اگر بوقت صبح دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر یاباسط کہے اور ہاتھ چہرے پر ملے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے۔ رزق کشادہ ہو۔ غم والم دور ہوں۔ یا مخلوق سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُّ :جس شخص کے پاس جہیز کے پیسے نہیں ہیں وہ اس کو 11 ہزار مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ پڑھے، انشاء اللہ اس کی غیبی مدد ہو گی اور اس کی لڑکی کی

Marfat.com

شادی کا ذریعہ بن جائے گا۔

یَاحَمِیْدُ: اِس اسم کے ذکر سے حب الٰہی پیدا ہوتا ہے۔

یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ: دولت مند بننے کے لیے ''اے غنا والے اے حمد والے'' کا ذکر کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا کی تمام نعمتوں سے نوازے گا۔

یَامُغْنِیُ: غنا میں تین امور ہیں یعنی علم میں غنا، رزق میں غنا اور اقتدار میں غنا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ اپنی اس صفت کی بنا پر جسے چاہتا ہے غنی کر دیتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ہر چیز کے لیے یَاغَفُوْرُ یَاغَفَّارُ یَاعَفُوُّ عشاء کی نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں۔ جس شے کی طلب کرے گا، حاصل ہو گی۔ انشاءاللہ

حسد، بغض، لالچ، نفس پرستی، خود غرضی، بخل، تکبر اور غفلت ایسی بیماریاں ہیں جو روح کو عبادت سے روکتی ہیں۔ انسان کو اللہ تعالیٰ برائیاں کی محبت سے غافل کر دیتا ہے۔ اس کے لیے ہمیں سورج غروب ہونے سے پہلے 170 مرتبہ یَاقُدُّوْسُ پڑھنا چاہیے۔ انشاءاللہ ان برائیوں سے نجات حاصل ہوگی۔

مناسب رشتہ: اس کے لیے یَارَحْمٰنُ کو 3125 مرتبہ روزانہ پڑھیں انشاءاللہ بہتر اسباب پیدا ہوں گے۔

بواسیر، شوگر اور بلڈ پریشر سے بچنے کے لیے یَارَحْمٰنُ 33 مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پڑھ لیں، انشاءاللہ ان موذی امراض سے محفوظ رہے گا۔

یَاقَهَّارُ: اِس کے پڑھنے سے اگر کسی مرد اور عورت پر کالے علم اور جادو کا اثر ہو یا تعویذات ڈالے گئے ہوں تو 1836 مرتبہ اس اسم کو سات روز پڑھیں۔ اس کا ورد شروع کرنے سے پہلے 11 مرتبہ آیت الکرسی اور آخر میں 11 مرتبہ والناس پڑھیں۔ انشاءاللہ کالے علم اور جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ پانی پر دم کر کے بھی پلائیں۔

دوسرا عمل: یَاقَابِضُ کو 33 مرتبہ صبح 33 مرتبہ شام پڑھنے سے اُس شخص پر جادو کا اثر نہیں ہوگا۔

بدخوابی اور احتلام سے نجات: اس کے لیے یَامُتَکَبِّرُ سونے پہلے ایک سو مرتبہ چالیس

Marfat.com

روز تک پڑھ کر سورہیں۔ بدخوابی اور احتلام سے نجات ہوگی۔

ہر کام میں آسانی کے لیے یا رُکی ہوئی شادی کے لیے یَافَتَّاحُ 1100 مرتبہ صبح یارات کوسوتے وقت پڑھیں۔

سرکشوں کو ذلیل کرنے کے لیے یَارَافِعُ 351 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

جو شخص مظلوم ہو اس کو چاہیے یَامُذِلُّ کا ورد 313 مرتبہ عصر کی نماز کے بعد کرے۔ بغیر بسم اللہ اور درود پاک، انشاء اللہ دشمن ذلیل ہوں گے۔

یَاشَکُوْرُ: اِس اسم کو کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھے پھر ہر لقمہ کے ساتھ یَاشَکُوْرُ پڑھے تو اللہ اس پر راضی رہے گا۔

یَامُقِیْتُ: تمام مخلوق کو روزی دیکر اس میں توانائی پیدا کرنے والا۔ بچے کو ضد سے ہٹانے کے لیے اس کو روزانہ 55 مرتبہ پڑھیں۔ جسمانی کمزوری کے لیے 1100 مرتبہ۔ گیس کے لیے 31 مرتبہ۔ اور جانوروں کے چارہ نہ کھانے کی صورت میں اس کو 100 مرتبہ پڑھ کر اُس کے آگے چارہ ڈال دیں انشاء اللہ جانور چارہ کھانے لگے گا۔

کَبِیْرُ: معنی سب سے بڑا۔ ساس اور خاوند کو تابعدار کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح کریں اور چالیس روز تک کریں۔ اس کے ساتھ یَامُتَکَبِّرُ ملا کر پڑھیں تو حوصلہ افزا نتیجہ نکل آئے گا۔

مال اسباب کو گم ہونے سے بچانے کے لیے یَاحَفِیْظُ 998 مرتبہ دوران سفر اِس کو پڑھتا رہے تو بہ حفاظت اپنی منزل تک پہنچ جائے گا۔

یَاجَلِیْلُ یَاوَھَّابُ یَاکَرِیْمُ: بعد نماز مغرب ایک تسبیح اس کی 11 دن تک کریں انشاء اللہ جو مقصد ہوگا رب العزت پورا کریں گے۔

گمشدہ شے ملنے کا عمل: یَامُعِیْدُ 1240 مرتبہ گیارہ دن تک۔ کھوئے ہوئے مقام کی واپسی کے لیے 4800 مرتبہ 41 روز تک۔

یَامُنْتَقِمُ: کالے علم کے وار کو روکنا۔ وقتی طور پر اثر کرتا ہے۔ فجر کی نماز کے بعد یہ اسم 630 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

Marfat.com

دشمنوں پر غلبہ کے لیے: (1) یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ (2) یَاعَزِیْزُ یَامُعِزُّ یَاجَبَّارُ یَاقَهَّارُ: اِن دونوں کا ورد کرنا چاہیے۔

غربت کی وجہ سے دوسروں کو حقارت سے دیکھنا: ہر نماز کے بعد 117 یَاعَظِیْمُ یَاشَکُوْرُ یَاوَدُوْدُ یَارَحْمٰنُ۔

☆☆☆......ختم شد......☆☆☆

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com